
دیباچہ تذکرۃ الاولیا



حسین صاحب اطہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ای آنکہ بنامت آشنا شد — ازتذکرہ اش تو اولیا شد
گم کرکے سبھی جو تجھکو پایا — تو وہ ہی کہ ہو گیا اُسیکا
تلوین سے کیا جسے تو شاغل — ابدال مین ہو گیا وہ داخل
ہی جسکو تری کشش وہ مجذوب — طالب ہے وہ جسکا تو ہی مطلوب
مہدی ہی وہ جسکو تو بلاوے — وہ ضال ہی جسکو تو چلاوے
بسا کون اپنے بس مین ہی کون — ہی تجھسے یہہ کون اور وہ کون
تیری ذات وصفات ہی پاک — تو نور ہی نور ہی سبھی خاک
تو ایک کو طور تک بلایا — اور ایک کو دور تک بلایا

قطعہ

وان ہاتھ مین داغ یان حجر کی — دست الوزین کلمہ خوانی
ہی وان بزم وعصا وپیغام — یان رزم وتیغ وحکم رانی
لیجا دارالسلام مین یان — امت کی کرے ہی میہمانی
ہی ذرہ کہ جو مراد اسکو — خور سے اتنی مراد اسکو

مناجات بدرگاہ خالق الارض والسموات

یارب دیوانگی دے مجھکو — سب سے بیگانگی دے مجھکو
داغون سے جگر ہو رنگ گلشن — ہو سینہ بھڑک کے مثل گلخن
آنکھون مین نگاہ آئینہ دے — عین حیرت ہر آئینہ دے
رکھہ مجھکو سدا تری رضا مین — اور راہ ولائے مصطفےٰ مین
اللہ کے بعد سب سے افضل — ہی احمد پاک شاہ مرسل
اگلے جو پیمبر زمان تھے — انکے موکب کے چاوشان تھے
چوسٹ الف انکے معجزے ہین — ارباب سیر رقم کئے ہین
[illegible] افلاک پر کدا یا — طفلی مین چاند اُسے کھلایا
اول سے ہی آخر انکا فاضل — ہہ آن بآن انکو حاصل
کہتا کہ جن و بشر پڑہے ہین — کلمہ انکا حجر پڑہے ہین
ای دل [illegible] درود پڑہنا — تعداد کے دایرے سے بڑہنا
[illegible] لب [illegible] ہین — سب انکے نعت کے لئے ہین

ہی جو کہ تری ولا کا مارا — اپنا اُسے تو ولی بنایا
جسکی فریاد کو تو پہنچا — وہ منصب غوثیت کو پہنچا
وحدت ہی تری مدار جسکا — تو قطب زمان اُسے بنایا
جو تیری طناب غم مین آیا — اوتاد کے مرتبے کو پایا
سب دلکو دو انگلیون مین رکھے — چاہے جسکو جدہر تو پھیرے
یہہ سب ہی فنا تو ہی بقا ہی — بندے ترے سب ہین تو خدا ہی
کسکو تو دیا دثار صفوت — بخشا تو کسے شعار خلعت
جسقدر کہ جسکو حوصلہ ہی — اتنا سرکار سے صلہ ہی
ہی یان متی اون و مازاغ — اور وان ارنی ولن ترانی
وان طور یہ دیدیان فلک پر — ہی وہ ارضی یہہ آسمانی
وان بول رہے ہین نفسی نفسی — باحال نزار و ناتوانی
فکر ہر کس بہمت اوست — اطہر تو چہ ایں سخن ندانی
ذرہ مربوب سو ربکا ہی — ہر چند مقام دور کا ہے
یارب مرے دل کی مدعا دے — وہ درد ہی جسکی تو دوا دے
تخت وحشت کا دے مجھے راج — اور داغ جنون کا سر پہ کہ تاج
صحرا صحرا دے مجھکو وحشت — دریا دریا دے جوش الفت
عشاق کی جستجو دے مجھکو — دیوانون کی آہو دے مجھکو

نعت سید کاینات مفخر موجودات علیہ افضل الصلوۃ والتسلیمات

حق اسکو نور سے بنایا — آنکھون سے دیکھنے بلایا
ہی چاکر برق سیر کسکو — دیکھا افق مبین جسکو
معطی ہی خدا ہین آپ قاسم — مخدوم ہین وے سب انکے خادم
در دریاے آن ولایت — کہتے جسے افضل النبوت
امین جائے بلند پر چڑہے ہین — جبرئیل جہتے ہین وہ بڑہے ہین
فرض انپہ ہمیشہ درود پڑہنا — یکبار گر فرود پڑہنا
خاصان خدا سبھی پڑہے ہین — بعد قرآن یہی پڑہے ہین
معدومہ ازل ابد سرا یش — ملک ملک است جنش ستایش

نازل ہو خدا کی ابر رحمت
ہر دم ہر لحظہ تا قیامت

بو بکر ہین اُن سبھون مین افضل
ہین خیر بشر وہ بعد مرسل

لنگ باندھ کے بوریے کی آخر
گھر مین بیٹھے سبے وہ فاخر

اُنسے ہو کر ظہور دین کا
چمکا ہی جہان مین نور دین کا

آئینہ حیا سے اُنکے حیران
ہی ذات سے اُنکے کامل ایمان

بستر پہ نبی کے ہی وہ سویا
معذور نہ تھا یہ پھر کسی کا

سلطان الاولیا و اوتاد
قطب الاقطاب شاہ بغداد

زندہ ہوا دین احمد اُن سے
لی زیب آئین احمد اُنسے

شیخیکہ در وفاست اشیاخ
او اصل طریق و طرق کل شاخ

محبوب الٰہ نام غوث است
درگاہ خدا مقام غوث است

گردید سر رقاب عالم
آن سر کہ بزیر گام غوث است

خورشید کہ آفتاب شد نام
او ساغری از مدام غوث است

ہر چند نگوسے دور آخر
تا حال بدور جام غوث است

فریاد رسی دگر چہ داند
اطہر کہ بدل غلام غوث است

چل خامہ ادب سے سر جھکا کر
وصف قطب زمان ما کر

ابن در علم ابو المعانی
اسرار حقیق و خضر ثانی

لولوئے منیر عقد اقطاب
مطلوب تمام طلب طلاب

ماوای ودیعت الٰہی۔
مرآت مصور کما ہی

زاوندہ لش چہ می برآید
از ریزش روح می درآید

مستودع شاہد لعمرک
ملفوظ ولی اولیا تمسک

سید عبد اللطیف نامی
محی الدین عرف آن گرامی

شیخان زمان مرید اُن کے
ہین سالک رہ مرید اُن کے

شاگرد ہین انکے شہر استاد
ہر ایک رشید اہل ارشاد

دیتے تھے وہ تذکرے کو زینت
لکھتے تھے ادب سے نام حضرت

اطہر کیسے نصیب تیرے
جو دور پڑا قدم سے اُنکے

دایر تا آفتاب گردد
سایر تا ماہتاب گردد

مدح جناب مترجم مد اللہ ظلہ الاکرم

ہادی مرا و استاد میرے
ہم واجب الاقتدا و میرے

صاحب دل و مولوی نامی
عبد الحی صاحب گرامی

آل و احباب پر ہو اُن کے
یاران و صحاب پر ہو اُن کے

پہلے ایمان نبی پہ لایا
مال انکی ولا مین سب لٹایا

بعد اُنکے جو حضرت عمر ہین
اتنک نزد شہ بشر ہین

بعد انکے جو ہین جناب عثمان
اک رکعت مین تھے پڑھتے قرآن

چوتھے ہین علی ولی یزدان
یعسوب جنود اہل ایمان

مدح سلطان الاولیا غوث الاعظم قدس اللہ سرہ الاکرم

سیار مسیر پاک رفرف
از بارگہش ملک مشرف

جو خرق اُنسے ظہور مین آئے
وہ بعد نبی کوی نہ دکھلائے

غزل

یکران روح رام غوث است
تا عرش برین خرام غوث است

مرقات بلند آسمان ہا
معراج عروج بام غوث است

در حجرہ خاص قادریہ
بنگر کہ چہ فیض عام غوث است

تا میکہ بود سرای رضوان
آن واجب احترام غوث است

مدح مولانا و مرشدنا حضرت مولوی حافظ حاجی سیدنا محی الدین

مصباح طارم لدنی
سباح قلزم لدنی

فیاض زمان ولی کامل
سلطان قلم و فضایل

کشاف رموز علم عرفان
حلال عقود بستہ کاران

عمان تقدس و تجرد
قاموس تقرب و تفرد

قندیل منیر طاق تلوین
روشن ساز رواق تمکین

ایوان ہدا کے زینت زین
قرطین کے خاص قرۃ العین

ہی قرب نوافل انکا خلوت
اور قرب فرایض انکا جلوت

ہین اُنکے مرید پیر عالم
خورشید صفت شہیر عالم

شیخ دوران فرید عطار
ہوتے نہ رہ عدم کے سیار

میکرد چو خضر احترامش
می یافت جرعۂ ز جامش

جسکا ہاتھ اس قدم کو پہنچا
وہ اپنے دم قدم کو پہنچا

در دور رہی ہدایتش باد
ہر دم ز دم ہدایتش باد

مولا مرے قبلہ گاہ میرے
ملجا مرے دین پناہ مرے

صاحب مرے مطاع میرے
محسن میرے متاع میرے

ملہم تبیان سروش تذکیر
جادو تقریر و سحر تحریر

در دست چنانکہ دست بالا / انگشت نما دستِ موسیٰ
ہی صبر و سکون تحمل انکا / میر سامان توکل انکا
مصداق علیہ فنِ تصنیف / تالیف کرے ہی انسے تالیف
تائیدِ غیب ہو رہی ہے / ریزش لاریب ہو رہی ہے

غزل

درا ژدو خبر خبر کہ اینست / واعظ نی سحر گر کہ اینست
طیار بذروۂ معانی / شہباز تیز پر کہ اینست
ازغیب بجلوہ حسن معنی است / پیش صاحب نظر کہ اینست
ازوست مدہ حضورش اطہر
امر معروف و نہی منکر / فرموے یہہ دو سوا نہ دیگر
رکھتا نہین غیر حق سے کچھ آس / جاتا نہین مالدار کے پاس

حکایت

اعلام شہیر طوس سے تھا / نیشاپور اسکا تھا ٹھکانا
رخصت ہر چند اسنے چاہی / لاکن پروانگی نہ پائی
سنکر یہہ سخن وہ شاہ والا / رستے مین کھڑا اتارا تکتا
آداب سلام کے بجا لا / بولا مشتاق ہون تمہارا
فرماکے یہہ منہہ پھرا لیا وہ / دیوار کو دیکھنے لگا وہ
کرنے لگا عرض ای خداوند / تجھکو نہین مثل اور مانند
مجھ سے ہی خصومت اسکی للہِ / ہی مجھ کو محبت اسکی للہِ
یون ہاتف غیب نے ندا دی / مقبول ہی تو نے جو دعا کی
دنیا دارون کے پاس جانا / ہرگز نہین اہلِ دین کا بانا
دیکھے نہ سر مژہ برابر / آوے کبھو عجب سے تا نگر
مروی ہی کہ اسمعیل سامان / سلطان قلمرو خراسان
رخصت جو ہوا تو ساتھ اُسکے / تا ہفت قدم چلا ادب سے
ارشاد ہوا کہ آج تو نے / میری امت کے عالمون سے
رخصت وہ ہوا تو ساتھ اُسکے / تا ہفت قدم گیا، تو چل کے
بخشیگا خالقِ سمٰوات / اصلاب مین تیرے پادشاہ سات
کرنی تھا علام دین کی توقیر / لینی ہی باعثِ خلد جاگیر
منظور زبانِ فارسی ہے / جون صورت صاف آرسی ہے
ہندی کا ہی آج روز بازار / دکان دکان اسیکی تکرار

مست سرجوش لاابالی / ازدوست پر و ز غیر خالی
محسودِ معاصرین قشری / مغبوطِ مقررِ معانی
یہہ سب یکسو اِدھر تو آؤ / قرآن پڑھتے ہین سنکے جاؤ
جو محفلِ وعظ مین ہی داخل / دعوے پہ مرے گواہ عادل
ازچہرۂ او کہ مصحفی ہست / فال طغرا نگر کہ اینست
در علم کلام لاجوابے / علامۂ مشتہر کہ اینست
ہمچشم او استاد اول / در علم نظر نگر کہ اینست
جبر فرّخ سیر کہ اینست

حق جو آوے تو حق ہی بولے / منہ لیک سوال مین کھولے
چون بر رخ او در کشادند / در بار کسی نہ بار دادند
کہتے ہین کہ فاضلِ مفخم / علامۂ دین محمد اسلم
ملنے کے لئے شہ خراسان / دروازے پہ اسکے آہ ذیشان
لوگون نے کہا کہ جمعہ کے روز / آتا مسجد کو وہ دل افروز
آئی اسلم کی جب سواری / گھوڑے سے اتر وہ شاہ عالی
یہہ سنکے وہ اہل فضل دیندار / بولا مجھے تجھ سے کیا سروکار
ہو کر غمگین وہ شاہ خوشخو / رکھ کر سجدے مین اپنے سر کو
شاہنشہ دو جہان توئی ہی / دانائے مرام جان توئی ہی
یہہ بغض و ولا تیرے لئے ہین / تو بخش گناہ جو مرے ہین
یہہ سچ ہی کہ عالمان دیندار / رہتے اہلِ دول سے بیزار
ایسا ہی وہ واعظ سخنور / عبدالحی صاحب معز
کرنی لازم ہی انکی تکریم / ہی اجرِ عظیم جنکی تعظیم
عالم کوئی اُسکے پاس آیا / اُٹھا آپ اور اُسے بٹھایا
دیکھا رویا مین اُس ہی شب کو / سلطانِ رسل شہِ عرب کو
آیا تیرے پاس جب تو اسکو / اکرام کیا بہت خوشی ہو
ہو دل سے خوشی کیا دعا مین / تیرے لئے حق سے التجا مین
فی الجملہ مراد اپنی وہ پاے / ہاتھ اسکے قدم تلک جو پہنچاے
صوفیِ زمان عزیز یکتا / جو تذکرہ اولیا کا لکھا
اسوقت مین فارسی کہان ہے / منہہ دیکھین وہ آرسی کہان ہے
اسوا ہے واعظِ سخن گو / ہندی مین کیا ہی نظم اسکو

تفہیم سخن ہی اسکو منظور — ورنہ فن شعر اس سے کیا دور

غزل

ہین اہل صلاح جنکے مصحوب — وہ حزب اللہ مال ہی یہہ
فکر شعر اور وعظ ہی اور — دور از وہم و خیال ہی یہہ
دکان عطار کی کھلی ہے — بوئے جنت گلی گلی ہے
الفاظ کے لخلخے دھرے ہین — بوے معنی سے جو بھرے ہین
قرطاس پہ حرف جو لکھا ہی — کافور مین مشک تیرتا ہی
اس بزم مین جلوہ گر ہین اقطاب — قربان جنپر ہین مہر و مہتاب
بنگر کہ ترا رہ بہ کیس است — آئینۂ طلعت اویس است
ذکر خواجہ حسن کہ بصری است — بر خوان نعم کہ ہمچو مصری است
باتین ذو النون کے سنکے جاؤ — مصری سے نبات لب پہ لاؤ
دیکھو شہ بلخ ابن ادہم — چھوڑا رہ حق مین فیل و ادہم
گلگشت باغ داد کر لو — دل سید طایفہ سے بھر لو
منصور ہزدار پر چڑھے ہین — معراج وقار پر کھڑے ہین
اسمین ذکر غدایگان ہے — وہ معنت کہ گنج شایگان ہے
دیکھے جسے آدمی ملک ہو — [illegible] تا فلک ہو
 — آنکھین کھل جائین اسکو دیکھین
بسمل کی تڑپ مین جو مزہ ہے — یان بسملہ کا مطالعہ ہے
ہو سنگ مجاعت اسکا لقمہ — ہو جیب مین خار جاے تکمہ
مٹی مین سلے تو آبرو پاے — سر جادۂ بوتراب ٹھہراے
اس بحر کا جو کہ آشنا ہی — دامن گوہر سے بھر لیا ہی
مہمان خانہ ہی اور صلا ہی — الوان نعم ہی مرحبا ہے
بزم روشن دلان کہ جسمین — خورشید بمنزل سہا ہے
گو ارض پہ ہی دم اعالی — عیسی نفسون کا یہہ سما ہے
جس پر مرتے ہین خضر و الیاس — یہہ وہ سرچشمۂ بقا ہی
ان راہبرون کے چل بتے پر — بس دیکھکے رنگ بس لیا ہی
سایر وہ کون تھے الی اللہ — تو کون جو [illegible] رہ بنا ہی

لکھنے مین شعر کے گر آوے — ہی کون جو [illegible]
وہ وعظ بے مثال ہی یہہ — [illegible] وعظ کے ہی جادو کا ہیکو قیل و قال ہی
تطبیق و توافق سخن مین — استاد فن و کمال ہی یہہ
یا روکیسی کتاب ہی یہہ — مردان خدا مآب ہی یہہ
دستبوی ید جنان ہی — راحت بخش مشام جان ہی
ہی چو طرف اسمین فرش صندل — ہر سمت مثلثون کے ہین تل
مجلس ہی کتاب کا ہیکو ہی — ساقی ہی جام ہی سبو ہے
شمع بزم شفیع محشر — بیٹھے ہین یہان امام جعفر
ملبوس خود ش رسول حق داد — فرمود بسی بہ نیکیش یاد
دودہ اسکو پلا یا ام سلمہ — طفلی مین کھلا یا ام سلمہ
بوکرخ سے لو شنیدنی ہی — یہ وہ معروف دیدنی ہی
مالک سے صدا یہہ ہو رہی ہے — کشتی دینار سے بھری ہی
شیر غابات نکتہ دانی — حاضر ہی یہان جناب شبلی
محبوب جہان حبیب عجمی — موجود ہی یان لبیب عجمی
اللہ کے دوستون کی حالات — اور انکے لطایف و مقالات
مانند شمع دل نکل جاے — نفس سرکش کا رخت جل جاے
اپنے کو بجھائین اسکو دیکھین
دنیا کی ہوا سے ہو یون دور — مردار کی باس سے ہو جون دور
ٹھوکر پہ کرے سپاس نعلین — اس رہ مین قدم کرے سر و عین
ہمدست کمین جو خشک نان ہو — شکر باری مین تر زبان ہو

غزل

اس بزم مین بار عام ہی آج — ساقی بر منصب جبا ہے
موسی نظرون کی ہی یہہ وادی — نخل ایمن یہان گیا ہے
انکا مشہد ہی یہہ کہ جنکو — پرتاب نظر ہی خون بہا ہے
کیونکر نہ کھلین گرہ دلون کے — مضمون سب اسمین کشف کا ہی
دل صاف عمل سے کرخدمند — آئینہ مین جوہر آگیا ہے
آیا ہی مشتری کہان سے — بسطامی تاج بیچتا ہے

مذکور ہی جنکا قدسیان مین — اطہر یہہ انکا تذکرہ ہی


شیشہ وہ گلاب ناب کا تھا — محتاج اس آفتاب کا تھا
گردید گلاب آفتابی — بوشد بہ شتاب آفتابی

مشک اذفر اگرچہ تما وہ
تما صورت شیشۂ سکندر
یا بود زرے زنگان رسید
یارب بہ یگانگی ذاتت

سارا عنبر اگرچہ تما وہ
پر جرم ہے روشن اسکے جوہر
دیدہ نہ کسی چنو شنیدہ
یارب بہ تقدس صفاتت
تا دور زمان است باقیش وار

از دست کسی چو عطر سا شد
واعظ گر چو رجب عطا شد
در ہند کسی چنانش با بود
اللہ بجا احمد
در بزم رشاد کا قیش وار

نکہت دہ مغز و جان فزا شد
چو آئینہ بدن نما شد
رشک رمغز بیش بہ نمود
ہست آنکہ بہر دو الف اعصم




تاریخ اختتام فرخ فرجام ترجمۂ کتاب مستطاب تذکرۃ الاولیا نوکریز خامۂ صاحبزادۂ والامراتب جناب مولوی عبد القادر علیصاحب المتخلص صوفی

انّ ہذا الکتاب خیر کتاب
وہو للقلوب تصفیۃ
ہم ارباب خرق العادات
فیہ اعمال اولیاء اللہ
کیف ما کانوا یعبدون اللہ
عملوا بالسنۃ واخذوہا
انہم کیف کانوا ارتاضوا
انہم کیف ماتوا قبل الموت
ربہم کیف کانوا یخشون
الکتاب ہو لہم التأثیر
مرآۃ قلبہ لتجلی
کل اہل الطریق یمثلہ
من لہ الفضل والعلی فی الدین
کم لہ من عجائب التألیف
ابدا الشمس فیضہ لاحت

لجمیع الکتاب لب لباب
وہو للنفوس تزکیۃ
صاحبوا الحال والمقامات
فیہ اقوال اولیاء اللہ
کیف ما کانوا یذکرون اللہ
بالتواجید کیف عضدوہا
فی ترک النفوس یجتہدون
ثم نالوا الحیوۃ بعد الفوت
برضی اللہ کیف یرضون
این التأثیر بل ہو التسخیر
سقطت عنہ شہوۃ الدنیا
جمع اہل السلوک یعلمہ
صاحب الفیض والہدی فی الدین
کم لہ من غرائب التصنیف
السماء والنجوم ما دامت
رمت عام اختتام مترجم

جمع الخیر واحتوی البرکات
ہو للاولیاء تبصرۃ
جاؤا بالکشف والکرامات
فیہ حالات اولیاء اللہ
کیف صدء القلوب یجلون
اثروا فی السلوک ای سبل
کیف ساروا وجاہدوا فی اللہ
صرفوا العمر کیف فی الخیرات
مثلہا الکتاب یحوونہ
حرف منہ فی الذی اثر
کم من الاولیاء قد سبقوا
کان فی الفرس قد ترجمہ
صاحب الوعظ صاحب التأثیر
سید المولوی عبد الحی
اذا اتم الکتاب ترجمۃ
تم بالخیر ملہم الہم
۱۲۸۴

واحاط الفیوض والحسنات
ہو للاولیاء تذکرۃ
بالشہود وبالولایات
وریاضات اولیاء اللہ
کیف ما نفسہم یزکون
فازوا بالقرب فی رحبۃ التکمیل
کیف بعد الفنا بقوا باللہ
واقاموا اللیالی فی الطاعات
کم من السر قد اتی فیہ
شہوۃ النفس عنہ تکسر
استناروا بہ وقد فازوا
کلا الی السماط نظمہ
ہل لہ الوعظ ام لہ التسخیر
دافع الشر والہوی والغی
ومع الخیر بالخاتمۃ



فہرست کتاب مستطاب تذکرۃ الاولیا

الحمد للہ والمنہ از حسن اتفاق است کہ اختتام ترجمہ این کتاب فیض نصاب بروز جمعہ عرفہ ذیحجہ سنہ ۱۲۸ ہجریہ بجلوہ ظہور رسیدہ بود اکنون حسن
الضرام تشیخ طبع وی ہم بروز عرفہ ذیحجہ سنہ ۱۲۸۶ ہجریہ بوقوع آمدہ

اللھم صل علی محمد و علی آل محمد و بارک و سلم

باہتمام سید زین العابدین مہتمم مخزن الاخبار مدراس طبع شد

اَلَاۤ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ

الحمد للہ یہہ کتاب مستطاب گہربار فیضدار تالیف کئی ہوی زبدۂ
عارفان کبار معدن حقایق و اسرار حضرت شیخ
فرید الدین عطار قدس سرہٗ کی جو مسمّٰی

تذکرۃ الاولیا

جو زبان فارسی مین منشور اور نہایت معتبر اور مشہور ہے بعضی طالبان
و سالکان راہ ہدا کے خواہش پر تابع کتاب و سنت جامع شریعت و طریقت
جناب مولانا مولوی عبد الحی صاحب واعظ قادری النقشبندی سلیس ہندی مین منظوم کرکے

یہہ عاصی سید منشی زین العابدین نے واسطے نفع خاص و عام کے لیے مطبع مظہر الاخبار میں مطبوع کیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد کیونکر تیری ہم سے ہو یا رب
انبیا اولیا ہین عاجز جب

خاک سے تو بنایا آدم کو
اور ہجدہ ہزار عالم کو

کیا آدم کو اشرفِ عالم
اور عالم کو تابعِ آدم

نوعِ انسان کو ارجمند کیا
اور درجے اُسے بلند دیا

تو کسیکو کیا ابو الارواح
ابو الاجساد ہی کسی بہ فلاح

سب سے اوّل بنا کسی کا نور
پا آخر مین سب کے اُسکو ظہور

اور صفوتِ کسی کو کرکے عطا
ہے زمین پر اُسے خلیفہ کیا

علم اسما کا اُسین کرکے نمود
ہے ملایک کا کردیا مسجود

عین طوفان مین دی کسیکو نجات
لایا اعدا پہ اُسکے غرق کی گھات

اور اپنی کسی کو دی خلّت
کہا اُسکو حنیف باعزت

کر تجلی کسی پہ با اکرام
طور پر تو کیا ہی اُس سے کلام

کون گھڑی مین کسی کا حمل بنا
کیا بے پدر تو نے اُسے پیدا

اور اُسے مہد مین کیا گویا
کہ کہا ہے وہ اِنّی عبدُ اللّٰہ

لے گیا چرخ پر اُسے زندہ
لاویگا پھر زمین پہ آیندہ

اور کسی کو کیا تو اپنا حبیب
یہہ نہ رتبہ ہوا کسیکو نصیب

لامکان تک مکان سے بالخیر
طرفۃ العین مین جسے دی سیر

کی عطا اسکو قربتِ قوسین
کیا برزخ اُسے دو بحر کے بین

جون سفر اسکو تو وطن مین دیا
جیسی خلوت بھی انجمن مین دیا

اور اُسے سیرِ انفس و آفاق
اور فضاے تقیّد و اطلاق

اور فنا و بقا عروج و نزول
جون بوجہ اتم کیا مبذول

اور مقام و مناصبِ والا
اور نعیم و مدارج والا

جو کرم سے عنایت اُسکو کیا
نہین ایسے تعین کسیکو دیا

دے اُسے ختمیت کی تاج بسر
اور شفاعت کی دی اُسے توقیر

کیا اُمت کو اُسکے خیرِ اُمم
سب اُمم مین اُنھین کیا اکرم

جسکی تعریف کی تو در قرآن
جنکو بخشی تو خلعتِ رضوان

جن کے حق مین بعزت و توقیر
کی ہے نازل تو آیۂ تطہیر

چار یاران خصوص حضرت کے
چار ارکان شرع و ملت کے

چار و میر و امام بستر و جہار
چار نے اپنے زمان کے قطب مدار

پہلے بو بکر باغِ صدق کا گل
افضل الخلق ہے جو بعدِ رسل

اور عمر جسکے حق مین آئی خبر
ینطق الحق علی لسانِ عمر

اور عثمان جامع القرآن
جسکا مبغض ہے مبغضِ رحمان

اسد اللہ ابن عمِ رسول
زوجِ خیر النسا جنابِ بتول

اور سبطین مصطفی حسنین
ہے شہادت کو جنسے زینت و زین

اور دوسرے صحابۂ اخیار
اور سب اہلِ بیت کے ابرار

ہوئے ایسے معین جلیل الذات
بسکہ رشک ملک ہین جنکی ذات

اور یہہ اُمت مین بعد انکے یقین
ایسے پیدا ہوے اکابرِ دین

انہین ایسے ہوے بہت علما
ایسے اقطاب و اولیا عرفا

کہ ہدایت مین جنکی ہے تمثیل
با ہمہ انبیاے اسرائیل

مصطفی کی جنھین نیابت ہے
انبیا کی جنھین وراثت ہے

کوئی تو مظہر جلال ہوا
اور کوئی مظہر جمال ہوا

پیروی مین عروج کے ہین ہم
انبیا کے قدم پہ جنکا قدم

کہ قدم پر ہے کوئی آدم کے
کوئی قدم پر ہے نوح اقدم کے

اور براہیم کے قدم پہ کوئی / او داؤد کے قدم پر بھی
اور قدم پر ہے کوئی موسیٰ کے / اور قدم پر ہے کوئی عیسیٰ کے

اور جو ہے سو ہین انبیائے کرام / ہین قدم پر قدم انہون کے تمام
کوئی ایسا ہے انہین با اکرام / کہ قدم پر ہے مصطفیٰ کے مدام

جیسے سلطان اولیائے زمان / قطب اقطاب و غوث عالیشان
اور ہے صدیقیت مین جسکا قدم / اور محبوبیت مین ہے وہ علم

جسکا ہر نائب گرامی شان / مقتدا عصر کا ہے شیخ زمان
خاص اس عصر مین ہے شیخ مرا / حامیٔ دین و قدوۂ عرفا

مظہر سیرت حسین و حسن / رازدان علوم سر و علن
جسکے اجداد سب ہین عز و العلا / صاحب حال و قال بحر کمال

بو الحسن جسکا شیخ و والد ہے / محی دین جس کا جد امجد ہے
خود ہے وہ جامع فیوض کمال / اور درخشان ہے جس سے نور جمال

جو نکالی ہے اسکو عرفان مین / اور تحقیق شہود و وجدان مین
جوہری ہے بڑا حقایق کا / اور نقاد ہے دقایق کا

جو علامات ہین ولایت کے / اور جو آثار ہین سیادت کے
ذات سے جسکے جلوہ گر ہین سدا / اسکی صحبت دلاوے یاد خدا

نیک انصاف کی نظر سے ضرور / اور تعصب کا زنگ دل سے ہو دور
کہ تعصب تھا جنکو آہ بدل / انبیا کے وے کب ہوے قایل

یا الٰہی اسے سلامت رکھہ / دیر گاہ اسکو باہدایت رکھہ
یا الٰہی جو دوست ہین تیرے / ساتھہ انکے ہمین محبت دے

جو ہوے تیرے خاصگان خیار / اور جو ہو وین تا بروز شمار
رکھہ مؤدب تو انسے ہمکو تمام / ہمکو رکھہ پیروی مین انکے مدام

سبب تعظیم این کتاب مستطاب واجب التعظیم از مترجم اثیم عفا اللہ عنہ

ہر مسلمان پر یہہ واجب ہے / جو رضائے خدا کا طالب ہے
کہ سدا روز و شب وہ حق سے ڈرے / پیروی دوستان حق کی کرے

او ایا انکا ذکر خیر کرین / انکے باغ ولا کا (دلکشی ۱۲) سیر کرین
جو قصص انکے اور روایت ہون / عبرت انگیز جو حکایت ہون

انکو دیکھین سنین محبت سے / چشم عبرت سے گوش عبرت سے
جانین انکے مناقب و احوال / دیکھین انکی ریاضت و اعمال

دیکھہ حالات انکے لین عبرت / کرین پیدا انھون سے یک نسبت
رشتۂ حظ نفس کو توڑین / شیشۂ نفس پروری پھوڑین

چھوڑ دے سب حظوظ نفسانی / اور تن پروری تن آسانی
زہد و تقوے مین ورع و طاعت مین / ذکر مین فکر مین عبادت مین

پیروی مین انھون کے ہو کامل / کرے مولا کی معرفت حاصل
نیک بندون کے دیکھین جب احوال / پائین انکے نیک جب اعمال

دوسرے بندگون کو ہو عبرت / ویسے اعمال کی بھی ہو رغبت
با صفا کام یہہ مجرب ہے / کالنسہ حکمت سے یہہ ملقب ہے

دین کے عاقلان تجربہ کار / عالمان اور عارفان کبار
محل ہادیان حکمت کیش / دانش آموز مصلحت اندیش

عاملان شریعت نبوی / سالکان طریقت نبوی
تابع سنت رسول اللہ / خیر خواہان بندگان الہ

سلف صالحین سے لیکر / ہوتے آئے جو ابتلک ہر
کام ایسے بجا وے لائے ہین / اسمین بس تجربے بجائے ہین

کھینچے ہین امر ایسے کر کے ادا / بندگان خدا کو سوئے خدا
باغ لوگون کو یہہ دکھاتے ہین / طاعت حق کی طرف بلاتے ہین

اس ذریعے سے دین کے احکام / کرین ابلاغ با خواص و عوام
اس وسیلے سے ہے بہ آسانی / ہووے آراستہ مسلمانی

کام ایسا نہ سرسری جانو / اسمین ہے فیض گستری جانو
زہ یہہ سید ہی ہے سید اسمین ہیچ / کار این است غیر این ہمہ ہیچ

جس کو دین متین کا غم ہے / بات اس پاس یہہ مسلم ہے
دین کا غم ہے اہل دین کو سدا / اہل دنیا کو غم ہے دنیا کا

جسکو دنیا مین دین کا غم ہو / وہی محشر مین شاد و خرم ہو
جسکو دنیا کا غم ہو دنیا مین / غم بہت اسکو ہووے عقبیٰ مین

غم دین خور کہ غم غم دین ہست
الغرض ذکر دوستان خدا
ہینگے انکے حکایتین اکسیر
انبیا اولیا کا ذکر تمام
باعث ازدیاد ایمان ہے
ایک جنان السیر جو اشہر ہے
مین نے لکھا ہون روضۃ الابرار
ایک گلزار ہے شہادت کا
مالک و بوحنیفۂ اکمل
اور در ذکر حضرت محبوب
اولیاے کرام کے حالات
ہووے حاصل سعادت دارین
جس سے اچھے عمل کی ہو ترغیب
جس سے حاصل ہو ورع و زہد و تقا
جس سے حاصل خدا کی ہو الفت
اور انوار ذوق و وجدان کے
جو ہین اس رہ کے منزل او مقام
جس پہ مکشوف یہہ مطالب ہو
اولیاے کرام کی الفت
پس محبت ہو اولیا سے جسے
کیا بڑی ہے یہہ نعمت عظمیٰ
عربی فارسی کتب ای یار
اور ارشاد بس یہہ تینو کتاب
اور نفحات شیخ جامی کی
تذکرہ اولیا کا بن ای خبیر
کیا عجب عطر پروری کی ہے
اسکا کیا عطر فیض خوشتر ہے

ہر غم با فرو ترا زین ہست
ہے بلا شک دلیل راہ ہدا
انکی باتین ہین کیمیا تاثیر
جبکہ ہے نافع خواص و عوام
موجب قرب رب رحمان ہے
اور دوسری ریاض ازہر ہے
ہین مناقب کے اسمین سب ازہار
شرح سر شہادت ہی دوسرا
شافعی اور احمد حنبل
لکھا ایک نسخہ تحفۂ مرغوب
صالحین عظام کے حالات
ہووے علم و عمل کو زینت زین
اور معاصی کی جسسے ہو ترہیب
حلم و تسلیم و صبر و شکر و رضا
اور اسکے نبی کی تبعیت
اور اسرار جذب و عرفان کے
بو سے اسکے معطر ہو مشام
خوف حق اسکے دل پہ غالب ہو
اسکو ہووے نصیب با عزت
حشر مین وہ انھین کے ساتھہ اٹھے
کیا بڑی ہے یہہ دولت کبریٰ
یہہ ہین اس فن مین معتبر بسیار
ہین ز تصنیف یافعی دریاب
عالم و عارف گرامی کی
فارسی مین عجب ہی پر تاثیر
کیا بڑی فیض گستری کی ہے
جس سے ابتک جہان معطر ہے

غم دنیا مخور کہ بیہودہ ست
ذکر مین انکے حکم تفضیل
بعد اصل کتاب و سنت کے
خاص سالار انبیا کا ذکر
پس وہ سرور کے حال مین دریاے
اور بذکر صحابۂ حضرت
ذکر حسنین مین بھی با تقدیس
اور ہوے ہین جو چار مجتہدین
انکے احوال مین بصدق صواب
اب بہ امداد حضرت بیچون
دیکھہ لکھتا ہون مختصر ایسے
جس سے عبرت ہو مومنون کو کثیر
جس سے خوف و خشیت مولا
تلخ ہو جس سے لذت دنیا
اور فنا و بقا کی قصر کا در
اور رموز مکاشفات صحیح
اس رسالے مین مین نے لاتا ہون
صدق سے جو پڑھے سنے یہہ کتاب
ہی خبر جس سے دوستی جو رکھے
ہووے انکے ہی ساتھہ وہ محشور
جاہے گا جسکو وہ خداے کریم
عربی روضۃ الریاحین ایک
فارسی تذکرہ جواہر بار
واعظ کاشفی کی بھی رشحات
سب مین ہے وہ کتاب ہی کچھہ اور
اسکے عرفان کے عطر کی خوشبو
ہر زمانے کے سالکون کے مشام

ہیچکس در جہان نیاسودہ ست
ہے جو آہن کو کھینچ لے انیس
فرض عینی علوم ملت کے
خاص محبوب کبریا کا ذکر
مین لکھا دو کتاب فیض نصاب
اور بذکر ائمۂ عترت
دو رسالے لکھا ہون مین نے سلیس
چار اقطاب چار صدیقین
چار گلشن لکھا ہون ایک کتاب
تذکرہ اولیا کا لکھتا ہون
جن کے پڑھنے سے اور سننے سے
کیا خواص عوام میر و فقیر
ہووے حاصل سلوک راہ خدا
اور شیرین ہو رغبت عقبیٰ
اور در دولت اسکا آوے نظر
اور غموض معاملات صحیح
حال بعضون کا کچھہ سناتا ہون
ہووےگا اسپہ فتح باب شتاب
بالیقین وہ اسکے ساتھہ رہے
اور نہ ہو انکی وہ گروہ سے دور
دیگا یہہ دولت عظیم و فخیم
تکملہ اسکا بھی خلاصۂ نیک
کہ ہے تصنیف شیخ دین عطار
اور اخبار دہلوی خوش صفات
دیکھہ تو حسن طور اسکا بغور
دیکھو اسکی کتاب سے ہو تم
پاتے ہین جسکی بو سے خلق تمام

پر خلل جسکے ہو دماغ اندر ۔ پہنچے ہو اُس مریض کو کیونکر
ہے عجب فیض بخش اُسکی کتاب ۔ کہ ہے وہ ایک جاذبے کا باب
شیخ میرا اسی لئے اکثر ۔ حکم کرتا یہہ مستفیدون پر
کرین اُسکا مطالعہ بضرور ۔ دیدہ و دل کو دیوین اُس سے نور
پہلے طبقے کے اولیا کا حال ۔ سب ہی مرقوم اُسمین خوش منوال
دوسرے طبقات کے جو ہین اخیار ۔ اُنکے حالات باصفائی یار
دوسرے جو کتب ہوئین مذکور ۔ بیشتر اُنمین ہین سمجھہ مسطور
ذکر مین اولیا کے اب خوشتر ۔ مین لکھون نظم و نثر دو دفتر
تذکرہ اولیا کا پُر انوار ۔ جسکو لکھا ہے شیخ دین عطار
اُسکو کرتا ہون اوّلاً منظوم ۔ صاف ہندی ہو سب کو تا مفہوم
کرون تفصیل ہو جہان مجمل ۔ اُسکو ٹھہراؤن دفتر اوّل
دوسرے طبقات مین ہین نیک شعار ۔ ہو گئے ہین جو اولیاے کبار
اُنمنے بعضے خیار کا احوال ۔ نثر لکھون وے جیسے کتب سے نکال
اُسکو ٹھہراؤن دفتر ثانی ۔ ہووین دو نثر دبان حق دانی
یا الٰہی بہ یمن پیغمبر ۔ بہر آل و صحابۂ سرور
تیرے سب اولیا کی حرمت سے ۔ نیک بندون کی سب برکت سے
بخش ہر امر مین مجھے اخلاص ۔ اور لکھنے مین اس کتاب کے خاص
نفس و شیطان سے رکھ مجھے محفوظ ۔ مجھے اپنی رضا سے رکھ محظوظ
اپنی اُلفت مین کر فنا مجھکو ۔ معرفت اپنی کر عطا مجھکو
ساتھہ ایمان کے اس جہان سے لجا ۔ کر ترے دوستون مین حشر مرا
اس رسالے کو از رہِ احسان ۔ جلد دے اختتام ای حنان
وجہ تالیف تذکرے مین ای یار ۔ جو ہوا باعث کئی لکھا عطار
ہین بہت فائدون سے وہ مشحون ۔ اسلئے پہلے انکو لکھتا ہون

باعث تالیف این کتاب پُر انوار گہر بار از شیخ عالیوقار فرید الدین عطار قدس اللہ سرہٗ

بولتا ہے وہ شیخ عالیشان ۔ کہ ز بعد حدیث اور قرآن
اولیا کے کلام سے بہتر ۔ نہین کوئی کلام مین ہے اثر
انکے باتون مین ہے نتیجہ کار ۔ بات ہے انکی مخزن اسرار
بات مین انکے ہے نتیجہ حال ۔ نہین انکے سخن مین ثمرہ قال
وہ عیان ہے نہین بیان زنہار ۔ ہے وہ اسرار سے نہین تکرار
بات انکی ہے جان کی جوشش سے ۔ نہین انکا سخن ہے کوشش سے
ہووے کہین علم سے لدنی کے ۔ نہین ہرگز علوم کسبی سے
وجہ تالیف تذکرہ اے یار ۔ لایا اسطرح شیخ دین عطار
جمع کرنے مین اس کتاب کے اب ۔ مجھکو باعث ہوے ہین چند سبب
اوّلا یادگار میرے سے ۔ تا زمانہ مین ایک باقی سے ہے
یا پڑھے اسکو کوئی طالب نیک ۔ پاوے اُس سے اگر کشایش ایک
حق مین میرے دعا کرے وہ جب ۔ خاک مین ہو مجھے کشایش تب
شیخ یحیی نے جب وفات کیا ۔ خواب مین کوئی دیکھہ اُسے اچھا
کہ ترے ساتھہ کیا کیا مولا ۔ اُسکو یحیی نے یہہ جواب دیا
کہ کہا حق نے مجھکو اے یحیی ۔ کام تجھہ پر تو سخت مشکل تھا
پر تو یکروز ایک مجلس مین ۔ کر رہا تھا ہماری تعریفین
تب وہان دوست یک مرا آیا ۔ سنکے وہ خوش ہوا ہے وقت اسکا
اسلئے تجھہ کو ہم نے بخش دیئے ۔ دیکھتا ورنہ کیا کئے ہوتے
اور ہے منقول بعض اہل وفاق ۔ بوچھے از شیخ بو علی دقاق
کہ سنین اولیا کے گر باتین ۔ پر عمل انپہ ہم سے کر نہ سکین
اُس مین کچھہ فائدہ ہے کیا فرما ۔ کہا دو فائدے ہین اُسمین بجا
اوّلا گر وہ مرد طالب ہو ۔ ہمت اُسکی قوی ہو اُس سے سنو
اور طلب اُسکی ہووےگی افزود ۔ جس سے دیکھے وہ چہرۂ مقصود
دوسرا گر کسی کو ہو دعوا ۔ کہ سمجھتا ہو آپ کو اچھا
توٹ جاوے وہ اسکا دعوی خام ۔ بد نظر آوے اُسکو اُسکے کام
اور اگر وہ نہو تو کور و غبی ۔ تو کرے وہ مشاہدہ خود ہی
چونکہ بولا ہے عارف اکمل ۔ صاحب حال و قال شیخ اجل
اپنی میزان عقل مین اے یار ۔ کبھو لوگون کو تول مت زنہار

بلکہ مردان رہ کے میدان مین | آپ کو آپ تول کر دیکھین
تا وہ فضل و زیادتی انکی | اور نظر آوے مفلسی اپنی

اور لوگون نے یون سوال کیا | سید الطائفہ جنید سے جا
اولیا کی حکایتین ہین جو | اتقیا کی روایتین ہین جو

انکے سننے سے ای امام ہدا | فایدہ کیا مرید کو ہوگا
کہا شیخ جنید نے ان سے | کہ حکایات ان بزرگون کے

لشکرون سے خدا کے ای لوگو | ایک لشکر ہے بالیقین سمجھو
دل شکستہ مرید کا ہو اگر | تو قوی ہوگا وہ یقین سنکر

ویسے لشکر سے یک بڑی تائید | جانیو پاویگا مرید رشید
بس یہہ قول جنید کی برہان | سے ہے بلاشک یہہ آیت قرآن

وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَاءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ

یعنی کہتا ہے یون خدای رحیم | کہ سمجھ ای مرے رسول کریم
کہ رسل جو ہمارے گذرے ہین | ہم قصص انکے تجھ سے کہتے ہین

تا قوی ہووے اس سے تیرا دل | اور تسکین ہو تجھے حاصل
اور حدیث صحیح مین آیا | کہ شہ انبیا نے فرمایا

ہوویگا ذکر صالحون کا جب | تب ہو بیشک نزول رحمت رب
پس اگر کوئی سفرہ چن دیوے | اسپو رحمت کے گر گہر برسے

تو ہے امید سفرے والے کو | اس سے محروم کر نہ بیٹھین کبھو
پس یہہ امید مین بھی رکہتا ہون | کہ وہ رحمت سے مین بہی ہو مقرون

یہہ بھی امید اور ہوی ہی مجھے | انکی روحون سے تا مدد پہنچے
کہ بہ پیش اجل مرے مولا | کرے دولت کا ایک سایہ عطا

اور بعد از حدیث و قرآن کے | بعد یہہ دو دلیل و برہان کے
اولیا کے حکایت و اقوال | دیکہا مین بہترین قال و مقال

اور مضمون حدیث و قرآن کا | انکے باتون مین مندرج دیکہا
ہوا مین اسمین اسلئے شاغل | تا فیوض کثیر ہون حاصل

گرچہ انمین نہ مین گنا جاؤن | لیک تشبیہ انسے یک پاؤن
کیونکہ آئی ہے یہہ صحیح خبر | کہ کہے یون خدا کے پیغمبر

جسنے جس قوم سے شباہت لی | وہ اسی قوم سے یقین ہووے
اور اس بات کو بہی اب جانو | عقل و دانش سے اپنے پہچانو

کہ سمجہنے کتاب اور سنت | چاہیئے نحو اور صرف و لغت
لوگ اکثر نہ اس سے ماہر ہین | پس سمجہنے مین اسکے قاصر ہین

اولیا کا کلام ہوا آسان | جب ہے شرح حدیث اور قرآن
اس سبے بیشبہ سب خواص و عوام | یوین حصہ بفضل رب انام

جو ہے نیکون کی بات مین تاثیر | سچ ہے اسمین نہ کیجیے شبہ و نکیر
دیکہہ گر بد کہے کوئی تجہہ کو | تب تو ہوتا ہے اسکی جان کا عدو

سالہا اس سے کینہ رکھتا ہے | کرنے اسکو تباہ تکتا ہے
بد سخن کا ہو جب اثر ایسا | سخن حق مین ہوا اثر کیسا

اسمین ہے اس سے بیشمار اثر | گرچہ اس سے نہووے تجہہ کو خبر
شیخ اسکاف عبدرحمان سے | نقل ہے لوگ یون سوال کئے

کہ کسی نے اگر پڑہے قرآن | اور نہ سمجھے کہ کیا پڑہے اس آن
ایسے پڑہنے مین کچھہ اثر ہے کیا | عبدرحمن نے یہہ سنکے کہا

کہ دوا ایک کسی نے گر کہاوے | اور کہاتا ہے کیا نہ وہ سمجھے
جب اثر ایسی ہو دوا سے عیان | کیون نہ دیوے اثر کہو قرآن

ہے اثر بیشمار قرآن کا | کیونکہ ہے وہ کلام رحمان کا
ہان پڑہے گر سمجھہ اسے باغور | تب تو تاثیر اسکی ہے کچھہ اور

اور ہمیشہ تھا ایسا حال مرا | اقتضا دل کا ماہ و سال مرا
اہل دل کے کلام پاک سوا | کہہ نہ سکتا تھا سن سکتا تھا

ہان مگر جب بڑی ضرورت ہو | تب ضروری سخن بہ قدر ہو
ہمزبانون کے واسطے جن کے | مین وظیفہ کیا سخن انکے

تا یہہ سفرے پہ ہم نوالہ رہون | ساتھہ یاران کے ہم پیالہ رہون
یون کہا شیخ بوعلی دیکہو | کہ مرے دل مین آرزو ہین دو

ایک تو یہہ کہ حق کا ذکر سنون | یا کسی اسکے دوست کو دیکہون
مین تو یک مرد محض امی ہون | نہ تو مین پڑھہ سکون نہ لکہہ بہی سکون

کوئی ایسا ہو بات اسکی کہے
گر نہ جنت مین ہووے اسکا کلام
کہ نہا نہ یہہ جبکہ گذرے شتاب
کہا ہر دن کلام سے اسکے
اور لڑکائی سے مجھے دن رات
ہے خبر جسنے جسکو دوست کہے
انکی باتین حکایتین پر نور
ہیگی مردانِ راہ کا پوشاک
جونکہ بولا جنید یا شبلی
ویسے کو بھی نہ چھوڑ اِی بھائی
کہ ہین اشرار ناس ہی نکلے
تا کہین خاسران یہہ دنیا مین
ہین صحبت سے انکے تا ہو رشید
کہ پڑھے یا سُنے جو لیل و نہار
دوستی حق کی دل مین پیدا ہو
حق سے کہے جن مین فائدے ایسے
اور ایسی کتاب فیض نصاب
اور فردون کو عین درد کرے
پڑھے ایسی کتاب جو خوشتر
کہ وہ ہر ایک فرد کیسا تھا
شیخ عارف امام خوارزمی
مین نے پوچھا کہ کیا ہی غم کا سبب
کہ وہ سب ایسے تھے ہادیانِ جلیل
کہ ای خلاقِ قادر و علام
یا آلہی کمال رحمت سے
نہین کہتا ہون کچھ مین اسکے سوا
اور جو مین کتاب لکھتا ہون

تا یہہ بندے نے گوش دل سے سنے
نہین جنت سے بو علی کو کام
طایفہ تب یہہ ہوگا رو بہ نقاب
آٹھ اوراق تک پڑھا کیجے
تھی محبت یہہ طلیفے کے سات
بالیقین وہ اسکے ساتھ رہے
حسب مقدور مین نے کی مسطور
اب تو نکلے ہین مدعی بیباک
کہ یہہ دنیا کے خلق ہیچ سبھی
اس سے دل کو نہ توڑ ای بھائی
اور اخیار ناس کو بہولے
دوستانِ خدا کو نا بہولین
کرے حاصل سعادت جاوید
اولیا کے کلام اور اخبار
جان و دل ذکر حق مین شیدا ہو
جمع کرنا یقین سخن ویسے
مِس کو سونا یقین بناوے شتاب
گنج دل مین انہون کے درد بھرے
کرے اخلاص سے عمل اسپر
جان مین اسکے درد کیسا تھا
جو بڑا تھا محقق نامی
شیخ میرے یون کہا ہی تب
جیسے تھے انبیائے اسرائیل
نہین علت سے کوئی تیرا کام
اپنے احسان سے عنایت سے
دوستون ساتھ تیرے مجھ کو ملا
یہہ بھی امید حق سے رکھتا ہون

یا سناؤن مین اُسکے کچھ باتین
اور لوگون نے شیخ ذیشان سے
کیا کرین ہم تو بول اے رہبر
پس ہوا ہے یہہ فرض عین مجھے
انکا بے شبہہ ہر سخن فاضل
پس بحکم حدیث مصطفوی
اس زمانے مین دیکھو احباب
مثل کبریت سرخ عصر مین سب
شخص یک گر تو ایسا پاویگا
اور یہہ ایسا زمانہ آیا ہے
اس لئے انکا مین نے ذکر لکھا
جو ہین خلوت گزین و گوشہ نشین
اور پایا ہون مین سے نفع کثیر
سرد دنیا ہو انکے دل یہ زیادہ
جو سنے وہ کرے یہ ہوشیاری
ہے بلا شبہہ واجبات سے جان
جو مخنث ہین انکو مرد کرے
درد دل کیون نہ انکو ہو پیدا
اور جب اُس سے خوب ماہر ہو
کہ ہوئے ہین انہون سے ایسے کام
ایک دن مین نے اسکے پاس گیا
کہ عجب و سپاہ سالاران
پھر کہا اسلئے ہون مین گریان
کام تیرے بفضل و احسان ہے
بار سے مجھکو وہ قوم سے کیجے
مری البتہ یہہ دعا وہ کریم
کہ شفاعت سے اُن بزرگون کے

گوش دل سے وے اپنے تا سن لین
پوچھے یوسف امام ہمدان سے
تا سلامت رہین فتنہ و شر سے
ورد لکھنا یہہ غافلون کے لئے
تھا ہمیشہ مرا مفرح دل
رکھے کہ امید ہمرہی کی قوی
ایسی باتین ہوئے ہین رو بہ نقاب
اہل دل نادر الوجود ہین سب
کہ موافق ہو یک سخن مین ترا
کیا بڑا انقلاب لایا ہے
تذکرہ اولیا کا نام رکھا
ڈھونڈھے رغبت سے انکو صاحب دین
ایسے باتون مین یک بڑی تاثیر
اور وہ آخرت دلاوے یاد
توشہ عاقبت کی تیاری
اور بہتر مصنفات سے جان
شیر مردون کو مرد فرد کرے
عشق کی کیون نہ جان مین خو پیدا
تب یہہ اسرار اسپہ ظاہر ہو
اور سرزد ہوئے ہین ایسے کلام
دیکھا اُس وقت اسنے روتا تھا
گذرے اُمت سے یہہ گنہگاران
کل کی شب یہہ دعا مین کی تھی جا
نہین احسان کو تیرے پایان ہے
یا کہ نظارہ کی انہون کی دے
کی ہو مقبول بس بلطفِ عمیم
حق تعالی نجات دیوے مجھے

سگ اصحاب کہف کے مانند — کرے یک استخوان سے بہرہ مند
نقل ہے موصلی نے یک مدت — کھینچ بیحد مشقت و محنت
اور بہت مال و جاہ خرچ کیا — اپنی یک قبر کی وہ جا پایا
روضہ مصطفی کے قرب جوار — بیٹھکا حضور شاہ خیار
اور وصیت کیا یہہ آیت پاک — گرد مرقوم میرے بر در خاک

وَكَلْبُهُم بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ

اور کتا انکا پسار رہا ہے ❊ اپنی ہاتھین جو کھٹ پر

ای خدا وند کل موجودات — ایک سگ تیرے دوستون کے سات
باعقیدت کئی قدم جو چلا — تو نے اسکو انہین کے ساتھ کیا
دوستی دوستون کی تیری مدام — مین بھی رکھتا ہون ای خداے انام
انبیا اولیا کی حرمت سے — علما کی بھی سب برکت سے
دے مجھ عاجز غریب کا مطلوب — مجھکو اس قوم سے نکر محجوب
ہووے اونپر جو تیری خاص نظر — مجھکو محروم اس نظر سے نکر
اور تو اس کتاب کو یارب — درجہ قرب کا ہی کرئیے سب
کر قبول اپنے لطف سے یہہ دعا — سخن شیخ اب تمام ہوا
ای مرے مالک اے مرے مولا — شیخ عطار جو کیا ہے دعا
حق مین مین بھی اس حقیر کمتر کے — بندۂ ناتوان احقر کے
اپنے فضل و کرم سے کر مقبول — از طفیل رسول و آل رسول
سارے اصحاب کی برکت سے — تیرے سب اولیا کی حرمت سے
انبیاے کرام صدیقین — اور شہیدان و صالحین گزین
کون ہے یہ پہلے کھینچیو معلوم — کرون فتح الخزینہ سے مرقوم

بیان چہار گروہ فضیلت شکوہ انبیا و صدیقین و شہدا و صالحین صلوٰت اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

نعمتین اپنے قرب کے رحمان — دئیے جن بندگون کو ہر عیان
ہین یہ خاصون کے سب چہار گروہ — کہ تری انکو دی ہے شان شکوہ
وے نبیین ہین اور صدیقین — اور شہیدان و صالحین یقین
ہے رہ مستقیم انکی راہ — کہ گواہ اسپہ ہے کلام اللہ
سو وہی راہ حق سے کرنے طلب — ہمکو مامور کر دیا ہے رب
سورۂ فاتحہ مین رب کریم — کیا ہے سب مومنون کو یہہ تعلیم
اور وہ سورۂ نسا مین بھی — سب مطیعون کو یہہ بشارت دی
کہ اطاعت کرے گا جو حق کی — اور اسکے رسول مطلق کی
ہین وہ ساتھ انکے ہووینگے باکرام — جن پہ اللہ نے کیا انعام
ہونگے وے ساتھ انبیا و صدیقین — شہدا صالحین نیک آئین
ہین وے چار وگروہ نیک رفیق — ہو رفاقت سے انکے ملنے طریق
جو طریق خدا کا طالب ہے — ہمرہی انکی اسپہ واجب ہے
مومنون مین عوام جو ہووین — ہمرہی صالحون کی وے ڈھونڈین
صالحون کو رفاقت شہدا — چاہئے وے ڈھونڈنا براہ خدا
اور شہیدان باصفا کو یقین — چاہئے ہمرہی صدیقین
اور صدیق لوک کو ہے ضرور — انبیا کی رفاقت پر نور
سالکان راہ حق کی جو ہووین — فیض ترتیب سے ہی لوین لیوین
مومن عامی اگر چاہے ہے — کہ رفاقت وہ انبیا کی کرے
تو ہئے تینون کا واسطہ ہی ضرور — تا بہ تدریج اسکو ہووے عبور
عالم غیب سے خدائے کریم — وہ رہ مستقیم کی تعلیم
کی ہے حضرات انبیا کو یقین — انسے پہنچی ہے وہ بصدیقین
بعد وہ از گروہ صدیقین — ہے شہیدون کو پہنچی نیک آئین
اور شہیدون سے صالحون کو تمام — ہوئی تعلیم اسکی باکرام
پہلے لازم ہے تجھکو ای عاقل — معرفت انبیا کی ہو حاصل
پہنچے تینون گروہ اکرم کی — معرفت ہاتھ آوے تجھکو سبھی
تا ہوے تا چارون کی ہمرہی طلب — ہو میسر خدا کے فضل سے تب
ہیں یہ چارون کی معرفت کا بیان — بھلا بوتا ہون دیکھ یہان
کہ حقیقت مین نبی کی ہے جان — برگزیدہ ہے ایک تو انسان
نوع انسان کو ہی باعزت — حق تعالی دیا ہے دو قوت
قوت نظر یہہ ہے جان پہلا — قوت عملیہ سمجھہ دوسرا

ومن یطع اللہ والرسول فاولئک مع الذین انعم اللہ علیہم من النبیین والصدیقین والشہداء والصالحین وحسن اولئک رفیقا ۱۲

قوّتِ نظریہ سے ہی سُن تو
آدمی جانتا ہے چیزون کو
قوّتِ عملیہ سے لیل و نہار
اُس سے ہوتے ہین نیک بدکردار

انبیا کو بلا وساطتِ غیر
تربیت آپ ہی کرے بالخیر
قوّتِ نظریہ مین اُنکے ای میر
ہووے یون نورِ قدس کی تاثیر

کہ جہان تک ہین اُنکے معلومات
غلط و شک نہ اُنمین ہو دن رات
قوّتِ عملیہ مین اُنکے خوہ ا
ملکہ ایسا ایک کرے پیدا

کہ اُنہون سے برغبتِ وافر
ہووے اعمال صالحہ صادر
اور اعمالِ بد سے بے نہایت
اُنکو رہتی ہے دایماً نفرت

اور اُنکے قواے جسمانی
دانش و تجربے ہی سے اے گیانی
جبکہ حدِّ کمال کو پہنچے
درجہ اعتدال کو پہنچے

اُنکو مبعوث کرتے ہین بہ قبیل
تا اُنہون سے ہو خلق کی تکمیل
پھر اُنھین بیّنات دیتے ہین (دلیلین)
شاہد معجزات دیتے ہین

تا نبوّت پہ اُنکے بالتحقیق
کرین بے شُبہ بندگان تصدیق
بعضے اعجاز قولیہ ہے جان
جیسے اعجاز حضرتِ قرآن

فعلیہ معجزات اُسکو کہے
جسطرح انگلیون سے آب بہے
اور دیتے ہین معجزات کے ساتھ
کئی آیاتِ عقلیہ خوش دہات (نشانہاے)

تا وے آیات ہے خواص کو ان
ہون بلاشبہ موجبِ ایمان
ہین وے آیاتِ عقلیہ بسیار
کئی اقسام پر ہین وے اے یار

ہے ازانجملہ حضرتِ خلّاق
بخشے اُنکو مکارمِ اخلاق
اور ازانجملہ صادقہ جو علوم
ہو وہین دیتے ہین اُنکو مقسوم

اور اُنہین سے بیانِ شافی ہے
حجّتِ واضح اور وافی ہے
اور اُنھین سے ہی نورِ صحبت ہے
گنج برکات اُنکی رُویت سے ہے

قاصرون کو نہین ہے جبکہ کمال
کرتے ہین معجزون سے استدلال
اور جو کامل ہین خلق مین بتقیل
اِن کاملون سے لیتے ہین وے دلیل

خاص امراض جو ہین رُوحانی
جو علاج اُنکے ہون بہ آسانی
اور ناقص نفوس کی تکمیل
فیض ہم صحبتون پہ بالتعجیل (جلدی)

ہو وے پیغمبرون سے جب ظاہر
اُن سے اہلِ کمال ہو ماہر
اُنکی پیغمبری پہ دل سے وہین
لاتے ہین بس کمال صدق و یقین

انبیا اپنے چیزون کا ہی بیان
کرتے ہین بعضے وقت پر پہچان
کہ وہ ہر ہر کے پاس ہو معقول
دل و دانش کرے ہے اسکو قبول

جیسے ہستی خالقِ متعال
حق تعالی کی بھی صفاتِ کمال
اور کبھو ایسے چیزون کا بھی بیان
کرتے ہین بعضے وقت پر پہچان

کہ وہ تبیان مفصّل و اجمال
عقل نا پا سکے بہ استقلال
جیسے ہر روز کے جو ہین احکام
حق مین بندون کے از خداے انام

اور ثواب و عقاب کی تفصیل
نیک اور بد عمل اُپر بے قیل
اور وے فعلون کے حال کا تبیان
جو کبھو بد کبھو ہو نیک عیان

پس اگر معجزات کی تصدیق
اور آیاتِ عقل کی تحقیق
گر نہ پیغمبر اُن کے ہووے سات
کیون عوام اُنکی سچ جانے بات

نہ عیان فایدے ہو بعثت کے
اسلئے معجزات اُنکو دئیے
یعنی انبیا بقدرِ ضرور
جب ہوئی ہے یہان تلک مذکور

پس باجمال معنے تصدیق
کرون تدقیق سے یہان تحقیق
قوّتِ نظریہ بہت کامل
جیسا سب انبیا کو ہے حاصل

حق سے ویسا ہی اُسکو حاصل ہو
قوّتِ نظریہ مین کامل ہو
اور از ابتداے عمر کبھی
بات ہرگز کیا نہو جھوٹی

اور دو رویہ سخن بس تو عیان
کبھو اصلا اسے نہین شایان
اور دینی مقدمے مین غرور
اُس سے پورے خلوص کا ہو ظہور

ایسا اخلاص ہووے شام و پگاہ
کہ نہو جسمین حفظِ نفس کو راہ
اور علامات سے ہے اُسکے سنو
عزم مین ہے اُسکے نا تردّد ہو

گرچہ اُسکو نماز مین گاہ ہے
حادثہ ایک سخت پیش آوے
نہ چپ و راست التفات کرے
دل نہ مائل بہ کائنات کرے

ظاہر و باطن اُسکا ہو یکسان
اور نہ لعنت کرے کسی پر جان
علمِ تعبیرِ عالمِ رویا (خواب)
خوب تر جاننے مین ہو یکتا

بولتے ہین شہید جان اُسے
قلب کو ہو مشاہدہ اُسکے
انبیا اُسکو جو کہ پہنچاتے
اسکو اسطرح وہ قبول کرے

کرو سے چشیون کو چشم سے گویا — دیکھتا ہے بعالم دنیا
اسلئے ہے با مردین اے جان — جان دنیا ہی اسکو ہے آسان
گو بظاہر نہین ہوا مشغول — ہے بباطن یہہ دیکھ اسکو حصول
قوت علیہ بھی اسکا عجیب — قوت انبیا کے ہووے قریب
اور صالح وہی ہے نیک صفت — نظری و عملی اسکے دو قوت
قوت انبیا سے اکرم سے — وے پڑے ہین کمال مین نیچے
پر کمال متابعت سے ہان — بالیقین صالح گرامی شان
اپنا ظاہر گنہ سے پاک رکھے — خوف سے دل کو خوفناک رکھے
اعتقادات فاسدہ سے سدا — اور اخلاق بد سے صبح و مسا
اپنے باطن کو بسکہ دور رکھے — اس قدر یاد حق سے پور رکھے
کہ نہ گنجایش اسمین ہوج کبھی — ہووے ہرگز دوسری شی کی
نام گرچہ ولی کا اے کامل — ہے یہہ تینو گروہ کو شامل
لیک یہہ لفظ جانئے اشہر — صالحون پر ہی آتا ہے اکثر
صالحین اولیا کو کہتے ہین — اہل تحقیق یہہ بھی لکھتے ہین
کہ یہہ چار و گروہ کے اخیار — جو ہین انکے یہ چند مین آثار
دوست رکھتا ہے انکو مولا — متکفل ہے انکی روزی کا
یون تکفل ہوا انکا اے دمساز — کرو سب خلق مین ہے ممتاز
رکھے محفوظ انکو اعدا سے — انکا غربت مین وہ انیس ہے
اور انکے نفوس پاک اندر — ایسی عزت عطا کرے داور
بادشاہون کی اور امیرون کی — نہین خدمت سے ہوتے ہین انکی
انکی ہمت بلند کرتا ہے — انکو یون ارجمند کرتا ہے
کہ نجاسات جو ہین دنیا کے — نہین انکو وہ ہوتے ہین انسے
اور انکے دلون کو رب انام — کرے روشن کرم سے باکرام
ایسے چیزین انہون کو معلوم — اور ایسے نکات ہون مفہوم
کہ ان ارباب نظر و فکر کتین — نہین معلوم خوب ہوتے ہین
اور سینون مین ان بزرگون کے — حق تعالی کشادگی بخشے
کہ شدائد اگرچہ دنیا کے — انپہ صبح و مسا نزول کرے
نہین ہوتے ہین انسے وہ دلتنگ — رنج و راحت مین ہے ہین یکرنگ
دیوے یک ہیبت انکو وہ داور — سرکشون کے ہو ولین انکا اثر
اور برکت کلام مین انکے — اور برکات کام ہین انکے
اور مکانات مین انہون کے سدا — اور ہم صحبتون مین انکے سدا
انکی اولاد و نسل مین اکثر — زائرون مین بھی انکے شام و سحر
اپنے الطاف پاک سے قادر — ہے برکتین کرے ظاہر
دیوے یک انکو مرتبہ ایسا — جس سے ہو مستجاب انکی دعا
بلکہ انکا وسیلہ اشرف — لاوے حاجتین جو حق کی طرف
حق تعالی ز روئے لطف و عطا — انکے کرتا ہے حاجتون کو روا
اور بملکوت برزخ و محشر — جو خصائص دیا انہین داور
نہین ایسے مین وہ خصوصیات — وے نہین اس قبیل کے آیات
کہ عوام اسکو جان لین یہ حال — اور اس سے کرین وہ استدلال
وے عوام جب تلک دیکھین — انکے کیونکر حقیقتین پاوین
ہر مسلمان کو از رہ تحقیق — حق تعالی عطا کرے توفیق
کہ یہ چار و گروہ کے جو ہین کام — پیروی کرے انہون کی قیام
اور کرے انکے ساتھ ہی محشور — انکے ہی ساتھ ذکر پیر عبور
ساتھ انکے لجاوے در جنت — اور اپنی عطا کرے رویت
اور سدا انکے صلوات و سلام — انپہ پہنچا وہم سے رب انام

چار اصحاب باصفا کا ذکر — چار یاران مصطفے کا ذکر
پہلے لکھہ اس کتاب مین کرون — بعد ازان ترجمہ شروع کرون

ذکر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ

خیر اصحاب سرور عالم — اسبق السابقین خیر امم
افضل الاتقیا و صدیقین — اکمل الاتقیا سے حامی دین
مظہر نور قدس اسم جمال — قدوۂ اہل حال ذوالاجلال
مورد آیت فیوض مدار — ثانی اثنین اذ ہما فی الغار

نائب اعظم رسول خدا — قطب اقطاب اعظم الخلفا — فخر اسلام حضرت صدیق — رضی اللہ عنہ بالتحقیق
محو تھا بس رضائے مولا مین — اور فانی ولائے مولا مین — سورۂ لیل مین جب اسکو خدا — غایت لطف سے کہا اتقیٰ
اور کیا اسکے حسن حال کا ذکر — صدق و اعطا و بذل مال کا ذکر — اور کہا بذل اسکا شام و پگاہ — ہے محض خالصاً لوجہ اللہ
کہ کہا وجہ ربہ الاعلا — و لسوف کہا ہے اور یرضیٰ — یعنی نزدیک ہے کہ حرمت سے — ہم یقین اس سے راضی ہوونگے
اور فرمائے احمد مختار — تین سو ساٹھ نیک ہین اطوار — گر کسی مین ہو انسے یک خصلت — پاویگا لطف حق سے وہ جنت
پوچھا صدیق نے کوئی خصلت — کیا ہے میرے مین انسے ای حضرت — کیا ارشاد اسکو شاہ انام — کہ ترے مین وہ خصلتین ہین تمام
ایسے مقبول کبریا کی ثنا — ایسے ممدوح مصطفی کی ثنا — ایسے یکتا کا جود و صدق و صفا — زہد و ایثار اور رضا بقضا
ورع و تقوے بھی صبر و حلم و وقار — اور ایسے ہی پاک تر اطوار — ایک عشر عشیر کیون ہو رقم — کہ ہے قاصر یہان زبان قلم
انکا اکل حلال صدق مقال — ہووے طومار گر ہو با اجمال — اور مناقب اگر محرر ہو — اسکے بے شبہ چند دفتر ہو
سب صحابہ کی بھی یہی حالات — تھے بحسب تفاوت درجات — خاص چار و خلیفۂ ذیشان — ابو بکر و عمر علی عثمان
یہان ہر یک کے حال سے پرنور — کرون یک دو روایتین مذکور — اکثر آب و طعام مین صدیق — رکھتا تھا احتیاط بالتحقیق

ہے روایت کہ یک غلام اسکا — یک تجارت اپر مقرر تھا

روایت

اس تجارت سے خاص اپنا طعام — بس دیا تھا قرار وہ بدوام — دودھ یک دن غلام وہ لایا — اسکو صدیق نوش فرمایا
یک دو گھونٹ ہی پیا ہے جب — آہ معلوم یون ہوا ہے تب — نہین کسب حلال سے وہ شیر — بلکہ ہے از حرام پر تزویر
کہ بعین کہانت مردود — کیا پیدا غلام نے وہ دود — جلد وہ اس قدر کیا ہے قے — کہ وہ باہر تمام آیا ہے
کہنے لاگا ہے درد پر تسلیم — اے خدا وند ای غفور رحیم — کہ جہان تک تھی تاب مر طاقت — مین نکالا وہ دودھ بارغبت
جو رگو نین کیا سرایت ہو — عفو اسکو کرم سے کر یکجو — یہی قوت حلال کا مایہ — قصر طاعات حق کا ہے پایہ
ہووے بنیاد جسقدر محکم — ہو عمارت بھی اسقدر محکم — غیر قوت حلال اے ہشیار — گویا پانی پہ ڈالنی دیوار

بس ہے اول ضرور قوت حلال — کرین قوت سے تا سکے نیک اعمال

روایت

شیخ عارف امام ہمدانی — کی ذخیرے مین نقل ای گیانی — کہ ابو بکر کو خلافت پر — جب بٹھلائے صحابہ سرور
دوسرے دن وہ سفید لے کر پاس — گیا بازار کو وہ بے وسواس — تا اسے بیچ کر بوجہ حلال — کرے ہمدست قوت اہل و عیال
اسکے آگے ہی وہ خدا آگاہ — یہی کرتا تھا کسب شام و پگاہ — پھر اسی کام پر گیا وہ جب — ہوئے آزردہ دل صحابہ سب
اور کہے منصب خلافت کو — نہین شایان یہ کام ہے سن تو — کہا ابو بکر قوت اہل و عیال — مجھ پہ واجب ہے دایماً و سال
حق ادای مین انکے صبح و مسا — جب کہ تقصیر مین رکھونگا روا — مومنون کے حقوق مین یہ تمام — ہوگی عادت وہی مجھے بدوام
پس صحابہ نے اتفاق کیا — شورہ سب مل کے باوفاق کیا — کہ بقدر کفاف اہل و عیال — دیوین بوبکر کو ز بیت المال
تا فراغت وہ کر کے یک حاصل — ہو حکومت کے کام مین شاغل — یومیہ گھر کے خرچ کو اسکے — ڈیڑھ درہم کئے مقرر تھے
کہتے ہین یک زمین زراعت کی — ملک سے تھی وہ باصداقت کی — موت اسکی قریب آئی جب — اپنے فرزند کو بلایا تب

عبدِ رحمان تھا جسکا نام ہمام کی وصیت اُسے وہ نیک انجام
کہ وہ میری زمین کو بیچ شتاب اور نفقے کا میرے کر تو حساب
جتنا پہنچا ہے مجھے بیت المال تا وا پس تو کیجیے فی الحال
عبدِ رحمان بموجب فرمان یہہ وصیت ادا کیا جو لان
ہے روایت کہ بر سرِ منبر بولتا تھا وہ خلق کا رہبر
سو سے تو دو یہ نون بھی ہم چھوڑتے ہین حلال مین سے
خوف سے اُسکے یہہ کہ ہم نے یقین اور طرح شبہہ مین پڑے نہ کہین
احتیاط اُسکو جون طعام مین تھا احتیاط ایسا ہی کلام مین تھا
نقل ہے وہ مدام شام و سحر منہہ مین رکھتا تھا اپنے یک پتھر
جب کسی بات کی ضرورت ہو مسئلہ بولنے کی حاجت ہو
تب نکال اُسکو بات کرتا تھا پھر وہی سنگ منہہ مین دہرتا تھا
گر ثنا اُسکی کوئی کرتا جب عرض کرتا تھا وہ بدرگہِ رب
حال سے میرے مجھ سے دانا تو ہے بیشک ای خالقِ اکبر
اور دوسرون سے میرے نفس کا حال مین بہت جانتا ہون ای متعال
ای خدا خلق کے گمانون سے مجھکو بہتر کرم سے کر دیجے
اور مجھے بخش دے بلطف و عطا کیئے نا جانو سے جو میری خطا
اور مدح و ثنا سے اُنکے کبھو یا الٰہی تو مت پکڑ مجھکو
اور تواضع مین اُسکے ربِ جلیل دی تھی اپنے کرم سے شانِ جلیل
نقل ہے در مدینۂ انور جس محلے مین وہ رہا اکثر
اُس محلے کے مومنون کے کام کرتا تھا وہ خوشی سے اپنے مدام
اس محلے کے بکریون کا دودھ دیا کرتا نچوڑ اُنکو زور ذ
جب خلیفہ ہوا وہ باتمیز اس محلے کی ایک کہی ہے کنیز
نہ نچوڑیگا اب یقین وہ شیر ہے خلافت کی اُسکو شان کبیر
کہا یہہ سنکے وہ بلطفِ عمیم مین نچوڑون گا اپنی چال قدیم
بلکہ وہ نہی مدام تا رحلت اپنی جاری رکھا وہی عادت
وہ جو راہِ خدا مین خرچا مال کون اُمت مین ہوگا اُسکے مثال
دین اسلام کی حمایت مین شاہِ کونین کی اعانت مین
ابتدائے زمان بعثت سے دائما تا وفاتِ حضرت کے
مال اُسکا جو کام آیا ہے دین جو انتظام پایا ہے
رتبہ پایا نہ یہہ کسیکا مال نہ ملا یہہ کسی کو جاہ و جلال
کئی بردون کو مول لے دلشاد اُنکو للّٰلہ کر دیا آزاد
شہ کے اصحاب مین جو داخل ہین اور از اولیائے کامل ہین
اور ہزارون سے درہم و دینار کیا فرمانِ مصطفیٰ پہ نثار
در جہادات کافرانِ غوی اور بہ تعمیرِ مسجدِ نبوی
صرف بس مبلغ خطیر ہوا آخرِ حال وہ فقیر ہوا
ایک لنگی سوائے کچھ نہ رہا تن برہنہ بھی سر برہنہ ہوا
بوریا آہ ایک باندھ لیا وہ بھی راہِ خدا مین صدقہ کیا
کیون لکھون ہے دراز یہہ قصہ اور ہے جان گداز یہہ قصہ
اُسکا احوال مکرمت مشحون کچھ جنان السیر مین لایا ہون
اور مناقب کچھ اُسکے پرانوار مین لکھا ہون بروضۃ الابرار
نہین گنجایش اس کتاب اندر اکتفا اب کیا اُسیکے اوپر
ذکر اُسکا ہے زاید الارقام رضی اللہ عنہ بالاکرام

ذکرِ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مصدرِ فیضِ نظمِ قرآنی مظہرِ نورِ نطقِ ربانی
صاحبِ قرب و ملہمِ غیبی ماہ و دانِ فیوضِ لاریبی
فخرِ اقطاب و اعدلِ اصحاب حامئی دین عمر بن الخطاب
مصطفیٰ کا خلیفہ ثانی نشر و اعلانِ دین کا بانی
کیون بیان اُسکے ہو فضائل کا اُسکے اخلاق اور شمایل کا
کشورِ زہد و فقر کا تھا امیر اور تھی ورع و تقا مین شان کبیر
مرکزِ علم کا تھا قطبِ مدار تھا وہ بحرِ علومِ سرّ و جہار
کہتے ہین جب وہ انتقال کیا ابن مسعود آہ ہے کہنے لگا
علم یون چلتے اب گیا ہیہات پوچھے کیون بولتا ہے ایسی بات
کہ ہمارے بین مین بہت علما صاحبِ فقہ و مصدرِ فتویٰ

مولانا مین نے کہا جو نون حصے
نہین مطلب وہ حکم و فتویٰ سے

بلکہ ہین وے حقایق و اسرار
کہ ہے وہ حصۂ اولوالابصار

سعد و طلحہ نے بولتے ہین عمر
زہد مین ہم سے تھا یقین بڑھکر

اور رغبت مین آخرت کے طرف
بھی زیادہ تھا ہم سے وہ اشرف

نقل ہے ایک برس مدینے مین
بحرِ تقدیس کے سفینے مین

قحط ایک رو دیا برا سُننئے
جسکو عام الرماد کہتے تھے

اور اس سال مین عمر محزون
کھایا کرتا تھا روغنِ زیتون

اور سوا اُسکے کچھ نہ کھاتا تھا
آہ آرام کچھ نہ پاتا تھا

لوگ کہتے تھے کچھ تناول کر
تھوڑا آرام لے ای نیک سیر

کہتا میرے برادرون نے سب
کلفتِ قحط کھینچتے ہین اب

کہو راحت مین کسطرح پاؤن
اور بہتر طعام کیون کھاؤن

اور کھانیسے روغنِ زیتون
ہوا الاغر بہت وہ پاک درون

اور رخسار پاک پر اُسکے
اُسکے کھانیسے چھائیان تھے پڑے

بی بی حفصہ جو اُسکی تھی بیٹی
اور زوجہ رسولِ اکرم کی

آتش ٹھنڈی بکاسہ چینی
روغن اُسپر بھی ڈالکر بھیجی

دیکھ کر اُسکو وہ بہت رویا
اور زنہار آتش وہ نہ پیا

اور کہا یون وہ مقتدای زمن
کاسہ چین مین آتش با روغن

ہے جب اسباب ناز و نعمت کا
مین زنہار اُسکو پیؤن گا

اور یہہ اُمید حق سے رکھتا ہون
کہ یہہ دُنیا مین جب تلک جیؤن

دُور رہی کھے ناز و نعمت سے
اور دارِ فنا کی لذت سے

کہتے ہین رات دن طعام سکا
دس نوالون سے کچھ نہ زاید تھا

بھی روایت ہے جبکہ نیک سیر
بیٹھا ہے مسندِ خلافت پر

ایک ایسا قمیص پہنا تھا
جس کو پیوند تھے لگے بارا

کبھو دو پیرہن نہ پہنا ہے
اور دو سالن کبھو نہ کھایا ہے

اور یقین اتباعِ سُنت مین
اور سدا انقطاع بدعت مین

فرد کوئی نہین تھا اسکا نظیر
اُسکو اس امر مین تھی شانِ کبیر

آیا یک بار حجرِ اسود پاس
یون لگا کہنے اُسکو بیوسواس

کہ نہین تو مگر ہے ایک حجر
نہین تجھ سے کسی کو نفع و ضرر

سرورِ انبیا حبیب خدا
گر تجھے بوسہ نا دیا ہوتا

مین بھی دیتا کبھو نہ بوسہ تجھے
دیتا ہون اتباع سے اُسکے

آئین اکثر روایتین ایسے
اور اُسکے حکایتین ایسے

کچھ لکھا ہون ریاض ہر مین
جنکو مطلوب ہو وہان دیکھین

ذکر حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

منبع علم و عفو بذل و سخا
جانِ جود و سخا و کانِ عطا

قطبِ آفاق و زبدۂ اصحاب
بحرِ فیضان مفخرِ احباب

یعنے عثمان جامع قرآن
رضی اللہ عنہ فی الاکوان

کیون فضائل کا اُسکے ہو تبیان
بسکہ عاجز یہان ہے کلکِ بیان

ہے روایت کہ وہ امامِ ہدا
پاک اخلاق مین یگانہ تھا

سب کو کھلواتا نعمتِ الوان
کھایا کرتا تھا آپ سرکہ و نان

اور موٹا لباس بے وسواس
پہنتا تھا سدا وہ قدوۂ ناس

اور خچر پہ چڑھتا تھا وہ شریف
کرتا اپنے غلام کو بھی ردیف

اور خلافت مین اپنے در مسجد
سوتا اکثر زمین پہ وہ ماجد

اور کبر کی علامتین اکثر
اُسکے پہلو پاؤ آتے نظر

کیا کرون اُسکی مین حیا کا بیان
یہان عاجز ہے خامۂ امکان

کہ تھے حضرت نے اُس سے فرماتے
اور اسطرح سبکو فرماتے

کہ ہمیشہ فرشتگان سما
کرتے عثمان سے ہین شرم و حیا

اور یہہ اُمت مین بولا شاہِ جہان
سب سے زیادہ حیا مین ہے عثمان

نقل ہے جب وہ غسل فرماتا
ور حجرہ پہ قفل دلواتا

غسل کرتا تھا آپ ہی تنہا
کشفِ عورت بھی وہ نکرتا تھا

للہ الحمد آج میرا ضمیر
دیکھتا ہون ورین خیالِ اخیر

اس حیا کی صفت نہین تا امکان
آئینہ دارِ حضرتِ عثمان

ایک مدت مین اُسکی خدمت مین
صرف کی عمر فیضِ صحبت مین

تن برہنہ کبھی نہین دیکھا
کبھو تن سے نہ پیرہن اُترا

بھو کو غسل کر جو پہنے لباس
دوسرے جھو مین وہ اتارے لباس

جھو نقط ثقیل بھی حاشا
نہین اُسکی زبان سے نکلا

اُسکی جو جان کا بھی دشمن ہے
اُس سے ایمن ہے اُس امین سے ہے

دیکھئے باوجود قدرت کے
کیا لِلّٰہ درگذر اُن سے

بعضے فسّاق دشمنِ سادات
ننگ اسلام آہ زشت صفات

دشمنون نے برا ہی کید کیا
پس اُسے حاکمون نے قید کیا

ایک عالم ہوا ہے زیر و زبر
بیخور و خواب خلق شام و سحر

پر کیا حاکمون نے جب دریافت
دادِ دریافت دی ہے بکم و کاست

حق و ناحق مین ہو گئی تمئیز
سعی جھوٹون کی ہو گئی ناچیز

کہا حاکم جو شیخ فرماوے
دشمنون کو سزا وہ پہنچاوے

رحمۃ عالمین کا پوتا
سیّد المرسلین کا پوتا

دشمنون کو ہوئی پشیمانی
ہوئی حکّام کو بھی حیرانی

عفو ہو حق عبد ای آگاہ
پر نہ ہووے معاف حق اللّٰہ

شیخ کو وہ جو رنج قید ہوا
یہہ تو ہے اہل بیت کا ورثہ

اور دوسرے ائمۂ عترت
جو تھے ایسی خروج کی تہمت

آہ قید شدید کرواے
رنج و آزار اُنکو پہنچائے

ظلم کیسا ہوا ہے مالک پر
وہ طریق خدا کے سالک ہین

اور کر قید ابن حنبل کو
جان سے مارے وہ شیخ اکمل کو

بہار گلشن و روضۃ الابرار
دیکھ دونون مین اُنکے ہین اذکار

سنئے خوف و خشیت داور
بسکہ عثمان کو تھی شام و سحر

ریش ہوتی تھی اُسکی تر فی الحال
سکئے یکروز حاضرون نے سوال

کہا مین نے سنا ہون حضرت سے
یہہ خبر خاتم الرسالت سے

جو یہہ منزل مین پاویگا نجات
اسکو مین دوسرے منزلون مین برات

ایک رکعت مین بھی کبھو دلخواہ
ختم کرتا تھا وہ کلام اللّٰہ

وجہ پوچھے کہا کہ کب سلطان
بھیجیگا گر کسی کو یک فرمان

تا اوامر جو ہین بجالاوے
اور مناہی سے اُسکے دور رہے

کبھی تھا بعد ہر وضو ناچار
مین نے کرتا ہون حق سے استغفار

نہ اتارے لباس وہ گاہے
اور اُسی پر وہ خواب فرماوے

کیا کہون اُسکے حلم کا مذکور
کہ ہے وہ ایک کوہ حلم و غفور

دشمنون کا بھی خیرخواہ ہوا
دشمنون کا وہی پناہ ہوا

سنِ ہجری تھا جب ہزار و صد
اور پنجاہ پر تھے سہ زائد

کئے اُسپر خروج کی تہمت
اہتمام جہاد کی نسبت

قید خانے مین روز پینتالیس
بس مراقب رہا وہ با تقدیس

ایک مسلمان نہ بلکہ اہلِ ملل
تھے مکدّر و مضطر و بیکل

دعوا فسّاق کا دروغ ہوا
پر دروغ اُنکا بیفروغ ہوا

دشمنان لایق سزا ٹھہرے
اور مرعوب ہو گئے سارے

شیخ تھا جب جمال کا مظہر
حمل و حلم کمال کا مظہر

غایت لطف سے یہہ فرمایا
کہ مین لِلّٰہ اُنکو بخش دیا

نہین پاوے سزائے سرکاری
لیک پاوے سزائے قہّاری

نار فتنہ تھے جو جو سلگائے
سب وے دنیا مین خوار و زار ہوئے

زین عبّاد و باقر و جعفر
اور موسیٰ رضا گرامی گہر

کر کے اُنپر بھی بعضے شر النّاس
حاکمانِ بنی اُمیہ پاس

اور منصور نے تو قید مین ہی
بو حنیفہ نے آہ رحلت کی

قید کر شافعی کو اہل عناد
آہ لائے یمن سے تا بغداد

اور بہت اولیا کے ساتھ یہی
پیش ایسا ہی آئے ہین اشرار

احقر اُٹھا کہان گیا تو کہان
سے لکھے احوالِ حضرت عثمان

جب کسی قبر پر گذرتا تھا
اِس قدر آہ رویا کرتا تھا

کیون تو روتا ہے قبر دیکھ اتنا
نہین روتا ہے اور کہین اُتنا

قبر ہے ایک منزلِ اولیٰ
بالیقین از منازلِ عقبیٰ

قایم اللیل انبیا تھا بہ نیاز
کہ وہ پڑھتا تھا شب تمام نماز

اور کر کے نماز صبح ادا
پھر وہ قرآن دیکھ پڑھتا تھا

چاہئے دایماً اُسے دیکھے
تا ہو معلوم امر و نہی اُسے

اور وضو ہر نماز کے خاطر
کرتا تھا بالدوام وہ فاخر

تا ہوا ہو جو اُسمین سہو و قصور
بخشئے اپنے کرم سے رب غفور

صایم الدہر بھی تھا وہ فیروز
یعنے رکھتا تھا روزہ وہ ہر روز

اور پس از رحلت رسول خدا
حج و عمرہ وہ دس کیا ہی ادا

اور راہ خدا مین لیل و نہار
مال خرچا ہے وہ برون شمار

محض بہر خدا بجنگ تبوک
کیا کیا غازیون سے حسن سلوک

کہتے ہین اونٹ تھے وہ ایک ہزار
اور ہفتاد اسپ تھے رہوار

بیس یا آٹھ ہزار تھے درہم
اس سے سر دیجیو بہشت خرم

یہ دعا اسکے حق مین کی ہے تب
کہ تو عثمان کو بخش دے یا رب

جو کیا ہو وہ اول و آخر
اور کیا ہو جو باطن و ظاہر

ہے روایت صحابہ حضرت
جب مدینے طرف گئے ہجرت

فقر و فاقے مین مبتلا تھے تمام
نہین ملتا تھا انکو آب و طعام

اور مدینے مین جتنے تھے کنوین
سربسر آب شور تھا ان مین

آب شیرین تھا شیر سے بھی گران
گم تھا اسکا سراب بھی نشان

نہ کوا کھودنے کی طاقت تھی
نہ خریدی کی انکو وسعت تھی

ایک کنوا تھا آب شیرین کا
کہ یہودی کے ایک ملک مین تھا

بئیر رومہ تھا اس کنوے کا نام (باوڑی کا نام)
وہ یہودی نے اسکا آب مدام

یک چھگل گر کسی کو دیتا تھا
اس سے یک مد (پیمانہ) اناج لیتا تھا

کہے یک روز یون رسول خدا
کہ کسی نے خرید وہ کنوا

وقف گر مومنون پہ کر دیگا
مین ہون ضامن بہشت ہے اسکا

کہ اسے ایک نہر دیوے خدا
حشر کے دن بجنت الماوا

سن یہ عثمان کیا خرید اسے
تیس پر پنج ہزار درہم دے

اور کیا وقف مومنون پہ تمام
ہوئے مسرور اس سے شاہ انام

اور ہفتے مین یک غلام سدا
للہ آزاد اسنے کرتا تھا

ایسے اوصاف اسکے ہینگے کثیر
نہین خامے کو طاقت تحریر

ذکر حضرت مرتضی علی رضی اللہ تعالی عنہ

وارث مسند رسول اللہ
رہبر رہبران راہ اللہ

مقتدائے محب و محبوبین
قطب اقطاب و فخر صدیقین

پدر حسنین و ابن عم رسول
ابن عم رسول و زوج بتول

نور اسلام و سابق الایمان
میر اصحاب و ہمدم قرآن

بحر عرفان و قرب صدق و صفا
اسد اللہ خاتم الخلفا

رہبر سے مشتہر ہے جسکا نام
رضی اللہ عنہ بالاکرام

کیا لکھون اسکا علم اور اخلاق
کہ یہان طاقت قلم ہے طاق

باب مین اسکے علم کے اشہر
خود کہے یون خدا کے پیغمبر

کہ ہون مین شہر علم کا سمجھو
اسکا دروازہ ہے علی بوجھو

اور اسطرح سے کہا ہے امیر
گر لکھون فاتحہ کی مین تفسیر

تو ہو ہفتاد اونٹ کا وہ بار
نہ رکھے اسکی بحر علم کنار

ابن مسعود بولا اے ماہر
کہ ہے قرآن کو باطن و ظاہر

ہے علی جامع بطون و ظہور
اس سے رخشان ہے برج ہر دو نور

کیا کہون اسکا زہد و فقر جلیل
کہ نہین اسکا اسمین کوئی مثیل

فقر کا ہی اسے نصاب رہا
نہ کبھو مالک نصاب ہوا

اور خلافت مین بھی بشان جلی
کشور فقر کا ہی تھا والی

پاس اسکے تہی خوار تر دنیا
تھا ہمیشہ وہ طالب المولی

ہے روایت وہ جب خلیفہ ہوا
تین درہم کا یک قمیص لیا

آستین تھین دراز تہ پہنچے سے
قطع کر کے لیا ہے پہین اسے

اور جب وہ لباس پہین لیا
شکر مولا کا ہے بجا لایا

اور وہ کرتا تھا اکتفا اکثر
ایک لنگ اور ایک چادر پر

اور اسہی لباس سے ای یار
ہوتا رونق فروز در بازار

اور بازاریون کو صبح و مسا
امر معروف بھی وہ کرتا تھا

بولتا تھا انھین خدا سے ڈرو
ماپ اور تول مین دغا نکرو

مت قسم کھاؤ جھوٹ مت بولو
عیب شی کا چھپا کے مت بیچو

اور کبھو نے بھی خشت پہ خشت
نہ رکھا وہ کہین قصر بہشت

یعنے وہ بحر فقر و استغنا
عمر ساری نہ گھر کیا ہے بنا

کوئی شی گر خرید فرماتا
آپ ہی گھر اٹھا کے لے آتا

لیا یک روز یک درم کے کھجور / تب کیا عرض کوئی اسکے حضور
مین اٹھا لاؤن دوش پر پیچھے / کیا ارشاد یون کرم سے اسے
مین ہی اسکو اٹھا لیجاؤن گا / عیال والا ہی ہے احق اسکا
مین مناقب وہ باصفا کے کثیر / اب نہین مجھکو طاقت تحریر
یک صحابی کے یک قول اثر یہان / کرتا ہون اکتفا یہہ پاک بیان
نام نامی ضرار ہے اسکا / اس سے یک دن معاویہ نے کہا
وصف کچھ مرتضی کے کر مذکور / وہ کہا مجھکو اس سے رکھہ معذور
پر معاویہ جد و جہد کیا / لاجرم تب ضرار کہنے لگا
کہ علی کا مقام بس فاخر / تھا یقین عقل و فہم سے باہر
دین مین اسکا قوت اظہر / حیطۂ وہم سے بھی تھا برتر
قول اقدس تھا اسکا فصل خطاب / حکم تھا اسکا عدل محض ثواب
بہتے تھے اس سے علم کے انہار / اور حکمت تھی اسکی نطق بجار
اور وحشت تھی اسکو دنیا سے / نعمت اسکی ذلیل پاس اسکے
وحشت شب کی ساتھہ تھا وہ انیس / اور مناجات حق کے ساتھہ جلیس
دائم الفکر تھا بہ فکر دراز / اشک ریزان سدا بسوز گداز
پہنتا تھا لباس موٹا ہی / کہایا کرتا تھا خشک ہی روٹی
تھا ہمارے مین وہ ہمارے سا / پوچھین گر کچھ جواب دیتا تھا
آتا تھا ہم بلاتے اسکو اگر / گرچہ رہتا وہ ہم سے ہل مل کر
لیک واللہ اسکی ہیبت سے / بات ہم اس سے کر نہ سکتے تھے
کرتا تھا اہل دین کی تعظیم / تھا مساکین پہ اسکا لطف عمیم
یہہ توقع کسی قوی کو نتھی / کہ ہو باطل پہ اسکے وہ راضی
اور کوئی ضعیف بھی حاشا / نہین مایوس اسکے عدل سے تھا
اور یک رات مین نے کی یہہ نظر / ریش اپنی لیا تھا ہاتھہ اندر
آہ کرتا تھا اضطرارا ایسا / سانپ کاٹا ہوا کرے جیسا
اور روتا تھا اسطرح وہ یقین / جسطرح روئے ہے کوئی غمگین
بعد یون بولتا تھا دنیا سے / کہ مرے غیر کو فریب تو دے
آیا تو چاہتی ہے مجھ سے وفاق / مین تو تجھکو دیا ہون تین طلاق
نہین رجعت ہے جس طلاق مین ہان / مین قسم کھا کے بولتا ہون جان
کہ عمر تیری ہے بہت چھوٹی / اور بہت کم ہے عز و قدر تری
تھوڑے توشہ پہ بیشتر افسوس / اور طول سفر اپر افسوس
جب معاویہ یہہ بیان سنا / جوش رقت سے زار زار ہوا
اور اسطرح سے کہا گریان / بوالحسن پر ہو رحمت رضوان
ہے قسم حق کی وہ گرامی شان / یون ہی تھا جسطرح کیا تو بیان
جو اثر تھی ضرار کی فاخر / جانئے اب یہان ہوئی آخر
اور بہ اولاد حیدر کرار / ہوئے ایسے ہی اولیاے کبار
خاص یکسر ائمہ مسعود / از حسن تا بہ مہدئی موعود
سب اماموں کے مقتدا ہین وہ / اولیاؤن کے پیشوا ہین وہ
ہین وے غواص بحر عرفان کے / اور وے ساقی ہین خم فیضان کے
سب بمدد اولیائے عالیشان / فیض پائے ہین انسے تر عیان
انکا احوال باصفاے یار / مین لکھا ہون بروضۃ الابرار
ان بزرگون سے یک امام کا ذکر / زبدۂ عترت کرام کا ذکر
یمن و برکات کے لئے مجمل / شیخ عطار نے لکھا اول
اسنے آغاز جو کتاب کیا / ذکر سے اسکے فتح باب کیا
ترجمہ اسکے تذکرے کا بجا / مین یہین سے کرون بفضل خدا

ذکر امام ہمام حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ

گل گلزار خاندان رسول / بلبل باغ دودمان بتول
در کان علوم مصطفوی / رازدان فیوض مرتضوی
وارث مسند رسول اللہ / مقتداے مقربان اله
گل سر سبد آل پیغمبر / مرآت حال و قال پیغمبر
شیخ عباد و اشرف زہاد / فخر اوتاد و قدوۂ افراد
زبدۂ اہل حق بحق ناطق / قطب اقطاب جعفر صادق
پیشوا تھا وہ شریعت کا / رہنما عرصۂ طریقت کا
سب مشایخ کا مستند تھا وہ / اہل عرفان کا معتمد تھا وہ

سب کا وہ مقتدائے مطلق تھا　　مومنوں کا امام برحق تھا
عصر کا اپنے تھا امام ہمام　　اسکے تابع تھے اولیائے کرام
تھا حقائق میں صاحب تصنیف　　اس سے منقول ہیں رموز شریف
در بیان لطائف، تفسیر　　فرد کوئی نہیں تھا اسکا نظیر
اور بشرح سرائر تنزیل　　یوں نہی کوئی نہیں تھا اسکا عدیل
اپنے والد امام باقر سے　　باقر العلم ذو المفاخر سے
ہے کیا نقل وہ بہت سے نکات　　ہو کتاب اسکی گر لکھوں یکبات
نقل ہے نزد جعفر ای ہوشیار　　آیا داؤد طائی نے یکبار
اور کہا اے رسول کے فرزند　　ای علی و بتول کے دلبند
میں گنہگار ہوں ز زنگ گناہ　　دل مرا ہو گیا ہے آہ سیاہ
لطف سے مجھکو یک نصیحت کر　　جسمیں حاصل ہو فائدے کے گھر
وہ مراحل ذوق و کشف و شہود　　سنکے یہہ اسکو بولا ای داؤد
تو یقین زاہد زمانہ سے ہے　　عابدوں میں تو آب یگانہ ہے
کیا تجھے پند کی بھی حاجت ہے　　کیا مری حاجت نصیحت ہے
کہے داؤد نے ای ابن رسول　　حق نے سب سے کیا ہے تمکو قبول
اور سب پر تمہیں فضیلت دی　　شرف و عز و جاہ و عزت دی
پند سے تیرے سبکو حاجت ہے　　سب کی واجب تجھے نصیحت ہے
کہا جعفر کہ میں سے ڈرتا ہوں　　یہی ہر آن فکر کرتا ہوں
کہ کہیں جد مرا رسول خدا　　ہو سچے دامن پکڑ بروز جزا
کہ تو حق متابعت میرا　　نہیں کیوں کر ادا کیا پورا
کام آوے عمل بدرگہ رب　　اور یہاں معتبر نہیں ہے نسب
سن یہہ داؤد ہوش کھویا ہے　　در دسے زار زار رویا ہے
اور کہنے لگا کہ ای داور　　جسکی معجون طینت اطہر
آب اقدس سے ہو نبوت کے　　اور تخمیر سے طہارت کے
جسکی مادر بتول جد ہے رسول　　یہہ تو ہے ایسے باغ قدس کا پھول
ہووے ایسے کو جب یہہ حیرانی　　اور یہہ خوف یہہ پریشانی
آہ کیا ہووے حالت داؤد　　روز محشر میں کربت داؤد
نقل کرتے ہیں حضرت جعفر　　جبکہ خلوت نشین ہوا اشہر
آیا سفیان ثوری اسکے پاس　　کہا ای یادگار خیر الناس
لوگ تیرے سے فیض پاتے تھے　　خیر دارین ہاتھ لاتے تھے
پس تو خلوت میں کیوں رکہا تشریف　　کہیں محروم سب وضیع و شریف
ہوا اسکے سوا گذیر نہیں　　اور یہہ شعر وہ پڑا ہے وہیں
ذہب الوفاء ذہاب امس الذاہب　　والناس بین مخاتل ومحارب
یفشون بینہم المودۃ والوفا　　وقلوبہم محشوۃ بعقارب
دیکھے عمدہ لباس یک بہتر　　کہ تھا پہنا امام دین جعفر
کہا خدمت میں شخص یک نے پھر　　کہ یہہ پوشاک ہے بہت فاخر
سنکے یہہ عرض ہاتھ وہ اسکا　　اپنے ہی آستین میں کھینچا
کپڑا اندر درشت تھا ایسا　　کہ یقین ہاتھ کو وہ چبھتا تھا
کہا یہہ بہر خلق ہے تو جان　　اور از بہر حق ہے یہہ پہچان
نقل ہے یک ہمینی پیسوں کی　　کسی یک شخص کی تھی جاتی رہی
اسنے ناحق تقاضا پیسوں کا　　آکے جعفر کے ساتھ کرنے لگا
پوچھا پیسے تھے اسمیں کس مقدار　　وہ کہا یک ہزار تھے دینار
اسکو تب اپنے گھر بلا لایا　　اور دینار وہ ہزار دیا
بعد وہ شخص اپنا سب پیسا　　دوسری ایک جاے میں پایا
پاس جعفر کے لاکے وے دینار　　معذرت اس سے کی بہت بسیار
کہا جعفر نے جو کہ ہم نے دیے　　اسکو واپس نہ پھیر کے لیونگے
پوچھا پھر کون ہے یہہ نیک سیر　　لوگ بولے یہہ حضرت جعفر
ہوا نادم وہ نام سن اسکا　　اور پشیمان بہت ہی ہو گیا
نقل ہے ایک دن چلا تھا　　اللہ اللہ لب سے کہتا تھا
شخص یک پیچھے اسکے جاتا تھا　　وہ بہی اللہ اللہ کہتا تھا
کیا جعفر نے عرض یا اللہ　　نہیں رکھتا ہوں جامہ و جبہ
وہیں بہتر لباس یک فاخر　　غیب سے حق نے کر دیا ظاہر
اسکو جعفر نے لیکے پہن لیا　　اور وہ شخص دیکھ عرض کیا
اللہ اللہ بولنے میں شریک　　میں بھی تھا بیچ تیرے ساتھ شریک

اپنا کہنہ لباس دے تجھے مجھے
کہا اپنے وزیر سے یک شب
آہ جو شخص بیٹھ خلوت میں
لگی جو جیون سے یونہی وہ دانا
اور غلاموں کو اپنے تب منصور
جلد تر تم نے اس اشارے سے
اور لرزاں ہوا ہی وہ بدحال
اور کیا اس سے عرض خدمت سے
حق کی طاعت میں تا رہوں مشغول
جب روانہ ہوا وہ حق آگہ
اور بعضے لکھے ہیں ای دمساز
کیا تھی حالت تری عجب کہنے لگا
ایک لب اسکا تھا زمین سے لگا
اس عمارت کو اور تجھ کو اٹھا
اور بے شبہ اسکے خوف سے ہی

دیا جعفر نے اسکو خوش ہو کے
کہ تو جعفر کو جا بلا لا اب
ہے مشغول حق کی طاعت میں
ہوا مانع وسلے نہ وہ مانا
کیا اسطرح جلد تر مامور
تیغ سے اسکو قتل کر دیجے
دوڑتا آیا اسکے استقبال
بول کیا مجھ سے تیری حاجت ہے
کہا منصور ہاں بدل ہے قبول
تن میں منصور کے پڑا لرزہ
کہ ہوئیں فوت اس سے تین نماز
جبکہ جعفر ہوا ہے جلوہ فزا
اس مکان کے اوپر ہے لب سرا
جان بیشک نگل ہی جاؤں گا
ہوش اور عقل میری جاتی رہی
اکتفا اسپہ ہی کیا ہوں یہاں

نقل ہے جو خلیفہ تھا منصور
تا کروں قتل اسکو آج کی رات
ملک و دولت سے ہاتھ کھینچا ہے
آخر الامر لا علاج ہوا
کہ یہاں جب آوے گا جعفر
آیا ہے جبکہ حضرت جعفر
اسکو مسند پہ اپنے بٹھلا کے
کہا جعفر اسے کہ وہ میرے بار
اور اسکو خوشی سے دے رخصت
اور کہتے ہیں وہ ہوا بیہوش
جبکہ منصور ہوش پایا ہے
نظر آیا ہے مجھکو تب واللہ
مجھ کو بولا زبان حال سے لو
اسلئے میں نے بیقرار ہوا
اسکے ایسے کرامتیں بسیار
رضی اللہ عنہ فی الاکوان

ظلم گستر تھا اور جفا معمور
کہا اس سے وزیر عجز کے ساتھ
قتل کرنا اسے نہ زیبا ہے
پاس جعفر کے وہ وزیر گیا
میں نکالوں کلاہ اپنی ز سر
دیکھ منصور ہو گیا مضطر
آپ بیٹھا ہے باادب آگے
مت بلا تو مجھے کبھو زنہار
پس روانہ کیا ہے باعزت
تین دن تک بھی یونہی تھا بیہوش
اس سے اسکا وزیر پوچھا ہے
اژدہا ایک اسکے تھا ہمراہ
رنج دیوے گا گر تو جعفر کو
معذرت کر اسے روانہ کیا
میں محرر بروضۃ الابرار

ذکر خیر التابعین اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

قدوۂ عارفان حق آگاہ

عاشق صادق رسول اللہ
ہے طریقت کو جس سے زیب و زین

زبدۂ اولیائے یمنی ہے
رضی اللہ عنہ فی الدارین

قطب عالم اویس قرنی ہے

روایت

ہے روایت کہ سرور عالم
ہو کے متوجہ یمن کے دلشاد
میں یمن کے طرف سے پاتا ہوں
پاک صورت فرشتگاں ہی کیا
تا اویس انکے درمیان ہو ہنوز
کیونکہ دنیا میں طاعت مولا
پس اسی واسطے خدائے غیور

کرتے اسطرح بیشتر ارشاد
میں قرن کے طرف سے پاتا ہوں
کہ ہو ستر ہزار انکا شمار
ہوویں سوئے بہشت جلوہ فروز
بسکہ پوشیدہ اسنے کرتا تھا
اسکو اپنے کرم سے روز نشور
جانئے اس حدیث کے مصداق

یعنی بو جو نسیم رحمت کی
اور شہ انبیا نے فرمایا
غایت لطف اور کرم سے خدا
تا نہ پہچانے کوئی بندہ اسے
دور رہتا تھا خلق سے بہ نشاط
چشم اغیار سے رکھے محفوظ
ہوویں ایسے ہی اولیا عاشق

گاہ گاہ در مدینہ اکرم
بو محبت کی اور الفت کی
جب قیامت کا روز آویگا
کرے شکل اویس پہ پیدا
حق تعالیٰ مگر جسے چاہے
دل لگایا تھا اپنا حق کے ساتھ
اپنے دیدار سے رکھے محظوظ

حدیث

اور آئی حدیث حضرت سے
کہ ہے یک مرد میری امت سے

وہ قیامت کے دن بشان رفیع
ہووےگا اتنے عاصیونکا شفیع

دو قبیلے تھے یہ عرب مین بڑے
بے نہایت تھے گوسپند انکے

کہے سرور ان ارجمندون سے
وہ ہے یک بندہ حق کے بندون سے

پوچھے اسکا کہان ہے اب مسکن
کہے مسکن اویس کا ہے قرن

نہین دیکھا بہ دیدۂ ظاہر
دیکھا ہے چشم دل سے وہ باہر

کہا دو وجہ اسکے ہین سمجھو
غلبۂ حال ایک ہے بوجھو

اسکی مان مومنہ ہے نابینا
بس یہ خدمت گذار ہے اسکا

پوچھے کیا اسکو ہم نے دیکھینگے
بولا صدیق کو نہ تو دیکھے

بائین ہتھیلی پہ اسکے ایک نشان
اور کف دست پر بھی ہووے عیان

اور کہا اسکو تم اگر پاؤ
اسکو میرا سلام پہنچاؤ

بعد فرمائے سرور عالم
اولیا مین بزرگ اور اکرم

پوچھے کس جا مین ہم نے پاوین اسے
کہے اسکو مین پاؤگے

کہ مرا جبہ تم نے لیجاؤ
اور اویس قرن کو پہنچاؤ

عمر فاروق و حیدر کرار
شہر کوفے مین آن کر ملغار

اور خطبے مین نجد یون کہتین
وہ پکارا تو سب اٹھے ہین وہین

وے کہے ہان عمر نے پھر پوچھا
نام بو تو اویس ہے کس کا

کہ ہے اسکو تو خلق سے وحشت
نہین رکھتا ہے خلق سے صحبت

یون کیا عرض حاضرون نے تمام
کہ وہ رہتا ہے دشت مین مدام

لوگ جو کھاوین وہ نہ کھاوے یقین
غم و شادی وہ جانتا ہی نہین

اسکے فاروق و مرتضیٰ یہ بیان
اس بیابان طرف ہوئے ہین روان

اور ملک حکم حق تعالیٰ سے
اونٹ اسکے وہان چراتے تھے

عمر فاروق و مرتضیٰ کو دیکھ
کہا سبقت سے السلام علیک

پوچھتے ہی کہا وہ عبداللہ
کہا ہم سب ہین بندگان اللہ

کہا فاروق ای گرامی ذات
اب دکھا مجھکو اپنا سید صفات

اس نشان پہ عمر نے بوسہ دیا
اور اسطرح اسکو فرمایا

اور یہ جبہ شریف اپنا
خاص تیرے لئے کیا ہے عطا

کہ بقوم ربیعہ اور مضر
باب بکرون کے جتنے ہون تن پر

کہا یارون نے یا رسول خدا
کون وہ مرد ہے ہمین فرما

پوچھے کیا ہے وہ باصفا کا نام
کہے سرور اویس اسکا نام

پوچھے کیا آپ کو وہ دیکھا ہے
ان کو یون شاہ دین بولا ہے

پوچھے کیا ایسا عاشق ای حضرت
نہین پایا ہے آپ کی صحبت

دوسرا پاس حکم ملت ہے
وہ مری شرع کی رعایت ہے

اونٹ اجرت کے وہ چراتا ہے
نفقہ مادر کا اس سے پاتا ہے

اسکو فاروق و مرتضیٰ ہر دو
دیکھینگے عنقریب ای یارو

قدر درہم پہ یک سفیدی ہو
اس نشان کو نہ برص سے سمجھو

اور کہیے پیام یہ میرا
کرے امت کے حق مین میرے دعا

اتقیا اخفیا مین عالیشان
یعنی پرہیزگار جو ہین نہان

نقل ہے جب نبیؐ نے رحلت کی
یون صحابہ کو تب وصیت کی

حسب فرمان واجب الاذعان
بعد ترحیل سیدِ اکوان

اور بہت خلق کو فراہم کر
ایک خطبہ پڑھا جناب عمر

پوچھا اب تم مین کوئی ای لوگو
کیا ہے اہل قرن سے کہیو سچ

وے کہے ہم اسے نہین جانا
ہے مگر ایک شخص دیوانا

عمر فاروق انسے پوچھا ہے
کہ کہئے کہان وہ رہتا ہے

اور وہ نان خشک کھاتا ہے
شہر مین لوگ مین نہ آتا ہے

جب ہنسین لوگ اسپہ روتا ہے
اور وے روویں تو آپ ہنستا ہے

اسکو شاغل نماز مین پائے
بس خشوع و نیاز مین پائے

جنبش آدمی وہ جب پایا
جلد باہر نماز سے آیا

دیکے فاروق نے جواب سلام
اسکو پوچھا کہ کیا ہے تیرا نام

بولے کیا ہے خاص تیرا نام
وہ کہا ہے اویس میرا نام

وہ دکھایا تھا وہ نشان اسیر
کہ خبر جسکی دی تھی پیغمبر

کہ بوقت وفات خیر انام
بولا ہے ای اویس تجھکو سلام

اور وصیت مجھے یہ بھی فرمایا
میری امت کی حق مین کیجے دعا

وہ کہا ای صحابی سرور / تو دعا کے لیے ہے اولی تر
پھر کہا ہے اویس نے ای عمر / حکم فرمائے جسکو پیغمبر
کہا فاروق نے وہی ہے یقین / کہ نشان اسکی دی ہے سرور دین
اور اون سے اویس دور گیا / رکھ کے سجدے مین سر یہہ کہنے لگا
جب تلک امت محمد کو / اپنے احسان سے نہ بخشے تو
تیرا پیغمبر رفیع مکان / اور فاروق و مرتضی ذیشان
ایک آواز غیب سے آئی / کئی تن بخشون ترے خاطر ہی
حکم آیا ز درگہہ مولا / اور اتنے ہزار بخشون گا
آئے ایسے مین مرتضی و عمر / پوچھا کیون آئے تم نے دیر نکر
پس مرقع اویس پہن لیا / اور اسطرح اونسے کہنے لگا
اور بکرے جو انکے مین بسیار / انکے بکرون کے بال کے مقدار
اس مرقع کے یمن سے وہ سب / یہہ دعا کی مری اجابت اب
تا مدینہ تو کیون نہین آیا / کیون حضور نبی نہین پایا
کہ مبارک جو دانت حضرت کا / آہ جس روز ہے شہید ہوا
دوستی مین موافقت ہے ضرور / یہی شرط مولفت ہے ضرور
اور بولا جمال حضرت کا / چشم ظاہر سے مین نہین دیکھا
شرط الفت موافقت ہی جب / مین بھی یک دانت اپنا توڑا تب
ایک یک دانت مین گراتا تھا / دل نہ چین و قرار پاتا تھا
جب علی و عمر نے سنی یہہ بات / رونے لاگے بہت ہی دہد سے تمام
گرچہ حضرت کو یہہ نہین دیکھا / اسکا عشق و ادب ہے پن ایسا
پس عمر نے اویس سے یہہ کہا / کر دعا میرے حقمین نزد خدا
مغفرت مین نے مومنونکی سب / چاہتا ہون یقین ز درگہ رب
تم کو تب گھیر لیگی میری دعا / ورنہ ضایع کرون مین اپنی دعا
اسکو تب یون اویس نے پوچھا / کہ تو پہچانتا ہے حق کو کیا
پھر شہ پہچانے فیروق کے تئین / یہی بہتر ہے تیرے حقمین یقین
کہ خدا مجھکو جانتا ہے کیا / کہا ہان مجھکو جانتا ہے خدا
کہا فاروق شہر سے اس جا / تا کوئی چیز مجھکو دیون لا

کہا کرتا ہون مین ہمیشہ دعا / یہہ وصیت نبی کی لا تو بجا
شاید وہ شخص ہووےگا دیگر / پس تامل سے خوب کیجے نظر
پس لیا جبہ شہ دوران / اور کہا صبر تم نے کیجو یہان
یا الہی یہہ جبہ والا / مین خوشی سے نہ اپنے پہنونگا
کہ وہ جبہ ترا رسول کریم / پاس بھیجا مرے بلطف عمیم
بایقین کر چکے ہین اپنا کام / اور باقی ہے اب یہہ ترا کام
پھر کیا عرض اے جہان کے رب / کہ یہہ امت کو بخش دیجے سب
یونہی کرتا تھا عرض بر بر بار / وو نہی کہتا تھا قادر غفار
یہہ مرقع نہ پہنرتا مین نے / جبتلک امت کو سارے نا بخشے
دو قبیلے ربیعہ اور مضر / جو عرب مین بڑے ہین لب شہر
امت احمدی کو وہ مولا / بس شفاعت سے میرے بخشیگا
مرتضی نے خموش بیٹھا تھا / اور فاروق اسکو یون پوچھا
پوچھا کیا تم ہو دوست حضرت کے / کہے ہان یون کہا اویس نے
پس طریق موافقت سے یقین / دانت کیون اپنے تم نے توڑے نہین
اپنے سب دانت وہ جو توڑا تھا / تب عمر کو اویس بتلایا
پر سنا جب یہہ واقعہ ای رشید / کہ ہوا دانت شاہ دین کا شہید
پر نہ معلوم تھا کہ حضرت کا / کون سا دانت وہ توٹا ہوگا
آخر الامر اپنے دانت تمام / توڑا خاطر کو تب ہوا آرام
اور سمجھے یہہ ہے ادب کا ثمر / اور تادب ہے منصب دیگر
چاہیے اس سے ہم لوگ سیکھین / مشرب عشق اسکا ہم دیکھین
وہ کہا ہر نماز مین دن رات / بس تشہد مین جان بیچ اوقات
پس اگر اس جہان فانی سے / تم نے ایمان کے ساتھ گذر گئے
بعد یون التماس کی ہے عمر / کہ مجھے ایک اب وصیت کر
بولا پہچانتا ہون ہان حق کو / کہا پہچانے گر خدا کو تو
کہا فاروق اور زیادہ کر / پوچھا اس سے اویس بار دگر
کہا حق کے سوا کوئی گر / نہ پہچانے تجھے تو ہے بہتر
جیب مین ہاتھ اویس قال السلام / سے ہے دیکھا نکال دو درہم

اور کہا میں نے تو سچ جو
خبر تیری میں سب قبول کروں
ہو جو اس جہان سے تم واپس
ہے قیامت کی فکر کیسی
حشر کا روز جب کہ [illegible]
اسلئے سوچ کر وہ بھاگا
کہ شفاعت کا وہ جو ہوا لا
کہ ہوئے اس سے جا فر [illegible]
وہ کرتا تھا اس جو [illegible]
میں نے جانا کہ پکڑوں اس کا ہاتھ
ہوئی رقت بری سو رونے لگا
مجھکو نہ دہ کہے کرم ہے خدا
پس مرا اور مرے پدر کا نام
پس بلاشک وہی علیم و خبیر
جان مری تیری جان کو پہچانی
وہ کہا شاہ انبیا کا لقا
پڑھ دیتا جو ہوں صاحب شان
میں کہا ایک آیت قرآن

جان پیدا کیا تمہیں ہر بے
ہوتا افزوں کہ لائے یوں
اور حیات بہت قریب ہے بس
ہے مجھے صبح شام راہی گھر
جب پھریں وہاں سے آخر کار
بعد کوئی اسکے نہیں دیکھا
میں سنا جب اویس قرنی کا
پھر وہ ہوں اسکی خدمت سے
اور دھوتا تھا اپنے کپڑے کو
پرنہ ہرگز دیا وہ اپنا ہاتھ
رحمک اللہ یا اویس کہا
کس لئے میرے پاس تو آیا
کیوں تو پہچانا مجھے اعلام
دی خبر تیری مجھکو تا تیسیر
ہے یہہ تائید و فضل ربانی
آہ افسوس میں نہیں دیکھا
واعظ و متقی و محدث ہاں
پڑھتے سنوں تا تیرے لئے [illegible]
کیا کتاب ہے رب موجود آ

گر تو ہوتا ہے صفا من اسکا آ
بعد ایسا زبان پر لالے
مومنان جب ملینگے وہ جزا
میں جیتے ہیں اسکے شاغل
ہوئی زاید اویس کی حسرت
ہاں مگر ایک حرم بن حیان
تب مرے دل میں اشتیاق ہوا
میں انکو نے کو ڈھونڈھتا آیا
میں نے انکو کیا خطاب سلام
مجھکو اسکی کمال الفت سے
ہوگیا تب اویس بھی گریان
میں کہا ای اویس مجھکو کچھ تو
تب وہ لینے لگا کہ کوئی شی
جانے مومنوں سب رحمان
میں کہا اب رسول اکرم سے
پڑ احادیث پاک سر دین
کہ ہوں میں ایک شغل میں شامل
پڑھتا ہو وہ سنے بیقرار ہوا
پس تلاوت کیا ہی یہ آیات

گر میں جیوں یہہ سر گئے
کہ بہت سچ تم نے پایا ہے
پھر ابد تک ہو وینگے جدا
جاؤ تم میں تو اس میں مائل ہو
لوگ کرنے لگے بری عزت
اسطرح سے خبر دیا ہی جان
صبر و طاقت کو کیا طاق کیا
اور اسکو فرات پر پایا
دیکھ مجھکو دیا جواب سلام
دیکھنے سے بھی اسکی حالت سے
اور کہا یا حرم بن حیان
نہیں دیکھا تھا اسکے آگے تو
نہیں علم خدا سے باہر ہے
دوست اور آشنا ہیں آپس میں
ایک روایت حدیث کی کیجے
میں نے دوسروں سے ہاں سنا ہوں یقین
اسلئے اسطرف نہیں مایل
اور رقت سے زار زار ہوا

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لَاعِبِينَ مَا خَلَقْنَاهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ○

اور پھر پڑھکے ایک نعرہ کیا
یا فقیر کیا اسکے ای ہمام
میں سمجھا ہوں وہ تمکو بکام
جانے ای حرم تو جب ہو
اور تکو [illegible] کرے یاد
[illegible] کی [illegible]

میں نے سمجھا کہ ہوش سے گزرا
تجھ سے تا کیوں [illegible] آرام
دوسرے سے لیگا اسلام
تیرا لیں موت کو سے کہے
[illegible] تجھ [illegible] نہ بنا
[illegible] کو [illegible] سب سمجھا

بعد پوچھا کہ سلے بن حیان
وہ کہا [illegible] جسکر
میں کہا یک مجھے [illegible] کر
اور [illegible] ہو وے گا تو جب
[illegible] ہے ہوا ای تو تھا
میں نے پوچھا کہاں کروں [illegible] قیام

قبل کیا چیز تجھکو لائی یہاں
اس سے ہے وہ [illegible]
یوں لگا کہنے [illegible]
موت کو [illegible] ختم ہو گئے
دیکھ حرم [illegible]
بعد کہا [illegible] کیجے شام

مین نے بولا وہان مرا گذران
پھر کہا مین نے ہو بہت مضطر
اور بے شبہ آدم و حوا
اور سب انبیا نے کی رحلت
اور مرا بھائی آہ عدل نصاب
وہ کہا حق نے مجھکو ہی ہے خبر
بعد اسکے وہ ہے ورود پڑھا
کہ تمسک تو کر کتاب اللہ
قوم مین جب تو اپنے جاویگا
اور اس امت کی تو جماعت سے
بعد اسکے دعای خیر کیا
پر مجھے تو دعا سے کیجے یاد
مین نے چاہا کہ اور یک ساعت
اسکو مین دیکھتا تھا پیچھے سے
پیشتر وہ جو مجھ سے ذکر کیا
صبح کی تب نماز پڑھتا تھا
ظہر کی پڑھ نماز وہ کامل
تین دن یونہی وہ گذرا ہے
خفیہ کرتا تھا اُس پہ مین نے نگاہ
چشم پر خواب و پر شکم سے آہ
سمجھا کیا اسکا حال اقدس ہے
لوگ پوچھے اویس سے یہ بات
نہین ہوتی ہے ایک بار تمام
کہا نیز لیسے اسکو مارین اگر
کہ کسی نے علی الصباح تھا
اور ہو وہ اویس جو بدخو
یعنے بہتر طعام اور لباس

ہووے کیون کر کہا وہ عالیشان
دوسری یک مجھے وصیت کر
اور نوح و خلیل اور موسیٰ
ہوا رونق فزا سوے جنت
ہوا راہی عمر بن الخطاب
کہ کیا نقل اس جہان سے عمر
اور کیا درگہ خدا مین دعا
اور لیجے تو صالحون کی راہ
کر نصیحت تو انکو بہر خدا
باہر ہرگز نہ یک قدم ہووے
اور مجھکو کہا کہ تو اب جا
مین بھی تجھکو کرون دعا سے یاد
جاؤن ساتھ اسکے پر ندی رخصت
ہوا آخر نہان نظر سے مرے
چار اصحاب مصطفیٰ کا تھا
جبکہ فارغ نماز سے وہ ہوا
ہوا تسبیح مین وہین شاغل
کچھ نہ کھایا ہے اور نہ سویا ہے
جلد گھبرا کے پھر اٹھا ناگاہ
ہر زمان مانگتا ہون تیری پناہ
پہر عبرت مجھے یہی بس ہے
کیون گذرتی ہے بول یہ رات
صبح ہوتی ہے جانو یونہی مدام
تو بھی ہرگز نہووے اسکو خبر
اور نہین جانتا ہے یہ اصلا
تین چیز دن کو دوست رکھا جو
بیٹھنا اور تونگرون کے پاس

دوا سے عیسے دلون پہ ہووے چند
تب وہ فرمایا ای ہرم بن حیان
اور داؤد انبیا دیگر سے
اور اسکا خلیفہ حق کا عتیق
مین کہا تجھ پہ حق کی ہو رحمت
پھر کہا اے ہرم بن حیان
پس کہا یہ مری وصیت ہے
یک گھڑی موت سے نہ رہ غافل
بندگان خدا سے ہان گا ہے
دیکھ بعد ین ہوویگا ہشیار
پھر نہ دنیا مین تو مجھے دیکھے
تو چلا جا یہ راہ سے جولان
آہ پر جوش رونے لاگا ہے
پھر نہ اسکی مجھے ہوئی ہے خبر
بولتا ہے ربیع اکرم نے
حق کی تسبیح تب شروع کیا
پس ادا کرکے عصر کی وہ نماز
اور جب آئی اسپہ چوتھی شب
اور مناجات مین یہی کھولا لب
بولتا ہے ربیع فرخ فال
نہین سوتا تھا کوئی شب زنہار
کہا سجدے مین ایک بار صبح
اور اس سے کہے خشوع نماز
لو پوچھے کس طرح سے ہے ترا حال
کہ اُسے موت شام لگ اسی روز
اسکی گردن کی جا نورگ سے بھی
اور کئی لوگ اویس سے مذکور

جن مین شک ہووے اور نہ لیوین شد
پدر تیرا سفر کیا نہ جہان
سب یہ دار فنا سے ہین گذرے
نقل دنیا سے ہے کیا صدیق
نہین فاروق کی ابھی رحلت
مین بھی تو مرد گون سبھی ہین جان
گر بجا لاوے تو سعادت ہے
رات دن ذکر حق مین رہ شاغل
لیکن نصیحت دریغ مت کیجئے
روز محشر مین ہوگا دخل نار
اور مین بھی کبھی نہ دیکھون تجھے
مین بھی جاتا ہون اب یہ راہ سے ہان
اسکا رونا مجھے رولایا ہے
ہے کہان یا گیا وہان سے کدھر
کہ گیا مین اویس سے ملنے
ظہر تک بھی اسی مین شاغل تھا
پھر اسی شغل سے ہوا مسباز
نیند تھوڑی اُسے لگی ہے تب
یون لگا بولنے ای میرے رب
جب مین دیکھا اویس کا یہ حال
طاعت حق مین رہتا تھا بدحال
جبکہ کہتا ہون حق کی مین تسبیح
اسکو کہتے مین کہ ای صاحب راز
وہ کہا اس نمط ہے میرا حال
وہ عمل دینی ہے یا نہین سونے
آہ دوزخ قریب تر ہوگی
کہ یہان ایک شخص ہے مشہور

که یقین وه زعفرانی سی سال ، کفن اپنا گلے مین اپنے ڈال
بیٹھ کر قبر مین ہی روتا ہے ، اشک سے منہ کو اپنے دھوتا ہے
تھا پاس اسکے تم سے مجھے یکبار ، لے چلو اسکا پاؤن تا دیدار
جا کے دیکھا بہت حقیر ہے وہ ، ہوا غم سے بہت زحیر ہے وہ
دیکھ بولا ہے یون اویس اسے ، حق سے پھیرا ہے شغل قبر تجھے
گور اور کفن یہہ تجھے دریاب ، راہِ مولا سے ہو گئے ہین حجاب
اسکو اتنا اویس بولا جب ، ہو نزدیک اسکے دلمین چکا تب
فی الحقیقت وہ آپ مین پایا ، حال اُس پر خدا نے کشف کیا
ایک نعرہ کیا ہے وہ لرزان ، اور اُسی قبر مین وہ دیدی جان
شیخ عطار بولتا ہے یہان ، پردۂ راز کھولتا ہے یہان
که ہوئی جب کفن و قبر آہ حجاب ، کیا بلا ہو وے دوسرا اسباب
قطع اسباب پہلے لازم ہے ، اسکو جو راہِ حق کا عازم ہے
قطع اسباب یہہ نہو جب تک ، دل بھی فارغ نہو ویگا تب تک
دل یہہ جب غیر حق سے خالی ہو ، مظہر نور قدس عالی ہو
اور جو ہمسایگان اویس کے تھے ، نقل کرتے ہین اسطرح سُنئے
ہم نے سمجھے تھے اُسکو دیوانہ ، اُسکے خاطر بنا ہے یک خانہ
رہتا ہر روز دایما صایم ، اور ہر شب مین رہتا وہ قایم
چونتا تھا وہ تخم خرمے کے ، مول لیتا تھا نان بیچ اُسے
گروہ سارے کھجور ہی پاتا ، بیچ دیتا تھا صدقہ بہر خدا
چندیان گھوڑ پر جو آوین نظر ، خوب دھوتا تھا انکو وہ لاکر
گودڑی اسکی لبن وہ سیتا تھا ، اسکو غیبت سے چھین لیتا تھا
جاتا باہر نماز ظہر لئے ، اور آتا تھا گھر عشا پڑھ کے
رہ مین اسکو جو دیکھتے لڑکے ، مارا کرتے تھے اسکو پتھرون سے
بولتا تھا اویس تب ان کو ، چھوٹے پتھرون سے مارو ای لڑکو
اور نہ مارو بڑے پتھر سے مجھے ، مار وان خون ہونا وضو توٹے
که مجھے غم نماز کا ہے یقین ، دست و پا ٹوٹنے کی فکر نہین
آخر عمر مین وہ پاک شعار ، ہوکے ہمراہ حیدر کرار
جا کے صفین مین جنگ کرتا تھا ، جان کو اپنے جنگ کرتا تھا
آخر اس جنگ مین ہوا ہی شہید ، قدس اللہ سرہ ہو جاوید
شیخ عطار قدوۂ خیار ، تذکرے مین لکھا ہی ای ہشیار
قوم ہے یک ز اولیاے کرام ، مشتہر انکا ہے اویسی نام
پیر کی انکو کچھ نہ حاجت ہے ، تربیت انکی بے وساطت ہے
تربیت جو اویس کی بالخیر ، ہوئی ظاہر مین بے وساطت غیر
که بظاہر اگرچہ وہ اکرم ، نہین دیکھا رسول حق کے قدم
لیک باطن کی راہ سے ہر آن ، اسکو حاصل نبی سے تھا فیضان
کہ نبوت بہی اسکو حضرت کی ، پرورش فضل حق سے کرتی تھی
یہہ مقام عظیم ہی جانو ، اور یہہ فضل فخیم ہے جانو
کسکو یہہ رتبۂ بلند ملے ، کسکو یہہ شان ارجمند ملے
که یہ افضل یہہ خدا کا ہے ، جسکو چہتا ہے اسکو دیتا ہے
جو بلا شیخ پاوے یون فیضان ، انکو ہی کہتے ہین اویسی جان

ذکر افضل التابعین حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مہر اوجِ شریعتِ نبوی ، موجِ بحرِ طریقتِ نبوی
تابعِ سنتِ رسول اللہ ، حاملِ ملتِ رسول اللہ
معدنِ علم و حلم و ورع و تقا ، مخزن حال و قال صدق و صفا
افضل التابعین حسن بصری ، اکمل العارفین حسن بصری
صاحب علم اور معاملہ تھا ، اور بہت اسکو خوف تھا حق کا
نقل ہے جب ہوا ہی پیدا ، تبھی فاروق کے جناب مین لا
اسکو تبلا کے التماس کئے ، نام اس طفل کا تو اب رکھیئے
نام بولا حسن رکھو اسکا ، که اسنے حسن شکل دی ہے خدا
والدہ اسکی عابدہ تھی بڑی ، اور عفیفہ و صالحہ تھی بڑی
تھی موالی سے ام سلمہ کے ، خادمون سے وہ گنج حکمہ کے
ام سلمہ تھی بی بی حضرت کی ، والدہ تھی تمام اُمت کی
ماں حسن کی تھی جو تھی کام مین جب ، رو دیا کرتا تھا جب ہی وہ تب

ام سلمہ تب اسکو گود مین لے ٭ دودھ دیتی اسے شفقت سے
شیر اقدس حسن وہ پیتا تہا ٭ جلد رونا بھی چھوڑ دیتا تھا
ہوئے ظاہر حسن سے بے تاخیر ٭ تھی وہی شیر پاک کی تاثیر
حسن تقریب سے خدائے کریم ٭ کی ہے اسکو عطا بفضل عمیم
تھا دھرا گھر مین ام سلمہ کے ٭ جا کے پانی پیا حسن اس سے
تب کئے عرض ای رسول زمن ٭ آج پانی پیا ہے اس سے حسن
جانیو علم اسقدر میرا ٭ اسکو مولا کرم سے بخشیگا
خوش نصیبی یہہ بس حسن کی تھی ٭ گود مین مصطفے کے اسکو دی
نعمتین بس حسن جو پایا ہے ٭ یمن وہ سب اسی دعا کا ہے
[illegible] شفقت [illegible] بفضل خدا ٭ تب وہ بی بی کو دودھ آیا تہا
[illegible] حق دیا ہی اسے ٭ مقتدا خلق کا کیا ہے اسے
[illegible] ستر تھے بدریان فاخر ٭ غزوہ بدر مین جو تھے حاضر
[illegible]مت اطہر سے اسکے خرقہ لیا ٭ اسکی خدمت سے استفادہ کیا
تھا جواہر فروش وہ پہلے ٭ حسن لولوی تھے کہتے اسے
یون حسن سے کہا وزیر نے تب ٭ ہم نے جاتے ہین ایک جا پر اب
واسطے اسکے اسپ یک لائے ٭ ایک صحرا مین ہلکے سب آئے
ریشمی ہین اسے طنابے لگے ٭ اور میخین لگے ہین سونے کے
اور کچھ بولتے ہین جاتے ہین ٭ آہ کرتے ہین درد کہاتے ہین
چار سو فیلسوف پھر آکر ٭ وہ بھی ایسا ہی کر گئے یکسر
او طبق پر زر و جواہر کے ٭ اپنے ہاتھون مین سب جو لائے تھے
[illegible] وزیر اور قیصر قاصر ٭ جا کے خیمے مین اسے ہین باہر
[illegible] قیصر کا ایک بیٹا تھا ٭ تھا جوان صاحب جمال ترا
[illegible]شق تھا اس سے باپ کو بسیار ٭ ناگہان ہو گیا ہے وہ بیمار
آخر الامر مرگیا ہے وہ ٭ سب کو غمگین کر گیا ہے وہ
سب نصارا یہہ سال مین یکبار ٭ آتے ہین اسکی گور پر ای یار
دفع ہوتی اگر لڑائی سے ٭ جان ہم سب فدا کئے ہوتے
[illegible]رتے ہم عقل کا بڑا سامان ٭ ہے یہہ میدان مین عقل بھی حیران

گرچہ خاتون کو تب نہین تھا دودھ ٭ لیک آتے تھے چند قطرے دودھ
جو ہزارون فیوض اور برکات ٭ اور ہزارون کرامت و خیرات
اور تبرکی ایک نعمت والا ٭ جو نعیم جنان سے ہے اعلا
یعنے حضرت کا ایک کوزہ آب ٭ جسمین فضلہ تھا اسکا فیض نصاب
کیا دریافت سرور والا ٭ کہ یہہ کوزے سے کون پانی پیا
سرور انبیا نے فرمایا ٭ پانی وہ جس قدر ہے اس سے پیا
کہتے ہین ایک دن رسول خدا ٭ ام سلمہ کے گھر طرف آیا
غایت لطف سے شہ والا ٭ حق مین اسکے دعائے خیر کیا
کہتے ہین بی بی ام سلمہ ہی ٭ پرورش اسکو خود ہی کرتی تھی
اور کہتی تھی بارہا اے خدا ٭ کر اسے مقتدا تو عالم کا
تھے صحابہ نبی کے یکسو تیس ۱۳۰ ٭ کہ ملا ان سے سب وہ پر تقدیس
ہین ارادت کی نسبت اسکی عیان ٭ ہے یقین مرتضی علی سے جان
خلق سے وہ جو انقطاع کیا ٭ بوجہہ لکھتے ہین یہہ سبب اسکا
جبکہ بصرے سے روم کو وہ گیا ٭ اور وہان کے ملا وزیر سے جا
تو بھی آتا ہے کیا ہمارے ساتھ ٭ کہا آتا ہون ہان تمھارے ساتھ
دیکھا جنگل مین وہ حسن ہے کھڑا ٭ ایک دیبائے روم کا ڈیرا
اور سپاہون نے باندھکر ہتھیار ٭ گرد خیمہ کے پھرتے ہین بسیار
آئی پھر یک گروہ بوڈہون کی ٭ وہ بھی ایسا ہی کرکے لوٹ گئی
پھر کنیزین قریب دو سو کے ٭ آئین مہرو کمال زینت سے
گرد خیمہ کے یونہی پھرتے بھی ٭ اور کچھ بول کر گئے ہین سبھی
بولتا ہے حسن مین جب دیکھا ٭ ہوا حیران وزیر سے پوچھا
اور انواع کے علوم و ہنر ٭ جانتا تھا شجیع تھا اشہر
جو اطبا یہان کے حاذق تھے ٭ ہوئے عاجز علاج سے اسکے
لا کے خیمے مین اسکو دفن کئے ٭ شہریان سارے زار زار ہوے
بولتے ہین سپاہ ای شہزادے ٭ آہ حالت یہہ ہو دیکھی جو تجھے
کہتے ہین فیلسوف بعد سبھی ٭ عقل گر کام گر یہان ہوتی
بعد بوڈہون نے بولتے ہین آ ٭ گر سفارش مفید ہوتی بجا

ہم سفارش سبھی کیے ہوتے — نفع کیا یہ یہاں سفارش سے
پھر کنیزیں یہ کہتے ہیں کمال — کام آتا اگر یہ مال و جمال
تو یہ مال و جمال ہم اپنا — کرتے تیرے لیے ہی دل سے فدا
پر یہ مال و جمال کی ایجان — کچھ نہیں قدر پیش مالک جان
بعد جینے میں آنکر قیصر — بولتا ہے اسی ای جان پدر
لشکر و فیلسوف او ضعفا — اور طبیب و کنیز ماہ لقا
میں نے لایا اگر یہ آتے کام — کام آتے یقین تیرے تمام
باپ تیرا بھی اور جہان سب — ہینگے عاجز یہ پیش قدر رب
ای پسر اب سلام ہو تجھ پر — بول اسطرح جاتے ہیں یکسر
کہتے ہیں جب حسن سنا یہ بات — یاد کی اپنی موت اور سکرات
دل سے از بسکہ خوف کھایا ہی — جلد بصرے کو لوٹ آیا ہے
اور رکھایا قسم کیا اقرار — کہ نہ دنیا میں میں ہنسوں زنہار
اور شاغل ہوا عبادت میں — ذکر میں فکر میں ریاضت میں
ایسا عابد ہوا وہ نیک سیر — کہ نہیں تھا اسکا عصر میں ہمسر
نقل ہے وہ امام نیک شعار — وعظ ہفتے میں بولتا یکبار
رابعہ گر نہ رہتی در محفل — جانتا بزم قالب بے دل
فیض کے لب نہ کھولتا تھا وہ — وعظ ہرگز نہ بولتا تھا وہ
لوگ کہتے کہ اب کئی ہجوم — اتنے اہل کمال و اہل علوم
یک بڈھی گر نہ آوے کیا پروا — کیوں نہ کہتا ہے وعظ کچھ فرما
کہتا پیلوں کے واسطے لوگو — ہم نے شربت بنائے ہینگے جو
سر بسر چیونٹیوں کے سینے میں — کہو شربت وہ کسطرح بیٹھیں
اور سخن میں وہ گرم ہوتا جب — اسطرح رابعہ سے کہتا تب
کہ یہ گرمی سخن کی ای بی بی — گرمی دل سے ہے تیرے ہی سبھی
اس سے پوچھے کہ خلق جو وافر — ہوتے ہیں تیرے وعظ میں حاضر
کیا تو ہوتا ہے اس سے کہہ دل شاد — کیا اسطرح انکو تب ارشاد
کہ اگر ہووے خلق کی کثرت — اس سے حاصل نہیں مجھے فرحت
بلکہ گر گا ہے کوئی یک درویش — آوے مجلس میں سوختہ دل ریش
اسکے آئینے مجھکو فرحت ہے — فرحت و انبساط و بہجت ہے

روایت

ہے روایت کہ حیدر کرار — شہر بصرے کو آیا تھا یکبار
اور وہاں تین دن اقامت کی — شہر بصرہ کو زیب و زینت دی
واعظوں کے تھیں منبریں اکثر — اور واعظ تھے شہر میں اکثر
اسکے سب منبروں کو تڑوایا — اور سب واعظوں کو منع کیا
جب کیا مجلس حسن میں نزول — تھا حسن وعظ ہی میں تب مشغول
اس سے پوچھا وہ حاکم سالم — کیا تو عالم ہے یا ہے متعلم
اس سے بولا حسن کہ یہ خادم — نہ تو عالم ہے اور نہ متعلم
ہاں رسول کریم سے جو بات — مجھ کو پہنچی صحیح نقل کے سات
وہی لوگوں کو میں سناتا ہوں — اور اسکے طرف بلاتا ہوں
مرتضی نے اسے نہ منع کیا — اور ایسا کرم سے فرمایا
کہ یقین یہ جوان صادق ہے — بس یہی واعظی کے لایق ہے
اسد اللہ اس طرح فرما — کہتے ہیں جب وہاں سے آگے چلا
منبر وعظ سے وہ اترا ہی — اور پیچھے علی کے دوڑا ہے
اور کیا عرض اے شہ والا — حسب سنت مجھے وضو سکھلا
طشت یک تب وہاں منگایا وہ — اور حسن کو وضو سکھایا وہ

تنبیہ

منبریں وعظ کے جو تڑوایا — واعظوں کو جو منع فرمایا
سنیو لکھتا ہوں اب یہ اسکا سبب — کہ ترا واعظی کا ہے منصب
ہر کسی کو وہ ساز وار نہیں — وہ تو ہر بوالہوس کا کار نہیں
کئی شرطوں کے ساتھ ہی مشروط — کئی شرطوں کے ساتھ ہے مربوط
پہلے نیت تو اسکی خالص ہو — وعظ گو چاہیے کہ مخلص ہو
کہ کہے وعظ وہ برائے خدا — ہو سدا طالب رضائے خدا
اسکو اصلاح خلق ہو منظور — جانے عالم کی خیر خواہی ضرور
بھائیوں کو کرے نصیحت جب — اولا اسپہ آپ عامل ہو
اور سب اپنے تابعوں کو فرور — کرے ویسے امور پر مامور

افضل ہے حکم شرع پیغمبر
پس وہی حکم انکو سنواتا
گر خلاف اسکے کوئی ایک کرے
گر کوئی تم مین کرے بے انصاف
یہہ بھی واعظ کو ہے ضرور یقین
آپ مین کام وہ اگر رہتا
اور آگے ہی اس نصیحت کے
اور زشرح حدیث اور تفسیر
عبرت انگیز قصے اور امثال
اور حدیثین بشرح اور اسناد
انبیا اولیا کا جانے سیر
انکی طاعت و بندگی کا بیان
حسن ترتیب حسن تبیان کی
ایسے واعظ سے وہ اجازت لے
کہے میر و فقیر کو یکسان
کہین اپنی بڑائی کا خطرہ
اپنے علم و کمال کا اظہار
اور واعظ بھی بردبار رہے
اور اکثر نہ کوچہ گردی کرے
اور خبردار ہے ضرور وقار
اور واعظ بڑا خلیق رہے

کرتا تھا جب عمر کسی کے اوپر
اور اس طرح انکو فرماتا
مین سزا انکو دیونگا سنئے
لگا ہے اس حکم کا کرنگا خلاف
کہ نصیحت کرے وہ جسکے تئین
کس طرح اسکا بولنا چہتا
حق مین اسکے دعاے خیر کرے
رہے البتہ اچھے طرح خبیر
جو کہ لایا ہے قادر متعال
پڑھے جو ہین ضرور از استاد
رکھے اخبار بندگون سے خبر
انکے تقوے کا خوف کا تبیان
سیکھے صحبت سے واعظون کے بھی
وعظ کہنے کی اس سے رخصت لے
اور صغیر و کبیر کو یکسان
عزت و خود نمائی کا خطرہ
کبھو ہرگز نہ چاہیئے وہ نہار
صاحب حرمت و وقار رہے
اور نہ ذلت کی رہ نوردی کرے
ہر نہووے تکبر و پندار
مومنون پر سدا شفیق رہے

آتی ہی جلد تر وہ اپنے گھر
آج یہہ حکم دین کیا ہون مین
دیکھو اب تم بھی ہوشیار رہو
لوگ کو جو کہ مین سزا دونگا
آپ کو اسکے جاے پر سمجھے
ویسا اسکو ملامت سے کہے
اور واعظ جو ہو شریعت کا
سورے اور آیتون کا وجہ نزول
اور جانے حدیث کا مورد
آئے ہین جو حدیث در ترغیب
آل و اصحاب مصطفے کا حال
جانے اور نقش لوح جان کرے
اور جب ہو صحیح اجازت ہو
اور للہ وعظ و پند کرے
نہو ہرگز ریا کو دخل یہان
صفحہ دل مین نا خطور کرے
ایسا بد خطرہ آوے گر نا گہ
کس و ناکس کے ساتھ ہو یکرنگ
سفلگی کا شعار نا لیوے
فرق کبر و وقار مین کیجو
حق نے قرآن مین کہا در باب

زن و اولاد کو فراہم کر
اسکو لوگون نے سب لیا تہون مین
اور اسکی مخالفت سے تر رہو
دونگا دو چند اسکے تم کو سزا
آپ کی جاے پر اسے بوجھے
نرمی و حسن موعظت سے کہے
ہووے عالم کتاب و سنت کا
جانے جو ہے حدیث سے منقول
کرے استاد سے بشرح سند
اور اخبار آئے در ترہیب
اور اس امت کے اتقیا کا حال
وجہ مرغوب سے بیان کرے
تا صحابہ جسے نہایت ہو
طمع مین جان و دل نہ بند کرے
کہ ریا ہے پلید شرک نہان
ایسے خطرون کو دل سے دور کرے
ورے حق سے وہین کرے توبہ
کھیل بازی کا نا کرو تے رنگ
عزت و اعتبار نا کھووے
کبر کی ایک ذری تو بھی نہو
سرور انبیا سے کرکے خطاب

فبما رحمة من الله لنت لهم ولو كنت فظا غليظ القلب لانفضوا من حولك

کبھو ہرگز نہ زشت گوئی کرے
نہ کشیدہ رہے مسلمان سے
وعظ ہے یک علاج روحانی
کام یہہ مین طبیب نادان کا
مرض جو جسمین جس گنہ کا ہے

نہ کسی سے بھی تند خوئی کرے
رہے خوشحال اہل ایمان سے
پہلے لازم ہے ہان مرض دانی
بلکہ ایسے سے ہے خطر جان کا
واعظ اسکو سمجھ علاج کرے

رہے سب سے کشادہ پیشانی
اور مدبر رہے حلیم رہے
مرض ہیجان کے دوا دینا
کچھ دوا اور سمجھ ہو بیماری
جسکو جیون چاہیئے وہ سمجھاوے

ہے یہی اقتضاے ایمانی
عقل و تدبیر مین حکیم رہے
کام ہیگا طبیب حاذق کا
ویسے بیمار کی ہو کیا خواری
بس رہ رہت اسکو بتلاوے

لوگ جب تک نہ خوب مائل ہوں
وعظ اور پند میں شاغل ہوں

۱۱ اور جس جا میں ایک واعظ ہو
صاحب حکمت و مواعظ ہو

محفل آرائی آپ بھی نکرے
بلکہ جا اُس سے آپ وعظ سنے

واسطۂ غیر سے ترش ہونا
اپنے ہی واسطے سے خوش ہونا

۱۲ اور الفاظ نا مسجع ہو
اور فقرات نا مرصع ہو

صاف لفظوں سے سب کی ہو تفہیم
کرے اس سے ہی سبکو وہ تعلیم

گر نیاید بگوش رغبت کس
بر رسولاں بلاغ باشد و بس

قرن خامس کا مقتدا و امام
ہے لقب جسکا حجۃ الاسلام

اپنی کیمیا و احیا میں
خوب لایا ہے بسط سے دیکھیں

بس وے بصرے کے واعظونکو علی
کر دیا منع جو بوجہ جلی

یا کہ محرور یا تھی اُن میں نمود
یا کوئی شرط انمیں تھی مفقود

شاہ مرداں اگر نظر کرتا
منع انکو نہ کس قدر کرتا

وعظ کے جو شروط ہیں بسیار
ہونا ہر شخص سے ہی بس دشوار

نقل ہے خواجہ حسن بصری
جسکو تو عبط میں تھی ناموری

تا شرایط ہیں واعظی کے جو
سر بسر وے تمام حاصل ہو

مومنوں میں نے مدت دس سال
کی مشقت بڑی بوجہ کمال

نہیں حاصل ہوئے ہیں سب آخر
انکی تحصیل میں ہوں میں قاصر

تم سے پنہاں ہیں جو تمہارے عیوب
اب سناتا ہوں میں وے تم کو خوب

شیخ بصری کا جب ہے ایسا حال
پوچھیے کیا مرا ترا احوال

پر نہ جب ہووے ناصح دیگر
اور خرابی خلق کا ہو خطر

بس خدا و رسول کے احکام
کہنا لازم ہے مومنوں کو تمام

انکو دوزخ سے تب ڈرانا ہے
مژدہ جنت کا بھی سنانا ہے

انعقاد محافل تذکیر
دعوت خاص و عام کی تدبیر

ای برادر یہ بات ہی دوسری
اور ہے دوسری نصیحت شخصی

ہاں امید قبول ہووے جب
کلمہ خیر بول بھائی سے تب

جیسے کوئی کرے گناہ ظاہر
یا ہے صوم و صلوٰۃ سے قاصر

دیکھو آئی ہے یہ صحیح خبر

۱۳ اور امید قبول نا ہو جہاں
کرے ہرگز نہ وعظ گوئی وہاں

اور لوگوں میں کچھ ہی تشہیر
لوگ پاتے ہیں اُس سے نفع کثیر

واں مطلب کی حب حصول ہے
پھر نہیں حاجت فضولی ہے

ہے منافی خلوص کے یہ کام
زشت ہی ایسے کام کا انجام

نہ تکلف کرے کلام میں وہ
بلکہ ساعی ہو اصل کام میں وہ

بس خدا و رسول کے احکام
کرے ابلاغ مومنوں کو تمام

اور بھی ہیں شرایط و آداب
وعظ و ارشاد و پند کے در باب

شیخ والا امام غزالی
قدس اللہ سرہ العالی

میں جو لکھا ہوں یہ بھی کافی ہے
طالب حق کو یہ بھی وافی ہے

شاید ایسے موانعات ای یار
مثل جاہ و تکبر و پندار

اس زمانے کے خود نمایوں کو
بے عمل اور بے وفایوں کو

اس زمانے کا جب ہے ویسا حال
اس زمانے کا ہووے کیسا مال

جو ہوئیں اس کتاب میں مذکور
اسقدر تو ہے واعظوں کو ضرور

دس برس تک بڑی مشقت کی
رات اور دن بہت سی محنت کی

آکے منبر پہ بس ہوا ہے سوار
اور یوں بولنے لگا ہی پکار

تا شرایط جو واعظی کے ہیں
کروں حاصل تمام وہ سب میں

فضل حق سے میں جانتا ہوں جو
اب سناتا ہوں تم کو سب سنیو

پاویں گر تم بھی کچھ مرے میں عیب
تم بھی مجھکو سنائیو بے ریب

ایسے رتبے کے ہم نہیں شایاں
ہم کہاں یہ بلند رتبہ کہاں

نیک نیت سے تب تو نامقدور
بہ لحاظ شرایط مذکور

امر معروف و نہی منکر سے
انکی للہ خیر خواہی کرے

ای برادر برادروں سے تو
تب نصیحت نرکھ دریغ کبھو

اور دوسرے لوازم تو عیظ
اور نکات و معالم تو عیظ

کر نظر اسکے تو شرایط پر
مطلقاً پند شخصی ترک نکر

نیت خیر سے ہی لیکن بول
نرمی و عاجزی سے ہی منہ کھول

ہر مسلماں کو تب بہت ہے ضرور
کہ کرے پند میں اسکے قصور

کہ کہا ہے خدا کا پیغمبر

مَنْ رَاٰی مِنْکُمْ مُنْکَرًا فَلْیُغَیِّرْ بِیَدِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِہٖ وَذٰلِکَ اَضْعَفُ الْاِیْمَانْ

ترجمہ — اور قرآن مین کہا ہی رب — اب اس آیت کا سوجھیے مطلب — ترجمہ

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُھُمْ اَوْلِیَاءُ بَعْضٍ یَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ

ترجمہ — **حکایت** — ترجمہ

لکھا احیا مین اپنے غزالی — روح اللہ روحہ العالی

عصر مامون مین ایک شخص سدا — خلق پر احتساب کرتا تھا
اور وہ مامون سے نہ تھا مامور — کہ کرے احتساب وہ بفرمود

جبکہ مامون سے یہ کئے ظاہر — بولا اب اسکو لاکر و حاضر
جلد حاضر اُسے کئے لاکر — مامون بیٹھا ہوا تھا کرسی پر

ہاتھہ مین اُسکے یک کتاب جو تھی — ناگہان ہاتھہ سے زمین پر گری
بیخبر تھا وہ اُسکے گرنے سے — پوچھا مامون دیکھتے ہی اُسے

ای فلان اب ہمارے بے فرمان — کیون تو کرتا ہی احتساب عیان
وہ نہ اسبات کا جواب دیا — بلکہ مامون کو اسطرح بولا

کہ اُٹھا دیر اب نکر اصلا — ورنہ کہہ مجھہ کو تا وہ دیون اُٹھا
اُسکو دو تین بار یون ہی کہا — لیک مامون کچھہ نہین سمجھا

کہا آخر کہ آہ نام خدا — ہے ترے زیر پا تو جلد اُٹھا
سنکے مامون خجل ہوا بسیار — پھر اسی بات کی کیا تکرار

کہ ہمارے بغیر حکم بجا — کیون تو کرتا ہے احتساب بھلا
ہم جو ہین اہل بیت یہہ منصب — کیا تو تفویض ہے ہمارے رب

ترجمہ — دیکھہ فرما دیا ہی قرآن مین — حکم اسکا ہمارے ہی شان مین — ترجمہ

اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّکَّنّٰھُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتَوُا الزَّکٰوۃَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھَوْا عَنِ الْمُنْکَرِ

محتسب نے کہا کہ راست کہا — کہ یہہ منصب تجھے دیا ہی خدا
لیک قرآن مین ہے دوسری جا — حق تعالی نے حکم فرمایا

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُھُمْ اَوْلِیَاءُ بَعْضٍ یَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ

ترجمہ — اور یونہی خدا کے پیغمبر — دیکھہ فرماے ہین صحیح یہہ خبر — ترجمہ

جب یہہ فرمان رب عزت ہی — اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ کَالْبُنْیَانِ یَشُدُّ بَعْضُہٗ بَعْضًا — اور اُسکے نبی کی سنت ہی

گر تو فرمان پذیر ہے حق کا — اور اُسکے رسول مطلق کا
شکر کیجے یہہ کام مین بجا — بسکہ کرتا ہون مین نے تیری مدد

اور تکبر اگر تو کرتا ہے — درد دین کا اگر نہ دہرتا ہے
تو ترا کام ہے خدا کے ہات — جانتا ہے تو خوب تر یہہ بات

یہہ سخن اسکو جب کہ خوش آیا — وہین مامون اُسکو فرمایا
کہ ہے یہہ کام سازوار تجھے — خلق پر احتساب اب کیجے

نقل ہے ایک بار ای بھائی — شہر بصرے مین خشک سالی ہوی
شخص دو لاکہہ ساکن بصری — شہر سے نکلے بہر استسقا

ایک میدان مین لا رکھے منبر — اور حسن کو چڑھا دئیے اوپر
تا کرے درگہہ خدا مین دعا — اُنسے رو رو کے یون حسن بولا

مینہہ گر چاہتے ہو ای مردم — مجھہ کو بصرے سے اب نکالو تم
میری شامت سے ہی سنو یہہ بات — نہین برسنا ہے اب یہان برسات

اسقدر خوف اُسپہ غالب تھا — کہ وہ بیٹھا تو یون نظر آتا
پیش جلاد گویا بیٹھا ہے — اُسپہ جلاد تیغ کھینچا ہے

ترجمہ — خوف ایسا تھا اُسکو صبح و مسا — کوئی خندان اُسے نہین دیکھا — ترجمہ

نقل ہے ایک دن وہ نیک سیر — اٰخِرُ مَنْ یَّخْرُجُ مِنَ النَّارِ یُقَوْلُ لَہٗ ھَنَّادُ — لایا اپنی زبان پر یہہ خبر

یعنے یک شخص ہووےگا ایسا — سب کے آخر سقر سے نکلیگا
اُسکو ھناد بولتے ہین بجا — پس حسن غم سے یون ہی کہنے لگا

کاش ہوتا حسن وہی نہاد
ہوتا آخر نجات سے دل شاد
ایک شب اپنے گھر وہ روتا تھا
پوچھے کیا وجہ ہے یہہ رونے کا
کہا بے علم و قصد میرے سے
کام کوئی ہوا ہو گر گا ہے
یا کسی جا پہ بر رکہا ہو قدم
بخلاف رضائے حق کوئی قدم
مجھکو بولینگے روز حشر کہین
درگہہ حق مین تجھکو راہ نہین
کوئی طاعت تری قبول نہین
اس ہی خدشہ مین ہین ان انکھین
بام پر صومعے کے وہ یکبار
آہ اتنا کیا تھا گریہ و زار
چشم سے آب اسکے گر سیلان
تھا پنالے سے اس مکان کے رواں
راہ سے ایک شخص نے گذرا
اس بنالے سے آب اسپہ گرا
اسنے پوچھا ہے تب حسن سے وہین
بول پانی یہہ پاک ہے کہ نہین
اسکو بولا حسن نے باتپ و تاب
آہ عاصی کے چشم کا ہی یہہ آب
آہ کیون کر ہو پاک ایسا آب
اپنے کپڑے کو جاکے دہو تو شتاب
نقل ہے ایک دن ای اہل صفا
ایک جنازے کے ساتھ اسنے گیا
دفن مردے کو جب کئے ای یار
رونے لاگا حسن نے زار و زار
کہتے ہین اسقدر وہ رویا ہے
خاک اس قبر کی بہگویا ہے
پس یہہ کہنے لگا ہی ای لوگو
ہو و ہوشیار اب ذرا سوچو
ہے یہی گور آخر دنیا
ہے یہی گور اول عقبیٰ
کیون یہہ تم دنیا کے دون پہ ہو نازان
جسکا آخر یہہ گور ہے نادان
کیون نہ ڈرتے ہو آخرش کہو
گور یہہ جسکی پہلی منزل ہو
نہین پوشیدہ بلکہ ہے ظاہر
یہہ تمہارا ہے اول و آخر
غافلو اپنا اول و آخر
تم سنوارو باطن و ظاہر
جب سنے اس کلام کو حضا
روئے ہین زار زار چھوڑ قرار
نقل ہے کودکی مین ہی ناگاہ
کہین اس سے ہوا تھا ایک گناہ
پیرہن جب نیا وہ سلواتا
وہ گنہ آہ اسپہ لکھتا تھا
دیکھ روتا تھا اسکو یون پرجوش
ہوتا اس جوش درد سے بیہوش
ابن عبد العزیز نیک سیر
نام وہ مشتہر ہے جسکا عمر
ہوئے عباسیہ خلیفے جو
انمین تھا پانچوان خلیفہ تو
اسنے لکھا حسن کو ای رہبر
کہ مجھے ایک اب نصیحت کر
تا رکہون یاد مین وہ پند مدام
اور اسکو کرون مین اپنا امام
تب حسن اسکو یہہ جواب لکھا
موجز و مختصر شتاب لکھا
کہ خدا جب تعین ہے تیرے ساتھ
پھر تو رکہتا ہے کس سے تو رفاقت
گر نہو تیرے ساتھ حق جاوید
پھر تو رکہتا ہے بول کس سے امید

ہے روایت سعید ابن جبیر

روایت

پند مین بولتا تھا یون بالخیر

کہ نکر تین کام تو اصلا
اسنے یہہ کام ہے سمجھ پہلا
مت سلاطین کے پاس جا کا ہے
گرچہ ہو وین وے بس شفیق تیرے
دوسرا کوئی زن کے ساتھ کبھو
کوئی خلوت مین جاکے بیٹھ نہ تو
گرچہ وہ رابعہ کی رکھتے شان
اور پڑہاتا ہو اسکو تو قرآن
تیسرا مزار تو نہ سن کوئی آن
گرچہ رکھے تو درجۂ مردان
کہ وہ خالی نہین ہے آفت سے
نہ بچے اسکے تو جراحت سے
نقل کرتا ہے مالک دینار
کہ مین پوچھا حسن سے جا یکبار
کیا عقوبت ہی بول عالم کی
بولا دل کا ہی مرنا ای بھائی
پوچھا مین دل کی موت وہ کیا ہی
اسنے بولا کہ حب دنیا ہی

ایک آتش پرست شمعون نام

حکایت

تھا وہ ہمسایۂ حسن ای ہمام

سخت بیمار جبکہ اسنے ہوا
اسکے پرسش کے واسطے وہ گیا
اسکو کہنے لگا حسن ای یار
خواب غفلت سے اب تو ہو بیدار
آہ آتش کے پوجنے مین ہی
عمر ضایع کیا ہے تو اپنی
اب تو ڈر حق سے تا ہو نیک انجام
ہو مشرف ز دولت اسلام
تا خدا کی ترے پہ رحمت ہو
حشر مین تجھسے رفع کربت ہو
وہ کہا تین چیز سے ای امام
باز مجھکو رکھے مین از اسلام
یعنی کرتے ہو پہلے تم نے بھی
بس عبادت مدام دنیا کی
پھر اسیکی طلب مین تم دن رات
صرف کرتے ہو اپنے سب اوقات

دوسرا تھی جلتے ہو مرنے کو
آج اُسکے خلاف مرضیات
مومنین کام گر کرین ایسے
اور تو آتش کے پوجنے مین ہی
اور نہ آتش پرستی مین نے کیا
اب ترا ہاتھہ اور ہاتھہ مرا
دیکھہ شمعون ہوگیا حیران
اب مین باقی یہہ چند نفس اخیر
کہا ایک نامہ گر تو لکھہ دیوے
بولا شمعون کہ جتنے بصرے مین
آہ شمعون بہت ہوا گریان
دفن کے وقت پر یہہ خط نجات
پس یہہ دنیا سے نقل کی وہ جب
اور اُس شب مین وہ نہ خواب کیا
آہ کسطرح حق مین دوسرے کے
تیری رحمت سے ای غفور رحیم
آخر شب مین اپنے خواب اندر
غایت شادمان و خندان ہے
کہا اللہ نے بفضل عمیم
اور جو جو مجھے دیا احسان
جب حسن اپنے خواب سے جاگا
کام تیرے نہین ہین علت سے
اگر ہفتاد سال کو ایسا
اسکو محروم تو کرے گا کب
کہا ایک دن تھا مین پہاڑی بیچ
اسکو ہوے ہین قریب پنجاہ سال
دھوپ کالا ہو یا ہو ٹھنڈ کالا

کچھ نہ تیاری کی کرسکا جو
کام کرتے ہو تم لیے سب ہیہات
آہ پھر کام تو کرے کیسے
آہ برباد عمر کی اپنی
دونو کو بھی جلا سکے بے خدا
رکھہ کے آتش مین دیکھیو آہ
اور یون بولنے لگا ترسان
ای حسن بول کیا کرون تدبیر
کہ خدا نا عذاب دیوے مجھے
ہین بزرگان گواہی اُسپہ لکھین
اور لایا ہے صدق سے ایمان
میرے مرقد مین بھیجیو یہہ بات
بتر ہے اسیر نماز خلق کثیر
اور بہت درد و اضطراب کیا
ایک ذرہ بھی ہووے دخل نہ مجھے
مجھہ کو امید ہے بوجہ صمیم
دیکھا شمعون کو ایسی حالت پر
باغ جنات مین خرامان ہے
کیا داخل مجھے بدار النعیم
وصف مین اسکے بے زبانی ہے زبان
نامہ وہ اپنے ہاتھہ مین دیکھا
بلکہ ہین محض فضل و رحمت سے
ایک کلمہ سے اپنا قرب دیا
ارحم الراحمین ہے تو یا رب
تب یہہ آواز مین سنا خوشتر
مین ترے گھر مین مہمان ہین اول
آفتین اسکے مین سبھی ہون جدا

تیسری دیدار حق تعالی کی
اُسکو بولا حسن یہہ سنکے بیان
لیک وہ جانتے ہین اسکو بیک
آگ کے پوجنے مین ہی بجبال
لیک مولا اگر مرا چاہے
بول ایسا رکھا وہ اپنا ہاتھہ
عمر ہفتاد سال آہ مری
اُسکو بولا حسن مسلمان ہو
تو مین لاتا ہون جلد ایمان اب
سب بزرگون نے تب گواہی لکھی
کی وصیت حسن کو وہ محزون
تا مجھے حق کے پاس حجت ہو
اور وصیت حسن بجا لایا
بولتا تھا کہ میرے نفس کا جب
آہ کیسا کیا یہہ مین نے کام
کہتے ہین دیر تک وہ صاحب دل
تاج یک اپنے سر پہ رکھا ہے
اُسکو پوچھا حسن نے دیکھہ کے تب
اپنی دیدار کی بھی دولت سے
اب تو فارغ ہوا ضمانت سے
تو ہین کہنے لگا خداوندا
تیرے در پر جو سر جھکایا ہے
جو ہے ہفتاد سال کا مومن
لوگ یکبار اُس سے یون پوچھے
ایک عورت نے اپنے مرد کے ساتھہ
بات سے کوئی خبر گھر مین پایا ہے
اور زیادہ ترے سے مین مانگی

تم نے امید رکھتے ہوگے قوی
آشنایون کے ہین یقین یہہ نشان
پاک ہین کفر و شرک سے بیشک
عمر تیری جو گذری ستر سال
نار سوزان سے تا جلاوے مجھے
نہین آتش کی اُسکو پہنچی گھات
پوجنے مین جو آگ کے گذری
چھوڑ دے کفر اہل ایمان ہو
لکھہ دیا نامہ نجات وہ تب
دیا لیکر حسن وہ نامہ اُسے
کہ مین دنیا سے جب وفات کرون
حق تعالی کی مجھہ پہ رحمت ہو
کر اُسے دفن اپنے گھر آیا
آہ مالک نہین ہو مین یا رب
کہا ہوا اس کام کا مرے انجام
تھا نماز و دعا مین ہی شاغل
اور ایک حلہ بر مین پہنا ہے
بول کیسا ہی حال تیرا اب
مجھہ کو بخشا شرف وہ عزت سے
یہہ ضمانت کا اپنے خط لیجے
تو کریم و رحیم ہے یکتا
کچھ نقصان نہین وہ پایا ہے
مبتلا ہے گناہ مین لاکن
کیا ترا وقت خوش ہوا کہ ہے
گھر مین کہتی تھی اپنے درد کے ساتھہ
صبر اسپر کئی ہون مین دل سے
نام اور ننگ ترا نگاہ رکھی

اور کسی سے برا گلہ نہ کئی / یہ بیک چیز مین ہی تن نہ دئی
مجھ پہ دوسری کو تو قبول کرے / مجھ کو اسباب مین ملول کرے

مین جو کھینچی یہہ آفتین ہر آن / محض اسواسطے ہی ہے یہہ بیجان
کہ تو دیکھے مجھے مین دیکھون تجھے / تکہ جا دوسری کو تو دیکھے

دوسری کے طرف ای فرخ پے / آج تو التفات کرتا ہے
مومنون کا جو ہے امام یہان / جا کے پکڑون گی اسکا مین دامان

اور فریاد مین ترے پہ کرون / کیا ہوا انجام کار مین دیکھون
بولتا ہے حسن یہہ جب مین سنا / خوش ہوا وقت اسسے بس میرا

اس خوشی سے ہی مین ہوا گریان / ہوا آنکھون سے میرے آب روان
مین نے اسکی نظیر قرآن سے / جانا آیت یہہ ای فرقان سے

ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ

یعنی کیسا گنہ بھی ہوویگا / گر خدا چاہے گا تو بخشیگا

پر طرف غیر کے کوئی فاجر / گر ہو مائل بگوشۂ خاطر
اسکو ہرگز خدا نہ بخشیگا / اسکو دایم سقر مین رکھیگا

نقل ہے روز عید وہ رہبر / گذرا ناگاہ یک جماعت پر
کھیل بازی مین سب وے تھے مشغول / اور ہنستے تھے سب کے سب غافل

کہنے لاگا ہے دیکھ انکو تب / کہ بہت ایسے لوگ سے ہی عجب
کہ وے دنیا مین آج ہنستے ہین / خوف عقبیٰ کا کچھ نہ رکھتے ہین

بےخبر آپ اپنی حالت سے / روز محشر کے رنج و راحت سے
موت باقی ہے قبر باقی ہے / پرسش روز حشر باقی ہے

ذرہ ذرہ حساب دینا ہے / بدلہ اپنے عمل کا لینا ہے
کیا سقر مین عذاب ناری ہے / یا عذابون سے رستگاری ہے

ابھی سر پر کھڑے ہین یہہ آفات / پھر یہہ ہنستے ہین کس لئے ہیہات
سن یہہ باتین وے بیقرار ہوے / درد و رقت سے زار زار ہوے

نقل ہے وہ امام اہل ہدا / یون مناجات بیچ کہتا تھا
ای خدا النعمتین تو مجھ کو دیا / آہ کچھ شکر اسکا مین نہ کیا

اور گاہے بلا تو بھیجا تھا / آہ مین صبر اسپہ کر نہ سکا
مین نکرنے سے شکر ای مولا / تو نہ نعمت کبھی سے چھین لیا

اور نکرنے سے صبر ای داور / تو نہ دایم رکھا بلا مجھ پر
اکرم الاکرمین ہے تو یکتا / تجھ سے نا آوے کچھ کرم کے سوا

کہتے ہین جب تلک وہ جیتا تھا / نہین گاہے ہنسا ہے وہ اصلا
بندہ کے حال بیچ عالم غیب / اسپہ مکشوف جب ہوا لاریب

ہنسنے لاگا ہے شادمانی سے / اور سدھارا یہہ دار فانی سے
نقل ہے یک بزرگ دیکھا خواب / نقل جس شب کیا وہ پاک نصاب

کہ کھلے آسمان کے دروازے / اور ایسی منادی کرتے تھے
کہ امام زمان حسن بصری / ہوا واصل بدرگہ باری

خوش ہوا اس سے خالق عالم / قدس اللہ سرہ الاکرم

ذکر مالک دینار رحمۃ اللہ علیہ

شیخ اخیار مالک دینار / بحر اسرار مالک دینار

شیخ بصری کے تھا وہ یارون سے / تھا طریقت کے شہسوارون سے
صوفیہ کے تھا پیشوایون سے / تھا مشایخ کے مقتدایون سے

جان مملوک پدر تھا اسکا / ہوا مملوکیت مین وہ پیدا
گرچہ مملوک زادہ تھا وہ شاد / لیک تھا ہر دو کون سے آزاد

مشتہر ہین کرامتین اسکے / اور ہین اکثر ریاضتین اسکے
پدر کا نام اسکے تھا دینار / اور مالک ہی اسکا نام ای یار

بعضے کہتے ہین مالک دینار / ہوا کشتی مین ایک دن اسوار
جبکہ دریا کے درمیان پہنچی / مانگا ملاح اسکی مزدوری

ان سے مالک نے یون کیا اظہار / نہین مجھ پاس درہم و دینار
مارے ملاح اسکو یون پر جوش / ہوگیا انکے مارسے بیہوش

بعد مالک نے ہوش پایا جب / اہل کشتی کئے ہین مزد طلب
کہا مینے نہین ہین میرے پاس / پھر لگے مارنے وے پر ہوس

بولے ہم پاؤن تیرا پکڑینگے / ابھی دریا مین پھینک دوینگے
ماہی دریا سے آئین بسیار / منہہ مین ہر یک کے ایک تھا دینار

ایک دینار ان سے تب لیکر / دیا ملاح کو وہ نیک سیر
اسکی ہونے سے قدر اور شہرت / کہا مالک یہہ ہے بڑی آفت
وہین کشتی سے وہ نکل مضطر / چل دیا آشکار پانی پر
اسکے توبہ کا وجہ اے اکرم / شیخ عطار یون کیا ہے رقم
تھا مقیم دمشق صبح و مسا / معتکف جامع دمشق مین تھا
کہتے ہین نقد اور زمین بہتر / وقف مسجد کیا تھا وہ اکثر
ہوگیا اسمین معتکف درحال / اور عبادت مین ہی رہا یکسال
مالک اپنے سے آپ کہتا تھا / تو منافق ہے زشت نیت کا
ایک آواز غیب سے آئی

اہل کشتی یہہ حال دیکھے جب / اگر رہے مین قدم پا اسکے تب
سمجھا اب اختلاط سے انکے / مرے اوقات مین خلل آوے
ماہی دینار لائین جب بسیار / اسکو کہتے ہین مالک دینار
کہ خدا نے اسے دیا تھا جمال / اور دیا تھا اسے بہت زر و مال
ایک مسجد وہان معاویہ / اپنی شاہی مین جو کیا تھا بنا
دیکھ مالک نے اسکی طمع کیا / اور اسکی تولیت چاہا
بس وہ مسجد مین جب کوئی آتا / اسکو ہر دم نماز مین پاتا
یونہی یکسال وہ گذار لیے / بعد یکسال تب باہر آیا ہے
یون کیا ہے خطاب اسکو کوئی

یا مالک مالک ان لا یتوب

یعنی کسواسطے تو ای مالک
بس یہہ سنتے ہی ہوگیا حیران / آیا مسجد کے درمیان لرزان
بندگی حق کی تو ریا سے کیا / نہین مولا سے آہ شرم لیا
بس وہ شب شرم کی ندامت لی / اور اخلاص سے عبادت کی
دوسرے روز لوگ آئے ہین / اور مسجد مین اسکو پائے ہین
ایک متولی چاہیے لایق / نہین مالک سے دوسرا لایق
اور اسکو نماز مین پائے / تا فراغت وے انتظار کیے
کہا مالک ای قادر متعال / بندگی مین ریا سے کی یکسال
اور مضبوط دل مین کی نیت / کہ نہ چاہون کبھو تولیت
ہے قسم مجھکو تیری عزت کی / اور سوگند تیری عظمت کی
وہین مسجد سے باہر آیا ہے / حق کے جانب توجہ لایا ہے

نہین ہوتا ہے تائب سالک
آپکو آپ یون کہا بہ ملال / کہ ای نادان زمدت یکسال
اسمین اخلاص گر بجا لاتا / حق سے اجر و ثواب تو پاتا
ہوا ظاہر خلوص کا ثمرہ / بس دیا حق کی فضل کا شجرہ
اور آپسمین کہنے یون لاگے / کہ یہہ مسجد کے اہتمام لیے
بس وے سب اپنے اتفاق کیے / پاس مالک کے ملکے سب آئے
کہے الحاح سے کہ ای مقبول / کر بیان کی تولیت تو قبول
کوئی دیکھا نہین طرف تیرے / مین کیا دل جواب طرف تیرے
بیس شخصون کو تو نے بھیجا ہے / یہہ ترے فضل کا نتیجہ ہے
مین نہ چاہتا ہون کام یہہ زنہار / توہی بس ہے مجھے بسر و جہار
اور شاغل ہوا ریاضت مین / ذکر مین فکر مین عبادت مین

حکایت

شہر بصرے مین یک توانگر تھا
ایک دختر تھی اسکی اہل کمال / کہ بڑا ہی تھا اسکو حسن و جمال
آئی تا شیخ کے پاس وہ لڑکی / اور اس طرح اس سے عرض کئی
تا عبادت مین حق کے صبح و مسا / بس مددگار وہ رہے میرا
اسکو مالک نے یہہ جواب دیا / کیا جواب اسکو با صواب دیا
پس دیا ہون مین سہ طلاق جسے / ہو لئے کیونکی کرون نکاح اسے
اپنے نعلین اور عصا لیکر / چترصا مالک نے یک بلندی پر

کہتے ہین ان دنون وہ فوت ہوا
مالکہ ترکۂ پدر کی ہوئی / وارثہ اسکے مال و زر کی ہوئی
مین نے ای شیخ چاہتی ہون یہہ بات / کرون اپنا نکاح مالک سات
کہا ثابت یہہ بات مالک سے / مالک و سالک مسالک سے
کہ مین دنیا کو دی ہون تین طلاق / زن بھی دنیا سے ہے بعز و فاق
نقل کرتے ہین یک رات ای یار / تکی بصرے کے شہر کو انکار
دیکھتا ہے کہ لوگ حیران ہین / سر بحر بردار مین پریشان ہین

بعضے آتش مین آہ جلتے تھے
بعضے سالم وہین نکلتے تھے
بعضے اسباب کے اُٹھانے مین
پاتے تھے رنج آنے جانے مین

دیکھ کر آنکو مالک دینار
کہا اس طرح آہ زار و نزار
جو سبکبار تھے نجات لئے
اور گران بار سب ہلاک ہوئے

کم تھا سامان جنکا پار ہوئے
نار سوزان سے رستگار ہوئے
اور سامان جنکا تھا اکثر
وہ اُٹھانے مین پائے رنج و ضرر

حال ایسا ہی ہو بروز جزا
سب امیرون کا اور فقیرون کا
رکھے دنیا مین جو بہت اسباب
اُسکیہ ہے صدمۂ حساب عقاب

ذرّہ ذرّہ حلال سے ہو حساب
قطرہ قطرہ حرام پر ہو عذاب
جو سبکبار ہوویگا پاوین نجات
اور گران بار پائینگے آفات

یہہ جو فرمایا مالک ذیشان
یہہ حدیث اُسکی ہے مؤید جان
کہ یہہ اُمت کے مالدارون سے
مدت پانسو برس آگے

جتنے فقرا کے ہین اِس اُمت مین
جائینگے فضل حق سے جنت مین
سب رسولون کے بعد در محشر
پانسو سال جبکہ جاوین گذر

ہو سلیمان داخل جنت
کہ جہان مین کئے تھے وہ دولت
آہ اُسکے حساب مین بے قیل
ہو سلیمان کو بھی اتنی ڈھیل

وہ تو حالانکہ بادشاہت مین
نرہے گاہے ناز و نعمت مین
کہ بتاتے تھے دائما تکبر
اُس سے کرتے تھے قوت شام و سحر

اُنسے بااین حساب لیوین گے
پانسو سال حسین گذرین گے
آہ پھر دوسرون کا کیا ہو حال
پاوین کیسا اُبال کیجے خیال

حکایت

اور خبر دی ہے مالک دینار
کہ ہوا ایک شخص سے بیمار

مین عیادت بدل جب اُسکے گیا
موت اُسکی قریب تر پایا
اور مین کلمۂ شہادت کی
اُسکو تلقین کی بہت ہی تھی

کہہ نہ سکتا تھا مین وہ بیچارا
آہ کہتا تھا منہہ سے دیگیارا
بعد اس طرح وہ مریض سے کہا
نقل ہے ایک دن وہ جاتا تھا
بات ہی تیری آہ دل سے جان
وہ نہین حق پرست ہی زنہار
کیا یہہ بہتر سخن ہے اسکو لکھو
کہا ہان ہم نے پائین جب گوہر
کہا اسلام کر مجھے تلقین

ڈھونڈھنے کی اُسے نہیں حاجت
اور بھی خوب ہوگیا بیدار
دل خدا کے طرف لگایا ہی
ڈھونڈھتے تھے بہت اُسے مردم
اُسکو دیتے تھے رنج اور ایذا
تجھکو پہنچاؤن سگ ترا بیقیل
اور نزد شقیق پہنچاؤن
اور وہ انعام اُس سے کچھ پایا
بلخ کے شہر مین پڑا اے فہیم
شاد و خندان چلا ہی نیک شعار
مبتلا بھوک مین ہین شام و سحر
اسمین ہے وہ بہت اناج رکھا
بحر حیرت مین ہوگیا ہی غریق
اپنے خواجہ پہ ہے بھروسا کیا
تو ہی دیتا ہی رزق ہی سبکو
نہ توکل سے کیون رہین خُرم
کھلا اُسپر در فتوح تبھی
فضل حق سے اُسے ہوا حاصل
جنگ یکبار کافرون سے ہوا
اور تیرین ہوا مین جاتے تھے
اور اچھی طرح سے خواب کیا
ایک کافر نے اُسکو دیکھ کہا
کہ یقین کوہی شخص لا ایمان
بلکہ نعمت پرست ہے بدکار
اور اُسکو سدا نگاہ رکھو
گرچہ ہووے پڑا نجاست پر
کیا تواضع کا ہے یہہ ترا دین
کہ رسول خدا کئے ارشاد
وہ تو مومن کی ہے گمشتگی

الحکمۃ ضالۃ المؤمن فاطلبھا ولو کان
عند الکافر

اُسکو تم ڈھونڈھیو بلاد ہوا
گرچہ وہ بات ہووے کافی پس

پیش مشکل ہو وہ بالتحقیق
وہی تصدیق ہے بدرستِ تحقیق

نقل ہے ایک شخص نے ای یار
یون کہا ہے شقیق نے کہ بتا

کب تلک تو بلا معاش رہے
کسب سے آ دخل کے کہا وہ

آئیے جو کفاف ہے تیرا
تجھکو مین نے دیا کرونگا سدا

کہا تجھ مین پانچ ہوتے عیب
کرتا اُسکو قبول ہی بے ریب

پہلا تیسرا خزانہ کم ہوگا
دوسرا چور بھی لیجاویگا

تیسرا یہہ بھی خوف ہی مجھکو
کہ کبھی ہوویگا پشیمان تو

چوتھا میرے مین عیب دیکھے جب
تو نہ دیوے کفاف میرا اب

پانچوان پہلے گر تو جاوے مر
مین رہون بے کفاف تب مضطر

ایک خداوند پاک میرا ہے
کہ یہہ عیبوں سے وہ مبرا ہے

نقل ہے کوئی آ کہا اُس سے
مین نے جاتا ہون واسطے حج کے

پوچھا توشہ ہی کیا ترا ای عزیز
کہا توشہ مرا چہار ہین چیز

اولا جو ہی رزق میرے نصیب
ہی یقین وہ بہت مرے ہے قریب

اور جو شخص غیر ہے میرا
میری روزی دور ہے وہ سدا

اور اللہ کی قضا دن رات
مین جہان جاؤن ہنگی خیر سات

اور یقین جانتا ہون شام و سحر
حق مرے حال پر ہے دانا تر

شیخ بولا ہے نیک تر یہہ بات
بسفر رخصتت مبارک باد

نقل ہے جب شقیق حق آگاہ
کر یقین عزم حج بیت اللہ

شہر بغداد مین ہے آ پہنچا
اُسکو ہارون رشید بلوایا

شیخ نے اُسکے پاس جبکہ گیا
اُس سے ہارون رشید یون پوچھا

کہا تو ہی کہ یہ شقیق زاہد ہے
یون کہا اُسکو تب وہ ماجد ہے

ہان بلاشبہ ہے یہ مین ہون شقیق
لیک زاہد نہین ہون بالتحقیق

ہارون بولا مجھے نصیحت کر
یون لگا کہنے اُسکو وہ ببر

کہ خبردار اب تجھے مولا
جائے صدیق پر ہے بٹھلایا

صدق کرتا ہی وہ ترے سے طلب
کیجے حاصل تو صدق کا منصب

اور فاروق کی بھی جگہہ پر
دیکھ بٹھلایا ہے تجھے داور

حق و باطل مین فرق کرنا خوب
حق تعالیٰ کو تجھ سے ہی مطلوب

اور یقین بر مقام ذوالنورین
تجھکو بٹھلایا خالق کونین

حق تعالیٰ ترے سے پس ہر دم
چاہتا ہے سمجھ حیا و کرم

اور کیا جانشین تجھکو رب
مسند مرتضیٰ علی پر اب

چاہتا ہی ترے سے حق اے یار
عدل اور علم دیکھ رہ ہشیار

کہا ہارون رشید یہہ سنکر
اور ای شیخ کچھ زیادہ کر

کہا اللہ کا ہی ایک سرا
نام دوزخ ہے جانئے اُسکا

اُسکا دربان تجھے بنایا ہے
تین چیزین تجھے وہ بخشا ہے

ایک ہی مال دوسری شمشیر
تازیانہ ہے تیسری ای خبیر

اور کہا ہی یہہ تین چیز سے تو
پھیر رکھنے سقر سے لوگون کو

جب ترے پاس آوے حاجتمند
مال دیکر اُسے تو کر خورسند

حکم حق کا جو ٹال دیویگا
تازیانہ سے دے تو اُسکو سزا

خون کوئی اگر کسی کا کرے
تو قصاص اُسکا تیغ سے لیجے

گر تو یہہ سب بجا نہ لاویگا
اہل دوزخ کا پیشرو ہوگا

یہہ بھی ہارون رشید نے سنکر
کہا ای شیخ کچھ زیادہ کر

کہا چشمہ کے ہی سمجھ تو مثال
مثل نہرون کے ہین ترے عمال

گر مصفا ہو چشمہ فیضان
ہو نہرون کی تیرگی سے زیان

اور چشمہ اگر مکدر ہو
آب نہرون کا تب نہ بہتر ہو

کہا ہارون اور زیادہ کر
پھر لگا بولنے وہ پاک سیر

گر تو تشنہ ہو دشت مین ایسا
کہ قریب الہلاک ہوویگا

آب شیرین اگر وہان نہ بیچے
کیسی قیمت سے تو خرید کرے

کہا وہ بیچے جو کہ قیمت سے
مین خریدون اُسے ضرورت سے

شیخ بولا کہ بیچنے والا
چاہیگا نصف ملک گر تیرا

کیا خریدیگا یا نہیں تو اُسے
کہا لیونگا نصف ملک بھی گر

کہا پانی وہ جب تو پیویگا
اور ترا بول بند ہوویگا

کہ ہلاکت ہو تیری جس قریب
اور اُسوقت آوے ایک طبیب

ملک آوے جاتر لیے وہ مانگے
تا مرض کا ترے علاج کرے

کیا کریگا تو ویسے وقت بھلا
کہا وہ نصف ملک بھی دونگا

کہا پھیر کیا تو ناز کرتا ہے
ملک کا اپنے پاس ہر گاہی

جسکی قیمت ہو ایک جرعہ آب
اور ہے پر وہ بند ہووے جب

سنکے ہارون یہہ شیخ کی گفتار
رو دیا بے اختیار زار و نزار

کہا اللہ بس شقیق کی حرمت / اور عزت سے دی اسے رخصت
لوگ اس پاس جمع آنے لگے / اعتقاد اسکے ساتھ لانے لگے
اور روزی کے واسطے کچھ کام / کرتا ایسے مقام پر ہی حرام
اسکو پوچھا کہ تو معاش کا کام / بول کس طرح کر رہا ہے مدام
کہا ایسا ہی ہے سگوں کا حال / رنج و راحت میں یہہ ہے انکی چال
اگر کوئی چیز نا ملے زنہار / صبر کرتے ہیں دیکھنے ناچار
کہا گر پہنچے کوئی چیز ہمیں / ہم نے کرتے ہیں جس تھی ایثار
بس یہہ سنتے ہی اٹھ کے ابراہیم / سر کو چوما ہے اسکے باتکریم
آیا مکے سے جب سوے بغداد / کرنے لاگا ہی وعظ اور ارشاد
وعظ میں ایک روز اسنے کہا / ایک جنگل میں میں نے اترا تھا
ابھی وہ جیب کے ہی ہیں درمیان / تب کہا اٹھ کے اسکو ایک جوان
یا تجھے اسپہ اعتماد تھا / کس لئے اسکو جیب میں رکھا
کہا اسکو تو راست بولا ہی / اور منبر سے جلد اترا ہی
کہا میں نے بہت کیا ہوں گناہ / چاہتا ہوں کہ اب کروں توبہ
موت کے آگے جس نے آویگا / فی الحقیقت وہ جلد ہی آیا
نقل ہے بولتا تھا وہ رہبر / کہ دئے مجھکو خواب میں یہہ خبر
بالیقین نیک خصلتیں اسکے / فضل حق سے زیادہ ہووینگے
اور کہا درمیان مصیبت کے / آہ جو شخص جزع و فزع کرے
اور کہا اصل طاعت مولا / ہی بلاشبہ جانو خوف و رجا
اور محبت کی کیا علامت ہی / جاشئے شوق اور انابت ہی
ایک تو خوف اسکو ہونے ہی / عمر کس طرح اسکی ہی گذری
کہا حصے ہیں دس عبادت کے / خلق سے بھاگنا ہی نو حصے
اور کہا تین شی کی آفت ہی / اسمیں لوگوں کو بس ہلاکت ہی
دوسرا امید زندگانی پر / توبہ کرتے نہیں خدا سے ڈر
اور کہا تین چیز ہینگے عجیب / کہ وے چیزیں فقیر کے ہیں نصیب
ہیں تونگر کے تین شی لازم / رنج تن شغل دل کا ہی دایم
اور اسطرح سے وہ فرمایا / سات سو عالموں سے پنج بلا
کون عاقل ہے اور تونگر کون / زیرک و ہوشیار بہتر کون
کہتے عاقل وہی سمجھ تو بڑا / نہیں دنیا کو جسنے دوست رکھا

پس وہ بغداد سے روانہ ہوا / مکہ محترم میں جا پہنچا
کہا گر وہ ڈھونڈنا رہ غذائی / جہاں ہے ایسی پاک جگہہ بھی
اور براہیم ابن ادہم آ / ہوا ان یک دن شقیق سے ہی ملا
کہا گر پاؤں حق کا شاکر ہوں / اور نپاؤں تو جان صابر ہوں
کہ انھیں کچھ ملا تو کھاتے ہیں / شاد ہوتے ہیں دم ہلاتے ہیں
تب براہیم نے کیا ہی سوال / کیا ہی فرمائے تمہارا حال
اور کوئی چیز گر نہ دیوے خدا / شکر کرتے ہیں ہم نے اسکا ادا
اور کہنے لگا ہی ہو دلشاد / کہ ہمارا ہے تو یقین استاد
اکثر اسکا کلام فیض انجام / تھا توکل کے درمیان ہی مدام
اور تب چار دانگ روپے کے / میں نے رکھتا تھا جیب میں اپنے
کہ تو رکھتا تھا چار دانگ وہ جب / کیا نہ حاضر وہاں تھا خلق کا رب
آہ یہہ بات جب سنا ہی شقیق / داد انصاف کی دیا ہی شقیق
نقل ہے ایک روز ایک بوڈھا / پاس شیخ شقیق کے آیا
شیخ بولا تو دیر کر آیا / کہا بوڈھا میں جلد تر آیا
شیخ بولا کہ نیک آیا تو / اور یہہ نیک بات لایا تو
جسنے تکیہ کرے خدا ہی پر / اپنی روزی کے باب میں [illegible]
طاعتیں وہ بجا جو لاویگا / اسمیں وسواس وہ نہ پاویگا
گویا نیزہ وہ لیکے بد آہنگ / حق تعالی سے کر رہا ہی جنگ
اور نشان خوف کی ہی ترک حرام / اور رجا کی ہے بندگی دوام
اور بولا جو خوف کرتا ہو / ویسے بندے کو خوف ہینگے دو
دوسرا خوف یہہ کہ اسکا حال / ہووے آیندہ آہ کس منوال
اور خاموشی ایک حصہ ہی / نیک حصہ ہی نیک حصہ ہی
پہلے توبہ کی دل میں رکھ امید / رہتے ہیں وے گناہ میں جاوید
بستر امید رکھ کے رحمت کی / توبہ کرتے نہیں گنہ سے بھی
دل ہو فارغ حساب بھی آسان / راحت نفس تیسری ہے جان
اور سمجھی حساب کی فردا / کرے آسان حساب پہ خدا
اور پھر ایک سے ملی نیک خصال / پانچ چیزوں سے میں کیا ہوں سوال
کون درویش اور کون بخیل / کہے عالم وہ سات سو جمیل
اور ہی زیرک وہی جو کچھ طرب / کہ یہہ دنیا نہ جس کو دیوے فریب

اور تو کچھ وہ ہی ہے نیک نہاد — اپنی قسمت پہ جو رہے دلشاد
جو مقدر کیا ہے رب نے عباد — وہ ولی جان اُسے ای بیخبر شہزاد

اور حقیقت میں ہی وہی درویش — کہ جسے ہے زیادتی کی نہ تشویش
ہے وہی جو بخل سے خالی — ملک بخشے دیا ہی جس کو مال

اور وہ شخص جو ملے حق سے جدا — آہ کرتا نہیں خوشی سے وہ
اور یون حاتم اصم نے کہا — کہ یہی ہے کہ شوق سے چاہا

کہ وصیت مجھے تو کچھ کیجے — گر ہے مجھکو وہ بخشے
کیا چاہی گر وصیت امام — یہی تملک کر نہ بیچار کلام

جب تلک اسکا جواب حضرت لب — تیرا زور میں ہے دیکھے
اور اگر چاہیے تو وصیت — یاد رکھیہ بات یا اخلاص

کہ سخن میں ہی تو نہ کھولے زبان — جب تلک ایسی ہو ضرورت آن
کہ تو اسوقت گر نہ بات کرے — تو بلا شک و شبہ جل جاوے

ایسے ملفوظ اُسکے ہیں اکثر — قدس اللہ سرہ الانور

فائدہ از مترجم

یہان عطار از رہ اجمال — کچھ ائمہ کا بھی لکھا احوال
چار ائمہ کے ذکر میں بصواب — مستقل میں لکھا ہوں ایک کتاب

چار گلشن سے ہیگی وہ موسوم — صاف ہندی ہی ہے وہ منظوم
تذکرے میں جو ذکر آیا ہے — اسمیں اکثر وہ درج پایا ہے

اور اکثر کتب سے میں نے لیا — اُس میں وہ شرح و بسط سے لکھا
چار گلشن میں جو نہیں مذکور — یہان کرتا ہوں مختصر مسطور

ایسے مشہور ہیں وے چار امام — کہ ہزاروں سے اولیائے کرام
ہیں دل و جان سے جن کے تابعدار — اُنسے ہی ہر امام قطب مدار

اور صدیقیت کا پاک مقام — انکو بخشا ہے قادر علام
بسکہ در علم ظاہر و باطن — تھے فیوض و کثیر کے خازن

ذکر ہر یک امام کا تھوڑا — میں خاطر یہان کروں املا
تا یقین یہہ رسالۂ عالی — ذکر سے اُنکے نا رہے خالی

ذکر امام اعظم ابو حنیفۂ کوفی رحمۃ اللہ علیہ

اول اُن سے امام اعظم ہے — سب ائمہ میں وہ معظم ہے
شمع ملت سراج اُمت ہی — مسند آرائے دین و دولت ہی

ساری اُمت میں وہ یگانہ ہوا — فخر اسلام ہر زمانہ ہوا
بعد کل صحابۂ حضرت — وہ ہی افضل بہ اکثر اُمت

علم و عرفان میں بے عدیل تھا وہ — کشف و وجدان میں بے بدیل تھا وہ
حقمیں جسکے کہا ہی شیخ شرف — قدس اللہ سرہ الاشرف

اور اسلام صوفی و صافی — در شریعت وفی و ہم وافی
اور بڑا تھا مجاہدہ اُسکا — بس قوی تھا مشاہدہ اُسکا

خلوتیں اور ریاضتیں اُسکے — مشتہر ہیں کرامتیں اُسکے
اور بطاعت و زہد و ورع و تقا — اور در صبر و حلم و جود و سخا

اور سب اولیائے پاک میں تھا شہیر — نہ کوئی اُسکے عصر میں تھا نظیر
جب گیا بر مزار شاہ انام — اسطرح سے کیا ہی عرض سلام

السلام علیک یا سید المرسلین ۰

وعلیک السلام یا امام المسلمین

اللہ اللہ ز روضۂ والا — اُسکو اسطرح سے جواب ملا

نقل ہے وہ محقق ماجد — متقی اور تھا بڑا عابد
دو تہجد کے رکعتوں میں سدا — ختم قرآن ایک کرتا تھا

اور ہر شب کے درمیان ای یار — پڑھتا تھا رکعتیں وہ ایک ہزار
آہ سجدوں کی جان کثرت سے — اُسکے زانو ہوئے تھے سخت ایسے

جیسے ہوتے ہیں اونٹ کے زانو — کیا ریاضت ہو اُسکی پہچانو
نقل ہے ایکبار وہ اکرم — ایک تونگر کے ساتھ کوئی دم

ہی تو اسنے کیا ہے ایمان — نہ سبب سے تونگری کے مان
اُسکے کفارے سے بچ پھری یار — ختم قرآن کیا ہی ایک ہزار

[illegible]

نقل ہے ایکدن امام ہمام — گیا تشریف لیکے در حمام
آیا تھا ایک رشتہ کار وہان — آیا بے شرم بے ازار وہان

کہے بعضے ہے فاسق بدکار — بعضے [illegible]
اسنے حمام میں ہی جب آیا — اپنی آنکھیں امام بند کیا

پوچھا وہ ای امام فرد وقت — [illegible]
کیا بینائی تیری [illegible] — [illegible] جب سے [illegible]

نقل ہی یک خلیفہ کو تھا غم
جو تھا عمار وابعد امام

خواب میں جو ایک مچھر دیکھا
ملک الموت کے تئین پوچھا

[illegible] پوچھ کے کیا
پانچ [illegible] وہ اشارہ کیا

[illegible] تعبیر [illegible]
بولی [illegible] عاجز حیران

بوحنیفہ کو تو بلا آخر
خواب بتایا ہی یہہ کیا ظاہر

پس یہہ سمجھتے ہی وہ امام خبیر
یون کہا اسکی خواب کی تعبیر

اور کیا ہی اشارہ عزرائیل
پانچ علمون طرف سمجھ تفصیل

کہ بتائے کوئی خدا کے سوا
یہی وے پانچ علم کو کھولا

وہی منکو پانچ چیزون [illegible]
ہی یہہ آیت میں حق نے فرمایا

إِنَّ اللَّهَ عِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ

اب یہہ آیت کا ہی وجہ نزول
کہ تھا تیسیر میں ہی یون منقول

شخص تھا ایک حارث ابن عمر
آیا ہی در جناب پیغمبر

اور اِس طرح عرض خدمت کی
بولے کب قیامت آویگی

اور بویا ہون تخم مین بزمین
بولے مینہ کب پڑیگا یقین

اور عورت ہی حاملہ میری
بولے کیا پسر ہی یا لڑکی

آج مین جانتا ہون میرا عمل
بولے کیا عمل کرونگا کل

اور مولد مرا مین جانتا ہون
بولے ہوونگا کہان مدفون

تب یہہ آیت کئی شرف نزول
حق کہا بول دے اُسے ای رسول

پر قیامت کا علم بے وسواس
ہی بلا شبہ و ریب حق کے پاس

اور بارش بھی حق ہی برساوے
جس مکان جس زمان میں جب چاہے

اور وہی جانتا ہی صبح و شام
کیا ہی ارحامِ عورتو مین تمام

اور کوئی شخص جانتا ہی نہین
کہ وہ کیا کام کل کریگا یقین

اور کوئی جانتا نہین اصلا
کہ کہان مرکے دفن ہووےگا

ہی علیم و خبیر اللہ ہی
وہی غیبون کو جانتا ہی سبھی

آیت پاک کی یہہ لاکے دلیل
بوحنیفہ نے کہہ دیا بے قیل

علم بے شک یہہ پانچ چیزونکا
نہین سکتا کوئی خدا کے سوا

ملک الموت جو اشارہ کیا
وے یہی پانچ علم ہینگے بجا

غیب مطلق یقین وہی جانے
کوئی اُسکے سوا نہ پہچانے

ہان اگر وہ کرے خدا ہی جب
خاص بندون کو اپنے بعضے تب

کرے آگاہ بعضے غیبون پر
اُنسے دیتے ہین جانئے وہ خبر

ہیگا غیبِ اضافی اسکا نام
اولیا اور انبیائے کرام

وحی الہام اور فراست سے
رہ اعجاز اور کرامت سے

ہین بہت سے خبر دئے از غیب
وہ نہی آیا ظہور مین بے ریب

نقل ہی یک خلیفۂ ظالم
وقت مین تھا امام کے حاکم

ابوجعفر دوانقی مشہور
نام اس پر جفا کا ہی منصور

ہوگیا وہ امام کا دشمن
قتل چاہتا تھا اُسکا وہ بدفن

چاہتا تھا کہ ایک حیلے سے
بوحنیفہ کو قتل کردوے

کہا اُسکو قبول کیجے قضا
بوحنیفہ نہین قبول کیا

اس لئے آہ اُسکو قید کیا
سیخ و آزار سخت اُسکو دیا

اور اُسے زہر وہ دیا آخر
ہوگیا ہی شہید وہ فاخر

بعد اکیس روز وہ بدکار
اُ کلہ کے مرض سے ہو بیمار

حالت زشت سے ہوا ہی ہلاک
ہوئی دنیا یہہ اُس شریر سے پاک

رحمت حق امام پہ ہو نزول
اُسکا قاتل ہونار مین مخذول

شیخ عبد الحمید اہل نصاب
بولا یکرات مین نے دیکھا خواب

آسمان سے گرا ہی تارہ ایک
بولے یہہ ہی ابو حنیفہ نیک

پھر ستارہ دگر گرا ای ہمام
بولے اُسکو یہہ مسعر ابن کرام

نجم پُر شر گرا ہی بعد وہان
بولے یہہ نجم ہی لعین سفیان

جعفر ابن حسن کیا یہہ کلام
کہ مین دیکھا امام کو بمنام

بوچھا مین کیا کیا تو لیسے خدا
وہ کہا ہی خدا نے مجھے بخشا

ہین بہت ایسے واقعہ اکرم
قدس اللہ سرہ الاعظم

ذکر امام مالک رحمۃ اللہ علیہ

پیر و مرشد شفیع آدم
جان فدای رسول عربی پر

بحر علم حدیث مصطفوی
مہر اوج شریعت نبوی

سالکین وارث ہجرت جسے ہوا
مالک ابن انس ہے یا صوفیا
اور کہا ہے مشایخ و علما
مالک ابن انس بلند مقام
عصر کا ہے وہ یگانہ تھا
علم اُسکا ہے بنا اقطار
ہفدہ سالہ تھا جب وہ نیک نہاد
تھا کثیر الصلوۃ اور اوراد
در سلوک طریق رب انام
اور کہا ابن سعد نے مالک
در کتاب الخواص غزالی
کہ مین دیکھا ہون کل کی تب بنام
شافعی بولتا ہے ای اکرم
کہ کوئی بولتا ہے یون آکر
جب گئے ہم حساب ای فیروز

وہی جو ہے امام بیشک سے
ہے وہ عبد اللہ کی یہی کنیت
تر زبان اُسکے تھے مدح تمام
دار ہجرت کا تھا امام ہمام
فرد یکتا ہے ان زمانہ تھا
مشتہر ہو گیا بہت ہر تھار
درس و تعلیم کی رکھا بنیاد
صاحب ذکر و فکر والارشاد
بس شب و روز وہ امام ہمام
کہ کہا یون امام دین مالک
قدس اللہ سرہ العالی
سرور انبیا شفیع انام
کہ بخشے گئے ہیچ ساکن ہم
جو تھا اہل زمین مین عالم تر
وہی مالک کے تھا دفات کا روز

مالک فقہ و حدیث کا مالک
اُسکے فضائل مین سب ائمۂ دین
حافظ ابو عمر بن عبد عزیز
دین کی نصرت و اعانت مین
کہتے تھے عالم مدینہ اُسے
اور بہت کسب علم کے خاطر
اُسکے محتاج تھے بہت علما
درس و تکرار علم مین بسیار
تھا ریاضات مین بہت شاغل
کوئی شب مین نہین کیا ہون خواب
لکھا اسطرح ایک دن سفیان
اپنی انگشتری پاک نکال
یون کہی میری ایک دن بولی
آج کی شب بیقین کیا رحلت
ہین مقامات اُسکے بس برتر

قرب مولا کی راہ کا سالک
اولیا مکرم کرام اہل یقین
اِس طرح بولتا ہے با تمیز
حق کے اظہار اور ... مین
علم کا صاحب خزینہ اُسے
پاس ہوتے تھے اُسکے لوگ حاضر
اُسکے تھا فیض کا علم برپا
مشتغل تھا سدا وہ لیل و نہار
اور شدائد کا تھا بہت حامل
دیکھا اُسمین مگر نبی کا جناب
آکہا نزد مالک ذیشان
تیری انگلی مین ڈالا با اجلال
کہ عجب نزہہ خواب مین دیکھی
حق کرے اُسکی روح پر رحمت
قدس اللہ سرہ الانور

ذکر امام شافعی مطلبی رحمۃ اللہ علیہ

تھا سدا وارث علوم نبی
تہا بلا شک وہ مفتی اسرار
کیا بیان اُسکے ہو فضایل کا
اور ہین اُسکے ریاضتین موفور
سیزدہ سالگی مین وہ اکرم
اور پندرہ برس کا جبکہ ہوا
تھا جہان کا امام اور رہبر
با وجود ایسے فضل کے بیقیل
کئے لوگون نے اعتراض اُسپر
ہی وہ پچیس سال کا لڑکا
ہم نے لکھتے ہین با وجود اللہ
خوب تر شافعی کو ہین معلوم
اور احمد نے یون کہا ہی صحیح

ہی یقین شافعی مطلبی
اُس سے لایح تھے قدس انوار
کیا نشان اُسکے دون شمایل کا
اور ہین اُسکے کرامتین مشہور
کہتا تھا بیتھا اس طرح بحرم
وہ بتحقیق فتوی دیتا تھا
حفظ تھے اُسکو تین لاکھ خبر
اُسکا شاگرد تھا وہ فرد جلیل
کہ معین یہہ فاضل اشہر
یہ کہین عمر مین ہی اُس سے ترا
ہی معانی ہے اُسکے وہ دگام
اُس سے ... مفہوم
کہ جو کوئی ہے یہہ حدیث صحیح

بس وہ سلطان ہی شریعت کا
گل سر سبد گلشن نبوی
یہان قاصر ہے خامۂ امکان
جو ائمہ ہین از قریش کرام
کہ بلا شک وہ شہ ای محرم
ہمراہ اخیار احمد حنبل
ورع و تقوی مین بے نظیر تھا وہ
جبکہ ہوتا تھا شافعی اسوار
ایک لڑکے کے ساتھ رہتا ہی
بات نکی یہہ جستا وہ امام
یاد ہین کو آیت و اخبار
اور تھا لوگون پہ فقہ کا در
ہر صدی کا شروع ہووے جب

اور برہان ہے طریقت کا
ثمرۂ پاک شجر مصطفوی
ہے یہان تنگ صفحۂ تبیان
اُنمین اقدم ہے یہہ امام ہمام
مجھ سے پوچھو جو چاہتے ہو تم
بحر اسرار احمد حنبل
علم اور فضل مین شہیر تھا وہ
اسکا ہوتا وہ غاشیہ بردار
اعتقاد اُس سے ایسا رکھتا ہی
یون دیا ہی جواب انکو تمام
ایک اُنکے حقایق و اسرار
کھولا اُسکے سبب سبھی و اور
ایک مجدد کو بھیجتا ہی رب

کہ وہ کرتا ہی دین کی تجدید — اُس سے ہوتی ہی شرع کی تائید
وسن ہان اُس حدیث کا مصداق — شافعی ہی سر آمد آفاق
اور بلال خواص نے بولا — کہ ملا مین نے خضر سے پوچھا
یا بمین شافعی کے ای اکرم — کیا تو کہتا ہی بولے اسد
خضر نے یون کیا مجھے ارشاد — شافعی ہی ز جملۂ اوتاد
ابتدا مین کسیکی دعوت پر — نہین جاتا تھا وہ گرامی گہر
خوف سے حق کے تھا سدا گریان — دائما نار درد مین سوزان
حالت طفلگی مین رحمت سے — خلعت الف سال اُسکو دئے
اور جو شیخ سلیم راعی تھا — اُسکی صحبت مین وہ بہت ہی رہا
پایا آخر یہہ درجۂ فایق — کہ ہوا ہی تمام پر سابق
جو نکہ کہتا ہی شیخ عبد اللہ — جسکو انصاری کہتے ہی آگاہ
مین نہین شافعی کے مذہب کے — دوست رکھتا ہون اُسکو مین اکثر
کیونکہ ہر یک مقام کے اندر — جبکہ کرتا ہون مین نے اُسپہ نظر
آگے ہی اُسکو دیکھتا ہون بجا — ہی بلندی مین ہر مقام اُسکو
نقل کرتے ہین والدہ اُسکی — بنی ہاشم سے زاہدہ تھی بڑی
لوگ اکثر امانتین اپنے — لا وہ بی بی کے پاس رکھتے تھے
یون ہی دو شخص ایکدن آئے — اور یک جامہ دان بھی لائے
اور امانت رکھے ہین اُسکے پاس — اور رہے دو گئے ہین ہو سو اُس
بعد ازان ایک شخص نے آیا — اور وہ جامہ دان لیکے گیا
اور کئی دن کے بعد دوسرا — ہی وہ خاتون سے جامہ دان مانگ
بھی تیرا رفیق نے آکے — لیگیا ہے وہ مانگ میرے سے
اُسنے کرنے لگا بڑی تکرار — اور کہا ہم کئے تھے یہہ اقرار
کر نہ ہم دونو آوینگے جب تک — تو نہ دیوے وہ جامہ دان تب تک
پس تو کس طرح ایک شخص کو دی — مادر شافعی ملول ہوئی
آیا ایسے مین شافعی در حال — پوچھا مادر سے کیا ہی جو ملال
کئی ظاہر وہ ماجرا سارا — وہ کہا اُسکا کچھ نہین پروا
مدعی ہے کہان دکھا بشتاب — تا اُسے راستی سے دیوے جواب
کہا وہ شخص مدعی ہو مین — یون کہا شافعی نے اُسکے تئین
یہی اقرار بس تمھارا تھا — دیوے دونو کو جامہ دان وہ بجا
یوہنی بس دونو مل کے تم آؤ — جامہ دان ہر دو مل کے لیجاؤ
جبکہ اُس شخص نے یہہ بات سنا — متعجب ولا جواب ہوا
اور موکل جو ایک قاضی کا — سانحہ اُس مدعی کے آیا تھا
وہ بھی یہہ سنکے ہوگیا حیران — ہر دو واپس چلے گئے جولان
بعد ازان شافعی امام ہدا — نقل ہی جانب مدینہ گیا
اور چندے امام مالک کی — کی مدینہ مین اُسنے شاگردی
علم مین ایک رتبۂ کامل — یک برس مین اُسے ہوا حاصل
کر جو مالک نے دیا تھا فتویٰ — شافعی کے تئین دکھاتا تھا
اور مقرر ہو بوجہ استقلال — کرتا تھا اجتہاد با اجلال
چھوڑے عمداً نماز ایک بھی جو — تو وہ حنبل کے پاس کافر ہو
مذہب شافعی مین ہے ماہر — نہین ہوتا ہی وہ یقین کافر
دیوین ایسا عذاب اُسکو شتاب — دیوین جسطرح کافرون کو عذاب
ایک دن شافعی امام اجل — ہوا سائل ز احمد حنبل
جسنے بے عذر چھوڑے ایک نماز — جب وہ کافر ہوا ہی بکو انداز
کہا کیا چاہیے بھلا پھر اد — تا مسلمان ہوا اہل ایمان ہو
دیا حنبل نے یون جواب اُسے — کہ بلا شبہہ وہ نماز پڑھے
شافعی سنکے یہہ جواب کہا — ہووے کافر کی کیون نماز ادا
جبکہ حنبل سخن یہہ گوش کیا — کچھ نہ بولا وہین خموش ہوا
فقہ مین ایسے رمز اور اسرار — شافعی کے ہین جائیے بسلید
نقل ہی جو خلیفہ تھا ہارون — او زبیدہ جو اُسکی تھی خاتون
کئے ایک شب مناظرہ ہر دو — دوزخی اُسنے بولی ہارون کو
کہا ہارون مین جو دوزخی ہون اگر — ای زبیدہ طلاق ہی تجھ پہ
پس تبھی ہوگئے ہین ہر دو جدا — پر وہ تھا شیفتہ زبیدہ کا
یک تبرا اُسکو اضطرار ہوا — اُسکی فرقت مین بیقرار ہوا
پس منادی بشہر کروایا — عالمون کو تمام بلوایا
اور اُن سے کیا ہی استفتا — کوئی اُسکا نہین جواب لکھا
سب کہے جانے خالق بیچون — دوزخی یا ہی جنتی ہارون
تب تھی لڑکائی شافعی یہہ بجا — وہ بھی آیا تھا ہمرہِ علما
وہین مجلس سے وہ اُٹھا ہی شتاب — کہا دیتا ہون اُسکا مین نے جواب

سب تعجب کئے ہین اسی دانہ
کہے شاید کہ ہی یہہ دیوانہ
علما ایسے عجز لیوین جہان
ایسے لڑکے کو ہووے کب امکان

اسکو ہارون غرض بلایا تب
اور بولا جواب دیجے اب
کہا اب تخت سے تو نیچے آ
کہ بلند تر ہے موضع علما

ہارون نیچے ہی تخت سے آیا
شافعی کو یہی اُسے بٹھلایا
پوچھا ہی اُس سے شافعی کچھ جو
ہووے یک معصیت پہ قادر تو

پھر وہین خوفِ حق تعالی سے
اسکو چھوڑا ہے یا نہیں کہدے
کہا ہان قصد یک گنہ کا کر
باز آیا ہون اُس سے حق سے ڈر

کہا پس جنتی ہے تو بے قیل
پوچھے سب اہلِ علم کیا ہی دلیل
پس وہین شافعی امامِ زمان
کی تلاوت یہہ آیتِ قرآن

وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۝ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى

یعنے ہو خوف جسکو روزِ جزا
وہ کھڑا ہو بہ بارگاہِ خدا
سب حساب اپنی عمر کا دیوے
اور روکا ہو نفس کو اپنے

اُسکی خواہش سے یعنے عصیانسے
اپنے ربکے خلافِ فرمان سے
اُسکی جگہہ ہے جنتِ ماوا
اُس سے خوشنود ہووےگا مولا

سنکے وے عالمون نے بے تاخیر
کہے صوتِ بلند سے تکبیر
کہے لڑکائی مین جو ایسا ہو
وہ جوانی مین اپنے کیسا ہو

نقل ہے شاہِ روم نے زر و مال
پاس ہارون رشید کے ہر سال
جزیہ دیکر روانہ کرتا تھا
پاس اسکا بہت ہی دہرتا تھا

چند رہبان کو یک برس بھیجا
اور خلیفہ سے یہہ پیام کیا
کہ ہین اب اہلِ علم جو تم مین
سو وے ان راہبون سے بحث کرین

اپنے غالب اگر وے ہووینگے
یونہی ہم تمکو مال دیوینگے
اور غالب اگر ہوئے راہب
تم نہو ہم سے مال کے طالب

چار سو راہبون آئے تھے
اور ایسا پیام لائے تھے
سن یہہ ہارون منادی کروایا
اور سب عالمون کو بلوایا

جمع آئے بہ جملہ بغداد
انمین تھا شافعی امام ارشاد
کہا ہارون شافعی سے تب
تو ہی انکا جواب دیجے اب

اپنا سجادہ شافعی نے اُٹھا
اپنے دوشِ شریف پر ڈالا
اور پانی پہ چل کے آیا ہی
اُسکو پانی اُپر بچھایا ہی

کہا جو بحث ہم سے اب چاہے
بحث کرنے کو وہ یہان آوے
یہہ کرامت یقین وے دیکھے جب
لائے ایمان وے راہبون سب

یہہ خبر جبکہ ہے سنا قیصر
کہنے لاگا ہی ہوکے یون مضطر
کہ اگر شافعی یہان آوے
عیسوی کوئی پھر نہ باقی رہے

اُسکے ایسے کرامتین ہین کثیر
اور اُسکے فضیلتین ہین شہیر
نقل ہی ایک روز جانو تم
وقت کو اپنے وہ کیا تھا گم

سب مقامات کے اُپر گذرا
اور خرابات کے اُپر گذرا
اور گذرا بہ مسجد و بازار
اور گذرا بہ مدرسہ ای یار

وقت اپنا جو گم کیا تھا وہ
نہین ہرگز کہین بھی پایا وہ
بعد ازان خانقاہ پر گذرا
صوفیونکی گروہ یک دیکھا

بیٹھے تھے جمع ہوکے سب یکجا
انمین یک شخص نے یہہ کہنے لگا
بھائیو وقت کو عزیز رکھو
وقت اپنا نہ ہاتھ سے دیو

اپنے خادم سے شافعی نے کہا
وقت مین گم کیا سو اب پایا
نقل اسطرح بوسعید کیا
مین سنا شافعی نے کہتا تھا

کہ یقین علم عالمون کا سب
نہین پہنچا ہی میرے علم میں اب
اور بلا شک و شبہ علم مرا
علم مین صوفیون کے نہین پہنچا

علم سب صوفیون کا یونہی بجا
علم صوفی مین یک نہین پہنچا
کہ کہا ہی وہ مردِ فرخ پے
بالیقین وقت سیف قاطع ہی

نقل ہے شافعی نے کہتا تھا
علم نا اہل کو جو سکھلایا
اُسنے ضایع کیا ہی علم کا حق
کچھ نہین اُسکی قدر کی مطلق

علم جو اہل کو نہ سکھلایا
اُسنے بیشک و شبہ ظلم کیا
اور کہا جسکی ہووے یہہ ہمت
کہ سدا صبح و شام عبادت

ڈالے اپنے شکم مین کوئی چیز
قیمت اُسکی وہی ہے یا بہی عزیز
کہ شکم سے وہی نکالے وہ
جو برے ذایقہ سے ڈالے وہ

نقل ہے یون ربیع کہتا تھا
ایک شب مین نے خواب مین دیکھا
گئے رحلت ہین حضرتِ آدم
فکر تجویز مین تھے لوگ بہم

ایک معبر تھے جاگے مین پوچھا
اُسنے تعبیر اُسکی یون بولا
جو تیرا عالم زمانہ ہے
علم مین فرد جو یگانہ ہے

[illegible] / ہے ... سے آدم کے

شان میں آ سکے حضرت یزدان / دیکھ فرما دیا ہے در قرآن

وَعَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا

یعنی آدم کو حق نے کی تعلیم / سارے اشیا کے نام با تکریم

اور شیخ رفیع بحر صفا / خواب میں اسکو دیکھ کر پوچھا

اور بتایا ہے مجھپہ رب وحید / لطف سے اپنے زر و مروارید

اور بخشا ہے مجھکو رحمت سے / غایت لطف سے عنایت سے

گذرے بعد اسکے تھوڑے ہی مدت / جلد تر شافعی نے کی رحلت

کہ ترے ساتھ کیا کیا مولا / کہا کرسی پہ مجھکو بٹھایا

اور ہفصد ہزار وہ دینار / مجھکو بخشا کرم سے وہ کئی بار

اسکے ہیں گے فضیلتیں اکثر / قدس اللہ سرہ الانور

ذکر امام احمد حنبل رحمۃ اللہ علیہ

عالم و عارف و امام اجل / قدوۂ خلق احمد حنبل

ورع و تقوی میں تھا جلیل الشان / علم میں تھا یگانۂ دوران

اور ہیں اسکی ریاضتیں بسیار / اور اسکی کرامتیں بسیار

اور تھے دنیا میں جتنے اہل فریق / معتقد اسکے سب تھے بالتحقیق

جیسے ذوالنون و بشر حافی سے / اور معروف شیخ سری سے

وے بزرگوں نے اسکے قایل تھے / اسکے مدح و ثنا میں مایل تھے

تاکہ سفیان بن عیینہ سے / سرور دین کے وے حدیث سنے

تھا سفیان کیسکو پاس اسکے / نہیں آنیکا وجہ تا پوچھے

اسنے رکھا تھا ایک ہی جو لباس / اسکو دھونے دیا تھا دھوبی پاس

لیکے اب اسکو اپنے خرچ میں لا / نہیں زنہار وہ قبول کیا

بات یہہ بھی نہیں قبول کیا / بعد وہ شخص اسکو کہنے لگا

تب کہا لا علاج ساتھ اسکے / لکھتا ہوں یک کتاب اجرت سے

پس کھادی خرید لے آیا / پیرہن اور ازار بنوایا

نقل ہے اس امام اکرم کا / ایک شاگرد با عقیدت تھا

اسکو اس شب طعام کھلوایا / کوزۂ آب ایک لاکے رکھا

پوچھا کیوں یہہ دھرا ہی ایسا ہی / کہا حاجت مجھے نہ اسکی ہوی

علم پھر کس لئے پڑھے میہات / علم سے چاہئے کریں طاعات

جب عبادات جمع میں ہووے قصور / تب درخشاں ہووے علم کا نور

علم قالب ہے اور عمل ہے جان / علم ہے جزدان ہے عمل قرآن

علم خورشید اور عمل ہے نور / الغرض علم پر عمل ہے ضرور

کیا کہا خوب شیخ شیرازی / جسکو اسرار سے ہے ہمرازی

نہ محقق بود نہ دانشمند / چار پائے برو کتابے چند

تابع سنت رسول اللہ / زبدۂ واصلان حق آگاہ

خاص علم حدیث میں بیمثل / فرد کوئی نہیں تھا اسکا عدیل

اور بڑا صاحب فراست تھا / مستجاب الدعا تھا نزد خدا

اور بہت اولیا کامل سے / وہ ملا تھا شیوخ فاضل سے

اور بہت ایسے ہی شیوخ عظام / ہیں جو اسنے ملا یقین وہ امام

نقل ہے ایکبار از بغداد / گیا مکے طرف وہ نیک نہاد

بس ہمیشہ وہ جاکے سنتا تھا / حسب عادت تھا ایک روز گیا

جاکے وہ شخص نے اسے دیکھا / کہ برہنہ وہ گھر میں بیٹھا تھا

کہا وہ شخص دیکھ اسے ناچار / تجھکو دیتا ہوں چند میں دینار

پھر کہا عاریت یہہ میرا لباس / تجھکو دیتا ہوں لے بلا وسواس

تجھکو ہرگز نہ چھوڑ جاونگا / بلکہ ہر حال سے سلاونگا

اسکی اجرت سے ایک کھادی لا / پیرہن اور ازار اس سے بنا

پہین کر وہ لباس ہی چلا آن / ہوا حاضر بہ مجلس سفیان

اپنے استاد کے وہ گھر ایکبار / آیا ہے ایکبار ہو مہمان

اور ہر وقت صبح جاو کہا / کوزۂ آب تھا وہ ونہی دھرا

کہا اس سے تو کر وضو بہ نیاز / کس لئے شب میں تو پڑھا نہ نماز

علم و جس قدر زیادت ہو / چاہئے کثرت عبادت ہو

علم ہے یک شجر عمل ہے ثمر / علم ہے بحر اور عمل ہے گہر

علم ہے مغز عمل نضارت ہی / علم ہے دید عمل بصارت ہی

علم ہر چند بیشتر ہووے / جب عمل نا ہو بے اثر ہووے

علم چندانکہ بیشتر خوانی / چون عمل در تو نیست نادانی

نقل ہے وہ ابن المبارک کا / جبکہ مشتاق جان عمل سے تھا

گذرا ایک عرصہ دراز ترا ہنین ملنے کا اتفاق ہوا
اور آیا ہے اس امام کے گھر پسر اسکا دیا ہی جا کے خبر
ای پدر تو نے سالہاے دراز اسکے شوق لقا مین تھا جانباز
اب بھی ہے شوق گرچہ ایسا ہی پر ملاقات اس سے جب ہوگی
شوق مین یون ہی عمر صرف کرون ایسے عالم مین تا اسے دیکھون
اسکے اکثر بلند ہین کلمات یہان لکھتا ہون اُنسے یکدو بات
خوف ایسا ہوا ہے مجھے حاصل کہ ہوا خوف عقل ہو زایل
کہا میرے کلام ذیشان سے ڈھونڈہئے قرب یعنے قرآن سے
پوچھے کہتے کسے توکل بھی کہا حق پر ہو اعتماد قوی
اور محبت کی معنی جب پوچھے کہا پوچھو یہہ بشر حافی سے
مسئلہ اس سے پوچھتا کوئی اسکو دیتا تھا وہ جواب تبھی
پوچھے کیا زہد ہے ای نیک سیر کہا ہی زہد تین نوع اپر
اور یہہ زہد خواص ہے دوسرا ترک زاید حلال صبح و مسا
پھیر دین جو چیزین تجھکو از مولا مرتبہ اسکا سب مین ہے بالا
کہ سمجھ یہہ صوفیان اکرام بیٹھے بے علم ہین توکل پر
کہے یہہ لوگ ہمت اپنی مدام باندھے ہین ایک نان مین ہی تمام
جنکی ہمت تمام دنیا سے ایک روٹی سوا کچھ چاہے
تب پرندون کی آئی فوج پہ فوج آوے دریا سے جونکہ موج پہ موج
سایہ انداز ہوے بنعش امام نوحہ کرنے لگے ہین اپنے تمام
تھے جنازے کے ساتھ زار و نزار اور وے توڑتے تھے سب زنار
پاے ہین سارے دولت اسلام ہوگئے امتی شاہ انام
اور ابن خزیمہ یون بولا کہ مین احمد کو خواب مین دیکھا
اور رکھا کرم سے وہ داور ایک کرامت کی تاج میرے سر
پاؤن مین پھیر نے دیا ہی مجھے اور مغفور وہ کیا ہی مجھے
کہ تو قرآن کو لبسر و عیان غیر مخلوق ہے کہا ہر آن

شیخ ابن المبارک ای دلشاد ہوا یکبار وارد بغداد
ہنین آنے کا اسکو اذن دیا پسر اسطرح اسکو کہنے لگا
پھر ثواب کسلئے نہ ملا ہے اسکو اسطرح تب وہ بولا ہے
پاؤنگا ایک انس اور لذت پھر نہ فرقت کی پاؤنگا طاقت
کہ ملے بعد پھر فراق ہنو دل پہ اسکا فراق شاق ہنو
کہا مین جاتا حق سے ای داور کھولئے مجھپہ خوف کا یک در
اور دعایش کیا کہ ای مولا قرب کس چیز سے مین ڈھونڈون ترا
پوچھے اخلاص بولتے ہین کسے کہا آفات سے عمل کے بچے
اور پوچھے کہ بول کیا ہی رضا کہا کام اپنے سونپ دین بخدا
کہ رہیگا وہ جب تلک جیتا مین نے اسکا جواب نا دونگا
گر حقایق سے پوچھے کوئی آ بشر حافی کے پاس بھجواتا
زہد پہلا ہے جانو ترک حرام ہے مقرر یقین یہہ زہد عوام
تیسرا زہد عارفین سمجھین کہ کرین ترک ایسے سب چیزین
نقل ہے بعضے لوگ ای ہشیار غرض اس سے کہ مین یون یکبار
وہ کہا تم نے یہہ غلط سمجھا علم ہی انکو یون ہی بھلایا
کہا ایسی بلند ہمت ہی مین دیکھا زمین پہ قوم کوئی
نقل ہے جبکہ وہ وفات کیا اور جنازہ اٹھائے ہین اسکا
اور وے سب ہوا مین جمع ہوئے اور رباہم پرون کو جمع کئے
اور مجوس یہود و نصرانی یہہ کرامات دیکھ ای گیانی
کلمۂ لا الہ الا اللہ بولتے تھے زبان سے دلخواہ
جب وے لوگون کا سب کئے ہین شمار ہوے محسوب سارے بیست ہزار
پوچھا کیا حق نے تیرے ساتھ کیا کہا مولا نے مجھکو بخش دیا
دُر و یاقوت کے برنیت زرین تھے مرصع جو خوب تر نعلین
اور بولا ای احمد حنبل یہہ کرامت ہے تجھکو اسکے بدل
ایسے ہی ہین کرامتین بے حد قدس اللہ سرہ الامجد

ذکر داؤد طائی قدس سرہ

شیخ بزم لوازم دانش مہر اوج مراتب بینش
وہ طریقت مین تھا بڑا عامل اور حقیقت مین عالم کامل
اور ہر علم مین بھی وہ فاخر بسکہ رکھتا تھا بہرہ وافر
شیخ داؤد طائی نیک نہاد ذو المعارف سرآمد امجاد
تھا محقق ز صوفیان کبار تھا معتبر وہ قوم کا سردار
ورع و تقوی مین خلق متعال اسکو بخت تھا ایک شان کمال

ہامن کہا [illegible] ہے قبل
اور فضیل عیاض اکرم سے
اور پیر طریقت اُسکا بجا
اور وہ بھاگتا تھا خلق سے
ہاتی خدیلت تبدی لا
اور رہینگے وہ کونسے آنکھین
اُسہی حالت سے بوحنیفہ پاس
واقعہ اپنا وہ کہا ہی تمام
بات ایک دلمین بھی ہوی پیدا
کہا اُسکو امام اے داؤد
اُسپہ گذرے ہین جب کئی ایام
بلکہ اگر تو بیٹھے مجلس مین
تب مسائل تو اُنسے ہی یکسر
مدت ایک سال وہ فاخر
وہ جو کہتے تھے سب سنتا تھا
کہا یہہ صبر یک برس کا تمام
اور اس راہ مین رکھا ہی قدم
اور یہ خلوت قرار پایا ہی
ایک دیدار ہی وہ نیک خصال
نہین لایق نگاہ رکھنا مال
بعد فراغت ہو دل کو یک حاصل
روتی پانی مین وہ بھگاتا تھا
بالیقین اتنے وقت کے درمیان
کہا بوبکر ایک دن مین گیا
مین نے پوچھا ہون دیکھکر اُسکو
نان یہہ ہی حلال یا ہی حرام
دیکھا پانی کا مین نے ایک گھرا
کہا پیاسے نے مین ہی رکھا تھا مگر
نقل ہی ایک گھر وہ رکھتا تھا

نہین قطع عمر کوئی انکا عدیل
اور ابراہیم ابن ادہم سے
شیخ والا حبیب راعی تھا
اُسکے توبہ کا یہہ لکھے ہین سبب
وای عینیک اذا سالا
خاک آلودہ آہ جو ہوئین
آیا از بہر درس وہ پھر اس
اور اسطرح سے کہا ای امام
اُسکے معنے سے نہین خبر اصلا
کیجے اعراض خلق سے ازروے
گیا یک روز اُسکے پاس امام
اور سُننے علم کے نئے باتین
جان لیویگا بالیقین بہتر
آیا کرتا تھا درس کے خاطر
کچھ نہ کہتا خموش ہی رہتا
کیا بے شبہ تیس برس کا کام
اور باندھا کمر کو وہ محکم
اپنے خالق سے دل لگایا ہی
خرچ کرتا تھا قوت مین یکسال
نہین نبیا یہہ نزد اہل کمال
طاعت حقمین لاگے میرا دل
وہی پانی وہ نوش فرماتا
پڑہیون پنجاہ آیت قرآن
اسکو حجرے مین اُسکے مین دیکھا
بول روتا ہی کس لئے اب تو
مین نے روتا ہون اسلئے ای امام
دھوپ مین اسکو اُسنے رکھا تھا
بعد ازان دھوپ آگئی اُسپر
دل جلا وہ شکست ہونے تھا

بیس سال اندرو جوانمردی
بار ہا روز و شب بلا تھا وہ
ابتدا سے بھی ایک حزن بڑا
کہ سنا ایک نوحہ گر یکروز
یعنے چہرہ وہ کونسا ہوگا
بس یہہ سنتے ہی بیقرار ہوا
بوحنیفہ نے دیکھا اسکا حال
دل ز دنیا ہوا ہے میرا سرد
کسی فتوے کسی کتاب مین بھی
وہین وہ خلق سے کنارا لیا
کہا یہہ کام کچھ نہین ہے بڑا
انکو پہچان لیوے صبر کرے
سمجھا داؤد یہہ ہے بہتر کام
اور ائمہ مین بیٹھتا تھا مدام
یہہ سماعت بھی اسکو نفع دئی
بعد آیا حبیب راعی پاس
اور کتابین وہ آب مین ڈالا
نقل ہے زر کے بیس دینارین
کہے اسکو کئی شیوخ کبار
کہا مین اس لئے رکھا ہون نگاہ
وہ مرے تک بھی میرے آوے کام
اور کہتا کہ چاہیے خاطر
وقت ضایع مین کیون کرون اتنا
آہ یک خشک نان کا ٹکڑا
کہا کھانا یہہ چاہتا ہون مین
نقل کی ایک شخص نے پرسوز
دیکھکر اُسکو مین نے پوچھا ہے
اب مین کرتا ہون شرم مولا سے
ایک چشمہ جب اُسکا گر جاتا

بوحنیفہ کی کی تھی شاگردی
اُنسے صحبت بہت رکھا تھا وہ
آہ باطن مین اُسکے غالب تھا
عربی بیت یہہ پڑھا دل سوز
جو یقین خاک ریختہ ہووا
درد اُسکو بڑا ہوا پیدا
پوچھا اُسکو یہہ کیا ہی ترا حال
اور پیدا ہوا ہے دلمین درد
نہین پایا ہون اُسکی مین معنی
معتکف اپنے ہی مکان مین ہوا
کہ رہے معتکف تو گھر مین سدا
رہے خاموش اور کچھ نہ کہے
کہ جو کہتا ہے وہ امام ہمام
اور نکرتا تھا زینہار کلام
اُسکے حق مین بہت مفید ہوی
پایا اُس سے کشود ہو تھا بس
اور لوگون سے انقطاع کیا
ہاتھ آئے تھے اسکو ترکے مین
تجھکو اس رہ مین چاہیے ایثار
کہ ہوسکین مجھکو شام و پگاہ
ہووے فکر معاش سے آرام
جتنی فرصت کہ چاہیے آخر
وقت اتنا پڑھون کلام خدا
ہاتھ مین لیکے اسنے روتا تھا
پر نہ یہہ بات جانتا ہون مین
کہ گیا اُسکے پاس مین یک روز
کیون سلائے مین اسکو رکھا ہی
کہ تنعم کرون مین نفس لئے
ہو رہے چشمے مین جا کے وہ رہتا

پوچھے کیونکر مرمت خانہ — تو کرتا ہے بولا وہ دانا — حق تعالی سے عہد باندھا ہون — کہ نہ دنیا مین کوئی عمر بھر ہون
گر پڑا ہی تمام گھر اسے عزیز — باقی یک اسکی رہگئی دہلیز — اور رحلت کیا ہی وہ جس شب — جلد دہلیز بھی گری وہ تب
نقل ہے ایک شخص نے آیا — دیکھہ اسکا مکان کہنے لگا — کہ شکستہ ہوا ہی تیرا گھر — گر پڑیگا قریب ہی رہبر
کہا مین بیس برس سے ای یار — رہتا ہون اس مکان مین لیل و نہار — اور مین اس مکان کے سقف اوپر — کبھی ہرگز نہین کیا ہون نظر
نقل ہی اس سے پوچھے ہین یہہ بات — کیون نہین بیٹھتا تو خلق کے سات — یون دیا ہی جواب وہ محزون — آہ مین کسکے ساتھہ مل بیٹھون
بیٹھون گر دل کے لیے چھوٹون سے — نہین کہتے ہین حکم دین کا مجھے — اور ہین جو بزرگ تر مجھہ سے — مین اگر بیٹھون جاکے ساتھہ انکے
نہ وہ دکھاتے ہین مجھہ کو میرا عیب — بلکہ مجھکو سنوار کرتے ہین زیب — وہ دکھاتے ہین مجھکو باعزت — صحبت خلق مین ہی یہہ آفت
پوچھے کیون نہین نکاح کرتا تو — یون دیا ہی جواب تب انکو — آہ مین نے اگر نکاح کرون — سر برہنہ مین سکے ہی سیر کرون
نقل ہے ایک شب تھی روشن تر — چڑھا داؤد نے چھاڑی پر — گر نظر دیکھتا تھا سوی سما — فکر ملکوت مین وہ کرتا تھا
اور خوف خدا سے روتا تھا — اشک سے اپنے منہ کو دہوتا تھا — اور بیہوش ہو زمین پہ گرا — ایک ہمسایا دوڑتا آیا
ہاتھہ اسکا پکڑ اٹھایا ہے — پوچھا کس نے تجھے گرایا ہے — کہا مجھہ کو خبر نہین اصلا — کہ چھاڑی سے کسطرح مین گرا
نقل ہے دوڑتا تھا وہ فاخر — سوے مسجد نماز کے خاطر — لوگ پوچھے ہین اس سے ای داؤد — کس لئے دوڑتا ہے یون وہ
انکو بولا کہ شہر کے در پر — ایک ہی منتظر مرا لشکر — اہل لشکر ہین کون پوچھے جب — کہا اہل قبور ہین وہ سب
اور جب پھیرتا سلام نماز — بھاگتا گھر طرف وہ پاک انداز — خلق سے تھی اسے بڑی وحشت — انکی صحبت سے تھی بڑی نفرت
نقل ہے ایک روز ماں اسکی — سخت تر دھوپ مین اسے دیکھی — بیٹھا تھا زیر آفتاب عیان — اور تھا عرق اسکے تن سے روان
بولی اسکو کہ اے فرزند — ای مرے نور چشم ای دلبند — صایم الدہر ہی یقین تو مدام — آکے سایہ مین لے تو کچھہ آرام
اسنے بولا کہ ای مری مادر — شرم ہی مجھکو حق سے شام و سحر — راحت نفس اپنی چاہون مین — اسکے خاطر قدم اٹھاؤن مین
نقل ہے نان اسنے کھاتا تھا — ایک ترسائی رہ سے جاتا تھا — ایک ٹکڑا اسے دیا داؤد — اس تبرک کو اسنے کھایا زود
زن سے اس رات مین جماع کیا — حمل اس رات مین ہی ٹھہر گیا — شیخ معروف کرخی والا — جان اس حمل سے ہوا پیدا
یون کہا بو ربیع عالیشان — واسطے جسکو بولتے ہین جان — مین نے داؤد سے کہا جاکر — کہ مجھے ایک اب وصیت کر
کیا ارشاد صم عن الدنیا — اور افطر کہا عن العقبی — یعنی دنیا سے روزہ رکھہ ای یار — اور اسے آخرت سے کر افطار
موت کا انتظار کر ای سعید — اور ٹھہرا تو اپنی موت کو عید — اور اسطرح بھاگ لوگون سے — آدمی جونکہ شیر سے بھاگے
اور چاہا وصیت یک دوسرا — اسکو بولا زبان کو اپنے بچا — اسنے بولا کہ اور زیادہ کر — کہا تنہا ہو خلق سے یکسر
اور یہہ طاقت نہ گر تجھے حاصل — خلق سے سب اٹھا تو اپنا دل — کہا اس سے بھی اور زیادہ کر — تب لگا بولنے وہ نیک سیر
بس ہی اس جہان بیچ تجھکو یقین — کہ سلامت رہے یہہ تیرا دین — اور وصیت کسی نے چاہا ہی — اسکو اسطرح تب وہ بولا ہی
کہ تو دنیا مین آرزو کے سات — جہد کر اسقدر رہی بس ذات — تجھہ کو دنیا مین جسقدر رہنی مقام — اور یہہ دنیا مین تجھہ کو آوے کام
بس جہد اپنی آخرت کے لیئے — کوشش جہد اسقدر کیجیے — کہ تجھے آخرت مین ہووے مقام — وہ تجھے آخرت مین آوے کام
اور وصیت کسی نے چاہا جب — اسکو اسطرح وہ کہا ہی تب — مردگان تیرے منتظر ہین تمام — ہین تیرے انتظار مین مدام
اور کہا ایک مرد سے اپنے — کہ اگر تو سلامتی چاہے — تو سلام و وداع تو کر ای یار — دار دنیا کو کیجیے یکبار

اور کراہت تو جانتا ہی اگر
نقل ہے شیخ دین فضل عیان
دل دیا اسپہ فخر کرتا تھا
کوئی بولا ہی دیکھ اے جولان
یعنے مکروہ ہی جو ہے فضول کلام
پیش اُسکے ہو خوار تر دنیا
اہل دنیا کو دیکھتا تھا جب
نقل ہے اسطرح کہتا تھا
کرتا فقرا کا بیشتر اکرام
نقل ہے ایک شخص صبح و مسا
کیا داؤد نے اُسے ارشاد
نقل ہے صاحبین کے درمیان
اور جیسے صاحبین ہو سو اس
اور محمد طرف توجہ لا
قول بیشک یہ بہت راہی بے عیب
بولتا تھا کہ قول یہ ہی راست
کیون تو کرتا ہی ایک کا اکرام
چھوڑ اپنا متاع و مال و منال
ابو یوسف نے چھوڑ فاقہ و رنج
بو حنیفہ یہ گرچہ ظلم ہوا
جو کہ اُستاد کا خلاف کرے
چاہتا ہون زیارت داؤد
نہین داؤد سے ہوا ماذون
اور بولا کہ تو سفارش کر
کہا جو اہل ظلم دنیا دار
ہوتے کے مجبور یون کہا وہ تب
اور یہ ای میرے قادر علام
وقت رخصت کے یک خریطۂ زر
پر نہین وہ کیا اجابت ہی

ایک تکبیر بولا عقبی پر
صاحب ورع سالک محتاط
صاحب ریاضت
فضل اسکا نظر مین و ہر تا تھا
تا کہین تجھ پہ نا گرے یہ مکان
سو فضول نظر ہے یونہی حرام
شیخ داؤد اسمین تھا یکتا
قدح انکی زبان پہ لاتا تب
تو ہو کے جب بیٹھتا ہو مین کیڑا
معتقد انکا تھا وہ سچے مدام
شیخ داؤد کا ملازم تھا
ای فلان بات خوب یہ رکھیو یاد
جبکہ آتا خلاف ای ذیشان
آتے بااتفاق اُسکے پاس
بات اُس سے خوشی سے کرتا تھا
بولتا ہی یہ مرد جو بے ریب
راستی مین نہ اُسکے ہی کم و کاست
نہین کرتا ہی دوسرے سے کلام
آیا ہی سوئے علم باجلال
علم دین متین کا پایا گنج
پر قضا وہ نہین قبول کیا
نہیں کرتا ہون بات مین اُس سے
مجھکو لے چل تو اُسکے پاس ازود
ہو گیا ہی طول تب ہارون
ملے ہارون سے تا کہ تیر اسیر
ہو وین کیا مجھکو اُنسے ہی ورکار
کہ تو قرآن مین ہی کہا یا رب
کیا مجھے ہی یہ ظالمون سے کام
کیا ہارون اُسکے پیش نظر
بولا اسکی مجھے نہ حاجت ہی

یعنے دونون کو چھوڑ از دل
بالیقین اپنی عمر مین دو بار
سقف اسکے مکان کا ٹوٹا تھا
کہا مین جب سے اسمین رہتا ہون
اور معروف کرخی یون بولا
اہل دنیا بھی اور سب دنیا
تا ہو دنیا سے خلق کو نفرت
متغیر وہین ہو میرا دل
انکی حرمت بجا وہ لاتا تھا
اور رہ آن ہر زمان اکثر
جون کراہت ہی بولنا اکثر
پیش داؤد تب وے آتے زود
ابو یوسف طرف وہ اہل صفا
گر محمد کا قول ہو بصواب
ابو یوسف کا قول گر ہو صحیح
پوچھے لوگون نے اسطرح اسکو
یون لگا کہنے تب وہ شیخ زمن
سبب عز دین ہے علم بجا
پس برابر یہ ہونگے کیونکر
ابو یوسف کیا قبول قضا
نقل ہے جو خلیفہ ہارون تھا
ابو یوسف نے اُسکے گھر آیا
ابو یوسف نے ازپی مقصود
تب سفارش کئی وہ نیک شعار
کہی حق ہے دودھ کا ای پسر
حق مادر رکھے نگاہ سدا
پیش ویا اذن ہر دو آئے مین
اور بولا حلال ہے یہ مال
میرا وجہ حلال ہے یک گھر

یا تو ہو وے یقین بحق واصل
پایا داؤد کا جو تھا دیدار
نیچے داؤد اُسکے بیٹھا تھا
سقف پر یہ کبھی نہ دیکھا ہون
کہ کسی شخص کو نہ مین دیکھا
کم تھے ذرے سے اُسکے پاس بچا
دل مین اُنکے نہ انکی ہو رغبت
نہ حضور و سکون رہے کامل
اور مروت سے پیش آتا تھا
اُسپہ کرتا تھا شوق دل سے نظر
یون کراہت ہی دیکھنا اکثر
حکم کرتا تھا اُنمین تب داؤد
سر بسر پشت اپنی کر دیتا
بولتا تھا وہ اسطرح بشتاب
نہین لیتا تھا نام اسکا صریح
کہ معظم ہین علم مین ہر دو
کہ بلاشک محمد ابن حسن
اور ہے اسمین لذت دنیا
فرق دونو مین ہے بڑا اشہر
اپنے اُستاد کا خلاف کیا
ابو یوسف سے ایکبار کہا
گھر مین آنیکا اذن تب چاہا
تب گیا نزد مادر داؤد
پر قبولا نہین ہے وہ زنہار
اذن دے اسکو رکھکے پیش نظر
اور ہی اسکی رضا مین میری رضا
صحبت پاک اُسکی پائے نہین
خرچ مین اُسنے لاکھو شمال
تھا اُسے بیچ کچھ رکھا ہون

خرچ کرتا ہون لکو صبح و مسا
حق سے امید یہہ رکھا ہون میں
اور وکیل اُسکے خرچ کا جو تھا
ایک ہی دانگ ایک فی یقین
کہا داؤد آج کی ہی وفات
وہ کہا آج مین حساب کیا
اُسکی مادر سے جا کئے ہین سوال
آخر شب مین سر بسجدہ ہوا
اسیہی سجدے مین کی تھی رحلت
زیر سر اپنے خشت ایک لیکر
ایسی حالت مین وہ گرامی شان
تا ہوا مین تو اُسکے یک ساعت
نفس غالب کبھی نہ تھا مجھہ پر
زیر دیوار دفن کیجے مجھے
اُسکو لوگون نے خواب مین دیکھا
خواب دیکھا سو شخص نے آیا
جبکہ رحلت کیا وہ صاحب راز

ہوتا تھا ہون یہہ خدا کے
گر قبول ہو وہ دعا میری
ابو یوسف نے اُس سے یون پوچھا
خرچ ہوتا ہے اُسکا سبکے نہیں
ابو یوسف کی تھی یہہ سچی بات
اُسکے نفقے سے کچھہ نہ باقی رہا
کیا تھا اُسکے وفات کا احوال
پھر اُٹھایا نہین وہ سر اپنا
حق تعالی کی اُسپہ ہو رحمت
لیتا تھا گھر کے آستانے پر
کر رہا تھا تلاوت قرآن
پاوے آرام و چین سے راحت
اب تو رکھتا ہی یونہی اولی تر
تا کوئی آگے میرے نا گذرے
کہ یقین وہ ہوا مین اُڑتا تھا
تا خبر دیوے جلد اُسکو جا
آئی ہی آسمان سے یہہ آواز
ہو وین کیونکر مناقب اُسکے رقم

کہ یہہ نفقہ تمام ہووے جب
اور وہ تھیلی نہین لیا زنہار
کتنے باقی ہین اُسکے اب پیسے
ابو یوسف نے ایک دن دریافت
پوچھے کسطرح یہہ تو جانا ہی
ہو مجھے اُسکی دعا اجابت ہو
وہ کہی کل کی رات سب کا مل
مین کئی اُسکے پاس جا آواز
ایک بزرگ اسطرح دیا ہی خبر
آہ اُس دم بڑی حرارت تھی
مین نے اسکو کہا تو گرما ہے
وہ کہا مین نے شرم رکھتا ہون
اور اُسی رات اُسنے رحلت کی
پس کئے دفن اُسکو ایسا ہی
اور اسطرح بولتا تھا پکار
بس اُسی شب کیا تھا وہ رحلت
پہنچا داؤد آج بر مقصود
روح اللہ روحہ الاکرم

خرچ کر کے نفقہ سو جو بچی
پھر وہ دو واپس چلا گیا چار
وہ کہا دو عدم مین دیکے
بیٹھا تھا پشت کر کے وہ محراب
اُسکی رحلت تو کیون پہچانا ہی
پس کیون آج اُسکی رحلت ہو
تھا یقین وہ نماز مین شاغل
ہی پس سر اُٹھا ہی وقت نماز
مین نے داؤد سے کہا تھا گھر
نزع کی سخت اُسپہ حالت تھی
اس بیابان مین لیجاؤن تجھے
راحت اتنی بھی نفس کو دیون
آگے مرنے کے یہہ وصیت کی
ہی وہ مدفون آج بھی یونہی
کہ مین زندان سے پایا آج چھٹکا
روح پر اُسکے حق سے ہو رحمت
اور اُس سے خدا ہوا خوشنود

ذکر حارث محاسبی رحمۃ اللہ علیہ

سید اولیا گرامی شان
انبیا کے علوم کا وارث
اُسکا در علم باطن و ظاہر
اولیا کے زمان کا مرجع تھا
اور بڑا صاحب سخاوت تھا
تھا یگانہ بعالم تجرید
پیشوا تھا وہ شریعت مین
اور بغداد مین وہ کی رحلت
شیخ اُسکا صاحب الاکرام
جو مین وہ سب شیوخ با تکریم
اُن سے شیخ محاسبی اول

نام نامی جو اُسکا ہی حارث
تھا عدیم النظیر وہ فاخر
فضل و علم و عمل کا مجمع تھا
صاحب ہمت و مروت تھا
اور محقق تھا در رہ توحید
مجتہد تھا بڑا طریقت مین
حق تعالی سے اُسپہ ہو رحمت
ہین ہمارے شیوخ قدس مقام
کر و حال اُنکا اُنہی تسلیم
وہ جو ہے جنید شیخ اجل

مشتہر ہے محاسبی سے بجا
اور علم معاملات اندر
اور اُسکے بہت ہین تصنیفین
کیا فراست مین اور صداقت مین
اور تھے اُسکے مجاہدات بلند
حسن بصری کے وقت مین ہی بجا
ابو عبد اللہ شیخ راہ نما
تھا اور قال مین صباح و مسا
نہیں جاری سے اقتدا اُنکا
اور شیخ رویم حسوم ہی

عمدۂ اتقیا رفیع مکان
از کبار مشایخ و علما
اور اشارات و رمز مین تھا معیم
کی ہے تصنیف اُسنے ہر فن مین
مثل اُسکا نہ تھا گیا ست مین
بھی تھے اکثر مشاہدات بلند
ہوا شیخ محاسبی پیدا
دائما اسطرح سے کہتا تھا
کروبے شبہ اقتدا اُنکا
وہی پانچون کا اقتدا ہیگا
شیخ ابن عطا جہاں عجم

پانچوان ہے عمر بن عثمان
پیشوا تھے وہ شریعت کے
یہہ پانچون سے اعتقاد رکھیں
کر رکھیں اُس سے اعتقاد بدل
ملے دینار اسکو تیس ہزار
تا وہ سلطانِ وقت کو پہنچے
کہ خبر دے چکے ہین یون حضرت
ایک حدیث صحیح ہے اشہر
نقل ہے جب وہ شیخ با اکرام
تا بحدیکہ انگلیان اسکے
چھوڑ دیتا تھا وہ طعام تبھی
دیکھا مین نے بہت بھوکا تھا
ایک لقمہ وہان مین اپنے رکھا
اور ناچار اسکو تھوک دیا
پریشان یک مجھے دیا ہی رب
اب بھی گرچہ بہت ہی جہد کیا
مین نے بولا کہ ایک خویش مرا
پس وہ تشریف میرے گھر لایا
ہان کہ ایسا طعام لاوے تو
بس میرے راز کے سوا کوئی آن
کہ مرا راز کوئی حق کے سوا
اس سرِ اتقیا کا ایسی سبب
جب گئے ہین یہ خصلتون پہ قیام
جس قدر عزم ہو تو مہی ای جان
ہین مجرب یہ خصلتین کہ پائی
نہ تو جہوٹی قسم ہونا سچی
بلکہ وعدہ ہی نا کرے زنہار
پانچوین قول و فعل سے کا ہی
[illegible]

کیون سے جو تھا گرامی شان
معتقد اسکے تھے رہ طریقت کے
اور یہہ پاکون کا اقتدا بھی کرین
اور کرین اسکا اقتدا حاصل
اسکے میراث پدر سے ای یار
متصرف وہ اسمین نا ہووے
قدریہ ہین مجوسِ این امت
کہ کہے ہین خدا کے پیغمبر
ہاتھ کرتا دراز سوئے طعام
اسکے نہین اختیار مین رہتے
لقمۂ شبہ وہ نکھایا کبھی
مین کہا اب طعام لاؤن کیا
گرچہ کھانے مین جہد کرتا تھا
وجہ اسکا مین اُس سے تب پوچھا
لقمۂ شبہ مین اُٹھاؤن جب
پر نہین حلق مین وہ لقمہ گیا
یہہ طعامِ عروسی بھیجا تھا
مین نے یک نانِ خشک لے آیا
اور فقیرون کو وہ کھلاوے تو
نہین ہرگز سنے ہین میرے کان
نہین پہچانتا تھا بس صلا
ہوا شیخ محاسبی ہی لقب
پائے ہین اُنسے وے بلند مقام
نفس کی ہو مخالفت آسان
پائے ہین لوگ اُنسے ارشاد
نہ عمداً اور نہ سہواً چوک کبھی
کیونکہ وعدہ وفائی ہی دشوار
نہ کسی پہ دعا کرے بد بھی
نہ گواہی کسی پہ دے بہ نفاق

کہ تھے یہہ پانچ عارف فاخر
جو ہین اُنکے سوا شیوخ کرام
اور بزرگون نے یون کہی ہین نشان
نقل ہے پدر شیخ حارث کا
نہین اسنے لیا وہ مال و منال
پوچھے لوگون نے کیا ہی اسکا سبب
آہ تھا باپ بھی مرا قدری
کہ مسلمان ز ترکۂ کافر
شبہ گر اُس طعام مین ہوتا
تب سمجھتا تھا وہ انکو انجام
شیخ والا جنید فرمایا
وہ اجازت دیا مین گھر مین گیا
پر اُسے کھا نہین سکا آخر
کہا مین نے بہت ہی بھوکا تھا
ہاتھ میرا نہووے تابعدار
کیا حقیقت ہی اس طعام کی بول
بعد مین نے کہا کہ ای رہبر
ہم دونون خوشی سے وہ کھائے
بعد کہنے لگا وہ صاحب حال
بعد پھر تا بہ عرصۂ سی سال
نقل ہے وہ محاسبہ اکثر
کیا اہل محاسبہ کے تئین
قوت عزم و قہر نفس سے ہی
پس یہہ جتنے کہ خصلتین منگے
پہلی خصلت یہی ہی ای دلبند
دوسری یہہ کہ جھوٹ سے کوئی نجہی
چوتھی لعنت کسی پہ بھی نکرے
اور بدلہ نچاہیے تو اسکا
کہ بد دعا ہی سخت بات یہہ [illegible]

جامع علم و باطن و ظاہر
بس رکھیں اُنسے اعتقاد تمام
ابو عبداللہ اُنسے ہی چھوٹا ان
دارِ دنیا سے جبکہ نقل کیا
بلکہ بھیجا اُسے بہ بیت المال
شیخ اسطرح اسکو بولا تب
مین اسیواسطے ہون اس سے بری
نہین میراث لیوے ہے آخر
وہین ہوتا کشیدہ ہاتھ اسکا
نہین وجہ حلال سے یہہ طعام
ایک دن اسکے پاس مین آیا
جو تھا حاضر طعام لے آیا
بعد ازان اُٹھکے وہ گیا باہر
تیری آزردگی نہین چاہا
کھا نہ سکتا ہون اسکو مین زنہار
عقدہ اس راز کا تو مجھ پر کھول
آج تشریف لا تو میرے گھر
بعد اسطرح سے کہا ہی مجھے
فضل سے حق کے مدتِ سی سال
منقلب ہو گیا ہی میرا حال
کرتا تھا دائما بشام و سحر
جانئے چند خصلتین ہین یقین
جا تو ہر چیز ہاتھ آوے گی
دل سے اُنپر مداومت کیجے
کہ خدا پر نکھاوے تو سوگند
تیسری وعدہ بھی نا خلاف کرے
گرچہ وہ ظلم بھی کیا ہووے
بلکہ صابر رہے برائے خدا
نسمجھ ایسی بات کو آسان

ساتوین قصد کو بھی عصیان کا — سر و ظاہر نہ کیجئے اصلا
آٹھوین تو کسے مذمت آثار — اور کسی پر نہ ڈال اپنا بار
دسوین یہہ ہے کہ درجہ والا — تو کسی پہ نہ ڈھونڈھئے اصلا
اور اسکے کلام فیض نظام — ہین بہت ہیچ مگر سکا ارقام
ترکہ تھا اسکے باپ کا بسیار — پر نہ کچھ اس سے وہ لیا زنہار
اور خدا سے بھی اپنے سب عطا — تو شب و روز پر گریہ سے با
تو نہین سمجھی کہ سارے لوگون ہے — رشتہ طمع اپنی قطع کرے
اور پر ہے جس شر پہ تیری نظر — جان لے اسکو آپ سے بہتر
جب کہ رحلت کیا ہی وہ اکرم — پاس اسکے نہین تھا ایک درم
اسی تنگی مین وہ وفات کیا — قدس اللہ سرہ الوالا

ذکر حسین منصور حلاج رحمۃ اللہ علیہ

قدوۂ واصلین حق آگاہ — شیخ مقتول فی سبیل اللہ
فرد یکتا حسین بن منصور — جو ہے حلاج سے بہت مشہور
روئی کی ڈھیک تھی کسی جا پر — ہوا ایک روز اسپہ اسکا گذر
روئی و صاف ہوگئی ہی سب — خلق حیرت مین آئے دیکھ یہہ تب
تھے بہت اسکے کار و بار عجب — اور تھے اسکے واقعات غریب
تھا ہوائے وصال کا شہباز — تھا اسے اوج عشق مین پرواز
اسکے ہینگے ریاضتین بسیار — اور ہین اسکے کرامتین بسیار
اور تصانیف اسکے ہین بسیار — اور ہین اسکے عبارتین دشوار
اور معارف بہت ہین اسکے دقیق — کہ ہے بحر معانی انکی عمیق
تھی فراست مین اور کیاست مین — فہم کی اور نظر کی دقت مین
سب کمالات مین یگانہ تھا — تیر آفت کا پر نشانہ تھا
تھا خواص و عوام خرد و کلان — اسکے تھے کار و بار مین حیران
اور کہتے تھے اسطرح باہم — کہ تصوف مین نہین ہی اسکو قدم
اور شبلی امام اہل رشاد — اور بوالقاسم نصیر آباد
جمع متاخرین مین اسے یار — کوئی نادر لیا رہ انکار
اور شیخ اجل ابو القاسم — کہین کرکانی جسکو ہی سالم
اور کل گلشن خدا دانی — شیخ یوسف امام ہمدانی
اور بعضون نے کام مین اسکے — متوقف ہوئے سکوت کرکے
گر وہ مقبول ہووے نزد ودود — تو ہو ورنہ خلق سے مردود
کئے بعضون نے سحر کی نسبت — کئے بعضون نے کفر کی تہمت
یہان کہا ہی یہ واقف اسرار — شیخ عطار قدوۂ اخیار
جو ہے اسکو اتحاد و حلول — اسکی [illegible]
حلول ہے اسکی [illegible] — [illegible] کتاب [illegible]
شیر غران بیشۂ تحقیق — میر میدان عرصۂ تدقیق
اسکا حلاج جو ہوا ہی لقب — ہے یہی جانئے تو اسکا سبب
طرف اسکے وہ یک اشارہ کیا — دانے اسکے ہوئے سبھی جدا
اسکو حلاج کہنے لاگے پکار — تھا وہ حلاج پنبۂ اسرار
تھا رہ اشتیاق مین پیچان — اور نار فراق مین حیران
اسمین تھا اسکو جد و جہد عظیم — اور تھا اسکو ذوق وجد عظیم
اور ہمت بلند تھی اسکی — منزلت ارجمند تھی اسکی
اور مغلق ہین اسکے سب گفتار — سب بھرے ہین حقایق و اسرار
اور فصیح و بلیغ تھا ایسا — کہ نہ تھا اسکے عصر مین ویسا
وقت مین اسکے کوئی فرد دگر — نہین اس با صفا کا تھا ہمسر
آہ اول سے لیکے تا آخر — وہ بلا مین تھا صابر و شاکر
بلکہ اکثر شیوخ بھی ناچار — کرتے تھے اسکے حال کا انکار
مگر ابن عطا و عبد اللہ — جو تھا ابن خفیف حق آگاہ
اور متاخرین جتنے ہوئے — سب کے سب اسکے تئین قبول کئے
اور ابو الخیر بوسعید شہیر — علم و عرفان مین نہ تھا جسکا نظیر
اور شیخ جلیل فارمدی — بوعلی سنگی گنبد جسکی
اسکے باتون کے ساتھ ہین ہمراز — [illegible]
جون ابو القاسم قشیری جان — باب مین اسکے یون کہا ہی عیان
گر وہ مردود ہووے نزد خدا — فائدہ کب قبول خلق سے کیا
گر تعلق حلول سے منسوب — کئے بعضون نے [illegible]
ہووے توحید جو نہ سو گناہ ہو — اتحاد و حلول سے سمجھے او
ہی طریقت سے بیخبر مطلق — حقیقت کا [illegible] لیا ہی سبق
[illegible] مدعی [illegible] — [illegible]

آپ کو بولتے تھے حلاجی / پہونچی ایمان کی انکی تاراجی
انکا نفس سخن نہین پاۓ / اتحاد و حلول مین آتے
دار پر اسکو جو چڑھاتے تھے / اور انکار مین جو لاۓ تھے
تا سمجھہ اسپہ فخر کرنے لگے / محض تقلید سے نہ ورنے لگے
جو پسے دو تن کو طرح مین ناچار / مثل منصور کے چڑھاۓ دار
شیخ عطار بولتا ہی یہان / عقدہ یون اسکا کھولتا ہی بیان
تھا رسے ایک حضرت موسی / صوت انی انا اللہ جسکہ سنا
اور نہین وہ درخت تھا درمیان / بات ثابت ہی یہہ تو از قرآن
پس انا الحق اگر وہ یونہی کہے / تو روا ہی وہ درمیان نہ ہے
جسطرح سے کیا ہی رب نام / عمر فاروق کی زبان پہ کلام
یونہی منصور کی زبان پہ خدا / بالیقین جانے کلام کیا
پس یہان اتحاد او حلول / ہے کہان بات یہہ نہین معقول
اور بعضون نے یون کہا مسطور / کہ بعض ہو گئے ہین وہ منصور
ایک حلاج شیخ ماجد ہے / اور منصور دوسرا ملحد ہے
تھا وہ ملحد بہ بلدہ بغداد / وہ بن ذکریا کا تھا حماد
تھا وہ زندیق قرمطی کا رفیق / اور ساحر تھا اسنے بالتحقیق
اور عبد اللہ بن خفیف جو تھا / دیکھے اسطرح سے فرمایا
کہ تھا منصور شیخ حقانی / بسکہ از عالمان ربانی
اور شبلی نے یون کہا ای عزیز / مین بھی حلاج ہنگے یکہی چیز
ایک تھہرے جب مجھے مجنون / اس لئے مین خلاص پایا ہون
میری بے عقلی کی مجھے بے باک / عقل اسکی گئی ہے اسکو ہلاک
گر وہ مطعون واقعی ہوتا / یہہ بزرگان نکرتے اسکی ثنا
پس یہہ ہر دو بزرگ کامل مین / پس یہہ ہر دو گواہ عادل مین
اور وہ جب تلک جیتا تھا / سر و ظاہر عمل مین تھا یکتا
تھا ہمیشہ خدا کی طاعت مین / بس عبادت مین اور ریاضت مین
شہر عرفان مین مقیم تھا وہ / شرع و سنت پہ مستقیم تھا وہ
اور تھا در لباس اہل صلاح / اور چھپا تھا خلق کی اصلاح
اور بعضے شیوخ اہل ہدا / اسکو جو آپ سے کئے ہین جدا
دین و مذہب کا وہ نہین تھا سب / بلکہ تھا جانے یہہ اسکا سب
کہ مشایخ کا وہ عقوق کیا / ترک انکے یقین حقوق کیا
سر مستی سے انکا عاق ہوا / انکو سب ناگوار شاق ہوا
سفر اول جو وہ کیا خوشحال / عمر پاک اسکی تب تھی ہجدہ سال
شہر تستر مین پہلے وہ آیا / اور دو سال تک مقیم رہا
شیخ عبد اللہ تستری کے حضور / کیا دو سال استفادہ نور
گیا تستر سے جانب بغداد / آیا تستر طرف وہ پھر دلشاد
شہر تستر سے پھر وہ نکلا ہی / اور بصرے مین جاکے پہنچا ہے
بعد نزد عمرو بو عثمان / بعد و چرقہ طرف گیا ہی جان
اور وہ باصفا اٹھارہ ماہ / رہا صحبت مین اسکے شام و پگاہ
ابو داؤد نے اسکو دی دختر / ہوا دہ تجیدہ بعد اس سے عمر
بعد بغداد کے طرف آیا / اور صحبت جنید کی پلیا
حکم خلوت اسے کیا ہی جنید / یہہ اجازت اسے دیا ہی جنید
رہا صحبت مین اسکے چند ایام / پس کیا ہی وہ قصد بیت حرام
اور مجاور وہان رہا یکسال / فیض ہر وعیان لیا یکسال
ساتھ لے صوفیہ کا ایک گروہ / اہل بغداد مین پریشان و شکوہ
اور نزد جنید آیا ہے / مسئلہ ایک اس سے پوچھا ہے
پر جنید اسکو نہین جواب دیا / اور اسطرح اسکو فرمایا
کہ ہر جوب کو تو شرح کرے / یعنی تو عنقریب دار چڑھے
کہا جب دار دیوینگے مجھ کو / اہل صورت کے ہو لباس مین تو
فضل ہے جسکے سب علما / دیئے ہین اسکے قتل پر فتوی
ایک فتوی نہ دیا ہی جنید / قتل کا حکم مین کیا ہے جنید
اور جلیفہ نے دیکھ کہنے لگا / کہہ ہے لازم جنید کا لکھا
سید الطایفہ جنید نے تب / صوفیہ کے لباس مین تھا جب
جا نبھا [illegible] سے [illegible] آیا / اور لباس ملون کا پہن لیا
عربی فقرہ یہہ لکھا آخر / حکم کرتے ہین ہم نئے بر ظاہر

یعنی منصور کا [illegible] حال / اور [illegible] سے [illegible] تھا

نحن نحکم بالظاہر

[illegible] قتل تو [illegible] ہو / [illegible] اسکے مسئلہ کا جواب

[illegible] حکم قتل [illegible] / [illegible] جب جنید [illegible]

رہا ایک سال کے قریب مقیم
اور وہ خلق سے تھا بے پروا
عمر مذکور اور ابو عثمان
اور منصور بھی ملول ہوا
رہنے لگا ہی اہل دنیا سات
کئی دن نام سیستان و کرمان مین
بعد فارس طرف وہ آیا ہے
پس وہ مقبول خاص و عام ہوا
کہ لگے بولنے صغار و کبار
قصد کعبہ اُسنے کیا پھر جوش
ابو یعقوب نہر جوری مگر
بعد کہنے لگا کہ جاتا ہون
بعد آیا ہے سوئی ہندستان
اور دعوت کیا ہے وہ اشرف
جب سفر سے یہ لوٹ آیا ہی
ہندیون نے اُسے عقیدت سے
اہل فارس نے کرتے تھے اِملا
مصطلم بولتے تھے ور بغداد
پھر وہ مکے طرف گیا خوشحال
حال اسکا لیا ہی و سر از رنگ
کہ نہ مدرک کسیکو ہوتے تھے
تا بحد یکہ اُسکی تین آخر
نقل ہے بالدوام وہ دن آت
پھر لنکیون نہ کھینچا ہی ریخ ایسا
دوستان نے کی ہی صفت پر ہج
شیخ حلاج بولتا تھا تب
[illegible]
[illegible]
[illegible]

اسکو بخشی خدا نے شان عظیم
نہ کسی سے تھا التفات اصلا
کئی نامے لکھے بہ خوزستان
ہوا آزردہ اُسنے دل اُسکا
کئی دن یوہنی تھا وہ نیک صفات
اور کئی دن رہا خراسان مین
اُس سے فارس نے بھی فیض پایا ہے
ایک عالم ہے اسکا رام ہوا
اُسکو حلاج رمز اور اسرار
ہوئے پھر بہت مرقع پوش
نسبت سحر آہ کئی اُس پیر
اب مین سوئے بلاد شرک یون
پھر خراسان طرف ہوا روان
چو طرف خلق کو خدا کے طرف
شہرہ اُسکا بہت ہی پایا ہی
جانئے بو المغیث لکہتے تھے
ابو عبد اللہ زاہد والا
اور بصرے مین مجز لہی و لشانی
اور مجاور وہان رہا دو سال
خلق ہوتے تھے دیکھ اسکو دنگ
عقل و ادراک اپنی کہوتے تھے
کئے پنجاہ شہر سے باہر
پڑہا کرتا تھا چار سو رکعات
سُنکے اِسطرح سے وہ فرمایا
ریخ و راحت کا نہو نمین نشان
مین نہ اب تک لیا کوئی مذہب
الف سالہ پڑھا تمازین بھی
[illegible]
[illegible]

معتقد اُسکے ہوگئے ہین کثیر
دل مین بعضون کے اُس لئے تغیر
سب خراسان کے لوگ پاس شتاب
جو ہی قرآن کا سامع و قاری ۔ انپہ نازل ہو رحمت باری
کہ فضیلت جسیم ہی اسمین ۔ اور اثر عظیم ہے اسمین
تا نہ شیطان دے فریب تجھے ۔ اور تباہی میں تجھکو نا ڈالے
خدمت خلق میں تو رہ مشغول ۔ اس سے درگہ میں ہووے تجھکو وصول
اسکی خدمت میں آئے سب احباب ۔ شیخ ایسا کیا ہی انکو خطاب
چار چیزون کی اب وصیت میں ۔ دیکھو کرتا ہون اب تمھارے تئین
کہ مری مسند خلافت پر ۔ جانشین ہووے جو نکو محضر
اور ہر دن تلاوت قرآن ۔ صبح کے وقت کیجو از دل و جان
اور اتارو تم اسکو حرمت سے ۔ اور نہ چہوڑو اسے کراہت سے
نقل ہے سب مریدون کے نام ۔ ایک کاغذ میں تھا کیا ارقام
نقل ہے اسکے بعد رحلت کے ۔ اسکو لوگون نے خواب مین دیکھے

اور پوچھے کہ خالق داور | کہا کیا تیرے ساتھ ای رہبر | کہا اللہ نے عنایت کی | اور پہلی یہی کرامت کی
کر وہ قرطاس ہین بھیجے جتنے نام | بخشا میرے لئے ہی انکو تمام | اور دعا وہ کیا ای رب میرے | کر زیارت مری جو آکے کرے
تو روا جلد اسکی حاجت کر | اور اسیر تو اپنی رحمت کر | ہی رجا اسکی ہو قبول دعا | قدس اللہ سرہ الاعلی

ذکر شیخ ابو الحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ

مہر اوج معارف و وجدان | بحر اجلال و مظہر فیضان | سر ابدال و قدوۂ اوتاد | فخر اوتاد و زمرۂ امجاد
عہد مین اپنے وہ گرامی شان | تھا گبار شیوخ کا سلطان | شیخ اشیاخ قطب ربانی | شیخ دین بو الحسن ہے خرقانی
اور اکابر جو تھے طریقت کے | اور اماجد جو تھے حقیقت کے | انکا سردار و پیشوا تھا وہ | رہنما انکا مقتدا تھا وہ
تھا اسے علم معرفت مین کمال | نہین تحقیق مین تھا اسکو مثال | تن سے ہر دم مجاہدہ مین تھا | دل سے دایم مشاہدے مین تھا
اور ہمت بلند رکھتا تھا | مرتبہ بس بزرگ تھا اسکا | نقل ہے بایزید بسطامی | قدس اللہ سرہ السامی
از براے زیارت شہدا | جب دہستان کے طرف جاتا | جب گذر اسکا ہوتا خرقان پہ | وہان رہتا کھڑا وہ پاک سیر
اور وہان ایک کھینچتا تھا دم | تب مرید اسکے پوچھتے تھے ہم | بو نہ کچھ سونگتے ہین ہم نے یہان | انکو یون بولتا وہ عالیشان
گرچہ چورون کا ہی یہ قریہ سو | اس سے آتی ہے ایک مرد کی بو | کنیت بو الحسن ہے اسکی بجا | اور معزز علی ہے نام اسکا
تین جہون مین وہ مکمل ہے | بالیقین وہ مرے سے افضل ہے | یعنے اہل و عیال را کہے وہ | بار انکا سدا اٹھاوے وہ
اور بوے وہ باغ ہین اشجار | اور زراعت کرے وہ نیک شعار | نقل ہے بعد بایزید ایجان | شیخ پیدا ہوا ہی در خرقان
اور منقول ہے کہ بارا سال | بو الحسن اپنے در شروع حال | شہر خرقان مین نماز عشا | جب جماعت کے ساتھ پڑہتا تھا
قصد بسطام کا وہ لاتا تھا | کہ زیارت کو اسکے جاتا تھا | منزلین قطع کر بلا وسواس | پہنچتا جا کے اسکی قبر کے پاس
قبر کے پاس جا کھڑا رہتا | اور اپنی دعا مین یون کہتا | کہ یقین بایزید کو اے خدا | تو جو خلعت کیا کرم سے عطا
بو الحسن کو بھی ایک حصہ دے | تیری الطاف اور عنایت سے | لوٹ آتا وہان سے پھر جولان | صبح پڑہتا تھا آکے در خرقان
از وضوی عشا وہ نیک انداز | پڑہتا تھا صبح کی مدام نماز | تھا اسی طرح بو الحسن کا حال | یونہی گذرے ہین پورے بارا سال
بعد بارا برس کے ای دمساز | اسکے مرقد سے یہہ سنا آواز | کہ تو ای بو الحسن سمجھ لیجے | وقت آیا یہہ بیٹھنے کا ترے
کہا ای بایزید بحر صفا | مین ہون متوقع تیری ہمت کا | کہ مین بے شبہ ایک امی ہون | رمز زاید نہ شرع کے جانون
پہ یہہ آواز آئی تربت سے | کہ یقین جو عطا کئے ہین مجھے | تیرے برکت سے ہی ہین وے سب | شیخ دین بو الحسن کہا یون تب
کہ بلا شبہ تیس برنون سال | تھا مرے آگے تو ای بحر کمال | تب کہا شیخ بایزید اسے | ہان مین دنیا مین تھا ترے آگے
لیک خرقان پہ جب گذرتا مین | ایک عجب نور دیکھتا تھا مین | کہ وہ خرقان سے لیکے تا بسما | ایک ستون سا بلند ہوتا تھا
اور ز درگاہ خالق متعال | ایک حاجت تھی میری تا تیس سال | میرے باطن مین تب کئے ہین ندا | کہ اسی نور کو شفیع تو لا
اسکی حرمت سے مانگئے ہم سے | ہم نے اپنے کرم سے دیوینگے | الغرض بو الحسن کہا ای جان | مین نے پہنچا ہون اکے جب خرقان
کیا آغاز درس قرآن کا | ختم جو ہیں سو زمین ہی ہوا | یک روایت ہی بایزید کہا | کیجے آغاز فاتحہ اسنے فنا
وہین آغاز فاتحہ سے کیا | پہنچا خرقان مین تو ختم ہوا | نقل ہی یک جماعت ای ہشیار | ہوی عازم سفر کی ملی یکبار
سب کئے عرض شیخ سے اکر | پر خطر ہے یہہ راہ اے رہبر | کر دعا گر کوئی بلا آوے | حق تعالی کرم سے دفع کرے

کہا کوئی اگر بلا دیکھو / تم نے اُسوقت مجھ کو یاد کرو
راہزن رہ میں اگرے اُنپر / اور لوٹے ہیں انکا مال و زر
وہ بھی بھول اُسکا جانو ای یار / وہ جو لادا تھا اُسپر اپنا بار
سارے چوروں نے جب گئے آخر / ہوا وہ شخص خلق پر ظاہر
اور پوچھے کہ کیا ہی تکا سبب / حق تعالی کو ہم پکارے سب
اور اُسنے کہا تجھے کیا ہے ندا / گم ہوا اُنکے ہاتھ سے جو تا
بحقیقت یقین خدا کے تئیں / جانیو تم پکارتا ہوں میں
حق تعالی زراہ لطف و عطا / وہ تمھاری مراد برلاتا
اگر کریں گے ہزار بار بھی یاد

بات یہہ وے نہیں پسند کئے / پس وے خرقان سے روانہ ہوئے
اُنہیں یک شخص نے ای فرخ پے / نام لے شیخ کا پکارا ہی
اُنسے غائب وہیں شتاب ہوئے / چور آن پر نہ دست یاب ہوئے
بعد جب پاس شیخ کے آئے / ماجرا راہ کا سب عرض کئے
ہاتھ سے اُنکے ہم نہ چھوٹے ہیں / مال و زر وے ہمارا لوٹے ہیں
شیخ بولا ہی ہے یہی راز / کہ پکارے ہو حق کو تم بہ مجاز
تم پکاریں اگر مجھے لوگو / بالیقیں میں پکارتا حق کو
جانیو تم مجاز و عادت سے / لاؤبالی سے اور غفلت سے
نفع کیا ہو تمھیں اے نیک نہاد

فائدہ از مترجم

ہوا معلوم اس سے اب سمجھو / اُسکی فریاد کو میں پہنچونگا
جو بلا میں مجھے کریگا ندا / اُسکی حاجت روا کراونگا
عرض کریں بہ بارگاہ خدا / کئی اقسام اُسکے بھی ہینگے
اور ندا جو کہ غیر حق کو کرے / انکی تفصیل شرح و بسط سے خوب

جانو اس قول سے یہی مراد / کہ کہا ہی وہ غوث اعظم جو
نکہ بالذات میں کرونگا روا / کہ بلا میں کرے جو مجھکو یاد
اُنہیں بعضے ندا تو ہیں جائز / غیر حق یہہ نکر سکے اصلا
میں لکہا ہوں تحفۂ مرغوب / اور بعضے روا نہیں ہرگز

نقل ہی یک مرید تھا اُسکا / ایک دن اذن شیخ سے چاہا
شیخ یہہ سنکے اسکو اذن دیا / کوہ لبنان پر وہ جا پہنچا
یک جنازہ بھی انکے تھا آگے / نہیں اُسپر نماز پڑھتے تھے
وے بزرگوں نے یوں کہا اُس سے / منتظر ہم ہیں قطب عالم کے
بات یہہ سنکے اسنے شاد ہوا / اور وہیں انتظار میں بیٹھا
وہ کہا میں نے شیخ کو دیکھا / کہ جماعت کی وہ نماز پڑھا
ہوکے ہشیار میں نے دیکھا جب / دفن مردے کو کر دئے تھے تب
کہے وہ بوالحسن ہے خرقانی / قدوۂ عارفان ربانی
میں نے بے اختیار رونے لگا / اور کہا میں مرید ہوں اُسکا
کہ وہ جرأت مری معاف کرے / تا بہ خرقان مجھ کو پہنچا دے
بعد جب وقت عصر آیا ہی / شیخ تشریف پھر بھی لایا ہی
وہ دیا ہی جواب لطف کے ساتھ / میں نے دامن میں اُسکے ڈالا ہاتھ
کہ جو دیکھا ہی آج تو ای یار / وہ کسی پر نہ کیجئے اظہار
کوئی زندہ مجھے نہیں دیکھا / شیخ دین شیخ بایزید سوا
اور پوچھا ہی وہ ای شیخ تجھے / کہہ سماع حدیث ہی کس سے

کہ میں اب جاؤں کوہ لبناں پر / قطب عالم نہ تا کروں میں نظر
جمع ہو یک گروہ تھی بیٹھی / اور مؤدب وہ روبقبلہ تھی
پوچھا اُنسے مرید نے بہ نیاز / کیوں نہ اُس پر گذارتے ہو نماز
کہ وہ یک دن میں آوے ہے پنج بار / اور امامت وہی کرے ای یار
ایک ساعت ہی یوں ہی جب گذری / وہ جماعت وہیں اُٹھی ہے سبھی
ہوا بیہوش میں نے کہا دہشت / ہوا ہشیار بعد ایک ساعت
اور وہ شیخ تھا روانہ ہوا / میں نے وہ کون تھا اُنہیں پوچھا
پوچھا میں کیا وہ پھر یہاں آوے / کہے ہاں عصر کی نماز کے لئے
آہ میں نے کہا تھا ایسی بات / تم سفارش کرو کرم کے سات
ایک مدت سے میں سفر میں ہوں / چاہتا ہوں کہ اب وطن جاؤں
میں اٹھا اور اسکے آگے گیا / اور ادب سے اُسے سلام کیا
پھر بھی دہشت مجھے ہوئی زیادہ / لطف سے اپنے وہ کیا ارشاد
کہ میں چاہا ہوں حق تعالی سے / کہ نہاں اس جہاں میں مجھکو رکھے
نقل ہی ایک شخص آیا ہے / اور سماع حدیث چاہا ہی
شیخ بولا سماع ہی زرسول / بات اُسکو نہ یہہ ہوئی مقبول

پس اسی شب میں بعالم خواب   دیکھا پیغمبر خدا کا جناب
دوسرے روز اُسنے آ بہ نیاز   کی پڑھنا حدیث کا آغاز
کہ نہیں یہ حدیث پیغمبر   پوچھا کیون ہوئی تجھے یہ خبر
یعنی دو ابروے مبارک پر   آکے میری پڑتی ہیگی نظر
کشیدہ میں اس سے اور ملول   پس نہیں ہیگی یہ حدیث رسول
بولا ہے کہ قید کر کے مجھے   جانب بلخ لیکے جاتے تھے
مجھ ہوئی میرے پیر سے تقصیر   تیری سو واسطے ہی یہ زنجیر
کہ جہازی یہ لے کھڑے ہیں پتھر   ملا اُسے ز والدین تیرے سر پر
ہاتھ میں اپنے لے بچا آتا تھا   نا گہان پاؤن میرا اسکو لگا
سنگ جو لوگ وے اٹھائے تھے   ہاتھ ویسے ہی اُنکے بند رہے
شیخ دین بو سعید عالیشان   اُس سے ملنے کو آیا تا خرقان
ہوے فارغ ہیں کہ طعام سے جب   اس سے یون بو سعید بولا تب
نہیں ہمکو سماع کی پروا   اُسکی حاجت نہیں ہمیں اصلا
الغرض شیخ جبکہ اذن دیا   وہیں قوال ایک بیت کہا
اُس سے یون بو سعید کہنے لگا   وقت اٹھنے کا ہی یہ اسنے اٹھا
بس وہیں خانقاہ کے دیوارین   آئے ہیں ساتھ اسکے جنبش میں
بعد اُس سے کہا خدا کی قسم   آسمان و زمین بھی باہم
بوالحسن یون کہا ہی سن لیجے   کہ سزاوار ہی سماع اُسے
ہوکش وہ بغیر شبہ و گمان   نزدے اسپہ کوئی شی پنہان
جلد تر قصد کر کے خرقان کا   جبکہ اکر وثاق تک پہنچا
پوچھا عورت سے اُسکے جا جولان   بولے شیخ بوالحسن سے کہان
اور مذمت بہت کئی بہ جفا   بو علی اپنے دل میں یون سمجھا
بس کہا ہے وہ عزم جنگل کا   بوالحسن کو ہی راہ میں پایا
بو علی دیکھ ہو گیا حیران   پوچھا کیا حال ہے یہ ای نشان
میں نہ کہیون یہ شیر بھی زنہار   نہیں کہینچیگا یہ ہمارا بار
بعد ہر دو وثاق میں آئے   اور ہر دو وے مل کے جب بیٹھے
شیخ کہیجر جو کچھ کلایا تھا   رو برو وہ دہرا تھا سبھی جا
اور بولا کہ یہ مجھے معذور   کار دیوار ہے یہ جھکا و فرود
کہ تری ہی نوا تھ سے اُسکے   بو علی جایا تا اٹھا کر دے

گئے ارشاد اسکو سرور دین   کہ ترے سے وہ سچ کہا ہی یقین
جب وہ کوئی حدیث سنواتا   شیخ اسطرح اُسکو فرماتا
کہنا تر پڑھنا تو جب شروع کرے   ہوتی ہے رویت رسول مجھے
جبکہ ابروے کہنچتے ہیں یقین   سو سمجھ لیتا ہون اُس سے ہیں وہیں
اور مقبول درگہہ باری   شیخ عبداللہ جو ہی انصاری
پاؤن زنجیر تھے میرے محکم   دل میں گذرا ہی یون کر اسدم
جاتے ہیں جبکہ شہر کو پہنچا   آکے لوگون نے یون کہ سے کہا
غیب سے تب کہ یہ کشف ہوا   کہ میں سجادہ شیخ والا کا
آہ یہ بات مجھہ کھلتے ہی   جلد تو بکیا ہون میں نے تبھی
نقل ہے شیخ بوالحسن ای یا   راگ سنتا نتھا کبھی زنہار
شیخ خرقانی بہت مسرت کی   اور اُسکی ادا ضیافت کی
کیا اجازت ہی کچھ کہیں اُس دم   بوالحسن یون کہا ہی ای کرم
یہ تری کرموافقت ای یار   اسکو سنتے ہیں ہم اب چار
بوالحسن اپنی عمر بھر میں سبھی   راگ ہرگز نہیں سنا تھا کبھی
آستین تین بار جھٹکا ہی   اور قدم سات بار مارا ہی
یون کہا بوسعید ای رہبر   کہیں گر جائیگا مکان بس کر
بالیقین اب موافقت سے ترے   رقص و جنبش میں جلد آوینگے
اسکے ما فوق تا بعرش علا   زیر پا اُسکے تا بہ تحت ثرا
نقل ہے جبکہ بو علی سینا   شہرت شیخ بوالحسن سے سنا
اتفاقا نہیں تھا وہ حاضر   بہر سیر گیا تھا وہ فاخر
کہی زندیق اور جھوٹے کو   کس لئے آکے پوچھا ہی تو
اسکے منکر ہو جبکہ اُسکے عیال   آہ ویسے کا ہو وکیا حال
شیر پر لکڑیان وہ لادا ہی   ساتھ لے اسکو اپنے آتا ہی
کہا جبتک وہ لا اللہ کے کا بار   یعنی عورت کا میری لیل و نہار
صبر میرا جو اُس جفا پر ہے   اسلیئے یہ مر اُسکے سخر ہے
کیا آغاز بو علی گفتار   اور باتیں بہت کیا ای یار
اُسکے باتون سے دل اٹھا ہی جب   بوالحسن جلد تر اٹھا ہی تب
لے کدالی وہ ہاتھ میں ناچار   جبکہ آیا ہے بر سر دیوار
اس ارادے سے اُسنے جلد اٹھا   ابھی دیوار تک نہ پہنچا تھا

شیخ بیٹھا تھا بوالحسن بردوار | وہ گدائی میں آئی یکبار
شیخ کے قدموں میں ہے پہنچی جا | جبکہ یہ حال بوعلی دیکھا
بحر حیرت میں ہوگیا غریق | اور بہت شیخ کی کیا تصدیق

معتقد اسکا ہوگیا بسیار | اسپہ تھا جان نثار سرو جبار
ایک مدت کے بعد لیکن آہ | وہ لیا ہی فلاسفہ کی راہ

نقل ہے ایک شخص یوں سوا اس | آیا ہی شیخ بوالحسن کے پاس
اور کیا عرض اس سے ای اکرم | خرقہ پہنایئے مجھے بہ کرم

شیخ بولا کہ اول الصواب | دے تجھے میرے سوال کا یہ جواب
کہ کوئی ایک زن کی لے چادر | اوڑھ لیویگا کوئی مرد اگر

کیا حقیقت میں زن وہ ہووے بجا | کہا عورت نہووے وہ اصلا
بعد پوچھا لباس مرد یقین | کوی زن پہن لیوے گر ایں

کیا حقیقت میں مرد ہوویگی | کہا عورت نہ مرد ہووے کبھی
شیخ بولا کہ خرقہ مردوں کا | اے برادر اگر تو پہنیگا

فی الحقیقت اگر نہ مرد ہی تو | نفع کیا پہننے سے ہو تجھ کو
یعنے خرقہ کے جب ہو قابل | خرقہ پوشی سے ہووے کیا حاصل

نقل ہے ایک شخص نے آیا | اور یوں بوالحسن سے کہنے لگا
دے اجازت مجھے کہ خلق کیتیں | حق تعالی طرف بلاؤں میں

کہا ہاں حق طرف بلا ای یار | پر نہ اپنے طرف بلا زنہار
وہ کہا خلق کو طرف اپنے | بول کیسا بلاؤنگا میں نے

شیخ بولا کہ شخص یک دسرا | خلق کو حق طرف بلاویگا
تو تجھے ناگوار نا ہووے | ناخوشی زینہار نا ہووے

نا خوشی گر ترے میں ہوا ے جان | سو وہ اخلاص کی نہیں ہے نشان
کہ تو اس میں فریب کھاتا ہی | اپنے جانب اُنھیں بلاتا ہی

نقل ہے بادشاہ غزنیں کا | یعنے محمود نام ہے جسکا
جب زیارت کو شیخ کے آیا | اپنے قاصد کو آگے ہی بھیجا

کہا قاصد کو پاس شیخ کے جا | اُسکی خدمت میں عرض کر ایسا
کہ ملاقات کو ترے سلطان | شہر غزنیں سے ہی آیا یہاں

تو بھی اپنے ز خانقاہ شریف | اُسکے خیمے تلک لے آ تشریف
گر نہ نکلیگا وہ وحید زماں | کر تلاوت یہ آیت قرآں

قولہ تعالی اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولُو الْاَمْرِ مِنْکُمْ ۷

پس وہ قاصد نے جلد تر آیا | اور پیغام اُسکو پہنچایا
شیخ بولا مجھے رکھو معذور | پڑھا قاصد نے آیت مذکور

شیخ آیت یہ سنکے کہنے لگا | بول محمود سے تو جا ایسا
کہ بلا شبہ در اطیعوا اللہ | میں نے ڈوبا ہوں یوں گہہ و بیگاہ

کہ اطیعوا الرسول میں دن رات | ہے خجالت مجھے تری ہیہات
پس اُولو الامر کا کہاں فرمان | میں کہاں اور یہ کہاں امکان

سن یہ قاصد نے لوٹ آیا ہی | اور محمود کو سنایا ہے
وہ کہا جو گمان کئے تھے ہم | شخص ویسا نہیں ہے یہ اکرم

کہا لوگوں کو سب اُٹھو بضرور | جائیں تا ہم ابوالحسن کے حضور
جو تھا اسکا غلام نیک انداز | کہ ہی مشہور نام اُسکا ایاز

اُسکو نزدیک اپنے بلوایا | اور اپنا لباس پہنایا
اور پوشاک وہ غلاموں کا | دس کنیزوں کو ہی پہنوایا

اور لباس ایاز خود پہنا | اور ہتھیار اُسکی آپ لیا
اپنے لوگوں کو سارے ساتھ لیا | شیخ کے صومعے طرف آیا

اور وہ شیخ کو سلام کیا | شیخ اُسکا وہیں جواب دیا
لیک تعظیم کے لئے نہ اُٹھا | اور نہ سوے ایاز وہ دیکھا

اور محمود کے طرف ای یار | ہوا متوجہ وہ سر اخیار
پوچھا محمود کیوں کیا نہ قیام | شیخ کہنے لگا یہ تھا سب دام

وہ کہا ہاں کہ تھا یہ دام یقین | پر تو اے شیخ اُسکا مرغ نہیں
شیخ سلطان کا ہاتھ پکڑا ہی | کہا نزدیک آؤ وہ آیا ہی

کہا سلطان اُس سے کچھ فرما | شیخ یہ بات سنکے فرمایا
کہ ترے ساتھ جو ہیں نامحرم | انکو باہر تو بھیج دے اسدم

کہیا انکو اشارہ سلطان تب | وہیں باہر گئیں کنیزیں سب
کہا سلطان نے گرامی ذات | کچھ سنا مجکو بایزید کی بات

شیخ اسطرح اُس سے کہنے لگا | کہ ہی یوں بایزید فرمایا
کہ یقیں جسنے مجھ کو دیکھیگا | وہ شقاوت سے دور ہوویگا

پوچھا محمود نے ای نیک نہاد | کیا نبی سے ہی بایزید زیاد
کہ ابو جہل و بولہب بدکار | دیکھے حضرت کو اور بہت کفار

وسے سب پڑ گئے شقاوت مین ... کفر اور شرک اور ضلالت مین
شیخ نے اُسکو یون کہا ہی تب ... کہ ای محمود رکھہ نگاہ ادب

تصرف تری ولایت مین ... لب کشائی نکر یہہ باب مین
چار اصحاب باصفا کے سوا ... نہین حضرت کو بھی کوئی دیکھا

کچھ اُسکی دلیل از قرآن ... بس پڑھا ہی یہہ آیت قرآن

وَتَرٰیھُمْ یَنْظُرُوْنَ اِلَیْکَ وَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ

سُن یہہ محمود ہوگیا خورسند ... کہا اب مجھ کو ایک دیجے پند
یون کہا شیخ بوالحسن اُسکو ... کہ نگہہ رکھہ چار چیز یہہ تو

رکھہ مناہی سے احتراز سدا ... پڑھہ جماعت سے تو نماز سدا
اور صبح و مسا سخاوت کر ... خلق پر حق کے تو شفقت کر

اُس سے محمود پھر یہہ عرض کیا ... کہ مرے حق مین ایک کیجے دعا
کہا کرتا ہون یہہ دعا مین اب ... اور پڑھا ہی وہین یہہ فقرہ تب

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

کہا محمود اے دلیل ہدا ... کہ مرے حق مین ایک خاص دعا

شیخ بولا بفضل رب ودود ... بس تری ہووے عاقبت محمود
بعد محمود ایک خریطۂ زر ... وہین اُسکے کیا ہی پیش نظر

شیخ روٹی کا خشک یک ٹکڑا ... آگے محمود کے ہی تب رکھا
اور بولا اُسے تناول کر ... کھانے لاگا وہ اُسکے فرمانے پر

جو کی روٹی وہ جبکہ سوکھی تھی ... حلق مین سخت اُسکے پھنستی تھی
شیخ کہنے لگا یہہ جو کی نان ... پھنستی ہے تیرے حلق کے درمیان

عرض کی ہان یہہ خشک رہتی ہے ... حلق مین میرے سخت پھنستی ہے
شیخ بولا کہ یہہ خریطہ زر ... یون پھنسے میرے حلق کے اندر

یہہ ترا مال و زر تو ہی لیجے ... مین دیا ہون یقین طلاق اسے
کہا محمود کچھ قبول بھلا ... شیخ بولا کہ کچھ نہ لیونگا

بعد محمود شیخ سے بولا ... یادگار اپنا مجھکو کیجے عطا
شیخ الطاف اُسپہ فرمایا ... پیرہن اپنا ایک اُسے بخشا

جبکہ محمود لیکے اُسکو اُٹھا ... شیخ سے اسطرح وہ کہنے لگا
کہا یہہ خوشتر ہی صومعہ تیرا ... شیخ رخصت کے وقت اُسکے اُٹھا

کہا محمود مین نے آیا جب ... نہین زنہار تو اُٹھا ہی تب
اور اب کس لئے اُٹھا فرما ... شیخ اسطرح اُسکو فرمایا

شیخ بولا رعونت شاہی ... جب تو آیا ہی تب ترے مین تھی
اور تو امتحان سے آیا ... نہ عقیدت کی شان سے آیا

اور اب راہ انکسار لیا ... اور درویشی اختیار کیا
دولت فقر کا جو ہی خورشید ... تجھ پہ چمکا ہی اب ای باامید

تیری شاہی پہ کر نظر ای یار ... نہین مین نے اُٹھا ہون پہلے بار
پر جو درویشی تیری اب دیکھا ... تیرے اکرام کے لئے مین اُٹھا

الغرض شاہ اُس سے لی رخصت ... پس روانہ ہوا ہی بارقت
جبکہ نکلا ہی شہر غزنین سے ... پہنچا ہی سومنات پر آکے

چاہتا تھا کہ پاوے فتح و ظفر ... لیک اُسکو شکست کا تھا خطر
وہین گھوڑے سے اپنے اُترا ہی ... ایک گوشے طرف وہ آیا ہی

خرقہ شیخ ہاتھ مین لیکر ... وہین سجدے مین وہ رکھا ہی سر
اور کرنے لگا دعا یارب ... صاحب پیرہن کے یمن سے اب

ہم کو یارب یہہ کافرون کے اُپر ... دیجیے اپنے کرم سے فتح و ظفر
جو غنیمت کہ اُن سے لیونگا ... سب وہ فقرا کو ہی مین دیونگا

کی اجابت خدا نے اُسکی دعا ... فوج اسلام کو ہی فتح دیا
دیکھا سلطان نے اُسی شب خواب ... شیخ یون کر رہا ہی اُسکو خطاب

کہ اسے محمود آہ تو نے لی ... آبرو وہ ہمارے خرقے کی
تو اگر حق سے مانگتا اُس آن ... لاتے کفار سبکے سب ایمان

نقل ہے یون لکھا ہی وہ بہر ... تا چہل سال سرزمین کے اُپر
کہا ایسے ہین تین چیز بجا ... کہ نہایت نہ انکا مین دیکھا

یک شہ اغنیا کے ہین درجات ... کہ نہین انکو حد ہی اور غایات
دوسرا جو کیو نفس کے ہین ... نہ نہایت بھی انکا دیکھا ہین

تیسرا حق کی معرفت کیتین ... حد و غایت سمجھہ نہین ہی یقین
اور بولا کہ میرے تن کی خاک ... جب کئے جمع بالیقین املاک

ناگہان یک ہوا ہی آئی تب ... بھر گئی ارض اور فلک [illegible]
بھر گئی اُس سے ساتھہ ارض و سما ... اور تب مین نے ناپدید ہوا

اور بولا کہ خالق اکرم / ایک ایسا مجھے دیا ہی قدم
یک قدم مین ہی تا بعرش گیا / اور آیا اسی مین تا بہ ثرا
بعد سمجھا گیا نہ کوئی جا / درگہ حق سے ایک آئی ندا
جسکا ایسا ہے قدم اور سیر / پہنچیگا وہ کہان تلک بالخیر
مین کیا عرض اے مرے داور / گرچہ کوتاہ ہو یا دراز سفر
ہم ہین کیا چیز کون ہین کیا ہی / راہ کیونکر یہہ ہم سے ہووے طے
جس قدر ہم آگے بڑتے ہین / پیچھے ہٹتے ہین پیچھے تئین
اور بولا ز درگہ جبار / مین سنا ہون کلام چار ہزار
اور سنا مین دوس ہزار یقین / نہین رہتا نہایت انکے تئین
اور بولا کہ مین نے دنیا مین / رہون یک خار مین صحرا مین
لیک مین اپنے رب کے ساتھ رہون / تو بہت انکو دوست رکھتا ہون
خلد مین جاکے نیچے طوبی کے / بیخبر آہ حق سے رہنے سے
اور کہا ایک سفید سنگ پہ آ / اس سے مین ایک مسئلہ پوچھا
تو کرامات سے خدا کے ای یار / وہ دیا ہی جواب چار ہزار
اور بولا کہ وہ بروز و بشب / جو کہ چوبیس ساعتین ہین سب
ایک ساعت مین ہی بحکم خدا / جانیو مین ہزار بار ہوا
رہے تو بیس ساعتین جو یقین / انکی کوئی صفت پدید نہین
کہا گر لطف حق بیان مین کرون / لوگ بولینگے مجکو سب مجنون
مین جو کھایا ہون اور پہنا ہون / اور سنا ہون بھی جو کہ دیکھا ہون
اور پیدا ہوے ہین جو چیزین / وے نہ مجھکو کبھی حجاب ہوین
اور بولا کہ حق کہا مجھ سے / جان بدبخت لوگ جو ہینگے
تجھکو اسپر نہ مین کرون ظاہر / بلکہ ہووین وہی ترے ناظر
کہ مجھے جو کہ دوست رکھتے ہین / اور مین رکھتا ہون دوست انکے تئین
وہی آوینگے تجھکو دیکھینگے / گر ترے پاس وے نہ آوینگے
نام تیرا یقین سناؤن انھین / تا وے بیشبہ تجکو دوست رکھین
اور پیدا کیا ہون مین نے تجھے / اپنی پاکی سے اپنی پاکی سے
پس بلاشبہ پاک لوگ سوا / کوئی تجکو نہ دوست رکھیگا
اور کہا میری دوستی کی جا / حق تعالی نے جب تلک نہ لیا
خلق کا دوست وہ نہ مجکو کیا / اور اسطرح شیخ فرمایا
کہ مقرر بہ بارگاہ رب / تن سے اپنے گیا ہون مین نے جب
دل کو اپنے وہان جو بلوایا / دل مرا جلد تر وہان آیا
بعد ایمان اور یقین آئے / عقل اور نفس بھی وہین آئے
پس یہہ چارون مین نے دلکو کہا / دل یہہ چارون کا تب رفیق ہوا
اور اخلاص کو لیا ہی یقین / اور اخلاص بھی عمل کے تئین
تا کہ درگاہ حق مین پہنچا مین / ایک ایسا مقام پایا مین
کہ وہان مین نہین رہا باقی / کچھ نہین بس خدا ہی تھا باقی
چار چیزین جو لیگیا تھا وہان / ہوین محتاج وے میرے اس آن
اور بولا بہ امتنان خدا / تا سوی اللہ سے مین زہد لیا
آپ کو مین نے تب کیا ہون خطاب / مین نہ تھا حق سے ہی سنا ہون جواب
مین نے سمجھا کہ خلق سے گذرا / اور لبیک مین نے کہنے لگا
باندھ احرام تب بخاطر صاف / کیا وحدانیت مین حج و طواف
بیت معمور فضل مولا سے / تب زیارت مری کیا آکے
میری تسبیح تب کیا کعبہ / اور ملایک مری کئے ہین ثنا
بعد ازان نور یک پدید ہوا / درگہ حق بلا جہت دیکھا
جبکہ درگاہ حق مین جا پہنچا / مین نہ باقی رہا ہوا ہون فنا
کہا میرے معاملے سے نشان / نہین دیتا ہون مین نے تمکو ہان
بلکہ اللہ کی ہی پاکی سے / رحمت و دوستی سے ہی اسکے
مین نے دیتا ہون یہہ نشان تمکو / موج پر موج مارتی ہی او
کہا پنجاہ سال سے بدوام / مین نے کرتا ہون بس خدا سے کلام
کہ یہہ میرے دل و زبان کے تئین / جانیو اس سے کچھ ترقی نہین
اور بولا کہ مین نے ستر سال / رہا ایسا بہ خالق متعال
کہ موافق ہو نفس کا اپنے / ایک دم بھی نہین لیا مین نے
عرش اعظم سے لیکے تا بہ ثرا / ایک قدم مین ہی مین نے سیر کیا
اور بولا ز درگہ مولا / یقین سنا ہون ایک ندا
جان بے شبہ اے مرے بندے / گر تو غمگین ہمارے پاس آوے
بالیقین ہم تجھے کرینگے شاد / اور دیوینگے ہم نے تیری مراد
اور آویگا گر بہ فقر و نیاز / ہم تونگر کرینگے تجکو نواز
جب تو اپنے سے خالی ہووےگا / تب مسخر ہون ترے آب و ہوا

اور کہا گنجہای روئے زمین | کئے ظاہر مین دیکھون انکو یقین
مین کیا عرض ای خدائے نام | کہ یہہ چیزون سے اب مجھے کیا کام
حق سے آیا خطاب مجکو وہین | کہ یہہ دنیا کو تجھہ مین حصہ نہین
اور حقہ بھی نا رکھے عقبی | تجکو دونو کے ہم عوض مین دیا
اور کہا حق کے پاس مردی جو | خلق کے پاس طفل ہی وہ سنو
اور جو خلق پاس ہوگا مرد | وہ بلاشبہ ہی وہان نامرد
یہہ سخن تم سدا رکھو منظر | کہ کہا ہون مین ایسے حال اندر
اور مین ایسے وقت مین ہون یقین | وصف جسوقت کو بدید نہین
کہا مین عافیت بہ تنہائی | اور سلامت سکوت مین پائی
اور بولا ز بارگاہ خدا | اسطرح دل مین میرے آئی ندا
کہجئے میرے حکم پر تو قیام | کہ مین زندہ ہون بالیقین بدوام
دیونگا ایسی یک حیات تجھے | کہ نہ پھر آویگی ممات تجھے
اور مین منع جو کیا ہون امور | رہ ہمیشہ تو ان امور سے دور
مملکت لایزال رکھا ہون | دولت بے زوال تجکو دون
اور کہا جب کہلی ہی میری زبان | ذکر توحید حق مین از دل و جان
آسمان و زمین کو دیکھا مین | کہ مرے گرد سب وے پھرتے ہین
اور بولا ز درگہہ مولا | یہہ بھی آئی ہے میرے دلمین ندا
خلق جنت مریسے چہتے ہین | شکر ایمان یہ پر نہ کہتے ہین
اور بولا کہ صبح ہووے جب | کرے عالم زیادہ علم طلب
جو کہ زاہد ہی چاہے زہد زیاد | پر ہی ہیگی بوالحسن کی مراد
بھائی مومن کے دلمین تا مقدور | مین نے پہنچاؤن کچہ خوشی بضرور
اور کہتا تھا ای میرے داور | کہ انھین یک گروہ در محشر
ہووینگے وے شہید عالیشان | کہ تری راہ مین دئے تھے جان
مین ہون انبیا شہید رہ خدا | شوق شمشیر سے ہون تیرے ہوا
تیری ہستی ہو جب تلک باقی | دردمیرا ہو تب تلک باقی
اور کہا بعضے لوگ ایسے ہین | کہ یہ کعبہ طواف کرتے ہین
بیت معمور کا ہی بعضے طواف | اور پھرین بعضے عرش کے اطراف
اور جوان مرد جو کہ ہین بے لاف | کرین حقکی یگانگی مین طواف
اور بولا کہ مسلمین تمام | گرچہ قایم ہین بر صلوٰۃ و صیام
پر جوان مرد ہی وہ پاک سیر | کہ گذر جاوین شصت سال اسپر
کہ وہ یک لمحہ حق کو نا بھولے | اور ملک اسپہ ناگناہ لکھے
اور بولا بہ آل اسرائیل | ایک تھا عابد شہیر و جلیل
کبھی یک سال اور کبھی دو سال | رہتا سجدے مین ہی بعز جلال
پر یہہ امت کے عارفون کا شہود | ہی کہین اس سجود سے افزود
ایک ساعت کی فکر انکی بجا | اور انکا سجود یک سالہ
جانیو تم یقین برابر ہو | بلکہ یہہ فکر اُس سے برتر ہو
اور بولا کہ حق تعالے کے | بعضے ایسے زمین پہ ہین بندے
جب خدا کو وے یاد کرتے ہین | شیر ہیبت سے انکے ڈرتے ہین
آپ کے درمیان ہون ہاہی جو | بھہر جاتے ہین یونہی عاجز ہو
آسمان پر ملک جو رہتے ہین | خوف و ہیبت مین وے بھی ہوتے ہین
آسمان و زمین ملک سارے | ہووین روشن ہی نور سے انکے
اور ہلتی ہے یہہ زمین کبھی | زلزلہ جانتے ہین لوگ سبھی
کبھی از عرش تا ثری ایجان | یاوین جنبش بغیر شبہ و گمان
اور بولا فرشتے تین مقام | یاوین ہیبت ز اولیائے کرام
اول از نزع جان مین بے قیل | یاوے ہیبت انہون سے عزرائیل
اور ملک انکے جب عمل لکہین | انسے پڑتے ہین بحر ہیبت مین
اور منکر نکیر با اجلال | یاوین ہیبت انہون سے وقت سوال
اور بولا کہ کوئی در سہ روز | جاکے کعبے کو آوے ای فیروز
اور کوئی یہہ رتبہ پاتا ہے | رات دن مین ہی جاکے آتا ہے
ایک لمحے مین کوئی با عزت | جاکے آوے یہہ حق کی ہی قدرت
کہا دنیا تو چاہے جب ایجان | آہ دنیا ترے پہ ہو سلطان
جب تو دنیا سے منہ کو پھیریگا | تب تو سلطان اسپہ ہووےگا
اور بولا کہ فقر ہے وہ سنو | دنیا و آخرت بھی جسکو نہو
کیونکہ جو کچہ دیا ہی انکو قدیر | اسکے آگے یہہ دونون ہینگے حقیر
اور بولا کہ وقت کے آگے | جون نہ چاہین نماز تیرے سے
وقت کے آگے تو ہی ای ہشیار | رزق اپنا طلب نکر زنہار
اور بولا ہے وہ جوانمردی | ہی بلاشبہ ایک بحر تری
اور وہ بحر عمیق سے ای یار | تین چشمے روان ہین لیل و نہار

ایک چشمہ یقین سخاوت ہی
دوسرا خلق پر شفقت ہی

بے نیازی ہے خلق سے تیسرا
اور حق سے نیاز صبح و مسا

اور کہا بولتے ہین یون علما
کہ ہین ہم وارث رسول خدا

اور حقیقت مین لے مسلمانو
ہم ہین وارث نبی کے پہچانو

جو تھے اوصاف سرور عالم
رکھتے ہین انسے بعض وصفین ہم

جب کئے فقر اختیار رسول
ہم بھی پس فقر ہی کئے ہین قبول

اور بڑی آپکی سخاوت تھی
اور بہت خلق پر شفقت تھی

طمع درگہہ سے آپکے تھی بعید
اور رکھتے زہد و فقر ہین جاوید

خیر و شر دیکھتے تھے حق سے ہی
خلق سے دل نہین لگائے کبھی

اور رہتے اپنے وقت کے وہ اسیر
راضی تھے بارضائے رب قدیر

اور ڈرتے تھے جس سے خلق تمام
نہین ڈرتے تھے اس سے شاہ انام

خلق امید جس سے رکھتے تھے
نہ توقع تھی آپ کو اس سے

اور کسی چیز پر کبھی اے یار
نہین غرہ تھا آپکو زنہار

اور رہتے رہنمائے خلق مدام
اور رہتے انکے خیر خواہ دوام

پس یہہ وصفونمین صوفیان کبار
جانو حضرت کے ہینگے آئینہ دار

اور کہا ذات مصطفے تحقیق
تھی بلا شبہ ایک بحر عمیق

قطرہ گر باہر اس سے یک آتا
خلق سب غرق ہوتے اسمین بجا

اور ایسا کہا وہ اے مردم
ہم ہین جس قافلے مین جانو تم

اسکے آگے خدائے عز و جل
اسکے آخر ہین احمد مرسل

درمیان ہے کتاب اور سنت
اور وے دونونکی دل سے تبعیت

اور صحابہ نبی کے عالیشان
پیچھے ہین شاہ انبیا کے روان

ہو بشارت وہ شخص کو کامل
کہ جو اس قافلے مین ہو داخل

کہا اتنا ہی علم بس تجھ کو
امر اور نہی جس سے جانے تو

اور اتنا یقین بس ہی تجھے
کہ ترے دلمین یہہ یقین رہے

کہ یقین جو کہ ہے تری روزی
دائما پہنچتی ہے تجھ کو ہی

زہد سے اس قدر ہی کافی جان
کہ تو جانے بغیر شبہ و گمان

کہ یقین جس قدر تو کھاویگا
بس مقدر وہی ہی رزق ترا

تا نہ بولے کبھی تو ہو مضطر
کہ یہہ بہتر ہے وہ نہین بہتر

اور کہا حق نے اپنی رحمت سے
دیوے بندے کو مرتبے ایسے

کہ وہ پاوے مقام علیین
گذرے گر اسکے دلمین تب کہین یہہ

کہ مرے لوگ اس سے ہون آگاہ
شخص ویسا نہین ہے بہتر آہ

کہا صوفی جو ہے گرامی شان
اسکو ہوتو دیہ تو ہین عالم جان

عرش سے لے ثری تک ای اکرم
شرق سے غرب تک ہی یک عالم

اور نو دیہ آٹھ تک لشمار
جو ہین دوسرے عوالم ای ہشیار

کوئی اسمین کلام کر نہ سکے
کہ ہین وے حیطہ بیان سے پرے

اور بولا کہ دین مین فتنہ
ہو نہ شیطان سے کبھی اپنا

آہ جتنا دو شخص سے ہووے
دین مین انسے بہت ضرر پہنچے

اولا ہی وہ عالم ابتر
کہ رہے جو حریص دنیا پر

دوسرا ہی وہ زاہد نادان
کہ ہی خالی جو علم سے انجان

اور ایسا کہا وہ شیخ زمن
کہ نہ ابلیس سے رہو ایمن

کہ وہ مرد و ساتھ سو درجے
معرفت مین کبھی کلام کرے

اور بولا وہ صاحب باطن
کہ کرو تم زیارت مومن

کہ ملاقات بھائی مومن کی
تم کو اجر کثیر دیویگی

الف دینار دیوین جو صدقہ
اجر اس سے بھی ہے زیادہ اسکا

اور کہا علم ہے وہ نافع تر
کہ بجا لاوے تو عمل اسپر

اور یقین ہے وہی عمل بہتر
کہ جو ہی فرض تیرے ذمے پر

اور بولا کہ جب خدائے قدیر
واسطے تیرے یک کرے تقدیر

گر دل و جان سے اسپہ راضی ہو
تجھکو بے شبہ سرفرازی ہو

اس سے بہتر ہی وہ یقین اے یار
کہ کرے عمل خیر ایک ہزار

اور بولا کہ رؤ تم بسیار
اور غفلت سے مت ہنسو زنہار

اور خاموش تم رہو اکثر
اور نہ باتین کیا کرو اکثر

اور نہ کھاؤ دیا کرو بسیار
اور نہ سویا کرو رہو بیدار

اور کہا دل ترا خدا کے سات
جانئے گر لگا رہے دن رات

تب یہہ دنیا سے کچھ نہ ہووے ضرر
گرچہ پہنے تو جامہ بہتر

اور اگر تو پلاس پہنیگا
پر نہین حق کے ساتھ دل تیرا

کچھ نہیں اسکے پہننے مین سود
اس سے حاصل نہو تجھے مقصود

دیکھے گر حق کے ساتھ آپکو تو
بولتے ہین سمجھ وفا اسکو

حق کو گر اپنے ساتھ دیکھیگا
جانئے اسکو بولتے ہین فنا

دیکھے حق کو نہ آپ کو اصلا — یہہ بقا ہی یہہ مرتبہ ہے ترا
کہا ایک مہر دل پہ رکھ لیسا — کہ نہ کچھ آوے لب پہ حق کے سوا

اور یک مہر دل پہ رکھو تیرے — غیر حق جسمین تا نہ کچھ گذرے
اور یک مہر رکھ تو بر اعضا — تا عمل نا کرے خلوص سوا

اور کہا یا کرے طعام حلال — دور شبہات سے ہے ہر حال
اور کہا حق کے ساتھ ہی دانا — ایک دم ہی یقین ترا رہنا

خلق کے سب عمل سے ہی بہتر — جو سما لیکے ہین اور زمین کے اوپر
اور کہا حق کے ساتھ یکساعت — بندہ گر خوش رہیگا بالہمت

سالہا کے نماز روزے پر — ہی بلا شک و شبہ فاضل تر
اور بولا کہ صبح سے تا شام — گر گذاریگا کوئی نیک انجام

اسطرح پر کہ کوئی مومن کو — اسنے اس روز نا ستایا ہو
صبح سے لیکے شام تک گویا — وہ گذارا ہو بار رسول خدا

کسی مومن کو کر کریگا ملول — طاعت اس دن کی اسنے نا ہو قبول
کہا بندے کے ساتھ حق کا خطاب — چار چیزون کے ساتھ ہی ہے باب

یعنے بندے کے جسم و جان کی طرف — اور یقین مال اور زبان کی طرف
پس ترا تن بطاعت مولا — اور اگر ہو زبان بذکر خدا

لیک دل گر نہو خدا کے سات — اور خرچے نہ مال در خیرات
تو نہین طی کیا خدا کی راہ — نہین ہوویگا واصل درگاہ

چار چیزین یہہ دیویگا تو جب — کیجئے چار چیز حق سے طلب
چیز پہلی سمجھ یہہ محبت ہی — دوسری چیز جان ہیبت ہی

زندگی اسکے ساتھ شام و پگاہ — اور اسکی یگانگی کی راہ
اور کہا اولیاے حق کیتین — غیر محرم نہ دیکھ سکتے ہین

چونکہ عورات عاصمہ ہر آن — غیر محرم سے ہین سدا پنہان
اور بولا جو شخص کہتا ہو — کہ پچھانے دلیل سے حق کو

تو ہسا چاہیے وہ شخص اوپر — نہین اسکو جلال حق سے خبر
جبکہ مخلوق ہے دلیل بجا — اس سے خالق کو کیونکر پچھانیگا

ہان خدا کو خدا سے ہی جانے — لطف سے اسکے اسکو پہچانے
کہا عالم وہی ہے ای دانا — کہ یقین جس نے آپ کو جانا

اور جو عالم ہی علم کا ای یار — پر نہ جانا ہی آپ کو زنہار
تو نہ عالم ہی وہ حقیقت مین — وہ بڑا ہے ابھی جہالت مین

اور کہا نعمتین بھی ایک ہزار — کسی مومن کو دیوے گر جبار
ایک نعمت ہی تجھ کو بخشا ہو — بالیقین تب بھی چاہیئے تجھ کو

ایک نعمت جو ہوویے تیرے پاس — وہ بھی دیوا اسیکو ہو بسواس
نقل ہے اس سے تو تجھے ای جد — کہ یہہ تیری جو خاص ہے مسجد

دوسری مسجدون کے ساتھ اسے — کیا ہی تمیز و فرق فرماوے
وہ کہا راہ سے شریعت کے — ہین برابر یہہ مسجدین سارے

ایک از راہ معرفت بعقیل — ہی بلا شبہ انمین کچھ تفصیل
مین نے دیکھا یہہ مسجدون کے نور — آسمان تک گیا ہی ایک عبور

بعد ازان ایک قبہ انور — لطف سے لا رکھے یہہ مسجد پر
اور بالائے آسمان وہ گیا — یہہ شرف کردگار اسکو دیا

اور یہہ مسجد کو جب بنائے ہین — اسمین اسوقت آکے بیٹھا ہین
لا فرشتون نے یک ہرا جھنڈا — تب یہہ مسجد اوپر کئے برپا

اور فضل خدا سے یہہ جھنڈا — رہے ایسا ہی تا بروز جزا
اور بولا نہ بارگاہ خدا — مجھ کو اسطرح ایک آئی ندا

تیری مسجد مین آویگا جو ہمام — آگ دوزخ کی اسپہ ہووے حرام
اور جو بندہ کہ تیرے جین حیات — یا کبھی آکے تیرے بعد ممات

تیری مسجد مین از برائے خدا — کرے دو رکعتین نماز ادا
تو قیامت کا جبکہ آوے روز — عابدون سے اٹھیگا وہ فیروز

اور کہا ہر کہین خدا کے سات — جبکہ مومن رہا کرے دن رات
تو بلا شک و شبہ ہر یک جا — ہووے مسجد ہی اسکے حق مین بجا

اور ہر روز روز جمعہ عیان — اور ہر ماہ ہو مہ رمضان
کہا دنیا سے جبکہ مین اٹھون — تب اگر مین نے قرضدار رہون

رہے وہ قرض چار سو دینار — اور سپیر جاؤن مین بروز شمار
لوگ دامن مرا وہان پکڑین — اور بہت مجھ کو تنگ کر دیوین

بات یہہ دوستو ہی میرا پاس — رد سائل سے جانو بہو سو اس
کسی سائل کو ایک مین پاؤن — آہ حاجت نہ اسکی بر لاؤن

بات یہہ ناگوار ہی مجھ پہ — ہوؤن سیر تنے سے سیر و محشر
اور بولا کہ حشر مین مجھ کو — گر یہہ پوچھین کہ کیا ہی لایا تو

مومن کو تنگ کرنا ہے
سے عبادت
منبعد نہین مقبول

عرض مین تب کرون گا یا اللہ / دار دنیا مین جو میرے ہمراہ
ایک کتے کو تو دیا تھا یقین / اس لئے مین قصور سے تھا فرین
اسکو مین نے نگاہ رکھتا تھا / بند شام و پگاہ رکھتا تھا
تا ترے بندگون پہ اور مجھ پر / تا گرے اور کسی کو دے نہ ضرر
اور بخش یک بہا دے مولا / تو نے دنیا مین مجھکو بخشا تھا
پاک کرنے مین اسکے ہی بدوام / آہ شاغل تھا مین نے عمر تمام
نقل ہے اسکی موت جب پہنچی / یون مریدون کو سب وصیت کی
تیس گز میری قبر کھودو تم / اور مری نعش اسمین رکھو تم
یہہ ادب کے نہین شیخ کا سر / کہ رکھون بایزید کے اوپر
کہتے ہین جبکہ وہ کیا رحلت / تیس گز اسکی کھودے ہین تربت
اور اُسے دفن کرکے لوگ گئے / دوسرے روز آکے جب دیکھے
ایک سنگ بزرگ اور اُجلا / سر تربت پہ شیخ کے ہی دھرا
اور یک شیر قبر کے اطراف / دیکھے بے شبہ کر رہا ہی طواف
نقل ہے اسکو خواب مین دیکھے / پوچھے مولا نے کیا کیا تجھ سے
وہ کہا نامۂ عمل میرا / ہاتھ مین میرے جب دئے ہین لا
تب کیا عرض مین نے ہو کے ملول / مجھ کو نامے مین کیا کرے مشغول
آگے میرے عمل کے تو جانا / کہ عمل کیا مرے سے ہوویگا
پس فرشتون کے ہاتھ ہی یا رب / دیجے نامہ کہ تا پڑھین وے اب
اور مجھے اپنے ساتھ رکھہ بکرم / گر ترے ساتھ لیؤن مین یکدم
اور محمد بن حسین ای یار / نقل کرتا ہی مین نے تھا بیمار
اور تھا مین نے تب ملول و حزین / شیخ نے آکے یون دیا تسکین
کہ نہ زنہار فکر کچھ کیجے / مین نے مرجاؤنگا ترے آگے
اور مرے بعد تو مریگا جب / مین ترے پاس آؤنگا پھر تب
گرچہ گذریگی مدت سی سال / مجھکو لاویگا قادر متعال
بعد ازان شیخ کی ہوی رحلت / اور حاصل ہوی مجھے صحبت
تھا محمد حسین کا جو پسر / دیکھئے اسطرح دیا ہے خبر
کہ مرا باپ جبکہ نزع مین تھا / یکبیک جلد تر وہ اُٹھ کے کھڑا
اور کہنے لگا خوشی سے تب / وعلیک السلام آئیو اب
مین کہا پدر سے ای با اکرام / ساتھ کسکے ہے یہہ سلام و کلام
تب مرا پدر مجھ سے بولا ہی / شیخ دین بو الحسن یہہ آیا ہے
تاکہ اسوقت مین نہ گھبراؤن / اور خوف و ہراس نا پاؤن
ایک جماعت ز اولیائے کرام / آئی ہی اُسکے ساتھ با اکرام
پس ہوی روح اُسکے تن سے جدا / رحمہ اللہ روحہم ابدا

ذکر شیخ ابو بکر شبلی رحمۃ اللہ علیہ

عندلیب ریاض و دولت دین / مسند آرائے عزت و تمکین
رہنمائے رہ خفی و جلی / شیخ عالم ابو بکر شبلی
اصل و منشا تھا اسکا از بغداد / تھا وہ بیشک ز کمل افراد
تھا طریقت مین پیشوائے شہیر / صوفیہ کا تھا وہ امام شہیر
علم اور حال مین تھا بے ہمتا / اور ہر فضل مین یگانہ تھا
اور نکات و عبارتین اسکے / اور رموز و اشارتین اسکے
اور جو اسکے ریاضتین ہین شہیر / اور جو اسکے کرامتین ہین کثیر
ہین بلاشک و شبہ اس سے زیاد / کہ سماوین بحیطۂ تعداد
اور زمانے مین اُسکے با اکرام / جتنے تھے عمدہ شیوخ کرام
وہ بلاشبہ سب کو دیکھا تھا / اور صحبت وہ اُنکی پایا تھا
اور حدیثین بہت لکھا تھا وہ / انکو تحقیق سے پڑھا تھا وہ
اور تھا اُسکا مالکی مذہب / حق دیا تھا اُسے ترا منصب
اور اوّل سے لیکے تا آخر / ایک ہی اُسکا حال تھا فاخر
حال مین اسکے کوئی ضعف و فتور / نہین ہرگز کبھی کیا ہے ظہور
شدت شوق اسکا آہ یقین / نہ کسی چیز سے لیا تسکین
عمر اشرف سے اُسکے با اجلال / جبکہ ستر پہ ساتوان تھا سال
نقل ذوالحج مین کی وہ پر تقدیس / سن ہجری تھا تین سو چوتیس
نقل ہی وہ کہا کہ مین سٹھ سال / پڑھا فقہ و حدیث خوش منوال
پھر تو یک آفتاب عالم تاب / نکلا سینے ہی مر بشتاب
ہو استادون کے پاس مین حاضر / طلب علم پھر کیا ظاہر
اور کہنے لگا ای استاد / کوئی شی علم حق سے بتلاؤ
کوئی بتلا نہین سکے زنہار / سب کئے اپنے عجز کا اقرار

نقل ہے جاہل و عوام ای بلد　　رنج و زحمت اسے دیئے بسیار
اور وہ دایما برد و قبول　　اور غوغاے خلق مین تھا طول
بلکہ وے قتل اسکا چاہتے تھے　　جو کہ منصور کو ہلاک کئے
کیونکہ بعضے سخن بھی شبلی کے　　جانو منصور کے کلام سے تھے
ابتدا مین یقین وہ شیخ کبیر　　تھا نہاوند مین امیر شہیر
اور بغداد کا خلیفہ جب　　بھیج نامہ اسے کیا ہی طلب
یک جماعت کے ساتھ وہ فاخر　　ہوا اسکے حضور مین حاضر
اسکو اور سبکو اسنے دیئے خلعت　　جبکہ دربار سے کیا رخصت
لوٹ دربار سے چلے تھے سب　　شیخ شبلی کو چھینک آئی تب
جلد تر اسنے اپنا منھ اور ناک　　کیا خلعت کی آستین سے پاک
کوئی جاکر خبر دیا ہے بہم　　سن خلیفے نے ہوگیا برہم
اس سے خلعت وہین نکال لیا　　اور معزول اسکو کر ڈالا
اس سے شبلی نے جب ہوا آگاہ　　دل مین اسطرح کہنے لاگا آہ
ایک مخلوق کی جو خلعت ہو　　اور کرے دستمال اسکو جو
مستحق عزل کا وہ ہوتا ہے　　عزت و احترام کھوتا ہے
خلعت بادشاہ ہر دو جہان　　جب کرے دستمال کوئی یہان
آہ ویسے کا ہوویگا کیا حال　　پاوے کیا حشر مین وہ رنج و ملال
وہین آیا ہی پھر خلیفے پاس　　اور کہنے لگا بلا وسواس
تو ہی مخلوق یہہ تری خلعت　　سب یہ ظاہر ہی یک رکھے قیمت
نہ گوارا تجھے ہوا ہے اب　　کہ ہو خلعت کا تیرے ترک ادب
اپنی الست و معرفت کی خدا　　ایک خلعت کیا ہی مجکو عطا
آہ خدمت مین کوئی بندے کے　　کرے کسطرح دستمال اسے
حق تعالی یہہ کب رکھیگا روا　　بول اسطرح وہ چلا ہی گیا
خیر نساج کے ہی پاس گیا　　ہاتھ پر اسکے جلد توبہ کیا
سید الطایفہ جنید کے سات　　جب تھی خویشی اسے ای نیک صفات
خیر نساج کر جنید کے پاس　　اسکو بھیجا وہین اسیکے پاس
جب وہ شیخ جنید پاس آیا　　حرف ہی یہہ زبان پر لایا
آشنائی کے در کی ای ذیشان　　ساتھ ترے مجھے دئے ہین نشان
بخش یا مجھ کو بیچ دیجے اب　　اسکو شیخ جنید بولا تب
کہ وہ بیچون اگر بلا وسواس　　اسکی قیمت نہین ہی تیرے پاس
اور اگر اسکو بخش دیوں تجھے　　تو وہ آسان آوے ہاتھ ترے
قدر اسکی نہ کچھ تو جانیگا　　اسکو ضایع کہین تو کردیگا
مثل مردون کے بس تو باندھ کمر　　اور اپنے قدم بنا کے زیر سر
پس یہہ دریا مین آپکو ڈالے　　صبر اور انتظار مین تو ہے
تب ترا مدعا تو پاویگا　　ہاتھ تیرے وہ گوہر آویگا
پوچھا شبلی نے کیا کرون فرما　　اسکو شیخ جنید فرمایا
کہ تو کبریت جاکے بیچا کر　　کیجئے ایک سال اسمین گذر
حکم شبلی نے یہہ بجا لایا　　پھر کے اسکو جنید فرمایا
کیجے دریوزہ یک برس کامل　　اور کسی چیز مین نہو شاغل
کیا دریوزہ یونہی وہ یکسال　　آخر سال مین ہوا یہہ حال
شہر بغداد کا جو ہے بازار　　اسمین دریوزہ وہ کیا ناچار
کوئی یک چیز بھی اسے نہ دیا　　عرض آکر جنید سے وہ کیا
کہا شیخ جنید اسکو تب　　اپنی قیمت تو آپ جانا اب
کہ کسی چیز سے بھی تو نہ بکا　　خلق کے پاس دیکھ رتبہ ترا
پس تو دل اپنا انکے ساتھ نہ بند　　اور کوئی چیز اسنے کر نہ پسند
تو نہاوند مین امارت کی　　ایک مدت وہان حکومت کی
جبکہ تھے لوگ سب ترے محکوم　　کیون حکومت کیا نہین معلوم
کر دیا ہی تو حق تلف کس کا　　یا ترے سے ضرر کسے پہنچا
جلد اس شہر کو تو جا کر اب　　خلق سے کر وہان کے عفو طلب
حکم یہہ سنتے ہی اٹھا شبلی　　اور نہاوند کو گیا شبلی
پاس ہر ایک گھر کے جاتا تھا　　اور عجز و نیاز لاتا تھا
جتنے ہر گھر مین ہون صغار و کبار　　عفو چاہتا تھا انسے سب ناچار
یونہی سب اہل شہر سے جا ہا　　لیک باقی ہی ایک شخص رہا
اسکو ڈھونڈھا اگرچہ وہ بسیار　　پر نہ پایا اسے کہین زنہار
در عوض بیس وہ مظلمے کے بہم　　دیا صدقہ ہی ایک لاکھ درم
بولتا تھا وہ دیکھئے یا این　　نہین دلکو میرے ابھی تسکین
الغرض چار سال زین منوال　　اسکے گذرے ہین جب ورین اشغال
شیخ بولا اسے ای فرخ پی　　ابھی تیرے مین جاہ باقی ہی

جاتو یک سال پھر گدائی کر
پھر گدائی کیا وہ نیک سیر
جو گدائی مین اسنے پاتا تھا
شیخ کے پاس ہی وہ لاتا تھا

شیخ ہر روز اس سے لیتا تھا
اور مساکین کو وہ دیتا تھا
رکھتا ہے شب یقین اسے ہو کا
یونہی یک سال اسپہ سب گذرا

اسکو ارشاد یون کیا ہی تب
اپنی صحبت مین تجھہ کو لیون اب
لیک یہہ شرط ہی کہ با فرحت
سب فقیرون کی تو کرے خدمت

شرط یہہ بھی وہین کیا ہی قبول
اور ہرگز نہین ہوا ہے ملول
تھے جو فقرا جنید کے ہمراہ
دایما سالکان راہ الہ

کرنے لاگا ہی انکی خدمت وہ
پایا سرمایۂ سعادت وہ
شیخ پھر اس سے یون کیا ہی سوال
کیا ہی تجھہ پاس تیرے نفس کا حال

کہا شبلی کہ خلق مین یکسر
مین نے پایا ہون آپ کو کمتر
شیخ بولا اسے ترا ایمان
فضل حق سے ہوا درست ایمان

نقل ہے ابتدا مین وہ آگاہ
دوست رکھتا بہت ہے اسم اللہ
جسنے اللہ منہہ سے کہتا جب
اسکا منہہ وہ شکر سے بھرتا تب

اور لڑکون کو شکر دیتا تھا
تا کہے اللہ اللہ ہر لڑکا
پھر کئی دن کے بعد کہنے لگا
اللہ اللہ جسنے بولیگا

سونے روپے سے منہہ بھرون اسکا
عز و اکرام مین کرون اسکا
یونہی کرنے لگا وہ نیک شعار
اسمین خرچا ہے سیم و زر بسیار

بعد غیرت ہی آئی اسمین کثیر
کہ لیا ہاتھہ مین وہ یک شمشیر
کہا اللہ جو کہیگا بشر
کاٹ دیونگا مین نے اسکا سر

کہا دیتا تھا تو تو شکر و زر
کس لئے اب تو کاٹتا ہی سر
کہا ایسا سمجھہ گیا تھا مین
کہ حقیقت سے یاد کرتے ہین

اب مین سوچا کہ راہ غفلت سے
یاد کرتے ہین حق کو عادت سے
نہین کہتا ہون مین رو سمجھو
کرین غفلت سے یاد مولا کو

جہان پاتا وہ نقش اسم اللہ
دیتا تعظیم سے اسے بوسہ
کہتے ہین ایک دن ہاتف غیب
یہہ ندا اسکو آئی ہے لاریب

کب تلک شغل اسم مین تو رہے
اب مسمی کو تو طلب کیجیے
آہ جب اسنے یہہ سنا ہی ندا
درد اور شوق اسپہ غلبہ کیا

جا کے دجلے مین وہ گرا ہی بار
موج یک پھینک دی اسے بکنار
بعد آتش مین آپ کو ڈالا
نہ جلائی ہی آگ بھی اصلا

اور جلا ہی یونہی وہ کئی بار
کہ کرے آپ کو ہلاک ای یار
حق تعالی و لے بچایا ہے
نہ ہلاکت مین اسکو لایا ہے

جب ہوا اضطرار اسکا زیاد
تب وہ اسطرح سے کیا فریاد

ویل لمن لا یقتله الماء والنار والسباع والجبال

یعنی افسوس اسپہ ہی بسیار
کہ جسے قتل نا کرین زنہار
آب آتش بھی اور سباع و جبال
وہین آئی ہے یہہ ندا و حال

من کان مقتول الحق لا یقتله غیره

یعنی مقتول حق جو ہی بالجبر
نہ اسے قتل کر سکے ہی غیر

ہوا دیوانہ پھر وہ فرد کبیر
کھینچے دسبار اسکو در زنجیر
نہین اسکو ہوا ہی چین سکون
اور ہرگز نہ کم ہوا ہے جنون
بعد دار الشفا مین لے آئے
اور قید شدید اسکو کئے

لوگ کہتے ہوا یہہ دیوانہ
انکو دیتا جواب وہ دانہ
کہ ہین دیوانے ہم تمھارے پاس
اور ہین دیوانے تم ہمارے پاس

بلکہ چاہے اگر وہ رب عباد
جانو میرا جنون ہووے زیاد
نقل ہی یک جماعت آئی ہے
قید خانے مین اسکو پائی ہے

پوچھا تم کون ہو کہو اسدم
وے کہے دوست ہینگے تیرے ہم
انکو پتھرون سے مارنے لاگا
تب وے لوگون نے چو طرف بھاگا

شیخ انکو کہا اے کذا بو
دعوی الفت کا میرے کرتے ہو
نہین میری بلا پہ صابر تم
دوست کیسے ہو میرے ای مردم

نقل ہے چند روز و شب اظہر
بیٹھہ کر یک شجر پہ وہ رہبر
بولتا تھا زبان سے ہو ہو
پوچھا کیا حال ہے یہہ فرماتو

کہا یک فاختہ نے اے لوگو
بیٹھہ کر اسبھی جہاز پر دیکھو
بولتا ہے پکارتا کو کو
کہتا ہون ساتھہ اسکے مین ہو ہو

نہین خاموش وہ ہوا جب تک
شیخ خاموش نین ہوا تب تک
نقل ہے ایک بار اسے ای یار
آ مارے ہین سنگ سے اشرار

خون کا گرتا تھا اس سے جو قطرہ
اس سے اٹھتا تھا نقش اسم اللہ

نقل ہے روز عید ہو سوا ہیں — اُسنے پہنا ہی یک سیاہ لباس
کہا لوگوں کی یہہ جو غفلت ہے — کیا تو بی اس سے او مصیبت ہے
نقل ہے اولا وہ پاکی انداز — جب کیا ہی مجاہدہ آغاز
کہتے ہیں بات میں نمک اُسنے — ڈالا تھا ہر دو چشم میں اپنے
کہ ہے غافل یعین جو سو ویگا — جانو محبوب اُسنے ہوویگا
مدح کرنے لگے ہیں شبلی کی — وہیں حاضر تھا شیخ شبلی بھی
پس کہا حاضروں کو وہ فاخرہ — بھیجو مجلس سے اسکو اب باہر
مدح شبلی کی جو کئے ہو تم — تیغ اسپر چلائیے ای ہر دم
یعنے اپنی ثنا پہ ہو مغرور — نہ عبادات حق میں لاوے قصور
نقل ہی اپنے گہر میں اُسے آگاہ — اُسنے رکھتا تھا ایک سرداب
ایک غفلت وہ دلیں پایا جب — آپ کو مارتا تھا چوب سے تب
ہاتھ اور پاؤں اپنے تب ناچار — آہ وہ مارتا تھا بر دیوار
اور پہ اگر کسی نے مارا ہے — کون ہی کرکے شیخ پوچھا ہی
پر نہ چھتا ہوں میں نے تو آوے — اور خلل میرے وقت میں لاوے
کہ یہہ چیتا ہوں میں نے از مدت — رکہوں مولا سے ایسی یک خلوت
کہا چالیس برس سے دن رات — میں نے اس آرزو میں ہوں ہیہات
اور لاتا زبان پر یہہ سخن — کاش ہوتا تھا ایک میں گلخن
اور بولا یہہ ہیں بلائیں چار — مبتلا میں ہوں انہیں لیل و نہار
اور بولا مصیبتیں ہیں تین — آہ سر پر مرے کہڑے ہیں یقین
تیسرا یہہ کہ نفس کا ڈر ہے — خیر کے کام میں وہ قاصر ہے
اور کہتا تھا وہ خدا وندا — دیجئے مجہ کو دنیا و عقبیٰ
دنیا و آخرت کے ہر دو حجاب — اُٹھے سب خلق کی نظر سے شتاب
اور بولا کہ دل جو بہتر ہے — دنیا و آخرت سے برتر ہے
اور دل ہیگا معرفت کا محل — لیں دل کیوں دونوں ہوا فضل
تو مشایخ کی خدمت والا — جانیو میں کبھی نہ کرسکتا
اور اُسے آگ میں جلایا ہی — دیکھ لوگوں نے اُس سے پوچھا ہے
تب پڑھا ہی یہہ آیت قرآن — اِنَّکُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ حَصَبُ جَھَنَّمَ
یعنے حق کے سوای ای ہر دم — جانیو جسکو پوجتے ہو تم
پس ترا ہووے جس طرف میلان — وہی معبود ہی ترا پہچان

اور کرتا تھا وجد وہ بے حد — پوچھے کیا حال ہے یہہ ای امجد
اس مصیبت پہ خلق کہے ہی آہ — میں نے پہنا ہوں یہہ لباس سیاہ
ڈال کر چشم میں نمک ای یار — اُسنے رہتا تھا رات سب بیدار
کہا از بارگاہ رب انام — مجہ کو اسطرح پر ہوا اعلام
نقل ہے ایک دن جنید کے پاس — جو تھے یاروں سے اُسکے خردہ شناس
انکو بولا جنید نے یوں تب — کہ غلط بولتے ہو تم نے اب
شیخ شبلی گیا ہے باہر جب — حاضروں سے جنید بولا تب
لایا آگے اسی سبب تین سیر — تا نہ اُس تیغ سے ہو اسکو ضرر
وصف آگے کسی کے کوئی کیا — تو کیا قتل اُسکو وہ گویا
بستہ یک لکڑیوں کا لیکر سات — اسمیں جاتا تھا وہ گرامی ذات
اسقدر مارتا تھا وہ گاہے — کہ وے سب لکڑیاں بھی ٹوٹ جاوے
نقل ہے تھا وہ قدوۂ اخیار — اپنی خلوت کے درمیان یکبار
کہا بو بکر میں نے ہوں تحقیق — کہا ہو گرچہ بو بکر صدیق
نقل ہے شیخ آہ بھرتا تھا — اور ایسا بیان کرتا تھا
اور شبلی نہ درمیان رہے — ایسی خلوت نہ ہاتھ آئی مجھے
ایک ہی دم خدا کو جانوں میں — اپنے خاوند کو پچھانوں میں
تا نہ کچھ خلق جانتے مجہ کو — اور نہ ہرگز پچھانتے مجہ کو
ایک تو نفس بد ہے اور دنیا — اور شیطان دون ہے اور ہوا
ایک تو حق ہے میرے دل سے اُٹھا — اور باطل ہے اُس جگہ بیٹھا
کرے ان مصیبتوں کا علاج — فارغ البال اُس سے ہی وہ آج
مائنوالہ بنایا یہہ دنیا کا — رکہوں منہہ میں کسی یہود کے لا
تا خلایق بہ منزل مقصود — پہنچیں یارب ترے کرم کے وجود
کیونکہ دنیا سرائے محنت ہے — آخرت بھی سراسر نعمت ہے
اور کہا بادشاہ کی خدمت — نہ کیا ہوتا میں نے باحرمت
نقل ہے ایکدن نیا کپڑا — پہن کر جلد تر نکال دیا
کیوں تو ضایع یہہ مال اپنا کیا — شرع میں بات یہہ نہیں ہے روا
کہ کہا ہے وہ خالق کونان — لکڑیاں ہووینگے جہنم کے
آگ میں ہم انہیں جلاوینگے — آہ اے بھائیو یہہ میرا دل
اب یہہ کپڑے طرف ہوا مائل

سا غیرت مجھے ہوی پیدا
آغاز وعظ اور تذکیر
خبر جب جنید کو پہنچی
کہتا ہی اسکو تو درزات
جہان مین ہی کون میرا غیر
ت یہہ سن کہا جنید نے اسے
لس وعظ مین ہمارے آ
ا درویش ایک ای آگاہ
در بولا کہ ڈر ہی اسکا آہ
یہہ سخن جب سنا تہی درویش
بع ہوا اسکے اقربا آئے
ب خلیفے کے پاس جا پہنچا
شیخ کہنے لگا کہ اسکی جان
ور وہ درویش کے علاقے سب
اسکی طاقت ہوی ہے طاق بہم
مرغ جان اسکا سوختہ بہ نیاز
جب خلیفے نے یہہ سنا ہی بیان
اسکے باتون سے حال ایک ایسا
نقل ہے جب کسی نے اسکے پاس
اسکو کہتا کہ اب توکل پر
یون اکیلا تو جاوے آوے جب
سکھے یارون نے اسطرح اسکو
کہ اگر مین ہی ہوون انکی مراد
کیونکہ جو فاسق موحد ہے
وے اگر راہ مین ہی باوین نجات
یہان دس سال تک بشام و سحر
نقل ہے یون کہا وہ پاک شعار
مار نعرہ کبھی کبھی سر بار

اس لئے اسکو مین جلا ڈالا
خلق لینے لگے ہین فیض کثیر
اسکو بلوا کے وہ مثال کی
سر منبر پہ اب عوام کے ساتھ
مین جو کہتا ہون یہہ سخن بالجبر
گر ہے ایسا ہی سازوار تجھے
بیٹھنا اسکو ہے حرام بجا
کلمۂ لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کہ نہ پہنچونگا تا بہ الا اللہ
فیض کے گل چنا ہی وہ درویش
شیخ کو محکمے مین بلوائے
کئے شبلی سے خون کا دعوا
آتش عشق مین ہی تہی بریان
توڑ ڈالا کرم سے اپنے رب
صبر بھی اسکا ہوگیا ہے کم
اسکے قالب سے کر چکا پروان
ہوگیا بیقرار اور لرزان
دلمین میر ہوا ہے اب پیدا
آتا اسواسطے بلا وسواس
جا تو جنگل طرف بغیر خطر
رہ سکیگا ہمارے ہمرہ تب
کیا کرے ہی ہلاک خلق کو تو
بت پرستی ہے وہ رکھو تم یاد
بہتر از راہبان زاہد ہے
انکا مقصود انکے آوین ہات
گروے باندہین مجاہدہین کمر
جبکہ جاتا ہون مین نے در بازار
آہ افلاس بولتا تھا پکار

نقل ہے فضل حق سے اسکا حال
لیک تحقیق کے رموز تمام
کہ یہہ باتین جو ہین رموز نہان
کہا شبلی کہ مین نے کہتا ہون
حق سے جاتا ہی حق طرف یقین
اور کہا جسکے دلمین ہو دیگا
نقل ہے وعظ مین وہ کہی کیا
کیون کہتا ہی تو زبان سے سب
کہین ہو ویگا بند میرا دم
دلمین اسکے اثر کیا جولان
غلبۂ وجد مین اٹھا شبلی
تب خلیفے نے اس سے پوچھا ہے
انتظار لقائے حق ہین یقین
جو تھے اوصاف نفس پنہانی
اور یک برق از جمال شہود
اسمین شبلی کی کیا ہی جرم و خطا
اپنے لوگون سے یون کہا ہی تب
کہ مری عقل و ہوش جاوے یقین
کہ گناہون سے اپنے توبہ کرے
اور اکیلا ہی قطع کرکے تو راہ
پس بلا زاد و راحلہ پہلے
کہا مجہ پاس وے جو آتے ہین
بت پرستی سے ایسے لوگو
لیک آنا انہونکا میرے پاس
اور اگر خیریت سے آوین یہان
ہنو لیسا مجاہدہ کامل
تو پشانی پہ خلق کے جاوید
پوچھے افلاس کیا ہی اب فرما

حکم قوت لیا بوجہ کمال
کہنے لگا علانیہ بہ عوام
رکھے سر دا بہا مین ہم پنہان
مین ہی سنتا ہون مین ہی کہتا ہون
اور یہہ شبلی درمیان ہی نہین
دنیا و آخرت کا اندیشہ
اللہ اللہ جب کہا بسیار
شیخ شبلی کیا ہے نعرہ تب
اور وحشت مین مین پڑونگا ہم
وہین لرزان ہوا دیا ہی جان
چل دیا ایک مست سا شبلی
ای ابو بکر کیا تو کہتا ہے
جل گئی ہی کچہ اسمین شبہ نہین
سب وے اوصاف سے ہوا فانی
نقطۂ جان پہ اسکے چمکی زود
اسکا نقصان کیا کیا ہے بہلا
بھیجو شبلی کو جلد واپس اب
پس روانہ کئے ہین اسکو وہین
اور قدم در رہ سلوک دہرے
کرا دا جاکے حج بیت اللہ
دشت و صحرا مین بھیجا تھا اسے
انکا مقصود کچہ نہین ہون مین
بس وہی فسق انکا بہتر ہو
طلب حق ہے جب بلا وسواس
ہووے انپر مجاہدہ آسان
جو سفر مین انہین ہوا حاصل
دیکھتا ہون لکھا شقی و سعید
شیخ اسطرح انکو فرمایا

من مجالسة الناس ومن استیناس الناس ومن مخالصة الناس ومحاوشتهم ومخاوشتهم

نقل ہے یک جماعت ای دلبر
اہل دنیا سے اسکو آئی نظر

کہ تنعم تھا انکو سب حاصل
اور تماشے مین تھے وے سب شاغل

شیخ نے دیکھا انکو نغز کیا
اور اسطرح سے ہی کہنے لگا

آہ ذکر خدا سے انکے دل
سر بسر جبکہ ہو گئے غافل

لاجرم مبتلا کیا ہے انہین
واے دنیا کی اس نجاست مین

نقل ہے یک جنازہ وہ دیکھا
پیچھے یک شخص اسکے جاتا تھا

کہتا تھا آہ من فراق ولد
یعنی لڑکے کی ہے جدائی اشد

شیخ شبلی نے جب یہہ بات سنا
اپنے سر پہ ہی مارنے لاگا

اور کہا آہ من فراق احد
غم جدائی حق کا ہے بیحد

کہا ابلیس ایک دن آیا
اور اسطرح وہ مرے سے کہا

تیرے اوقات کی صفائی کہین
تجھے مغرور یا بناوے یقین

کیونکہ زیر صفائی اوقات
ہین بہت سے غوامض آفات

نقل ہے ایک روز ہو سرگرم تر
بر کجے چولے مین لا کے آتش تر

دیکھا وہ یک طرف سے ہی سوزان
آب ہی دوسرے طرف سے روان

شیخ یارون سے اپنے کہنے لگا
تم کو اسباب کا ہی گر دعوا

کہ یقین نار شوق صبح و مسا
شعلہ زن ہے ہمارے دل مین سدا

تو ہمیشہ تمہارے آنکھون سے
کیون نہ پانی روان ہے کہہ دیجے

نقل ہے ایک روز سکر مین تھا
ناگہان گھر جنید کے آیا

ناگہان تب جنید کی بی بی
اپنے سر پہ ہی شانہ کرتی تھی

چاہی گوشے مین جلد تر جاوے
کیا ارشاد یون جنید اسے

کہ نہ جانے کی ہے تری حاجت
نہین سر ڈھانپنے کی بھی حاجت

کہ ہین جو مست اس گروہ اندر
نہین دوزخ سے بھی ہے انکو خبر

بعد ازان گھر مین آگیا شبلی
سخن آغاز کر دیا شبلی

وقت تھوڑا ہے یونہی جب گذرا
یکبیک درد سے ہے رونے لگا

اپنی زن سے جنید بولا تب
کہ تو گوشہ کے درمیان جا اب

کیونکہ بیخود جو کر دئے تھے اسے
پھر کے اسکی خودی مین لائے

نقل ہے ایک دن امام ہدا
قطب دوران جنید نے دیکھا

کہین تشریف لائے پیغمبر
دئے بوسہ جبین شبلی پر

پوچھا شبلی سے یون جنید ای یار
کیا عمل ہے ترا ای نیک شعار

کہا مغرب کی کر ادا سنت
اور پڑھتا ہون نفل دو رکعت

پھر یہہ پڑھتا ہون آیت آگے
جس پہ ہے ختم سورۂ توبہ

لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمؤمنین رؤف الرحیم

کہا اسکو جنید با عزت
پایا تو اس لئے ہے یہہ دولت

نقل ہے ایک شخص تھا درویش
آیا شبلی کے پاس ہے دلریش

کہا آیا ہون تنگ مین بسیار
ہاتھ مین میرے نہین ہے چارۂ کار

کیا کرون ناامید بیکس ہون
کیا مین اب راہ سے ہی پھر جاؤن

شیخ بولا نہو تو بے امید
دیکھ کہتا ہی کیا خدای حمید

لا تقنطو من رحمة الله یعنے بے امید مت ہو رحمت اللہ تعالی کے

تب کہا اسنے مین ہوا ایمن
پھر کہا ہی اسے ای شیخ زمن

آزماتا ہی کیا خدا کو ہان
کیا سنا نہین یہہ آیت قرآن

فلا یامن من مکر الله الا القوم الخاسرون

کہا تدبیر کیا کرون دیگر
وہ کہا رکھہ تو آستان پہ سر

مارتا رہ اسی پہ سر ہر آن
تا ترے تن سے قبض ہووے جان

تا کرم سے زبارگاہ خدا
من علی الباب سے ہو تجکو ندا

نقل ہے شیخ بوالحسن خضری
تھی طریقت مین جسکو ناموری

ایک ہفتے کے درمیان یکبار
اسکو دیتا تھا پاس اپنے بار

اور بولا کہ غیر حق کا ہے
آہ خاطر پہ تیرے گر گذرے

تو ہی صحبت مری حرام تجھے
ایک ہفتے مین بھی نہ آگے ملے

نقل ہے ایکبار ای ہشیار
شیخ شبلی نے ہوگیا بیمار

کہا یک طبیب نبض پہچان
کہ تو پرہیز کر ای شیخ زمان

پوچھا یہ پرہیز کاہے مین کرون
کون سی شی سے احتراز ہر دن

میری روزی جو ہے یقین مقسوم
یا وہ روزی سے جو نہین مقسوم

بس جو روزی مری مقدر ہو
مجکو پرہیز اس سے کیونکر ہو

اور جو ہووے غیر کی روزی
وہ تو مجھکو کبھی نہ پہنچیگی

نقل ہے ایک دن وہ محرم راز
یک جنازے پہ جب پڑھی نماز

پانچ تکبیر سے پہ بولا ہے
وجہ لوگون نے اسکا پوچھا ہے

وہ کہا مین نے اس جنازے پہ
نقل ہے اسکو یون جنید کہا
کہا شبلی مجاز ا اے استاد
یہ سخن جب کیا جنید نے گوش
کہ یہہ دنیا کے دو ن مین ہین اشغال
جب یہہ اشغال سے رکھین تم رات
وہ کہا وا اے تم پہ اے لوگو
وہ پڑا ہے بورطہ الحاد
اور جو اسکے طرف کرے ایما
اور جو سمجھے کہ مین اُسے پایا
جو اشارہ کرے بہ نزدیکی
اور جو وہم سے کرے تمئیز
وہ بھی تم سا ہی محدث و مصنوع
کہا صوفی تبھی ہوا اہل کمال
اور وہ متصل بحق ہووے

چار تکبیر ہی کہا اس شہر
کیون تو کرتا ہے یاد حق کو سدا
اس قدر مین کرون خدا کو یاد
مارہ نعرہ وہین ہوا بیہوش
اور یقین آخرت مین ہین اہوال
پاوین اہوال آخرت سے نجات
سو جہیو کیا سوال کرتے ہو
پس وہ ملحد ہے خوب اکہو یاد
وہ یقین بُت برست ہووےگا
اُسکی درگاہ تک مین جا پہنچا
ہے بلاشبہ جانو دور وہی
اور ادراک عقل سے ای عزیز
نہین صانع نہ اُسپہ لاؤ رجوع
دیکھے سب خلق کو وہ اپنے عیال
جونکہ موسی کو رتبہ یہہ بخشے

اور عالم یہ سارے جانو تم
صدق اور اہلیت بوجہ یقین
از کرم سے رہ حقیقت سے
نقل ہے جنید شخص آ یکبار
پھر ہے راحت کہان تو فرمایا
نقل ہے اس سے یون کہے ہی سعید
جسنے توحید سے خبر دیوے
اور اشارہ کریگا کوی غوی
کرے اسمین سخن جو ہی غافل
اور یک شی ہوی مجھے حاصل
جسنے اپنی خودی سے وجد کرے
وہ بھی مصروف اور ہی مردود
اور بولا فنا ہے ناسوتی
اور بولا کہ ہے وہی صوفی
منقطع سارے خلق سے مولا

مین نے تکبیر وہ کہا پنجم
یاد کرنے کی جبکہ تجہ مین نہین
وہ مجھے ایک بار یاد کرے
پوچھے شبلی سے اسطرح اک بار
انکو شبلی نے یون کہا ہی تب
دے خبر از مجرد توحید
جانیو لفظ اور عبارت سے
طرف اُسکے ہی وہ یقین ثنوی
جو ہی خاموش اُس سے ہی جاہل
تم سمجھ لو کہ ہے وہ جاہل
راہ سے اُسنے گم ہوا ہووے
کہین اسپر بھی بھول جاؤ نہ زود
اور ہی بیشک ظہور لاہوتی
منقطع خلق سے جو ہووے بھی
کردیا اُسکو جونکہ فرمایا

واصطنعتک لنفسی

قرب بے کیف اپنا اسکو دیا
اور بولا مین صوفیہ اطفال
ذکر میرا ہے ذاکرون کو ہی
اور محبت ہماری بااخلاص
کر رکھے تو بہت ہی دوست جسے
اور محبوب کو وہ اپنے بھول
فی الحقیقت وہ دوست اُسکا نہین
اور کبھی سات آسمان و زمین
اور بندے کو کچھ نہین ہے یار
کہا مولا کو جو پہچانے گا
کہ یہہ دنیا کو یک بنادے ازار
کہا عارف جو ہی وہ حق کے سوا
اور از غیر خالق علام
رعد غران ہی ابر خندان ہی

لطف حق کے کنارہ مین سوال
اور مطیعون کو ہی بہشت مری
ہی محبون کو ہی ہمارے خاص
وہی محبوب کے لئے دیوے
جبکہ ہوویگا غیر مین مشغول
بلکہ وہ لاف کرتا ہے یقین
نوک پر یک پلک کے گیو یقین
ڈرنیوالے کو بھی نہین ہے قرار
جانب غیر رخ نہ لادیگا
آخرت کو رداء بنادے ای یار
نہ تو بینا ہی اور نہین گویا
غیر سے وہ کبھی سُنے نہ کلام
باعث فرح درد مندان ہے

اور بولا بہ حضرت داؤد
اور میری زیارت وا لا
اور بولا وہ قدوۂ اخیار
اور اسطرح سے وہ فرمایا
جانو وہ شخص دو بہت ہی ایسا
کہا عارف وہی ہی پاک نصاب
کہا عارف کو کچھ نہین ہے نشان
اور جانو کہ حق تعالی سے
اور اسطرح وہ کیا ہی بیان
پس یہہ دونو سے اٹھا دیا تم
اور کبھی وہ سوائے مولا کے
اور بولا کہ وقت عارف کا
برق سوزان ہوا بھی جلتی ہے

کہ بقرآن لن ترانی کہا
وہی ایسا کیا ہی رب ودود
خاص ہیگی مسافرون کو بجا
کہ محبت ہی جانیو ایثار
کہ محبت کا جو کرے دعوا
کرے محبوب سے ہی استہزا
کبھی تحقیر کا یک نلادے تاب
اور محب کو نہین گلہ اے جان
کبھی ہرگز نہ کوئی بھاگ سکے
کہ وہی ہیگا عارف ذیشان
منفرد ہووے بس خدا کے ساتھ
اپنا حافظ کسیکو نا دیکھے
مثل فصل بہار ہووےگا
اور کلی چمن مین کھلتی ہے

اور یہ منہ سے جو ہیں ہو دہماز
چشم سے اپنے وہ تو ہی گریان
اور لیتا ہے اپنے دوست کا نام
اور عین الیقین ای ذیشان
اور حق الیقین طرف ای امین
یہی درجہ ہے امین بس کمتر
کاش اس سے مین گر رکھا ہوتا
اور بولا وہی شریعت ہے
اور حقیقت یہی ہے سن لیجے
جو ہی راضی رضا پہ اسکے ہان
اور کہا کوئی دن تھا ایسا
کہا وہ شکر ہے سمجھ لے تو
کہا حق کی موافقت اندر
وے عبادت سے بھی فاضل تر
آخرت سے ہزار سال کی راہ
رسم و عادت پہ آہ آتے ہین
اور کہا کیجے آپ پر لازم

جو طرف شاخ پر ہین خوش آواز
اور وہ اپنے لب سے ہی خندان
اور پھر تا ہی اسکے در پہ مدام
ایک ہدایت کا نور ہیگا جان
اس جہان مین کسیکو راہ نہین
ملے دنیا یہ سب اسیکو اگر
واسطے میرے قوت یکدن کا
کہ اسیکی کرے عبادت ہے
کہ مقرر اسیکو تو دیکھے
سو ہی وہ اہل پیشگاہ سے جان
خوف غالب نہ جسمین مجھ پہ ہوا
کہ نہ دیکھے کبھی تو نعمت کو
ایک دم جبکہ لیوے کوئی بشر
ہی یقین موافقت بہتر
کہ عمل ہی ضرور ای اکمل

اور بولا بزرگ تر مردم
اہل عرفان مین ہین یہ جانو تم

اور بولا محبت ای ہشیار
ہی بلا شبہ جانئے ایثار

اولا وصل ہووے ذکر دوام
اور خوش حال ہووے اسے مدام

تیسری چھوڑ دیوین سب اشغال
محو نسبت مین حق کے ہو ہر حال

جو کہ قرآن مین کہا ہی رب
آیت پاک یہہ پڑہا ہی تب

بعد علم الیقین اُسے دیوین
اس سے عین الیقین کو تا دیکھین

کعبۃ اللہ جو نہین دیکھا
ہو علم الیقین اسے اسکا

اور عین الیقین کے آگے
جاننے علم ایک جو آوے

آوے علم الیقین جب ای یار
اس سے عین الیقین کے اسرار

جون کوئی چاہ مین پڑا ہووے
اور اسی چاہ مین پڑا ہووے

دیکھ وہ آفتاب بے حیرت
جب وہ دیکھا کریگا یکدیگر

پس اسی علم سے وہ نیک شعار
دیکھیگا آفتاب کے اسرار

تو طرف اس مرید کے مت دیکھ
کہ یقین وہ نہین مرید ہی نیک

اولا جو کہ جانتا ہووے
جبکہ اس پر کوئی عمل نکرے

تیسری جو نجانتا ہی یقین
شوق دل سے نہ ہووے تا اسکے تئین

کہا ستہ حرف علم ہین ای فہیم
یعنے ہی عین اور لام اور میم

میم سے ہووے مخلص ای ذیشان
اپنے علم و عمل مین ستر و عیان

جو ہو ثابت بہت شریعت مین
اور حضرت کی حفظ سنت مین

اور اسکے چہار معنے ہین
خوب تر یاد رکھ تو انکے تئین

دوسری ذکر حق سے با تکریم
اسکو حاصل ہوا ایک انس عظیم

چوتھی حق کو ہی اختیار کرین
اسکی نسبت مین جان نثار کرین

قل ان کان اٰباءکم وابناءکم واخوانکم
وازواجکم وعشیرتکم واموال ن اقترفتموها وتجارۃ تخشون کسادها و
ومساکن ترضونها احب الیکم من اللہ ورسولہ وجهاد فی سبیلہ فتربصوا
حتی یاتی اللہ بامرہ واللہ لا یهدی القوم الفاسقین۝

پس محب حق کے جو ہین نیک نہاد
دوست رکھتے ہین حق کو سب سے زیاد

ذکر شیخ ابو الحسن بوشنجی رحمۃ اللہ علیہ

جسکو تھی راہ حق مین یکرنگی
شیخ دین بو الحسن ہی بوشنگی

تھا مشائخ مین وہ بڑا عالم
تھا طریقت کے ملک کا ناظم

ابو عثمان اور ابن عطا
اور جریری کو اُسنے دیکھا تھا

اسنے بوشنج سے عراق کو جا
سالہا دراز اُسمین رہا

پھر وہان سے گیا بہ نیشاپور
اور گذارا وہین وہ عمر غفور

اسکے باتین لطیف ہین انور
قدس اللہ سرہ الازہر

صادق کار دیدہ صاحب دل
زاہد عصر عارف واصل

تھا خراسان کے اکابر سے
پیشوایان ذو المفاخر سے

تھا ہمیشہ بعالم تجرید
بسکہ ثابت قدم وہ فرد وحید

اور دیکھا تھا بو عمر کو وہ
اور کئی شیخ معتبر کو وہ

بعد بوشنج کو وہ آیا جب
اسکو زندیق کہنے لاگے تب

وہان موسوم زہد سے وہ ہوا
ہوا اسکا وہان بڑا چرچا

نقل ہی گم کیا تھا اپنا خر / ایک بقال شہر کا اسشہر / پکڑا وہ بوالحسن کا دامن آ / کہنے لاگا کہ دیجے خر میرا
شیخ کہنے لگا ہی اسکتین / کہ ترا خر بچانتا ہون مین / تو نے غلطی سے مجھکو پکڑا ہی / کیون تو ناحق مجھے ستاتا ہی
پر نہین مانتا تھا وہ بقال / شیخ نے تب بدرگہہ متعال / ہاتھہ اپنے اٹھا کیا ہی دعا / گم ہوا تھا سو خر وہین آیا
عذر بقال کرنے لاگا وہین / مین نے یہہ بات جانتا تھا یقین / کہ نہین تو لیا ہی میرا خر / نہین یہہ شان تیری ای سرور
لیک مجھکو بدرگہہ مولا / بالیقین آبرو نہین اصلا / مین نے سمجھا کہ جب کرے تو دعا / خر مرا تب مجھے خدا دیگا
نقل ہی ایکدن وہ جاتا تھا / ایک ترکی نے آ اسے مارا / لوگ اسکو کہے کہ ای ناداں / یہہ فلان شیخ ہی شہیر جہان
آہ یہہ تو نے کیا حرکت کی / اسنے سنتے ہی یہہ ندامت لی / شیخ کے پاس دوڑ آیا ہی / عذر خدمت مین اسکے لایا ہی
شیخ اسکو کہا کہ فارغ رہ / کہ نہین ہمکو ہی ترے سے گلہ / وہ حرکت ہوی جو تیرے سے / ہم تیرے سے نہ دیکھتے ہین اسے
وہ حرکت یقین جہان سے ہوی / وہان ہرگز غلط نہووے کبھی / نقل ہی ایکروز ای دانہ / جاکے بیٹھا تھا وہ بر پاخانہ
بات گذری یہہ اسکے خاطر مین / پیرہن یہہ فلان فقیر کو دین / وہین خادم کو اپنے بلوایا / پاپخانے کے پاس وہ آیا
پیرہن اپنا اپنے تن سے نکال / دیا خادم کے ہاتھہ مین فی الحال / اور کہا یہہ فلان فقیر کو دے / کیا خادم نے عرض یون اس سے
پاپخانے سے آئے تک باہر / کیون نہ تاخیر کی تو اے فاخر / شیخ بولا مجھے یہہ خوف ہوا / تا نہ شیطان ہو راہزن میرا
کہین لیجاوے یہہ مری نیت / اور آجاوے دوسری نیت / نقل ہی اس سے یون کئے ہین سوال / بولا ای شیخ کیا ہی تیرا حال
وہ کہا حق کے نعمتین کہاتے / بالیقین گھٹ گئے یہہ دانت مرے / اور شکایت مین حق کے میری بال / تھک گئی ہی بغیر و شبہ و گمان
اور پوچھے ہین لوگ اس سے / کہ مروت ہی کیا بیان کیجے / کہا جو کچھ کئے ہین تجھہ پہ حرام / دور رہنا مدام انسے تمام
کہ ملک جو ہین کاتب اعمال / تا مروت ہو انسے خوش منوال / اور اسطرح اس سے پوچھے ہین / کہہ تصوف تو کسکو کہتے ہین
کہا نہین ہی حقیقت اب اسکی / مگر اسکا ہی نام ہی باقی / آگے اسکے نہین تھا اسکا نام / پر حقیقت تھی اسکی باکرام
اور تصوف سے پوچھے دوسری بار / کہا اسطرح تب وہ نیک شعار / کہا کرنا قصیر اپنی امل / اور کرنا مداومت بہ عمل
اور بولا کہ ہی وہی توحید / کہ تو جانے بصدق دل ای سعید / نہین مانند اسکے کوئی ذات / کرے اس اعتقاد پر تو ثبات
کہا اخلاص ہی وہی خوشحال / نہ لکھین جسکو کاتب اعمال / یعنے باطن مین وہ ہے پنہان / نہ تباہ اسکو کر سکے شیطان
اور ہرگز کوئی بنی آدم / اسسے آگھہ نہوسکے کوئی دم / اور پھر پوچھے کہ ہی توکل کیا / انکو اسطرح تب وہ فرمایا
کہ تو آگے سے کہاوے اپنے نان / لقمہ چھوتا لیا کرے بدہان / اور لقمے کو خوب تر جانے / دیر اور اطمنان سے کہاوے
اور جانے جو حصہ ہو تیرا / فوت تیرے سے وہ نہووےگا / کہا جو آپ کو رکھیگا خوار / کرے اسکو بلند حق ای یار
آپ کو جو عزیز رکھیگا / خوار اسکو خدا نے کردیگا / اور جاہا کسینے اس سے دعا / یہہ دعا اسنے تب خدا سے کیا
کہ خدا اپنے لطف ورحمت سے / تیرے فتنے سے ہی بچاوے تجھے / نقل ہی ایکرات ایک درویش / آنکر اسکی قبر پر دلریش
آہ جاتا تا خدا سے ہی دنیا / شیخ آ اسکے خواب مین بولا / قبر پر جب ہمارے آوے تو / حق سے دنیا کبھی نچاہے تو
جاتو دنیا ہی ہان اگر جاہے / قبر پر خواجگان دنیا کے / قبر پر جب ہمارے آویگا / یہہ دعا کر ببارگاہ خدا

حقتعالی کرم سے از کونین
قطع ہمت تری کرے بیچمین

ذکر شیخ محمد علی حکیم الترمذی رحمۃ اللہ علیہ

ہی محمد علی حکیم سلیم
ترمذی سے ہی مشتہر وہ فہیم

اور بشرح معانی ای اکرم
تھا یقین ایک آیت اعظم

اور تھی اسمین شفقت وافر
اور اخلاق و ستبر فاخر

سب علوم و فنون مین فاضل
اور ظہور و بطون مین کامل

اہل ترمذ سے بس جماعت ایک
کرتے تھے اسکا اقتدا نیک

علم تھا اسکا علم ربانی
بہرہ ور تھا بفیض حقانی

ستر و ظاہر مین مجتہد تھا وہ
اور مقلد نتھا کسیکا وہ

اسکو کہتے تھے اولیا کا حکیم
کہ تھی حکمت مین اسکو شان عظیم

صحبت انکی یقین وہ پایا تھا
فیض انسے بہت اٹھایا تھا

کیا اس سے مناظرہ یکبار
متحیر ہوا ہی وہ بسیار

شہر ترمذ مین اسکے عصر مین ہان
شخص ایسا نہین تھا کوئی جان

اور تھا اہل شہر سے محجوب
ذکر مولا کا اسکو تھا مرغوب

یہہ بھی عازم ہوا ہی ساتھ انکے
دوسرے شہر کی طرف جاوے

کہی مادر اسے ای نور بصر
کہ ضعیفی تری ہی اب مجھ پر

پس مجھے کسپہ چھوڑ کر جاوے
کون خدمت مری بجا لاوے

کیا ناچار تب وہ ترک سفر
اور گئے دو رفیق وہ ملکر

بیٹھہ کر زار زار روتا تھا
اور کہتا تھا درد سے ایں

ہوسکے وے آوین عالم و فاضل
آہ رہ جاؤن یعنی مین جاہل

پوچھا روتا ہی کیون بدرد و ملال
تب وہ ظاہر کیا ہی اپنا حال

کہ اسی جا سبق مین وے یون تجھے
جلد تر تو انہون سے بڑھ جاوے

یونہی وہ تین سال درس دیا
علم مین اسکو بس کمال ہوا

شیخ بولا یہہ دولت والا
والدہ کی رضا سے مین پایا

کہا ابوبکر اس طرح سن تو
کہ مقرر ہر ایک شنبہ کو

اور ابوبکر نقل یہہ لایا
شیخ یکروز مجھکو فرمایا

پس چلا اسکے ساتھ مین بتعجیل
نہین تھوڑی بھی کچھ تو ہی سے دلیل

ایسے اسکے کلام ہین اے علی
قدس اللہ سرہ الولا

حامی دین معاون سنت
فخر دوران مزین ملت

تھا شیوخ کبار سے ای یار
اسکی شہرت تھی چو طرف بسیار

اور احادیث کی روایت مین
تھا یگانہ وہ حفظ سنت مین

اور تھین اسکی ریاضتین بسیار
اور فضل و کرامتین بسیار

بھی شریعت مین اور طریقت مین
مجتہد تھا خیار ملت مین

اور مدار اسکے جان مذہب کا
بیشک و ریب علم پر ہی تھا

اور وہ رکن رکین ملت تھا
بالیقین وہ حکیم امت تھا

صاحب کشف و صاحب اسرار
اور حکمت کے اسمین تھے انوار

خضر و یہہ بھی بوتراب جو تھا
اور ابن جلا جو تھا تسرا

ساتھہ یحیی معاذ کے بھی یقین
تھا کلام اسکو ای نکو آئین

اور تصانیف اسکے ہین اکثر
اور مسند اوسکے ہین اور اشہر

کہ وہ سمجھے کلام کو اسکے
اور سر مرام کو اسکے

اسکی لڑکائی مین دو شخص ای یار
طلب علم پر ہوئے تیار

اپنی مادر کے پاس جا کر تب
کی اجازت سفر کی اس سے طلب

اور کہی تو ہی ایک میرا پسر
نہین تیرے سوا کوئی دیگر

اپنی مادر سے جب یہہ بات سنا
درد دل اسکو یک ہوا پیدا

گذرے جب پانچ ماہ بعد ازان
وہ گیا ایک دن بگورستان

عمر ضایع مری ہی در تعطیل
ہین وے میرے رفیق در تحصیل

ایسے مین ایک پیر نورانی
ہوا ظاہر بحکم ربانی

تب کہا ہی وہ پیر پاک سیر
کہ ہمیشہ یہان تو آیا کر

شیخ اسباقکو قبول کیا
اور ہمیشہ وہین وہ جاتا تھا

ہوئی معلوم پس اسے یہہ بات
کہ یقین خضر تھا وہ پاک صفات

بعد آتا تھا خضر ای اکرم
واقعے کہتے پوچھتے باہم

خضر آتا تھا جان پاس اسکے
بیٹھہ کر ہر دو بحث کرتے تھے

کہ تجھے ایک جا لیجاؤن
مین گذارش کیا کہ حاضر ہون

یک بیابان مین جا پہنچے ہم
اور ناگاہ اسمین دیکھے ہم

سبز تھا ایک درخت اسمین ہرا ❊ تخت زر اسکے نیچے ایک دھرا
اور پانی کی ایک نہر روان ❊ پاس تھی اس درخت کے ایجان
پاہن یک شخص جامۂ زیبا ❊ با شرف تخت پر وہ بیٹھا تھا
شیخ نے جا اُسے کیا ہی سلام ❊ وہ اٹھا دے جواب با اکرام
اسکو اکرام سے ہی بلوایا ❊ تخت پر اپنے اسکو بٹھلایا
لوگ پھر ہر طرف سے آنے لگے ❊ شخص چالیس آکے جمع ہوئے
تخت پر جو بزرگ بیٹھا تھا ❊ جانب چرخ یک اشارہ کیا
تب ہوا ہی طعام یک نازل ❊ وہ تناول کئے ہین سارے مل
شیخ تب اس سے یک سوال کیا ❊ وہ معظم اسے جواب دیا
کہا باتین جواب مین بسیار ❊ کچھ نہ سمجھا ہون اس سے مین زنہار
شیخ پھر اس سے ہی لیا رخصت ❊ تا کرے اپنے گھر طرف رجعت
بعد مجھکو کہا کہ اب تو جا ❊ فضل حق سے تو اب سعید ہوا
ایک ساعت ہی بعد گذرے جب ❊ ہم نے ترمذ مین آکے پہنچے تب
پوچھا ای شیخ کونسی تھی وہ جا ❊ اور وہ مرد کون تھا فرما
کیا ارشاد تب وو شیخ جلیل ❊ کہ تھا وہ دشت آل اسرائیل
اور وہ مرد باصفا ای یار ❊ ہی یقین اس زمانہ کا قطب مدار
کہا مین یک گھڑی مین کیونکر یا ❊ پہنچے ور دشت آل اسرائیل
کہا ہی تجھکو پہنچنے سے کام ❊ اور نہین پہنچنے سے کیا ہی مرام
اور حقیقت سے اسکے کیا سروکار ❊ ہوا خاموش مین نے تب ناچار
نقل ہے شیخ نے یہ فرمایا ❊ کہ مین ہر چند بات یہ چاہا
کہ مرے نفس کو مطیع کرون ❊ طاعت ایزدی مین اسکو کہون
بات یہ ہو سکی نہین ای رشید ❊ آخر اس سے ہوا ہون نا امید
کہا شاید یہ نفس کو مولا ❊ کیا دوزخ کے واسطے پیدا
پانون اس دوزخی کو مین کیونکر ❊ بس گیا مین کنار جیحون پر
تھا مرا ایک دوست اسکو کہا ❊ دست و پا باندھ میرے وہ باندھا
اور وہ دوست جب وہانسے گیا ❊ مین نے پہلو پہ لوٹنے لاگا
تا کہ جیحون مین اپکو ڈالون ❊ اور پانی مین غرق ہو جاؤن
اور ناگاہ تب جو مارا آب ❊ دست و پا میرے کھل گئے بیتاب
اور ایسے مین موج یک آئی ❊ اور کنارے پہ مجھکو پہنچائی
مین نے امید اپنی تب چھوڑا ❊ اور تسبیح بول کہنے لگا
ای مرے خالق ای مرے مولا ❊ نفس اب کیا ہی یہ پیدا
نہ تو جنت کے ساز وار ہی وہ ❊ نہ سزاوار دار نار ہی وہ
اور جب مین ہوا ہون ناامید ❊ تب برکت سے اسکے رب وحید
راز میرا ہی مجھ پہ کھول دیا ❊ مین جو چاہا تھا اسکو بتلایا
اسی ساعت کے پس برکت سے ❊ اسی حالت کے مین حرمت سے
غایب اپنے سے ہو گیا ہون مین ❊ بالیقین جب تلک جیا ہون نہین
اور ابوبکر یون دیا ہی خبر ❊ کہ سو ایک روز وہ رہبر
کہ تصانیف سے ہی وہ اپنے ❊ دیا یک جزو ہاتھ مین میرے
اور بولا کہ جزو یہ لیجا ❊ اور جیحون مین اسکو ڈال کے آ
مین نے دیکھا تو یہین لکھا تھا ❊ مغز بے شبہ سب حقایق کا
دل نہ چاہا ہی آہ میرا تب ❊ کہ وہ پانی مین ڈال دون اب
مین لیجا اسکو اپنے گھر مین رکھا ❊ کہا پانی مین ڈالکر آیا
شیخ پوچھا کہ تونے دیکھا کیا ❊ مین نے بولا کہ کچھ نہین دیکھا
شیخ بولا کہ تو نہین ڈالا ❊ جلد جا اب تو ڈال دیکر آ
بات یہ سنکے مین کیا ہون عجب ❊ اور وہ جزو لیگیا ہون تب
اور جیحون مین اسکو ڈالا ہون ❊ وہین جنبش مین آئی ہی جیحون
ایک صندوق سر کھلا آیا ❊ اور وہ جزو جلد اسمین پڑا
بعد سر اسکا بند ہوا ای یار ❊ اور جیحون بھی ہی پانی قرار
قصہ یہ شیخ سے مین آکے کہا ❊ کہا ہان اب تو ڈال کر آیا
مین کہا ہی تجھے خدا کی قسم ❊ کہا ہی یہ بھید تو ای ہمدم
کہا مین صوفیہ کے علم مین ہان ❊ ایک تصنیف اب کیا تھا جان
کشف و تحقیق اسکی ای شیدا ❊ پر ہی سارے عقول پر دشوار
ہان مرا بھائی خضر پاک نسب ❊ وہ مرے سے یقین کیا تھا طلب
اسکے فرمان سے ہی یک ماہی ❊ بس وہ صندوق جان لائی تھی

اور وہ پانی کو حکم حق کا ہوا   جلد پہنچاوے خضر کو وہ لجا
خضر آ جلد سب نکالا ہی   اور نزدیک اسکے لایا ہی
شیخ کہتا تھا مین کوئی تصنیف   نہین اسواسطے کیا ای شریف
تنگ جب ہوتا وقت مجھہ پہ یقین   اس سے ہوتا تھا انکو تسکین
نقل ہی اسکے وقت ای ماجد   شہر مین اسکے ایک تھا زاہد
جھونپڑی شیخ ایک رکھتا تھا   کچھہ نہ رکھتا تھا اور اسکے سوا
اور نہین تھا وہ جھونپڑی کو در   شیخ نے آکے جب کیا ہی نظر
دیکھا اس روز آکے ستر بار   کہ گئی ہو وہ خود ہی ای ہشیار
کہ ہین تشریف مصطفی لائے   اور اسطرح اسکو فرمائے
ایک کتے کے واسطے آخر   کرے ایسی مسامحت ظاہر
آہ اس شیخ کا جواب سلام   نہین دیتا تھا وہ ای نیک انجام
عمر باقی اسکی خدمت مین   وہ گذارا ہی فیض صحبت مین
لطف و مہر و شفقت وافر   کرتا اس روز ہم پہ وہ ظاہر
یا الہی مخالفت تیری   ہی کسی امر مین پیر سے ہوی
یا الہی مین اس سے توبہ کیا   اب تو انکو صلاح پہلے آ
نقل ہے شیخ ایک مدت سے   چاہتا تھا کہ خضر کو دیکھے
کپڑے بچے کے دہوئی اسکا آب   طشت مین تھا بھرا ہمہ پیشاب
وہ پھاڑی سے ڈالدی ناگاہ   وہ نجاست پڑی ہی شیخ پہ آہ
وہ کہا تو جو بار کھینچا ہے   پس سے اسکے مجھکو دیکھا ہے
ایک دن ایک سے بچاتا تھا   شیخ تھا خوبرو جمیل بڑا
دیکھہ اسکو بلائی وہ بدکار   ملتفت وہ نہین ہوا زنہار
انکو خوبتر سنواری وہ   طرف اس باغ کے سدہاری وہ
ہی کیون بھاگتا ہی یون ترسان   دیکھہ کھو دیو گئی مین اپنی جان
درد مین اسکے جان دی ہی وہ   عشق مین اسکے ہی موئی ہی وہ
کیا اپنا مطالعہ حالات   آہ تب اسکو یاد آئی وہ بات
اسکی حاجت مین گر دیا ہوتا   بعد توبہ بھی کر لیا ہوتا
کہا ای نفس بے حیا بدکار   کیا ترے آہ زشت مین آثار

نقل ہی ایکبار تصنیفین   اپنے تو ڈالا ہی سارے پانی مین
اور بولا اسے ہنو تو طول   آپکو رکھہ یہہ شغل مین مشغول
کہ کہین یہہ فلان بنایا ہی   ایسا خطرہ نہ مجھکو آیا ہی
نقل ہی یک ہزار پر یکبار   دیکھا خالق کو خواب مین ای یار
شیخ پر اعتراض کرتا تھا   اس سے نین اعتقاد دہرتا تھا
جبکہ واپس ہوا ہی وہ حج سے   کتی یک اسمین قوالی تھی بچے
نہین جاتا کہ اسکو جاتا کے   سمجھا شاید کہ خود بخود جاوے
پس وہ زاہد جو اسکا منکر تھا   ہی اسی رات خواب یہ دیکھا
ای فلان کیا تو اسکا ہی ہمسر   اور کرے اعتراض تو اسپر
دائمی چاہے گر سعادت تو   کر ادا اسکی جا اطاعت تو
دیکھہ یہہ خواب ہو گیا مضطر   اور آیا ہی دوڑ شیخ کے گہر
اور کرتے ہین نقل اسکے عیال   آیا غصہ مین جب وہ با اجلال
کچھہ نہ کھاتا تھا اور روتا تھا   اور کرتا تھا یون خدا سے دعا
سو اسیواسطے یقین انکو   لایا میری مخالفت پر تو
ہم بھی تب جلد توبہ کرتے تھے   باز اسکے خلاف سے آتے
نہ ملاقات اسکی ہوتی تھی   کہتے ہین یک کنیز تھی اسکی
شیخ جمعے کے دن لباس اجلا   پہن مسجد طرف ہی جب نکلا
وہ کیا صبر اور کچھہ نہ کہا   وہین فی الحال خضر کو دیکھا
نقل ہے اپنے وہ جوانی مین   اسکے ہنگام کامرانی مین
ایک عورت ملی اسے در حال   صاحب عز و مال و حسن و جمال
یہہ خبر اسنے ہی سنی یک روز   شیخ یک باغ مین ہی جلوہ فروز
بھاگنے لاگا شیخ دیکھ اسے   پیچھے لاگی ہی وہ بھی تب اسکے
تب بھی ہرگز نہ التفات کیا   ایک دیوار کود پار ہوا
بعد ازان شیخ جب ہوا بوڑھا   کیا یک دن محاسبہ اپنا
کہ وہ عورت جو میری ہو مفتون   آخر اپنا جو کر لئی ہی خون
جب یہہ خطرہ اسے خطور کیا   وہین پر خوف و بیقرار ہوا
نہ جوانی مین یہہ گناہ ہوا   اب ترا حال یہہ تباہ ہوا

صبر فضیلت

اس بدعا پہ مین تو ای نیک انجام / بعد ایسے ریاضتون کے تمام
نفس پر زجر کرنے لاگا ہی / درد سے آہ بھرنے لاگا ہی
بعد ستہ دن لعالم رو یا / پایا ہی رویت رسول خدا
غم نکر اسکا جمع خاطر رہ / کام مین اپنے تو نہ قاصر رہ
نقل ہی یون کہا وہ پاک شعار / کہ مین بیمار ہو گیا یکبار
کہا ہے ہو سکے مجھ سے جو خیرات / اب وہ موقوف ہو گئے ہیہات
کام جو ہو ویگا ترے سے یقین / کام سا وہ کبھی ہمارے نہین
کہا یہہ سنکے مین نے ترک کیا / اور وہین دل سے اپنے توبہ کیا
اور آداب ظاہری اکثر / وہ بجا لایا ہو وے شام و سحر
اور انوار بخشش رحمان / پاوے بس اپنے دلمین وہ رخشان
اور منشرح اسکا ہو سینہ / ہو وے یک فیض جسکا گنجینہ
جبکہ یہہ باتین اسکو حاصل ہو / تب وہ کامل ہوا و مکمل ہو
جو فتوحات و حکمتین فاخر / اسکو اس راہ مین ہوئین ظاہر
جب سنین خلق اسکا حسن کلام / اور کرین اسکا عزت و اکرام
نفس پھر اسکا ہو ویگا مغرور / آہ پھر آویگا بدی پہ ضرور
ابتدا مجاہدے مین بجا / لذت اپنے مین وہ جو پایا تھا
جونکہ یک ماہی دام سے کودے / جا کے دریا مین جلد تر وہ گرے
نفس توحید کی فضا تک جا / جبکہ پہنچا ہوا یکبار بجا
اور ہو ویگا وہ بڑا مکار / صید کرنا ہی پھر اسے دشوار
نفس ہی ایک دشمن مکار / اس سے بیفکر تو نرہ زنہار
اور شیطان نہان ہو بیٹھا ہی / دشمنی وہ بھی تیری چہتا ہی

حکایت

اور وہ اس مین پرائے سے / اور ہوئے دور ایک دوسرے سے
ایک مدت نہین ملے ہر دو / وایا دردمین رہے ہر دو
کہین یکدن گئے تھے آدم جب / وہین ابلیس جلد آیا تب
اور کہا اسکو رکھ تو یک ساعت / کہ مین آتا ہون جاکے با سرعت
پوچھے یہہ کون ہی کہین حوا / کہ ہی ابلیس کا ہی یہہ بیٹا

ترک عصیان پہ یہہ پشیمانی / کھینچتا ہی یہ محض نادانی
بیٹھا ہی تین دن غم اسکا مین / اور اسی درد و رنج و ماتم مین
دئے تسکین اسکو سرور مین / کہ ترا ای فلان قصور نہین
اسکے تب دل کو اطمینان ہوا / فارغ البال شادمان ہوا
میرے اوراد اور وظایف / اس سے موقوف ہو گئے ہین سب
تب یہہ آواز غیب سے آئی / ای محمد یہہ کیا ہی بات تری
تسے غفلت سے ہو وے تیرا کام / اور یہی صدق سے ہمارا کام
اور اسطرح سے وہ کہتا تھا / جبکہ سالک ریاضتین کھینچا
اور اخلاق پاک کی تہذیب / فضل حق سے ہوئی ہوا اسکو نصیب
اور اسکے سبب سے اسکا دل / پاوے پھر ایک وسعت کامل
اور توحید کی فضا مین یقین / آوے اس صفا کا نفس وہین
چھوڑ کے خلوت کو تب وہ پاک نہاد / کیو راہ ہدایت و ارشاد
کرے اسکا بیان لوگون سے / خلق کے ساتھ اختلاط کرے
اور اسکو بزرگتر جانین / قدر و عزت کو اسکے پہچانین
شیر سا ایک جست لاویگا / اور گردن پہ اسکے بیٹھیگا
وہی لذت ہو پھر زیادہ تر / اسکا میدان ہو کشادہ تر
غوطے ایسے وہ بحر مین مارے / کہ اسے پھر کوئی پکڑ نہ سکے
پھر بدی پر اگر وہ باندکر / تو وہ اول ہو ویگا بدتر
او لاتو کیا اسے مغلوب / اب وہ کر دیویگا تجھے مغلوب
اور یہہ آفت جو ہم کئے ہین بیان / یاد رکھ اس سے کر حذر ہر آن
یہہ حکایت تو یاد رکھ مت بھول / ای محمد حکیم سے منقول
جبکہ جنت سے آدم و حوا / ہین نکالے گئے بحکم خدا
کیونکہ آدم نے ہند مین اترا / اور جدے مین حضرت حوا
بعد ہر دو ملے بفضل خدا / اور توبہ ہوا قبول انکا
نام اسکے پسر کا تھا خناس / اسکو لایا جناب حوا پاس
کہہ کے اسطرح وہ گیا اسدم / بعد تشریف لائے ہین آدم
چھوڑ کے مجھ پاس وہ گیا ہی کہین / آویگا کوئی دم مین پھر وہ لعین

سکے آدم نے یہ ہوا ہین ملول — پوچھے تو کیون گئی ہی اسکو قبول
تو کرتے تو کرتے بھی اسکے کئی — ایک یک جھاڑ سے وہ لٹکائے
اپنے بچے کو وہ کیا ہی طلب — اس سے حوا نے یون کہین ہین تب
یہ سخن جب سنا ہی وہ مردود — اپنے بچیکو وہ پکارا زود
وہ گیا اور یونہی دوسری بار — لاکے بچے کو اپنے وہ بدکار
ہی اسکو نہ چھوڑ پھر اسدم — کہ خفا مجھ پہ ہو وینگے آدم
پھر کے آدم نے آکے جب دیکھے — اور حوا پر ہین غصہ سے گئے
پھر کے بچے کو اسکے مار دئے — اور اسکو جلاکے راکھ کئے
ڈال یون راکھ وہ گئے ہین جب — وہ شقی لعین نے آیا تب
پھر پکارا ہی وہ شقی نے اسے — اسکے ذرات سارے جمع ہوئے
بار سیوم بھی آہ وہ ملعون — کہا حوا سے چھوڑ جاتا ہون
سخت تر اسکو وہ دیا ہی قسم — ہو نہین راضی وہ لا علاج اسدم
جانے اللہ ہی بھید بس اسکا — ضمن مین اسکے کیا نہان ہوگا
ہوے دلگیر پیچ کھائے ہین — اور جوش غضب مین آئے ہین
جلد آدم نے اسکو ذبح کئے — اور تب اسکا قلیہ بنوائے
بعد ابلیس پھر کے آیا ہی — اور بچے کو اپنے مانگا ہی
لیا مقصد مرا ہوا حاصل — اب ہوا مطمئین میرا دل
اپنا مقصود مین نے پایا اب — وہی قرآن مین کہا ہی رب
یعنے تم جانو ہی وہی خناس — ڈالے سینہ مین خلق کے وسواس
کہا جو ہین صفات نفسانی — چاہیئے انکو سب کرے فانی
جون مکاتب پہ ایک درہم بھی — گر ہو باقی نہو وے آزادی
جسکو بالکل گئے رہین آزاد — اسکو مجذوب کہتے ہین کہریاد
جبتک کچھ بھی نفس باقی ہی — وہی آزادی حقیقی ہے

یجتبی الیہ من یشاء و یہدی الیہ من ینیب

ہوے ہین اہل ہدایت اسکا — جو انابت سے ڈھونڈہین اسکی راہ
حصہ ثالثہ نبوت سے — کرکے احسان کسیکو دیوینگے
نصف سے بڑھکے پاوے جو اکمل — سب مجاذیب مین سے وہ افضل

اور بہت خشم مین وہ آے ہین — بس وہ بچے کو مار ڈالے ہین
پھر کے آدم چلا گئے ہین کہین — بعد آیا ہی وہ شقی لعین
دیکھ آدم نے اسکو غصہ ہوئے — اور بچے کو تیر قتل کئے
ہو گئے جمع اسکے سب اعضا — اور بے شبہ جلد زندہ ہوا
کہا حوا سے چھوڑ جاتا ہون — رکھ اسے پھر مین جلد آتا ہون
وہ بہت عجز و انکسار کیا — الغرض چھوڑ دیکے اسکو گیا
کہے ابلیس ہے وہ زشت صفات — آہ سنتی ہی کیون تو اسکی بات
ڈالے ہین آدہی اک دریا مین — اور ڈالے ہین آدہی صحرا مین
اور بچے کو اپنے ہی مانگا — اسکا احوال سب کہین حوا
مثل اول کے جلد زندہ ہوا — پاس ابلیس کے ہی آبیٹھا
نہین راضی ہو نہین ہین وہ زنہار — کئین اسبات سے بہت انکار
پھر کے آدم نے آکے جب دیکھے — اور حوا سے اسطرح بولے
کہ تو یون دشمن خدا کی بات — سنتی ہی اور نہ سنتی میری بات
اپنے بچے کو اسنے تیسری بار — لایا ہی صورت غنم بنای یار
آدہا قلیہ تو آپ کھائے ہین — آدہا حوا کو بھی کھلائے ہین
کہین حوا نے اسکا سب احوال — سنکے یہ بات ہو گیا خوشحال
کہ تھا مقصود بس یہی میرا — کرون سینہ مین آدمی کے جا

الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس

ہووے وہ نوع جن و انسان سے — تم پناہ مانگو ویسے شیطان سے
ایک بھی باقی گر رہے اے یار — نہین آزاد ہوویگا زنہار
آہ بندہ وہ یک درم کا رہے — بس وہ پابند اس الم کا رہے
نفس کی بندگی سے چھوٹے جب — ہوویگا جذب اسکو حاصل تب
جونکہ قرآن مین وہ رب عباد — جانئے اس طرح کیا ارشاد
ہین وہی اہل اجتبا سمجھو — پائے ہین جذبۂ الٰہی جو
اور مجذوب جو کہ کامل ہین — جان انکو کئی منازل ہین
اور کرین نصف سے کسے امداد — اور کسے نصف سے بھی یون زیاد
خاتم الاولیا وہ ہو ویگا — بہتر اولیا وہی ہو جب

جو کہ حضرت محمد عربی
یونہی مجذوب و ولی اللہ
گر کہے کوئی اولیا کتین
کہ یہہ فرمائے ہین رسول خدا
ایک درجہ یقین نبوت سے
بھی جوانمردی اور تقوے سے
اور یہی ہی یقین جوانمردی
اور آزاد ہی وہ باکرام
اور عاقل یقیناً ہی ہی ترا
اور ایسا کہا وہ باعزت
اور دنیا ہو جسکی ہمت آہ
اور کہا زہد یہی جو نادان
اور بولا عبودیت کے یقین
وہ صفات ربوبیت اندر
نفس جب انکو نہ پہچانے
ایک ساعت مین ایک شیطان ہے
اور بولا خدا ہی ضامن جب
اور اکثر مراقبے کی بات
شکر اسکا نعمتین جسکے
کہین ہرگز نہ جاسکے باہر
کہ ہو ذکر خدا سے انس مدام
متجلی کبھی ہوا نہ مگر
قول ایسے ہی اسکے ہین خوشتر
شیخ عباد گنج علم و حکم
تھا بڑا اسکا ورع اور تقوی
اور ادب اور معاملہ مین بجا
اور محمد حکیم کی صحبت

ہینگے سردار انبیا کے سبھی
خاتم اولیا ہی ای آگاہ
کیون نبوت سے حصہ ہو یقین
خواب یک جزو ہی نبوت کا
پاویگا وہ خدا کی رحمت سے
کہتے ہین اس سے جب سوال کئے
پکڑے دامن تو کسیکا بھی
طمع جسکو نہ کردی ہو غلام
کہ ہو پرہیزگار بھر خدا
دین ہی جسکی ہووگی ہمت
دین بھی اسکا جلد ہووے تباہ
کرے بے علم اکتفا ایمان
جو کہ اوصاف ہین اای نیک آئین
ہووے نادان اور جاہل تر
پھر وہ مولا کو کس طرح جانے
جو کرے آہ تیرے ساتھ بدی
بالیقین رزق بندگو نکا سب
اسطرح بولتا تھا وہ وزرات
نہ کبھی منقطع ہین تیرے سے
ہی وہ مولائے باطن و ظاہر
بس ہے اسکے ذکر مین ہی دوام
در زمان شریف پیغمبر
قدس اللہ سرہ الازہر
فخر زہاد عارف اکرم
اور یقین تھا وہ زہد مین یکتا
نہین کوئی نظیر تھا اسکا
پایا تھا بلخ مین وہ باعزت

اور خاتم ہین انبیا کے سب
ویسا مجذوب اہل کشف و شہود
شیخ عطار بولتا ہی بیان
اور فرمایا یک درم ز حرام
پس یہہ اوصاف جو کہ ہین فاضل
کہا تقوی وہی ہی و زجرا
اور کہا وہ عزیز ہی ای یار
اور خواجہ وہی ہی باتوقیر
اور وہ اپنے نفس کا ہی حساب
اسکے دنیا وہی جتنے ہوین کام
شومیت سے اسیکی ہمت کے
وہ بلاشبہ نہ قسمین پڑے
جو چھپانت سے اسکے جاہل ہی
باوجود بقاے نفس کے تو
کہا سولا ند کے بھی پکڑو نین
اور نا کر سکینگے سو شیطان
پس یہہ لازم ہی بندگونکو بھی
رہ مراقب تو اسکا شام و سحر
اور خاضع اسیکا رہ ہر دم
اور ایسا کہا ہی وہ ای زکی
اور کہا اسطرح وہ اکرم ہی
خاتم الانبیا شفیع انام

ختم کی آپ پر نبوت رب
جا نو ہوویگا مہدی موعود
ہم جواب اسکا دیوینگے یہہ عیان
خصم کو پھیر دیویگا جو ہمام
رہے مجذوب کتین حاصل
کوئی دامن ترا نہ پکڑے آہ
نہ جسے معصیت کئی ہی خوار
کہ نہ شیطان کیا ہو جسکو اسیر
رات اور دن لیا کرے بعوام
یمن سے اسکے دین ہو وین تمام
شومیت سے اسیکی نیت کے
علم بے زہد کام نا آوے
علم سے اسکے جسنے غافل ہی
چاہتا ہی پچھانے مولا کو
اسقدر ناتبا ہی قوال سکین
جو کرے نفس تیرے ساتھ نہان
کہ ضمانت دلین توکل کی
کہ نہ غائب ہے جسکی تجھسے نظر
مملکت سے تو جسکے ایک قدم
ہی حقیقت یہی محبت کی
کہ خدا کا جو اسم اعظم ہی
آپ پر حق سے ہو صلوۃ و سلام

ذکر شیخ ابو بکر وراق رحمۃ اللہ علیہ

بحر فیضان مجرد آفاق
اور بہ تجرید و عالم تفرید
کشتۂ نفس تھا وہ صاحب دل
خضر دیکھے تھا وہ یاروں سے

شیخ والا ابو بکر وراق
تھا زمانے مین اپنے فرد وحید
سب کمالات مین وہ تھا کامل
اسکے یاروں سے دوستدار ہوے

ور ریاضات ورد و آداب — کہین تصنیف وہ بہت سے کتاب
اور ہر روز سوی گورستان — جایا کرتا تھا وہ گرامی شان
ایک دن اپنے در سے وہ فاخر — پیر اپنا رکھا ہی جب باہر
پوچھا چیتا ہی کیا میری صحبت — کہا ہان یہہ ہی شوق یکدت
بعد اسطرح اس سے فرمایا — ایک مدت سے تو نے چیتا تھا
دیکھنے ایک جزو قرآن کا — تو ہمیشہ جورہ مین پڑہتا تھا
صحبت خضر ہی جب ایسی ہو — صحبت اوروں سے تو کیسی ہو
ہی یقین سب امور سے اشرف — رکھتی ہی سارے کام پر وہ شرف
دیکھا ایک روز اسنے روتا ہے — اور تب رنگ اسکا پیلا ہی
آج کے دن یقین مرا استاد — ایک آیت مجھے دلایا یاد

یَوْمًا یَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِیْبًا

پس یہہ آیت کے خوف سے ای یار — وہین لڑکا وہ ہوگیا بیمار
قبر پر بیٹھ پدر تب اسکا — آہ روتا تھا اور کہتا تھا
کبھی قرآن تو نے ختم کیا — اور تیرے مین کچھ اثر نہوا
وہ کہا خیر دنیا و عقبی — مین نے تھوڑے ہی دل مین پایا
اور وہ بولا کہ رہ مین مکے کے — ایک عورت ملی ہی پیر سے
کہی غربت سے پاکے وحشت آب — اسکی کرتا ہی تو شکایت اب
آہ مین اس سے جب سنا یہہ بات — ایسی بیطاقتی دنی ہی ہات
اور ایسے مین گم ہوئی وہ ویز — پھر مجھے وہ نظر نہ آئی کہین
ایک امرا ہین دوسرے علما — اور ہین تیسرے یقین فقرا
گر تباہ اہل علم ہووین کہین — ہوویگا تب تباہ خلق کا دین
اور بولا کہ نفس کا غلبہ — ہووے شہوات سے ہی آگہ
اور تاریک جبکہ ہووے دل — دشمنی تب ہو خلق سے حاصل
اور وہ چھوڑ دیکے راہ وفا — کرے آغاز خلق پر بھی جفا
کوئی فتنہ نہین ہوا ہی کبھی — پر ہوا اختلاط خلق سے ہی
ہان مگر خلق کے ملاپ سے جو — رات اور دن لیا کنارا ہو
کہا اب ایک سنگ لیکے بخیر — توڑ دو اس سے اپنے ہر دو پیر

نقل ہے ایک عمر صبح و مسا — خضر کی آرزو مین رہتا تھا
جانے آنے مین اسنے پڑہتا تھا — دایا ایک جزو قرآن کا
ایک نورانی پیر کو دیکھ — پیر اسکتین سلام کیا
پیر اسکے ہوا ہی ساتھ روان — باتین کرتا تھا راہ کے درمیان
کہ کسی وقت مین مجھے دیکھے — اور صحبت تو میرے ساتھ رکھے
آج صحبت جو یہہ میری پایا — اسکے پڑہنے سے بے نصیب ہوا
پس سمجھے کہ عزلت ای بھائی — اور تجرید اور تنہائی
نقل ہی اسکو ایک لڑکا تھا — اسکو وہ مدرسہ مین ہی بھیجا
پوچھا اسکو یہہ کیا ہی حال ترا — تب وہ لڑکے نے اس سے کہنے لگا
اس سے پایا ہون یک بڑی ہیبت — ہی وہ قرآن کی یہی آیت
یعنے محشر کے دن کی ہیبت سے — جو ہین اطفال پیر ہوویگے
کیا رحلت یہہ دار فانی سے — انس لی دار جاودانی سے
ای ابو بکر یہہ ترا لڑکا — ایک آیت یہہ سنکے جان دیا
نقل ہے کوئی اسکے پاس آیا — اور اس سے وصیت یک چاہا
خلق کا اختلاط و کثرت مال — دیکھے ہر دو جہان مین رنج و وبال
پوچھی مجھ کو تو کون ہی مین کہا — ایک مرد غریب ہون تنہا
انس کیا حق سے نین لیا ہی تو — تنگ غربت سے جو ہوا ہی تو
کہ قدم اپنا ایک اٹھاؤ نین — اور پیچھے وہ زن کے جاؤ نین
اور کہتا تھا یون وہ قدوۂ دین — کہ مین لوگون کے سب گروہ ہین تین
جانو امرا تباہ ہووین جب — ہو تباہ خلق کی معاش بھی تب
گر ہون فقرا تباہ ای عاقل — ہوویگے تب تباہ خلق کے دل
جب ہوا تیری غالب ہوویگی — ہوویگی اس سے دل کی تاریکی
اور ہو خلق بھی عدو اسکے — دشمنی کرتے جاینگے اس سے
اور کہا از زمانۂ آدم — جانو بے شبہ و ریب تا این دم
اور آدم کے وقت سے تا حال — کوئی سالم نہین رہا خوشحال
اور کوئی اسکے پاس آیا ہی — یک وصیت بھی اس سے چاہا ہی
اور چاکو بھی ایکلے ایجان — کاٹ دے جلد اس سے اپنی زبان

اسنے یہ سنکے ہوگیا حیران ۔ اور بولا یہ کسکو ہو امکان
اور ہمت کے کان اسکے مدام ۔ ہی سنے غیب سے خدا کے کلام
پاؤن کو اور زبان کو ای شاد ۔ تو نرکھ کاٹنے سے یہ ہی مراد
ذکر اور فکر مین رہے شاغل ۔ ذکر ہووے زبان سے فکر بدل
کہ نبوت کے بعد حکمت سے ۔ جان اسکی بڑی فضیلت ہے
بات کرنا بقدر حاجت ہی ۔ ہی حکمت یہی سعادت ہے
اور بولا کہ آٹھ چیز مدام ۔ خلق سے چاہتا ہی رب انام
ایک فرمان حق کی ہی تعظیم ۔ اور شفقت ہی خلق پر ای فہیم
اور ہی رفق خلق سے ای عزیز ۔ اور چاہے بدن سے بھی دو چیز
اور دو چیز خلق سے چاہے ۔ ہین وے چیزین ہی سمجھ لیجے
اور بولا جو مرد نالایق ۔ نفس پر اپنے ہوویگا عاشق
کہا گر پوچھین طمع سے ایسا ۔ بولئے کون پدر ہی تیرا
پوچھین گر کہا ہی کہ ترا غایت ۔ کہے حرمان ہی مرا غایت
کہ یقین بولتا ہی یون شیطان ۔ مین شہ ایسا ہون احمق و نادان
بلکہ ہینگی حلال جو شہوت ۔ پہلے دیتا ہون اسکی ہی رغبت
اور معاصی پہ خوب ہووے دلیر ۔ ڈالون وسواس کافری پہ دلیر
گر تو صحبت اغنیا کی جانیگا ۔ اور انگشتین چھپانیگا
حقتعالی ہی پہلے سیر سات ۔ دوسرا نفس ہے ترا بد ذات
رہ موافق خدا کے ساتھ ضرور ۔ جو کرے وہ قبول کر بسرور
اور دنیا سے کر مدام حذر ۔ اور سب خلق پر شفقت کر
کہا چھوڑے نہ خلق کو جب تک ۔ انس حق کی نہ طمع کہہ تب تک
جب ریاست کا چاہیگا تو کم ۔ تو نہ رکھ طمع حکمت و الہام
ہو نہ شاہی خراج سے یہان ۔ اور رہنا اس سے حق تیرے تو ہان
جو اٹھے صبح ناچ کے زبان ۔ غیبت و لغو و فحش سے ہر آن
اور جو ہووے صبح کو بیدار ۔ ہووے شاغل بند کرو استغفار
کہا رکھ صدق سے تو ہر آن ۔ جو تیرے اور حق کے ہی درمیان
اور بولا یقین ہی یک نور ۔ ہووے بندہ منور اس سے ضرور

کہا جسکی زبان سرای یار ۔ کرے تعلیم غیب سے گفتار
اسکے جو ظاہری ہین گوش و زبان ۔ گنگ اور کر یقین کہ ہے ہر آن
بیٹھے خلوت مین نکہین جاوے ۔ بات کوئی زبان پہ نالاوے
اور کہا انبیا کے بعد بجا ۔ بلکہ فاضل ہی درجہ حکما
اور یہی نشان حکمت کی ۔ ہی خموشی یقین سمجھ ای زکی
عارفونکا سکوت نافع تر ۔ بات خوشتر ہی انکی ای دلبر
چاہتا ہی وہ دل سے دو ہی چیز ۔ سو وے دو چیز ہین یہی ای عزیز
اور دو چیز زبان سے ای یار ۔ ایک توحید حق کا ہی اقرار
اور لا اس سے حق کی طاعت ہو ۔ مومنون کی مدام اعانت ہو
ایک ہی صبر حکم حق کے سات ۔ دوسرا حلم ہووے خلق کے سات
ہووین عاشق بھی اسکے یکبارگی ۔ جلد کبر و حسد بھی اور خواری
دیویگی وہ جواب بے تاخیر ۔ کہ مرا پدر رشک ہی در تقدیر
اور اسطرح وہ دیا ہی خبر ۔ کہ کہا ایک بزرگ پاک سیر
دل مین مومن کے در شرع و حال ۔ وسوسہ کافری کا دیون ڈال
جبکہ ہووے حریص وہ اسیر ۔ اور ہوا سے یہ ہووے غالب تر
اور کہا پانچ چیز سب اوقات ۔ ہین مقرر مدام تیرے سات
رستگاری کی تجھ پہ دولت ہے ۔ ورنہ تجھکو یقین ہلاکت ہی
تیسرا شیطان نفس ہے چوتھا ۔ پانچوین ہینگے سارے خلق خدا
نفس سے کر خلاف سر و علن ۔ اور شیطان کا تو رہ دشمن
گر کرے ایسا پاویگا تو نجات ۔ دو جہان مین نہ پاویگا آفات
دل ہو شغلونکا جب تلک جامع ۔ عبرت و فکر کا ہو طالع
اور اس طرح وہ کہا کہ یاد ۔ وہی درویش دو جہان مین ہو شاد
اور کہا دیکھتا ہون مین مدام ۔ کون کھاوے حلال کون حرام
اس نشان سے مین جانتا ہون یہ ۔ قوت کھایا ہی یہ حرام یقین
تب سمجھتا ہون مین بہ فرخ حال ۔ ہی تناول کیا طعام حلال
تیرے اور تیرے نفس کے درمیان ۔ جو ہی کر صبر آپ سے و عیان
متقی لوگ کے مدارج پر ۔ وہی پہنچاوے اسکو آسان تر

پوچھے اس سے گر زہد کیا ہی یقین — وہ کہا زہد کے جو حرف ہین تین
زاسے ہی پہلے ترک زینت کا — دوسرا ہاسے ہو وے ترک ہوا

ترک دنیا سے دل ہی پہچان — زہد کی ہی یہی حقیقت جان
کہا حق کی جسے پہچانت ہو — اسکو حق کی بری خشیت ہو

اور توکل کا یون کیا ہی بیان — کہ بکدر نہووے کوئی آن
کہ جو چیزین گئے ہین اس سے گذر — نہ تاسف کرے کبھی اُن پر

اور جو چیزین ہین ہو نہ آئے ابھی — نکرے انتظار اُنکا کبھی
اور کہا جسنے اپنے سارے کام — دیکھے بے شبہ آسمان سے مدام

صبر اُسنے کریگا ستر عیان — جسنے دیکھے زمین سے ہو حیران
نقل ہے اُسنے جب وفات کیا — اُسکو لوگون نے خواب مین دیکھا

زار اور ناتوان ہی روتا ہی — پوچھے رونیکا یہ سبب کیا ہی
کہا نکیرین نے بہ گورستان — جا نیو دفن اب کئے ہین جہان

وس جنازے جو اس مین آئے ہین — اور مدفون کرکے جاتے ہین
ایک کو بھی اُنھون سے ایمان پر — نہین پایا مرا ہوا اس شہر

اور کوئی اسکو خواب مین دیکھا — پوچھا پیر سے کہا کیا مولا
کہا درگہ مین مجھ کو بلوایا — ایک نامہ وہ میرے ہاتھ دیا

مین نے وہ نامہ لیکے پڑہنے لگا — آکے جب ایک گناہ پر پہنچا
ہو گیا ہی سیہ وہ نامہ سب — کچھ نہین آگے پڑھ سکا ہون تب

اور ایسے مین آئی ہی یہ ندا — ہم نے ڈھانپے ہین وہ گناہ ترا
کہ ہمارا کرم نہین چہتا — اس جہان مین کرین تجھے رسوا

فضل سے اپنے مجھ کو بخشے ہم — قدس اللہ سرہ الاکرم

ذکر شیخ عبداللہ منازل رحمۃ اللہ علیہ

میزبان منازل عرفان — رازدان سرائر وجدان
عارف واصل خدا آگاہ — ذو الکرامات شیخ عبداللہ

وہ ملامت کی تیر کا تھا ہدف — اور کرامت کے ورع کا تھا وہ صدف
تھے جو اہل ملامت اے پریشان — وہ یقین انکا پیشوا تھا جان

تھا توکل و ورع مین یکتا — اور یقین تھا وہ تارک الدنیا
اور خلایق سے منہ پھرایا تھا — حق کے جانب رجوع لایا تھا

شیخ حمدون جو تھا فرد و وحید — تھا یہ اُسکا سچا مرید رشید
تھا زمانے مین اپنے وہ فاخر — عالم علم باطن و ظاہر

اور حدیثین بہت لکھا تھا وہ — راویون سے بہت سنا تھا وہ
وقت مین اسکے اور کوئی دگر — بوجہ اس سے نتھا مجرد تر

جو کہ یک روز بوعلی ثقفی — بات یک کرتا تھا جب اتقی
اس سے عبداللہ یون کہا ای یار — کہ تو رہ موت کے لئے تیار

بوعلی نے کہا ای عبداللہ — تو بھی اسکے لئے ہو تیار رہ
سنکے یہ اپنا ہاتھ تکیہ کر — اسپہ عبداللہ اپنا رکھا سر

اور بولا کہ مر گیا مین اب — وہین بے شبہ مرگیا وہ تب
منقطع ہو گیا وہ جب دیکھا — کر سکا مین مقابلہ اُسکا

بوعلی صاحب علایق تھا — اور رہے وہ تھا شیخ عبداللہ
شیخ عبداللہ یون کہا اتقی — کہ یقین شیخ بوعلی ثقفی

جبکہ کرتا کلام ای ماہر — سو وہ کرتا تھا اپنے ہی خاطر
واسطے خلق کے کرتا تھا — فکر اپنی ہی آپ دہرتا تھا

اور وہ بولا زبان سے اپنے یقین — جو عبادت کریگا تو ای امین
چاہئے وہ تیری ہی حالت ہو — اپنی حالت سے ہی حکایت ہو

نقل ہے کوئی مسئلہ پوچھا — شیخ نے اسکا تب جواب دیا
اسنے بولا کہ بول اے سر بار — یون کہا اسکو تب وہ نیک شعار

مین پشیمان اس سے ہون سننے — کیون کہا ایک بار بھی مجھ سے
اور کہتا تھا وہ وہ نہین جسے — حصہ یک فقر اور محبت سے

پر خشیت سے کچھ بنایا ہے — تو وہ جان فریب کھایا ہی
جو لیا فقر بر ضرورت ہی — کچھ نہ اس فقر کو فضیلت ہے

ہان حقیقت یہی فقر کی پہچان — کہ کرے انقطاع از دنیا
اور کہا جو چکا ہو با رغبت — بالیقین لذت عبودیت

نرہیگا وہ عیش و عشرت مین — روز و شب وہ رہے عبادت مین
اپنے ہر کام مین بوجہ خضوع — لا تا اللہ کی طرف ہی رجوع

یہہ علامت عبودیت کی ہی   یہہ بنا اصل معرفت کی ہے
جبکہ خادم کی وہ تلاش کیا   جا تو وہ حد بندگی سے گرا
صابرین اور صادقین کہا   قانتین اور منفقین کہا
سب مقامات کا یہہ ختم ای یار   حقتعالی کیا یہہ استغفار
تا وے سب سے سدا بسر و جہار   کرے درگاہ حق مین استغفار
خلوت غیر کسب سے بہتر   ہی یقین یاد رکھ ای نیک سیر
تو اشہد مکے مین اور برکات   آخر عمر تک رہین و نزات
کہ جو رکھتا ہی حق سے تو امید   دیوے تیرے تئین وہ رب وحید
آہ مجھکو وہ معرفت ہے کہان   کہ مین امید کا ہون پھر خواہان
خواب مین کوئی کہے مجھے اگاہ   کہ تو یون بولدے یہ عبداللہ
خواب یہہ مین کہا یہ عبداللہ   کہا یہہ سنکے وہ خدا اگاہ
منتظر یک برس سے ہے ہر آن   ہی مطول یہہ مدت ہجران
اور شہد مین اسکا دفن ہوا   قدس اللہ سرہ الاصفی
صاحب قال خواجۂ درویش   وارث حال حاضر بے خویش
وقت مین اپنے مشتہر تھا وہ   اہل عرفان مین معتبر تھا وہ
تھا وہ یاروں سے بو تراب کے ہان   اور اقران سے تھا جنید کے جان
اور ریاضات اسکے کامل تھے   اور تھے فاضل معاملات اسکے
شیخ والا عمرو بن عثمان   ہو زیارت کا اسکے بس خواہان
اور رکھتا تھا تیس ہزار درم   دیا راہ خدا مین وہ اکرم
اور مین جبکہ فخر ڈھونڈتا ہون   مین اسے فقر مین ہی پاتا ہون
اور قلت حساب کی چاہا   سو خموشی مین اسکو مین پایا
نقل ہی یون کہا ہی وہ خوشخو   تم نے کیا جانتے ہو ای لوگو
جو کہ بیماری تم نے پائے ہین   اور عیادت کو لوگ آتے ہین
کہا لبیک ایک دن ناگاہ   اور وہین سر رکھا وہ حق اگاہ
کر تبسم کہا وہ حق اگاہ   اب تو بولا مجھے کہ پڑھ کلمہ
کہ سوا حجاب عزت کے   درمیان اسکے اور تمھی کیر
بو الحسن نیلا زرا بد و تا تھا   قدس اللہ سرہ الاذکی

کہا بندہ وہی ہی ای سالم   ڈھونڈتا ہے اپنے لئے نہ کہ خادم
کہا انواع کی عبادت کا   ذکر قرآن مین کیا مولا
اور مستغفرین بالاسحار   بعد فرمایا خالق جبار
دیکھے تا بندہ اپنے تقصیرات   اپنے سب قول و فعل مین ...
کہا تفویض ای گرامی ذات   و ایا کسب اور ہنر کے سات
کہا یک دم ہی بسکہ عمر مین سب   بیشک وہ بی ریا درست ہو جب
نقل ہے ایک مرد نے یکبار   حق مین اسکے دعا کیا ای یار
تب وہ بولا ہی معرفت اول   اور ہی امید بعد ای اکمل
نقل کرتا ہی اسطرح احمد   شیخ اشہر جو تھا ابن الاسود
کام کا اپنے کر تصیبا تو   بعد یک سال کے مرگیا تو
کہ بڑی ہی دراز یہہ مدت   آہ اتنی کسے ہو اب طاقت
غرض یکسان جب کیا ہی مرور   اسکی رحلت ہوئی بہ نیشاپور

ذکر شیخ علی سہل اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ

جسکو عرفان مین نکتہ دانی ہی   وہ علی سہل اصفہانی ہے
ساتھ خواجہ جنید کے ای شریف   اسکے ہینگے مکاتبات لطیف
اور حقایق مین ہر سخن اسکا   ہی بلند اور ارجمند اسکا
اور طریقت مین بھی نشان علا   جانو اسکا بیان شافی تھا
جانب اصفہان آیا ہے   اور ملاقات اسکی پایا ہی
وہ کہا مین تونگری چاہا   وہ بلا شبہ علم مین پایا
اور رہا عافیت کا مین خواہان   اسکو پایا مین زہد کے درمیان
اور رحمت کو جبکہ ڈھونڈتا مین   ناامیدی مین اسکو پایا مین
کہ یہہ دنیا سے جب اٹھونگا مین   تم موئے سابقین مرونگا مین
بلکہ جس دم مجھے کرینگے طلب   مین اجابت وہین کرونگا تب
تھا وہان بو الحسن مزین جب   کیا تلقین اسے شہادت تب
اب قسم ہی خدا عزت کی   اور اسکے جلال و عظمت کی
بالیقین اور کچھ نہین جاہل   وہین دنیا سے پس ہوا ناقل

ذکر شیخ خیر النساج رحمۃ اللہ علیہ

حارس عقل و شرع با اجلال
عارف اصل و فرع بحر کمال

تھا بہت سے شیوخ کا استاد
کہ وہ پائے تھے اس سے راہ رشاد

اس میں تھا خلق و حلم بغایت
تھا مہذب وہ صاحب عزت

شیخ شبلی و شیخ ابراہیم
یعنی ابن خواص با تکریم

بھیجا شبلی کو وہ ملک انفاس
سید الطائفہ جنید کے پاس

اور ابو حمزہ ساکن بغداد
اسکا کرتا تھا احترام زیاد

کہ گیا ہی وہ جبکہ حج کا سفر
گذر اسکا ہوا ہی کوفے پر

در پہ کوفے کے جب وہ آپہنچا
اسکو تب ایک شخص نے دیکھا

پوچھا کہا تو غلام ہی ایجان
کہا ہاں میں غلام ہوں ہاں ہاں

بول کہا تجھ کو میں نگاہ رکھوں
تیرے خواجہ کے پاس پہنچاؤں

کہا تو آج سے مرا ہی غلام
خیر ہی آج سے ہی تیرا نام

اسکے ہمراہ اسکے گھر کو گیا
اور نساجی اسکو سکھلایا

نام وہ خیر لے پکارتا جب
اسنے لبیک بولتا تھا تب

معذرت اس سے کرنے لاگا ہی
اور بہت عفو اس سے چاہا ہی

پایا ایسا وہ رتبہ والا
کہ جنید اسکی قدر کرتا تھا

اور جاتا تھا گاہے دجلے پر
ماہیاں اسکے ہوتے فرمانبر

کھا دی یک پیرزن کی پیکن
بُن رہا تھا وہ صاحب باطن

تب یہاں گر تجھے نہ میں پاؤں
بول ای شیخ کسکو پہنچاؤں

شیخ حاضر وہاں نہیں تھا جب
اسنے دجلے میں ڈالدی ہی تب

جب سنے یہہ مشایخ اخیار
نہیں اسکو پسند کئے زنہار

شیخ عطار نے کہا بصواب
ہو سکے دوسروں کو یہہ حجاب

نقل ہی اسطرح دیا وہ خبر
کہ تھا یک رات میں نے اپنے گھر

میں وہ خطرے کی کی نفی ای یار
گذرا خاطر میں یونہی تا ستر بار

پوچھا خطرہ جو پہلے تو پایا
گھر سے باہر نکلتے آیا

ایک درویش مجھ کو پکڑا ہی
اور اسطرح کہنے لاگا ہے

کہ بڑی مجھ پہ آئی محنت ہی
آہ یہہ سخت تر مصیبت ہی

میں کیا اسکا حال استفسار
پایا تھا وہ فتح یک دینار

رہنمائے زمان گرامی شان
خیر نساج معدن عرفان

وعظ میں اور معاملے میں بجا
بسکہ اسکا بیان شافی تھا

اسمیں ورع و مجاہدہ تھا کثیر
اور بڑا تھا وہ صاحب تاثیر

ہر دو مجلس میں اسکے توبہ کئے
معتقد اسکے جان و دل ہوئے

سو اسی واسطے جنید مدام
اسکا کرتا تھا عزت و اکرام

اور ہوا ہی جو خیر اسکا لقب
جانئے اب یہی ہی اسکا سبب

وہ جو پہنا تھا ایک مرقع تب
پارہ پارہ وہ ہو گیا تھا سب

کہ مسافر سیاہ فام ہی وہ
سمجھا بھاگا ہوا غلام ہی وہ

پوچھا خواجہ سے کہا تو بھاگ آیا
کہا ہاں تب وہ شخص اس نے کہا

کہا چھپتا ہوں ایک مدت سے
میرے خواجہ سے کوئی ملا دے مجھے

جبکہ مومن کہے نہ جھوٹھ بجا
بات کا اپنے نہیں خلاف کیا

سالہا اسکا کام کرتا تھا
پاس اسکا مدام وہ رہتا تھا

وہ فراست بھی اور صدق و آب
اور عبادات اسکے دیکھا جب

پس وہ کوفے کے شہر سے نکلا
اور مکے کو جلد جا پہنچا

اور وہ مقبول بارگاہ خدا
کبھی جولاہگی بھی کرتا تھا

اور تقرب وہ اس سے ڈھونڈتے تھے
لاتے چیزیں بنی بھی واسطے اسکے

کہی بدہیا کہ اسکی مزدوری
جب یہاں گھر سے میں نے لاؤنگی

کہا دجلے میں ڈال ای مائی
وہ گئی اور مزد جب لائی

شیخ آیا ہی پاس دجلے کے
ماہی وہ لا دئی ہی جلد اسے

کہا بازی میں وہ بڑا ہی عیان
جانئے یہہ حجاب کی ہی نشان

پر نہ اسکو حجاب تھا اصلا
جوں سلیمان کو حجاب نہ تھا

میری خاطر میں تب کیا ہی گذر
کہ ہی خواجہ جنید اب در پر

بعد ازاں میں نے آیا ہوں باہر
در پہ خواجہ جنید تھا حاضر

نقل ہی یوں کہا ہی وہ فیروز
ایک مسجد کو میں گیا یک روز

کہ مرے حق میں کر دعا ای شیخ
کر خدا پاس التجا ای شیخ

کہ بلا آہ مجھ سے پھرے ہیں
عافیت ایک مجھ کو بخشتے ہیں

اور کہا ہی وہی عمل بہتر
دیکھے تو حسین بنا عجز و قصور

شیخ

نقل ہی اسکی عمر تھی ایکبار ایک سو بیس سال کی بیشمار
سایہ ڈالا ہی اسپہ عزرائیل سر اٹھایون کہا وہ شیخ جلیل
تو بھی مین ہیسے بندۂ مامور حکم جو ہی بجالے آوین ضرور
اور مجھ کو ہی ہی حکم ہوا کہ کرون وقت پر نماز ادا
اور مجھ کو ہوا جو حکم خدا آہ اس دم وہ فوت ہوگیا
پس وضو اور نماز پڑھی فہیم ہوا بالفور جان بحق تسلیم
کیا مت پوچھو امن مولا سے ایک چھوٹا پلید دنیا سے

ذکر شیخ ابو حمزہ خراسانی رحمۃ اللہ علیہ

تھا خراسان کے مشائخ سے تھا کبار شیوخ راسخ سے
اور وہ در توکل و تجرید تھا زمانے مین اپنے فرد وحید
سنگے اسکے فضیلتین بسیار اور بیٹھا تھا خلوتین بسیار
نقل ہی ایکبار وہ رہبر چلا صحرا مین یک توکل پر
اور کسی پر نہ التفات کرے نہ رفاقت کسی کی ساتھ کرے
رو یا کچھ دی تھی اسکی خواہر نے سو وہ ڈالا تھا جیب مین اپنے
شیخ وہ یاد کرکے شرم کیا اور اپنے سے آپ کہنے لگا
کہا نہ قادر ہی پھر وہ رب کریم تیرا معدہ نگاہ رکھے بے سیم
رہ مین یک چاہ تھی وہ اسمین گرا پر اسے کچھ خلل نہین پہنچا
شیخ خاموش اسمین بیٹھا تھا شخص ایسے مین یک وہان آیا
اجنبی کوئی نا گرے اسمین پس ہی لازم کہ اسکو بند کرین
نفس کرنے لگا ہی در فغان بولا حق نے کہا ہی در قرآن
بوحمزہ کہا ہی تب ای یار عجز و سالوس نفس سے زنہار
جو نگہبان رہے برون چاہ ہو نگہبان وہی درون چاہ
ایسے مین ایک شیر آیا ہی اور سر چاہ جلد کھولا ہی
ابو حمزہ کو تب ز ہیبت تام جلد تر اسطرح ہوا الہام
اسنے پکڑا وہ شیر جستکیا پس وہ سالم وہ چاہ سے نکلا

یا ابا حمزہ الیس هذا احسن نجيناك من التلف بالتلف

کہ ہلاکت تیری تھی جسکے ہاتھ ہاتھ سے اسکے ہم دی ہین نجات

جبکہ وقت وفات آ پہنچا وقت عشا وہ نماز مغرب کا
کہ تجھے بخشے خالق داور وقت تھوڑا ہی اب توقف کر
کہ ہوا ہی یہی تجھے فرمان کرے بے شبہ قبض میری جان
حکم جو کچھ ہوا ہی تیرے پر فوت ہوئیگا وہ نہین ہی خطر
پس تو کر صبر ای نکو انداز تا ادا مین کرون وضو و نماز
خواب مین اسکو دیکھ کر پوچھے کہ خدا کیا کیا ہی تیرے سے
شکر کرتا ہون اسکا مین ہر دم قدس اللہ سرہ الاکرم
قدوۂ عارفان ربانی شیخ بو حمزۂ خراسانی
اور یقین وہ بلند ہمت تھا اور بڑا صاحب فراست تھا
اور ریاضات اسکے تھے اکثر اور کرامات اسکے تھے اشہر
بوتراب و جنید سے تھا ملا اور صحبت مین اسکے بیٹھا تھا
اور کیا تھا وہ نذر یہہ حق سے کہ کوئی شی کسی سے نہ مانگے
اور اسباب کچھ نہ ساتھ رکھا ڈول و رسی بھی وہ نہ رکھتا تھا
تب توکل و شیخ گیا ای شاد اس سے چھننے لگا ہی اپنی داد
کہ رکھا ہی نگاہ جو قادر آسمان بے ستون ہی ظاہر
پس وہ رویا نکال پھینک دیا اور آگے وہ راہ چلنے لگا
ایک ساعت گذر گئی ہی جب نفس فریاد کرنے لاگا تب
دیکھ اس چاہ کو کہا وہ آہ ہی گذرنے کی راہ مین ہی چاہ
کئی کاٹتے وہ جلد تر لایا اور سر چاہ اس سے ڈھانپ دیا

ولا تلقوا بایدیکم الی التهلکۃ

پھر توکل کبھی نہو باطل گر توکل خدا پہ رہ خوشدل
پس طرف قبلۂ توکل کے متوجہ ہوا ہی وہ دل سے
اور سر چاہ ہاتھ سے پکڑا چاہ مین اپنے پیر لٹکایا
کہ یہہ عادت کا ہی خلاف بجا تو پکڑ استوار اسکے پا
ابو حمزہ سنا ہی تب یہ ریب یہہ ندا صاف تر ز ہاتف غیب
جب توکل کیا ہی ہم پر تو چاہ مین ہم نگہبہ رکھے تجھ کو
بعد منہ خاک پر ملا وہ شیر اور گیا ہی چھپا نہ کرکے دیر

اور یکدن جنید شیخ زمن
دیکھا ابلیس کو برہنہ تن
لوگ کے دوش اور گردن پر
جست کرتا ہی خلق کے تن پر
شیخ کہنے لگا اسے ای لعین
کیا تجھے لوگ سے یہ شرم نہین
کہا ای شیخ یہ نہین انسان
بلکہ انسان ہین وے نیک عنوان
کہ ہی شونیزیہ کی جو مسجد
اسمین بیٹھے ہین سارے وے امجد
وے جگر کو مرے جلاتے ہین
مجھہ پہ تلوار وے چلاتے ہین
جب مسجد کو جاکے پہنچا بز
ابوحمزہ کو اسمین دیکھا مین
سر کو زانو پہ رکھکے بیٹھا تھا
سر اٹھا کر مریسے کہنے لگا
کہ وہ ملعون مرے سے جھوٹھ کہا
ہی حقیقت مین وہ برا جھوٹا
اپنے ولیون سے خالق داور
کبھی ابلیس کو نہ دیوے خبر

نقل ہی باندہتا تھا وہ احرام
رہتا تھا ایک گلیم مین ہی مدام
سال مین ایک بار ہی آخر
آتا احرام سے یقین باہر
پھر کے احرام باندہتا فی الحال
اور یونہی گذارتا یکسال
لوگ اس سے ہوے ہین سایل جب
انس کہتے ہین کسکو بولا تب
خلق کے ساتھ اپنے جینے سے
وہ بلاشبہ تنگدل ہووے
اور بولا کہ جسکے دلمین خدا
دوستی اسکے موت کی بخشا
اسکے دشمن ہون فانیات تمام
دوست ہون اسکے باقیات تمام
اور توکل کا یون کیا ہی بیان
کر توکل یقین وہی ہی جان
کہ اٹھے جسنے صبح کو دلشاد
شام سے کچھہ اسے نہ آوے یاد
اور ایسا ہی جبکہ شب آوے
صبح کی فکر وہ نہ کچھہ لاوے
اس سے کوئی وصیت ایک چاہا
شیخ اسطرح اسکو فرمایا
یہہ سفر ہی ترا بڑا ای یار
کیجے تیار توشہ بسیار
اسنے رحلت کیا بہ نیشاپور
قبر بوحفص پاس ہے معمور
ہین مناقب وہ شیخ کے اکثر
قدس اللہ سرہ الاطہر
قطب ابرار قدوۂ اخیار
بحر اجلال مخزن اسرار

ذکر شیخ احمد مسروق رحمۃ اللہ علیہ

صاحب قرب و عاشق و معشوق
ذوالکمال احمد مسروق
اہل عرفان فرید دہر تھا وہ
اور محقق وحید عصر تھا وہ
تھا مشایخ سے وہ خراسان کے
تھا کبار شیوخ دوران سے
طوس کے شہر سے تھا وہ رکھیاد
بعد رہتا تھا آکے در بغداد
سب کے وہ اتفاق سے ای یار
تھا بلاشک اولیائے کبار
اور قطب مدار کی صحبت
بھی وہ پایا تھا صاحب دولت
بلکہ تھا آپ ہی وہ قطب زمان
قطبیت مین تھا وہ جلیل الشان
لوگ اس سے ہوئے ہین یون سایل
قطب کہتے ہین کسکو ای کامل
بات یہہ سنکے کچھہ نہ فرمایا
ہان اشارے سے بلکہ بتلایا
کہ وہی قطب ہی بغیر گمان
بس یہی کہہ کر رہا خموش ایجان
اور چالیس تن نکو اطوار
اہل تمکین سے جو تھے ای یار
خدمتین انکے سب کیا تھا وہ
فایدے انسے بس لیا تھا وہ
ظاہری باطنی علوم مین سب
بس وہ رکھتا تھا ایک بڑا منصب
اور تقوی مجاہدے مین عجب
بھی وہ رکھتا تھا رتبۂ اعلا
صحبت پاک شیخ سری کی
پایا تھا وہ محاسبی کی بھی

نقل ہی اسطرح وہ فرمایا
ایک بوڑھا ہمارے پاس آیا
تھا وہ شیرین کلام خوش گفتار
اسطرح بولنے لگا ہی پکار
یارو دل مین تمہارے خطرہ جو
اب کریگا گذر وہ مجھہ سے کہو
آیا دلمین مرے کہ ہی وہ جہود
تب حریری سے مین کہا یہ ورود
بات اسپر گران یہ آئی تب
کہا مجھہ کو نہ بول اس سے تو اب
مین نے کہنے لگا اسے ای خبیر
کہ نہین ہی کچھ سوا آگزیر
مین نے اس مرد کو کہا ناچار
کہ تو اسطرح سے کہا ای یار
گذرے خاطر مین اب تمہارے جو
وہ بلاشبہ اب ہر ایسے کہو
یہی خاطر مین میرے گذرا زود
کہ بلاشک و ریب تو ہی جہود
بات پیر سے اسنے یہہ سنکر
ایک ساعت وہین جھکایا سر
بعد ازان سر اٹھا کے کہنے لگا
کہ بلاشبہ تو یہ راست کہا
اور پڑہا کلمہ شہادت وہ
لایا ایمان با صداقت وہ
بعد بولا پھر امین دیتا سب
اور بہت دیکھا ملت و مذہب

بعد سمجھا ہوں میں نے کوئی شئ ۔ گر ہی البتہ اسی قوم میں ہی
اور کرتا تھا شیخ یوں ارشاد ۔ گر سوا حق کے کوئی ہووے شاد
اور نہ جسکو خدا سے نسبت ہو ۔ اسکی نسبت تمام وحشت ہو
حق ہی محفوظ انکو رکھیگا ۔ زشت افعال سے بچاویگا
اور کہا ہی یہی بڑا تقوی ۔ کہ نہ دیکھے کبھی سوئے دنیا
اور دل میں نہ اسکی فکر کرے ۔ اور زباں سے نہ اسکا ذکر کرے
ہو موقت خدا کی جسکو یاد ۔ اُسپہ غالب کوئی ہو نہار
انس نیکو نکو نا ہو مولا سے ۔ ہو نہ نسبت پہ زشت دنیا سے
کہ بنایا بہشت پہلے خدا ۔ بعد دوزخ کو وہ کیا پیدا
اور کہا جو ہی معرفت کا شجر ۔ اسکو فکرت کا آب میں خوشتر
جو محبت کا ہی شجر دریاب ۔ اسکو یوں موافقت کا آب
تب تلک چاہئے جو کرامت ہی ۔ وہ ابھی بر سر جہالت ہی
گر ارادت وہ تب تلک چاہے ۔ ابھی مبتدی ہیں ہی غفلت کیے
ہیں کلام اسکے ایسے ہی اشرف ۔ قدس اللہ سرہ الاشرف
شیخ ملت و قطب دولت و دین ۔ شیخ عبداللہ رکن شرع مبین
ذو الکرامات شیخ عبداللہ ۔ تھا سر اتقیائے عالیجاہ
اور مریدوں کی تربیت میں بکا ۔ عصر میں اپنے وہ یگانہ تھا
اور وہ در توکل و تجرید ۔ تھا زمانے میں اپنے فرد و حید
وہ براہیم وہ گرامی شان ۔ جو ہیں شاخیں اسیکے اصل کی جان
ایک غواص بحر عرفانی ۔ ہی براہیم جو ہی شیبانی
تھا یہ دونو کا پیر وہ اکرم ۔ اس سے پائے تھے بس وہ فیض اتم
ایک سو بیس سال با اجلال ۔ عمر دی اسکو قادر متعال
پہنچا جسکو دھرکا ہات ۔ نہیں کھاتا تھا وہ گرامی ذات
جہاں اسکے مرید وہ پاتے ۔ شیخ کے واسطے وہ لے آتے
رہتا احرام باندھکر ہی سدا ۔ کبھی میلا نہ اسکا ہوتا تھا
نقل ہی وہ کہا مجھے یکگھر ۔ جب طلا ہی ز ترکۂ مادر
وہ ورا ہم کر سے باندھا تھا ۔ ایک صحرا میں آگے جب پہنچا

پس تمہارے امتحان کیا ۔ امتحان کو تمہارے حق پایا
اسکی شادی تمام غم ہووے ۔ اسکی ساری خوشی الم ہووے
اور دیکھیگا جو دل خدا کے ساتھ ۔ تو جو اعضا کے اسکے ہیں حرکات
اور تقوی میں جو ہی عالیشان ۔ اسکو تقوی بہت ہی ہو آسان
گوشۂ چشم سے بھی اپنے گر ۔ لذتوں پر کرے نہ اسکے نظر
اور کہا دیکھنے سے باطل کے ۔ معرفت جاویگی ترے دل سے
اور بولا کہ داغ وحشت کا ۔ دے چکے ہیں پر چہرۂ دنیا
اور بولا کہ خوف رب عباد ۔ چاہئے بالیقین ہے تجھے زیاد
نار پر جب تلک نہ گذریگا ۔ نہ بہشت بریں میں پہنچیگا
اور جو ہی درست توبہ کا ۔ آب دیویں اُسے نہ اسکا
اور کہا درجۂ انابت میں ۔ پیر ثابت نہ جب تلک ہوویں
اور جب تک مقام توبہ کا ۔ استوار و درست نا ہوگا
اور کہا زہد ہی وہی العزیز ۔ پادشاہ نا ہو اُسپہ کوئی چیز

ذکر شیخ عبداللہ بن احمد مغربی رحمۃ اللہ علیہ

احمد مغربی اک نیک سیر ۔ جانتے ہیں وہ باصفا کا پدر
اور وہ استاد اولیا کا ۔ معتمد سارے اصفیا کا تھا
لوگ کرتے تھے اسکا بس اکرام ۔ اور پاتے تھے اس سے حظ تمام
ظاہر و باطن اندر رای اقل ۔ فرد ویسا کوئی نہ تھا کامل
اسکے فضل و کمال سے اشہر ۔ یہہ دونو فرد تھے ہیں خبر
دوسرا شیخ مغفل اخلاص ۔ ہی براہیم ابن خواص
ہیں کلام اسکے بر تر و اشہر ۔ ہیں بر ایں اسکے واضح تر
کاروبار اسکے ہیں عجیب و کثیر ۔ نہ سماویں پر حیطۂ تقریر
گھانس کے بیج ہی وہ کھاتا تھا ۔ عمر اسپر بسر لجاتا تھا
رہتا دائم سفر میں وہ آگاہ ۔ اسکے یاران بھی ہمیشہ تھے ہمراہ
ناخن و بال اسکے ای سرفراز ۔ نہیں بڑہتے تھے اور نہ ہوتے دراز
اسکو بیچا و درم سے میں بیچا ۔ اور حج کا ارادہ کرکے چلا
ایک اعرابی آملا یا ہے ۔ اور اس طرح مجھکو پوچھا ہے

گر ترے پاس کیا ہی کہہ خادم / کہا مجہہ پاس ہین پچاس درم
کہا دے مجہہ کو مین دیا یونہی / اسنے دیکھا تو وہ پچاس ہی تہے
اونٹ کو اپنے جلد ٹہلایا / مجہہ کو اسپر سوار کروایا
زر بہی واپس مراد پایا ہی سب / مین نے پوچہا کہ کیا ہی اسکا سبب
اسنے بولا کہ رستے ہی ترے / تجہہ پہ آتا ہی رحم ولیکن مرے
پس برسا تجہہ کو آیا ہی / میری صحبت دراز پایا ہی
ہوا آخر ز اولیاے کرام / اسپہ رحمت خدا کی ہووے مدام
نقل ہی اسکو تہے چہار پسر / وہ سکہاتا تہا سبکو کسب و ہنر
کہا ایک شخص نے ای ذوالاکرام / نہین لایق ہین انکو ایسے کام
کہا وہ سیکہنا یہہ کسب و ہنر / جانیوالے حق مین ہی بہتر
تا مرے بعد سارے لوگو نہین / شان بتلاکے یہہ نہ فخر کرین
نہ کہین ہم فلان ہین ابن فلان / اور نہ کہاوین وے جگر صدیقان
اور ایسا کہا ہی وہ رہبر / سارے اعمال مین ہی فاضل تر
رکہنا معمور اپنے سب اوقات / ہی یقین در مراقبہ و نزات
اور سے صبح تو وہ فرمایا / کہ کرے بندگی کا جو دعوا
ابہی باقی ہی اسکی کوئی مراد / تو وہ جہوٹا ہی خوب رکہو یاد
ہان پسند تب ہو بندگی اسکی / کہ مرادات سے وہ اپنے سبہی
بالیقین ایکبار فانی ہو / اور مراد خدا سے باقی ہو
کہا لوگون مین سب زیادہ خوار / وہی درویش ہی بسر وجہا
کہ کرے وہ مداہنت و نزات / اہل زر اور تونگرون کے سات
کہا درویش جو ہین اہل یقین / وہ خدا کے امین ہین بزمین
اور بندون پہ حق کے حجت ہین / اور وہ صاحب برکت ہین
کہ برکت سے انکے ہی مولا / ٹالتا ہی جہانیون سے بلا
اور جو درویش جان اور دل سے / حب دنیا سے احتراز کرے
گرچہ اسمین ہے فضائل اعمال / نہ ادا ہووین مطلقا و سوال
ہی وہ متعبدونسے فاضل تر / باندہا ہو جو مجاہدے مین کمر
اور بولا کہ مین نہین دیکہا / کوئی مصحف زیادہ از دنیا
کہ کرے خدمت اسکی تو جب تک / وہ بہی خدمت تری کرے تب تک
اور جب اسکو چہوڑ دیوے تو / چہوڑ دیتا ہی وہ بہی تب تجہہ کو
اور بولا نہین کوئی زیرک / مگر یہہ طایفہ ہی ہی بیشک
کہ وہ سب کو جلاتے ہین / اور حیات ابدی پاتے ہین
ایسے اسکے کثیر ہین کلمات / طور سینا پہ وہ کیا ہی وفات
اور مدفون ہوا ہی اسیجا / قدس الله سره الاعلی

ذکر شیخ ابو علی جرجانی رحمة الله علیه

عمدۂ اولیاے عالیشان / زبدۂ اصفیائے قدس شان
فاتح باب رمز پنہانی / شیخ دین بوعلی جرجانی
تہے خراسان کے جو شیوخ کبار / امین ذوالقدر تہا وہ پاک شعار
اور تہا اسکو مجاہدے مین کمال / نہ ریاضات مین تہا اسکو مثال
مشتہر ہین مصنفات اسکے / معتبر ہین معاملات اسکے
اور ملفوظ اسکے ہین منقول / ہین لطیف و مفید اور معقول
اور وہ تہا شیخ ترمذی کا مرید / عارف پر کمال و فرد رشید
بولتا تہا وہ صاحب تمیز / عقد توحید ہی سبب سے ۳ چیز
ایک ہی خوف دوسری ہی رجا / تیسری ہی محبت والا
خوف پیدا ہو دیکہنے سے وعید / اس سے ترک گناہ ہو جاوید
اور وعدے کے دیکہنے سے پہچان / ہووے احسان نیک پر میلان
اور اس سے رجا بہی پیدا ہو / وہ رجا دن بدن زیادہ ہو
منت حق جو آپ پر دیکہے / تو زیادہ اسیکا ذکر کرے
ہین جو خوف خدائے داد ہی / وہ یقین نار یک منور ہی
ہی رجا نور یک منور جان / نور انوار ہی محبت ہان
اور سعادت کی یہہ خوش نشانی / کہ ہو بندہ پہ بندگی آسان
اور سنت کی پیروی ای جان / اسپہ افعال مین نہو دشوار
اور محب خدا کو نکاہ ہو دن رات / نیک خصلت برادرون کے سات
مال جو دیوے خدا کی رہ مین مدام / کرے کام مومنین مومنون کے قیام
کہا بدبخت ہی وہی آخر / کہ کرے اپنے معصیت ظاہر

حق تعالی کیا ہو جبکو نہان / کرے بیخوف ہو اسکو عیان
اور کہا ہی ولی وہی گیانی / گر وہ ہو بے حال فانی

اور حق کے مشاہدے مین بقا / اسکو حاصل رہے صباح و مسا
اور علون کا اسکے تولی / حقتعالی رہے بسترو جلی

اور نہ اُسے کچھہ نہ اختیار رہے / یہی حال اسکا برقرار رہے
اور کہا ہی وہ عارف کامل / کر دیا ہو خدا کو اپنا دل

اور اپنے بدن کو وہ خوشخو / خدمت خلق مین ہی سونپا ہو
اور بولا کہ معرفت کا کمال / حسن ظن ہی تھا ورستعال

بدگمان رہنا نفس سے ہر آن / بس یہی اصل معرفت ہی جان
جو ملازم ہو حق کی درگہ پر / کھولگیا اسپہ حقتعالی در

کرے حق پر جو صبر در حال / اسکو حاصل خدا کا ہو وصال
اور بولا تو استقامت کر / اور نہ تو خواہش کرامت کر

کر کرامت ہی چاہے نفس ترا / استقامت طلب کرے مولا
اور سرّ عبودیت ہی رضا / اور کرنا ہی صبر در اسکا

اور تفویض اسکا ہان گھر ہی / اور سمجھہ مرگ اسکے در پہ ہی
اور سرا مین یقین فراغت ہی / اور گھر مین سمجھہ تو راحت ہی

اور کہا بخل کے حروف ہین تین / پہلے بے نے سمجھہ بلا ہی یقین
اور رضے سے سمجھہ تو خسران ہی / لام سے لوم (ملامت) جان ہر آن ہی

بحر عرفان و قدوۂ آفاق
قطب اکوان شیخ ابو اسحاق

وقت مین اپنے شیخ مطلق تھا
صوفیہ کا امام برحق تھا

تھا بڑا اسکا ورع اور تقوی
نہین کوئی نظیر تھا اسکا

اہل آداب و فقر بر الحق
ہی براہیم ایک حجت حق

حال سے اپنے یون دیا ہی خبر
کہ چہل سال تک بشام و سحر

اور جو خلق کے ہین ماکولات
یعنے کہاتے ہین لوگ جو دن رات

اور نہ ہرگز بڑے ہین بال مرے
اور ناخن نہین دراز ہوے

سقف بیت الحرام کے سوا
کسی سائے کے نیچے نہین آیا

اور وہ یون خبر دیا ہی یار
مین نے تھا شام مین یکبار

کاسہ عدس تب لے آئے ہین
اور اسیدم مجہے کہلائے ہین

مین نے انپر کیا ہون جبکہ نظر
دستے مجھہ کو خبر ہی اسمین خمر

پس وہ ہر بھے وے جتنے خم شراب
مین نے اوندھے کیا ہون انکو شتاب

پہلے اسواسطے رہا خاموش
بعد پہچان کر ہوا پرجوش

مار دو سو وہ مجھہ کو مروایا
بعد زندان مین مجھہ کو بھجوایا

ابوعبداللہ مغربی یکروز
وہان ناگاہ ہوا ہی جلوہ فروز

تب رہائی ہوی ہی میری یقین
خدمت شیخ مین گیا ہون مین

کہا مین عدس کھایا تھا بسیار
اسلئے مار سے مجھہ کو دو سو مار

پہلے جا بر مزار پیغمبر
کرتا تھا وہ زیارت اطہر

پھر مدینے طرف وہ لوٹ آتا
اور زیارت نبی کی کرکے ادا

کہا یکروز جاکے در حمام
غسل کرتا تھا مین ای نیک انجام

غسل ظاہر مین کب تلک تو رہے
اپنے باطن کو غسل اب دیجے

مین کہا تو ہی کون کہہ ای جوان
کہا ہی جن یا ملک ہین یا انسان

جو کہ ہی زیر باب بسم اللہ
مین کہا اسکو تب کہ ای صبحگاہ

عرصہ تین سال سے ہی یقین
عرض کرتے ہین مجہہ پہ خلد برین

اور تیس سال سے بھی ہی مردم
دل کو اپنے کیا ہون مین نے گم

چاہتے ہین تمام صدیقین
کہ کرین دل کو گم خدا مین یقین

ذکر شیخ ابواسحاق براہیم الشیبانی رحمۃ اللہ علیہ

بلبل روضۂ خدا دانی
ہی براہیم شیخ شیبانی

تھی ریاضت مین اسکو شان کبیر
اور ہین اسکے مجاہدات کثیر

اسطرح بولتا تھا عبداللہ
جو تھا ابن مبارک ای آگاہ

وجد کامل مراقبہ بدوام
جانو حاصل تھا اسکو بااکرام

ابوعبداللہ مغربی کی بجا
مین نے خدمت یقین بجا لایا

اس چہل سالین کبھی ای عزیز
مین نہ کھایا ہون اسنے کوئی چیز

اور نہ خرقہ مرا پرانا ہوا
اور نہ میلا ہوا ہی اور نہ پھٹا

اور ہشتاد سال تک حاشا
اپنی شہوت کی چیز نہین کھایا

آرزو عدس کی ہوی پیدا
اسکی خواہش کیا ہی نفس مرا

بعد بازار کی طرف مین گیا
ظرف کتنے دہرے ہوے دیکھا

مین نے بولا ہون اپنے دل مین تب
مجھہ پہ ہی احتساب لازم اب

اسکا مالک نے یون گمان کیا
کہ مقرب ہون مین نے سلطان کا

پاس حاکم کے لیگیا ہی مجھے
اور احوال سب کہا اس سے

رہا زندان مین مین یکمدت
اور کھینچا ہون مین بہت زحمت

پاس حاکم کے وہ گیا ہی تبھی
اور اسنے مری سفارش کی

شیخ پوچھا کہ کیا ہوا تھا تجھے
قید خانے مین جو تجھے ڈالے

نقل ہی جبکہ وہ خدا آگاہ
کرتا تھا قصد حج بیت اللہ

بعد مکے طرف وہ جاتا تھا
حج کعبہ بجا لے آتا تھا

پس وہ کرتا سلام عرض جناب
قبر اشرف سے آتا اسکو جواب

ماہ رو یک جوان نظر آیا
اور ایسا مجھے خطاب کیا

ماسوا اللہ سے تو اپنا دل
پاک کرنے مین ہو جھٹ شاغل

کہا تیسون سے مین نہین ہون بجا
بلکہ ہون مین وہ نقطۂ والا

کہ ہی تجھہ کو بہی مملکت یہہ تمام
تب کہا ہی وہ لیکے میرا نام

کر تو اپنے پنہ سے باہر آ
تب یہہ سب مملکت تو دیکھیگا

حقتعالی کی تو عبادت خاص
بس ادا کر بہ غایت اخلاص

اور اسطرح سے وہ فرمایا
جسنے اخلاص کا کرے دعوا

مبتلا اسکو تب کریگا حق
اسکے پردے کو پھاڑ دیگا حق

اور کہا خدمت شیوخ کرام
ترک کر دیویگا جو بد انجام

بس وہ دعوی سے اسکے آئی بجائی
ہووے تفضیح اور رسوائی

اور بولا کہ ہی وہی سفلہ
جسنے ہو ویگا عاصی مولا

گر کسیکو عطا کریگا وہ
اسپہ منت یقین رکھیگا وہ

اور ہی تقوی میں عزت آئی بجائی
اور قناعت میں ہیگی آزادی

اسکی جن جاوے موضع شہوت
اسکی دنیا میں نا رہے رغبت

اور اس از پے خدا اسکے سوا
کوئی آگاہ یقین نہیں ہوتا

اور مشغول ہووے در طاعت
دیوے اسکے عوض میں حق جنت

دی عوض میں اسکے اسکو دیو خدا
اپنا دیدار بیچگون فردا

مُخَالِفُ الْوَقْتِ مِنْ سُوْءِ الْاَدَبِ

آہ کس طرح پس کروں میں دعا
کروں کیونکر خلاف وقت بھلا

حقتعالی کو یاد رکھ بدوام
اسکو ہرگز نہ بھول جا ای ہام

باتیں ایسی ہیں اسکے نافع تر
قدس اللہ سرہ الازہر

شاہباز ہوائے قرب خدا
بحر اجلال مہر اوج رضا

تھا وہ از جملۂ شیوخ کبار
پیشوائے طوایف اخیار

تھا یگانہ معاملات میں وہ
اور یکتا مشاہدات میں وہ

اصل فارس سے اسکا تھا مشہور
اور وہ رحلت کیا بہ نیشاپور

سال ہجرت سے تین سو چالیس
منقضی ہو گئے تھے جب آئی انیس

نقل ہی اسطرح وہ کہتا تھا
ایک حکمت ہی جانو سب دنیا

اور کہا حق سے تم رکھو صحبت
اور اگر تم کو یہہ نہو طاقت

اسکی صحبت سے برکتیں کامل
تم کو مولا سے تا کریں واصل

خلق کے سامنے کم رہا کیجو
انکی انست میں دلکو مت دیجو

نیکی و خیر غیر میں دیکھے
اور بد تر وہ آپکو سمجھے

کرتا تھا شیخ اسطرح ارشاد
چاہے گر ہووے کون سے آزاد

ہو محقق عبودیت میں جب
ہووے آزاد ما سوا سے تب

اور اگر نا عمل کریگا وہ
نفس کو بے عمل رکھیگا وہ

ہووے رسوا وہ پاس اقران کے
پاس قران کے اور وہ اخوان کے

جھوٹے دعوے میں جا بنو بولا
مبتلا آہ اسکو کر دیگا

کہا رخصت میں ہووے جو مایل
تو رہیگا وہ عاطل و باطل

دل میں اسکے رہے نہ خوف خدا
اسلئے اس سے ہو گناہ سدا

اور بولا شرف بڑا ایمان
ہی تواضع کے درمیان ہے جان

اور بولا کہ خوف حق آئی یار
لیویگا جب کسیکے دلمیں قرار

اور بولا توکل آئی دمساز
درمیان عبد و رب کے ہی یک راز

اور کہا کوئی بندۂ داور
رہے سجدے کے درمیان اکثر

اور مسلمان بھائیوں کا لقا
دیکھے جو بندہ از برای خدا

نقل ہی اس سے کوئی جا مدعا
اسکو اسطرح تب وہ فرمایا

یعنے کرنا خلاف وقت کا اب
ہی بلا شبہ جان سوء ادب

اور وصیت کیا ہی کوئی طلب
اسکو اسطرح وہ کہا ہی تب

اور یہہ طاقت اگر نہووے تجھے
نہ فراموش موت کو کیجے

ذکر شیخ ابو بکر صیدلانی رحمۃ اللہ علیہ

بلبل باغ نکتہ دانی ہی
شیخ بوبکر صیدلانی ہی

اور تھا وہ بڑا حسین و جمیل
وقت میں اسکا کوئی نہیں تھا عدیل

ورع و تقوی میں تھا بہت ہی شہیر
نہیں رکھتا تھا ہمیں اپنا نظیر

شیخ شبلی تھا معتقد اسکا
محترم اسکو جانتا تھا سدا

دار دنیا سے تب وفات کیا
ہو سدا اسپہ رحمت مولا

حصہ ہر ایک شخص اس سے ہی پار
پاویگا اپنے کشف کے مقدار

راکھو صحبت وہ باحقیقت سات
جسکو صحبت رہے خدا کے سات

اور کہا بھائیو خدا کے سات
تم زیادہ رہا کرو دن رات

اور بولا کہ خلق میں یکسر
جانیو شخص ہے وہی بہتر

اور سمجھے وہ اپنے یوں دلمیں
حق کو پانے کے میں بہت لائیں

ذکر شیخ ابو بکر صیدلانی رح

حق کو پانے مین ہی جو راہ مری / راہ یہ شخص یکسا کیجے دوسری
اور سب حال مین کہا وہ پیر / دیکھے بس اپنے نفس کی تقصیر
اور احسان قادر متعال / کرے بندہ مشاہدہ جلال
اور بولا کہ چاہیئے دن رات / تیرے حرکات اور سب سکنات
ہووے ہمسر و جار ہمسر خدا / کرے اس سے طلب خدا کی رضا
گر نہ ایسا تو احتیاط کرے / عمر ضایع ہی تیری سن لیجے
بولا عاقل وہی ہی نیک شعار / قدر حاجت پہ جو کرے گفتار
اور جو حاجت سے ہو زیادہ بات / وہ اٹھاوے ضرور اس سے ہات
اور کہا یہہ مرید کی ہی نشان / دور ہو غیر جنس سے ہر آن
اور ہمجنس اسکا جو ہووے / روز و شب اسکی ہی طلب مین رہے
کہا ممکن نہین ہی یہہ تجھہ کو / نفس سے اپنے باہر آوے تو
ہان مگر جبکہ ہووے فضل خدا / نفس سے اپنے باہر آویگا
ماسوی اللہ سے منہہ تو پھیرے جب / حق طرف ہی توجہ لاوے جب
ہووے آسان تب تجھے یہہ کار / نفس سے تیرے ہو تجھے چھٹکار
اور کہا نعمت عظیم و جلیل / باہر آنا ہی نفس سے بے قیل
کیونکہ خالق ہی خلق کے درمیان / نفس ہی یہہ بڑا حجاب ہے جان
پس حقیقت کبھی ہو ظاہر / پر مرے نفس جبکہ ای ماہر
کہا عقبے کے جو ہین دروازے / مرگ دروازہ ایک ہی انمین سے
بندہ درگاہ حق مین نا پہنچے / کبھی ہرگز مگر اسی در سے
اور بولا کہ تجھہ کو ہی یہہ ضرور / گر کسی کام پر نہو مغرور
شاید اس کام مین مکر ہی / پس تو دوری غرور سے لیجے
کہا ہمت نگاہ رکھہ ای یار / سارے چیز و نگاہ ہی اسی سے دار
کہتے ہین اسکا جب وفات ہوا / اسکے یارون نے اسکو دفن کیا
سر مرقد پہ ایک لوح رکھے / اور اس پر وے نام اسکا لکھے
دوسرے روز ہو گیا وہ گم / دوسرا لوح پھر رکھے مردم
گم ہوا یونہی وہ بھی دوسرے بار / پھر رکھے پھر گیا ہی تیسرے بار
دیکھہ حیران ہو گئے ہین سب / پوچھے ہین بوعلی سے اسکا سبب
کہا دنیا مین وہ گرامی شان / بسکہ رکھتا تھا آپ کو پنہان
تم نے چاہے کہ نام اسکا اب / کرین مشہور آہ خلق مین سب
کیا مخفی اسے خدا آخر / قدس اللہ سرہ الفاخر

ذکر شیخ ابو حمزہ محمد بن ابراہیم البغدادی رحمۃ اللہ علیہ

شیخ دین سالک حظیرۂ قدس / ذوالکرم خازن ذخیرۂ انس
کنیت اسکی ہی ابو حمزہ / اور محمد ہی نام ای آگہہ
تھا یقین دو جہان سے وہ آزاد / وطن اسکا تھا جانیو بغداد
اور تھا اکمل مشایخ سے / حفظ وافر کلام مین تھا اسے
تھا وہ شیخ محاسبی کا مرید / پایا تھا اس سے تربیت وہ رشید
اور صحبت اسے میسر تھی / خیر نساج و شیخ نوری کی
اور صحبت بہت مشایخ کی / فضل سے حق کے اسکو حاصل تھی
در علوم حدیث اور تفسیر / اسکو مولا دیا تھا شان کبیر
شہر بغداد مین ای فرخ پی / جو کہ یک مسجد رصافہ ہی
انمین اکثر وہ وعظ فرماتا / ایک عالم کو فیض پہنچاتا
اور اس عصر مین امام اجل / تھا بہ بغداد احمد حنبل
کوئی اشکال گر ای نیک اندیش / اسکو یک مسئلے مین آتا پیش
تب وہ اشکال وہ امام ہدا / طرف اسکے رجوع لاتا تھا
حق تعالیٰ بیان شافی ایک / اسکو بخشا تھا اور کلام نیک
دو سو اسی پہ جب تھا نوان سال ۲۸۹ / تب کیا ہی وہ نوش جام وصال
نقل ہی ایکدن وہ رمز شناس / آیا شیخ محاسبی کے پاس
اور دیکھا رکھا ہی وہ تشریف / اور پہنا ہی جامۂ لطیف
ایک پرندہ سیاہ وہ دیکھا / ایک پنجرے مین تب مقید تھا
ایک آواز وہ کیا ناگاہ / وہین نعرہ کیا ابو حمزہ
اور کہنے لگا ہی وہ لبیک / اور یا سیدی کہا وہ نیک
وہین شیخ محاسبی نے اٹھا / ایک چاکو ہی جلد تر لایا
اور چاہا وہ اپنی چاکو سے / ابو حمزہ کو جان سے مارے

سب مریدون نے بیقرار ہوے — اور سب شیخ کے قدم پہ گرے
کرکے الحاح ہاتھ سے اسکے — جلد جا کوہین وہ نکال لئے
ابو حمزہ کو یون کہا وہ ہمام — کہ اے مردود جلد لا اسلام
سب مریدون نے جب سنی یہہ بات — اس سے کہنے لگے ہین عجز کے ساتھ
کہ اسے جانتے ہین ای اکرم — اولیائے موحدین سے ہم
شیخ کہنے لگا ہی ای لوگو — نیک ہی جانتا ہون مین اسکو
اسکے باطن کو دیکھتا ہون بحق — حق کی توحید مین ہی مستغرق
پر کوئی قول و فعل اہل حلول — کس لئے اس سے ہووے نامقبول
ایک آواز چڑپرندے کے — کس لئے بولو وجد آیا اسے
متجزی نہین ہی حق تو یقین — اتحاد و حلول اسکو نہین
اور بغیر کلام رب انام — دوستون کو نہ اسکے ہی آرام
اسکے اسلام و اتقیا و سوا — انکو نہین وقت وصال ہی اصلا
ابو حمزہ نے سنکے کہنے لگا — اصل مین مین یقین درست ہی تھا
لیک یک فعل مردم گمراہ — جبکہ صادر ہوا ہی مجھہ سے آہ
مین بلاشبہ اس سے باز آیا — اور اس فعل سے مین توبہ کیا
نقل ہی یون کہا ابو حمزا — حقتعالی کو مین یقین دیکھا
مجھہ کو ارشاد یون کیا مجھہ — کہ نہ وسواس کا تو تابع ہو
جو بلا آوے خلق سے تجھہ پر — اسکا حامل تو ہووے شام و سحر
ابو حمزہ جب اس سے لب کھولا — اور یہہ بات خلق سے بولا
جب سنے ہین عوام وہ یکبار — آہ اسکو بہت دئے آزار
نقل ہی یون کہا وہ صاحب دل — کہ ہی فقرا کی دوستی مشکل
دوستی پر انہون کے باتحقیق — صبر نا کرسکے بجز صدیق
اور بولا کرم سے اپنے الہ — جسپہ ظاہر کریگا اپنی راہ
اسپہ اس راہ کا سلوک اے جان — حقتعالی کرے یقین آسان
اور بولا کرم سے اپنے خدا — تین چیزین یہہ جسکو دیویگا
دور اس سے رہین بہت آفات — وہ بہت آفتون سے پاوے نجات
شکم خالی ہو ایک ای سامع — دوسرا اسکا دل رہے قانع
تیسرا فقر اسپہ دایم ہو — یہی چیزون مین بس وہ قائم ہو
اور بولا کہ نفس جب تیرا — جب ترے سے سلامتی پایا
تو بلاشبہ جان حق اسکا — تب ہوا ہی یقین ترے سے ادا
جب ہون سالم ترے سے خلق خدا — حق انہون کا ترے سے ہووے ادا
اور کہا جو ہی صوفی صادق — یہہ ہی اسکی علامت لائق
پہلے عزت بڑی وہ پاویگا — بعد اسکے وہ خوار ہوویگا
اور تونگر رہیگا وہ پہلے — اور درویش ہووے بعد اسکے
اور اول وہ ہوویگا ظاہر — بعد پوشیدہ ہووے وہ فاخر
اور ہووے جو صوفی کاذب — ہووے بالعکس اسکے ای صاحب
اور خبر اپنے حال سے وہ دیا — مجھہ پہ جسوقت فاقہ آتا تھا
مین نے یون اپنے دل مین کہتا تھا — کہ یہہ آیا ہی آج ہدیہ ترا
اور جب سوجھتا تھا مین اکثر — وہین آتا تھا خوب مجھہ کو نظر
کہ یہہ فاقے کے واسطے اصلا — کوئی میرے سوا نہین اولی
بس مین لیتا خوشی سے اسکو فقر — اور رہتا تھا اس سے مین مسرور
نقل ہے وہ محقق اشہر — بسکہ کرتا کلام ہی بہتر
آئی ہاتف سے ایک یہہ ندا — کہ بہت خوب ہی کلام ترا
اور خاموش تو رہیگا اگر — ہی وہ بہتر کلام سے بہتر
بس یہہ سنتے ہی وہ سکوت لیا — اسی ہفتے مین وہ وفات کیا
نقل ہی تھا وہ روز جمعہ کا — تب وہ مسجد مین وعظ کہتا تھا
ایک وارد ہوا ہی اسپہ ورود — وہین کرسی سے وہ گرا ہی زود
اور اسی حال مین وفات کیا — قدس اللہ سرہ الاصفی

ذکر شیخ ابو علی دقاق رحمة اللہ علیہ

شیخ دوران سر آمد عشاق — قطب آفاق بو علی دقاق
کہ وہ سلطان تھا طریقت کا — اور برہان تھا حقیقت کا
اور بشرح حدیث اور تفسیر — اور تقریر وعظ او تذکیر
ایک شان بلند رکھتا تھا — رتبۂ ارجمند رکھتا تھا
اور رہے اسکے ریاضتین بسیار — اور اسکے کرمین بسیار

کیا لطائف مین او حقائق مین — تھا یگانہ فنِ دقائق مین
پھر مرید رشید تھا اسکا — اور محب سعید تھا اسکا
جبکہ تھا اسمین درد و شوق ترا — اور سوز و گداز و ذوق ترا
کہتے ہین اپنی عمر مین وہ سبھی — نہ لگا یا زمین پہ پیٹھ کبھی
کہ کہا ایک از شیخ کبار — کہ مین شہر مرو مین تھا یکبار
مین کہا ای لعین ای مردود — کیا ہوا تجھکو بول بولا زود
آرزو مین اسیکے جلتا تھا — آہ جلتا تھا اور گلتا تھا
اور شیخ علی فارمدی — جو تھا خلقِ کثیر کا ہادی
مگر اتنی ہی بات بولونگا — لب اسی عرض مین مین کھولونگا
معتقد اور محب مین اسکا ہون — کچھ نہ اسکے سوائے رکھتا ہون
دشت مین جو درخت ہی خود رو — کہ کسی نے نہ اسکو پالا ہو
اور وہ گرچہ بار بھی لاوے — لیک اُس پھل مین کچھ مزہ سے
تربیت سے جو اسکی صبح و مسا — آہ گر خوب پرورش ہووا
پس کہا مین لیا یہہ ارشاد — از ابوالقاسم نصیر آباد
اور لیا ہی وہ شیخ سری سے — اور لیا ہی وہ شیخ کرخی سے
اور کہا جب تلک نہ غسل کیا — پاس مین اپنے شیخ کے نہ گیا
بعد اسکے سفر کیا بسیار — خاص حرمین کا سفر ای یار
نقل ہی ایکدن برہنہ تھا — نہ میسر اُسے ہوا کپڑا
اسکو بھیجا تا ایک شخص آکر — جمع آئے ہین خلق تب اکثر
لیک ہرگز نہین قبول کیا — اور کسی طرح انکو فرمایا
پھر وے بولے کہ وعظ فرما — شیخ اسبابکو قبول کیا
جانب رست وہ اشارہ کیا — اور تکبیر ایک بار کہا

واللہ خیرٌ و ابقی۔

رضوانٌ من اللہ اکبر

شخص کتنے وہین وفات کئے — پس جنازے اٹھائے ہین انکے
وہین منبر سے شیخ نے اُترا — اور وہان سے نکل چلا ہی گیا
گیا شہر مرو طرف وہ مرو — بعد آیا ہی سوی نیشاپور

شیخ ابوالقاسم نصیر آباد — جو شیخ زمان کا تھا استاد
اور بہت اولیا کو دیکھا تھا — انکی خدمت بجائے آیا تھا
نوحہ گر قوم کا اسے ای یار — بولتے تھے یقین شیخ کبار
پہلے شہر مرو مین ہتا تھا — اسپہ تب ایک واقعہ ہی کھلا
دیکھا ابلیس کو کہ وہ ناپاک — ڈال لیتا تھا اپنے سر پہ خاک
سات لک سال سے ہی مین نے سنا — منتظر تھا جو ایک خلعت کا
ایک آتا فروش کو امروز — آہ بخشے وہ خلعت فیروز
کہتا تھا حشر مین مجھے ہیہات — کچھ نہ حجت ہی از برای نجات
کہ جو تھا شیخ بوعلی دقاق — جسکو تھا قرب درگہ خلاق
نقل ہی وہ محقق آفاق — کہتا تھا شیخ بوعلی دقاق
برگ لاتا ہی گرچہ وہ بسیار — پر نہ لاتا ہی بار وہ زنہار
یونہی صحبت مین پیر کے جو مرید — نہ ہوا اسکے تربیت سے رشید
جانو ویسے مرید سے زنہار — کچھ نہ بن آوے کار ستر و جہار
اور لیا وہ ز شبلی ہادی — وہ لیا از جنید بغدادی
اور رداؤد سے لیا وہ ہمام — وہ لیا ہی ز تابعین کرام
نقل ہے پہلے وہ سرع فا — وعظ شہر مرو مین کہتا تھا
اور زیارت بہت مشائخ کی — اکثر اولیاے راسخ کی
آیا در خانقاہِ عبداللہ — نام جسکا عمر ہی ای آگاہ
کہے اکثر بزرگ صاحب حال — تا ہو درس علوم مین شاغل
جانو درس مناظرے کا باب — اب مرے سے نہ ہو سکے زنہار
لار کھے اسکے واسطے منبر — اسنے بیٹھا ہی اسکے منبر پر
جانب جیب ہی پھر اشارہ کیا — اور پڑھا ہی یہہ فقرہ والا
پھر وہ قبلہ طرف توجہ لا — ہی یہہ فقرہ زبان پر لایا
ایک حالت عجب ہوی پیدا — خلق سے آہ ایک شور اٹھا
ایک جانب تھے خلق زار زمین — اور اٹھاتے تھے یک طرف نعشین
گرچہ دہونڈتے وہان سے بسیار — لیک پائے نہین کہین زنہار
ایک درویش یون کہا ای یار — اسکی مجلس مین مین گیا یکبار

دیکھا دستار مین نے یک طرح — خوش نما شیخ کے ہی سر پہ دھری
بعد مین شیخ سے سوال کیا — کر توکل ہی کہا تو اب فرما
سر سے دستار پس نکالا ہی — اور میرے طرف وہ ڈالا ہی
تب مجھے آرزو ہوی یہہ فور — کہ مین جاؤن بشہر نیشاپور
ایک جنات کی گروہ یہان — ہین بہت تیرے وعظ کے خواہان
نقل ہے ایک شخص نے آیا — اور یون شیخ سے ہی کہنے لگا
وہ کہا گر تو دور سے آوے — راہ یہہ تیرے ہاتھ نا آوے
تب تو منزل مین ہوویگا واصل — تیرا مقصود ہوویگا حاصل
اُسنے بیمار ہو گیا ہی جب — وہ عیادت لے گیا ہی تب
وہ کہا نیم شب مین مینے اٹھا — اور اسوقت پر وضو مین کیا
پشت کو میرے ایک تاب ہوا — سخت تردد ایک ہوا پیدا
شیخ یہہ سنکے یون کہا ہی کلام — اس فضولی سے اب تجھے کیا کام
بلکہ اول تجھے یہی ہی ضرور — کرے دنیاے دون کو دل سے دور
تو تہجد مین ہووے شاغل جب — ہوگا بیمار درد پشت سے تب
درد سر اُسکا اس سے نا جاوے — صحت اس سے کبھی وہ نا پاوے
ہاتھ اُسکا نہ پاک ہوویگا — جب تلک ہاتھ ہی نہ دھوویگا
اور کہنے لگا ہی وہ دانا — دو مجھے ایک گوشۂ خانہ
کرکے خالی اُسے دئے یک گھر — اس مین داخل ہوا وہ نیک سیر
مین نے تب اس سے ہو گیا نہان — اور لگایا طرف اسیکے کان
مین پھرا اور وہی وہ کہتا تھا — اور اُسی مین وہ جان اپنا دیا
جاکے دیکھے نہ نعش تھی اُسکی — ہم کو حیرت بڑی ہی ہاتھ دہنی
ایک ندا غیب سے ہی آئی تب — کہا تو ایسیکو ڈھونڈھتا ہی اب
اور حور و قصور بھی ڈھونڈنے — لیک ہرگز اُسے نہین پانے
جبکہ اسطرح مین کیا ہون دعا — ہاتف غیب سے یہہ آئی ندا
نقل ہی یون کہا وہ پاک شعار — کہ مجھے درد چشم تھا یکبار
ایک مدت کے بعد ای بھائی — ناگہان مجھکو نیند ہی آئی

اَلَیْسَ اللّٰهُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ

ہوا بے اختیار میرا دل — تب وہ دستار کی طرف مائل
کہا دستار سے تو لوگون کیسے — رشتۂ طمع اپنی قطع کرے
نقل ہی شیخ یون کہا یکبار — ہوا شہر مرو مین مین بیمار
آئی ہاتف سے یہہ ندا ہی تب — تو یہان سے نہ جاسکیگا اب
کر انھون کیے لئے توقف اب — تا وے تیرے سے فیض لیوین سب
کہ بہت دور سے مین آیا ہون — تا زیارت تری بجالاؤن
نفس سے بلکہ اپنے ایکقدم — ای برادر اٹھاؤ تو جبدم
نقل ہی یک مرید تھا اسکا — وہ تونگر تھا اور تاجر تھا
شیخ اس سے کیا ہی استفسار — کس سبب سے ہوا ہی تو بیمار
تا تہجد وہین کرون مین ادا — ہوؤن شاغل بطاعت مولا
اور عارض ہوا ہی مجھکو بخار — اسلئے ہو گیا ہون مین بیمار
کہ اٹھے نیم شب مین کرکے وضو — اور تہجد بھی تب گذارے تو
کہ یہہ دنیا پلید ہے مردار — دل مین جگہہ نہ اسکو ہو زنہار
جانئے جسکو درد سر ہوگا — پیر پر اسکے گر کرینگے طلا
ہاتھ جسکا نجس ہے ای یار — دھووے گر اسکی آستین بسیار
نقل ہی ایک روز یک درویش — آیا ہی خانقاہ مین دلریش
تا وہ گوشہ مین ہین مین پاؤن — اور اسی مین ابھی مین مرجاؤن
دور لوگون سے ہوگیا وہ جب — اللہ اللہ کہنے لاگا تب
وہ کہا ای ابو علی تو جا — مجھکو مشغول اب نکر اصلا
ہم نے غسال کو بلائے ہین — اور کفن جلد تر منگائے ہین
مین کیا عرض ای خدائے جہان — یہہ ترا دوست اب گیا ہی کہان
ملک الموت جسکو ڈھونڈتا ہی — لیک اُسکا نشان نپایا ہی
پھر کیا عرض مین خداوندا — کیجے ارشاد وہ کہان ہی گیا

فِیْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِیْکٍ مُقْتَدِرٍ

ایک مدت مین رنج پایا تھا — خواب ہرگز نہ مجھکو آتا تھا
ہوا ایک لحظہ خواب سے وسنان — وہین یہہ آئی غیب سے آواز
بس یہہ سنتے ہی مین جاگ اُٹھا — وہین جاتا رہا وہ درد مرا

پھر کبھی درد چشم کا زنہار
اور بعد اسکے راہ پایا مین
ایک ظلمت وہین بری ناگاہ
نقل ہے شیخ کے تھے بعضے مرید
اور رہے جن کے مزاج نازک تر
نقل ہی اسطرح وہ فرمایا
اور خلوت مین بیٹھیگا جو عزیز
تو نمایش کے واسطے ای یار
علم تھوڑا بھی اسکو ہی کافی
اور مقصود علم سے ہی عمل
شیخ جب رستہ سے جاتا تھا
اور استنے دیا مجھے اطفال
جو کہ داعی تھا اسکو فرمایا
اصل مین شیخ کو تو گھر ہی تھا
اور اس پیرزن کے گھر آیا
شیخ کے ہین بلند تر کلمات
اور کہا تو مدام رہ ایسے
اور بولا کہ غیر حق کے ساتھ
اور کہا جسکو اپنے پیر کے ساتھ
شیخ کے ساتھ جو علاقہ رہے
کہا جسکو شروع مین رکھا یاد
پس سوا شیخ کے گزیر نہین
اور بولا ہی وہ قیامت مین
کیونکہ بے شک و شبہ روز حساب
کیسے ہین یہ مصیبتین ہر دو
اور جو شخص ترک شبہ کرے
اور بولا مخالفت حق کی

فضل حق سے نہین ہوا ای یار
اور یک لشکری کو دیکھا مین
دل پہ پیدا ہوی ہی تیرا آہ
کہ ہوا اُنکے تھے قوی شدید
کر تار فق و ملائمت اُنپر
فن بقال جسنے چاہیگا
جانیو اسکو بس ہے تھوڑی چیز
علم تب اسکو چاہئے بسیار
جس سے حاصل ہو قلب کی صافی
اور تواضع بھی چاہئے اکمل
رہ مین یک پیرزن کو وہ دیکھا
آہ آخر ہو کہا ہمارا حال
خوان تیار کرکے یک لے آ
اور نہ اہل و عیال بھی اصلا
اور اسکو کیا کرم سے عطا
اسکی ہینگی مفید ہر یک بات
مردہ ہو اپنی قبر مین جیسا
انس حاصل جسے رہے دن رات
گر کبھی یک خلاف دیوے بات
وہ علاقہ تب اُس سے کٹ جاوے
گر نہ ہو ویگا پیر اور استاد
نہ چلے راہ جسکو پیر نہین
اہل دوزخ ہون جو مصیبت مین
اہل دوزخ کا فوت ہووے گا
فرق دونون مین کرکے تو دیکھو
بالیقین وہ بہشت مین پہنچے
ایک دم بھی جو عمر بھر مین کبھی

اور کہا ایک وقت پر تنہا
آہ تھوڑا مجھے وہ آب دیا
اس سے گذرے ہین مجھکو سال
وہ زمستان مین بولتا اُنکو
بولتا ہر کسی سے اس رہ مین
اُسکو اسباب چاہئے بسیار
یعنے بہر ریا و عزت و جاہ
اور عمل کے لئے پڑ ہیگا جو
بندگی کے شرایط کامل
نقل ہے ایک روز باحرمت
عرض کرتی تھی حق سے وہ بیداد
شیخ یہہ بات سنکے گذرا ہے
سنکے داعی بہت ہوا شادان
خوان یک لا کے تب کئے حاضر
دیکھئے باوجود آن عزت
نقل ہی یون کہا ہی وہ رہبر
اور گذرے ہون آپہ چون رونہ
انس ویسے کو ساتھ مولا کے
تو طریقت مین وہ نہ کامل ہو
گرچہ ہو ایک جا مین ہی ہر دو
اسکا انجام کار نا ہو بھلا
گرچہ رتبہ ملے نہایت کا
آج دنیا مین خوب رکھو یاد
اور رہم سے شہو و خدمت خلق
اور کہا جو حرام چھوڑیگا
اور جسنے کریگا ترک فضول
ویسے بندے کو دہ بہشت برین

یک بیابان مین مین جاتا تھا
مین نے وہ آب لیکے اس سے پیا
اب تلک ہی وہ میرے دل پہ بحال
غسل تم آب سرد سے کیجو
حسب طاقت مجاہدہ لیوین
ایک خروار کے رہے مقدار
علم پڑھتا ہو جسنے خاطر خواہ
توشہ تا آخرت کا حاصل ہو
جان کے اسپہ ہووے تا عامل
اسکو شہر مرو مین تھی دعوت
گرسنہ مجھکو تو رکھا ہی اب
گھر مین جا نیز بانکے بیٹھا ہی
کہ لیجاتا ہی اپنے گھر یہہ خوان
اپنے سر پر لیا ہی وہ فاخر
تھی تواضع کی اُنہین ایسی صفت
کسی بندے سے مت خصومت کر
یون تو ہوتی ہے فیض اندوز
جانیو بالیقین ضعیف رہے
اور طریقت اُسے نہ حاصل ہو
قطع نسبت ہو پیر سے اسکو
رشد اسکو نہوویگا اصلا
چاہئے تب بھی شیخ راہ نما
ہی مصیبت ہماری اس سے زیادہ
فوت ہوتا ہی آج ہی مطلق
وہ سقر سے نجات لیویگا
درگہ حق مین ہووے اسکا وصول
فضل حق سے اگر لیجا وین یقین

ذکر وفات شیخ ابو علی دقاق رح

[illegible]

حسرت اسدم کی ہووے جب اسیر
وہی جنت ہو اسکے حق مین سقر

گروہ بندے کو ڈالین دوزخ مین
اور یکدم وہ اسپہ کشف کرین

اور کہا اگر عذاب دیوے خدا
ہی وہ اظہار اسکی قدر کا

کہا بدبخت ہی وہی سمجھے
بیچے دنیا سے آخرت کو جو

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللهِ الخ

اور آیا کہ نستعین اندر
جانئے امر ہی حقیقت پر

ہی سوال اسکو چاہئے جو دنیا
اور دعا اسکو چاہئے جو عقبی

اور بولا سخاوت ای ذیشان
بالیقین تین قسم پر ہی جان

حقتعالی کو نفس پر اپنے
جو خوشی سے یقین قبول کرے

اپنے دل پر قبولے حق کو جو
صاحب جود ہی اسے سمجھو

کہا حق بات جو نہ بولیگا
حق سخن سے خموشی لیویگا

اور کہا دایا حذر کیجے
آفت صحبت سلاطین سے

اور یکبار وہ گرامی شان
کی تلاوت یہہ آیت قرآن

اور یہہ آیت کا یون کہا معنا
کہ تو دہونڈ ہے پناہ ای دانا

اور بولا کہ جو تونگر ہین
صاحب حال و صاحب زر ہین

وہ دیانت ہی وہ دیانت ہے
اسکا بالعکس بس خیانت ہے

خواہش نفس کی کرے نہ طلب
طالب حق رہے بروز و بشب

کیونکہ حضرت نے دل ہوے تمام
دل تو بیدار ہی رہا ہے بدوام

کہ مین دیکھا ہون خواب کے درمیان
کہ ای رب کیسے تجھے کیا قربان

خواب ایسا نہ دیکھے وہ یکشب
کیجے قربان مین ہون جان عرب

نقل ہی در اخیر عمر بجا
ورد اتنا اسے ہوا پیدا

وہ ہماری جواب بھی اشہر
اسکی تربت کے جو برابر ہی

کرکے منہ اپنا آفتاب طرف
اسطرح بولتا تھا وہ اشرف

ملک و ملکوت مین گذر تیرا
آج کسطرح پر ہوا ہر جا

ورد انگیز ایسے ہی گفتار
کرتا تھا آہ صبح تک بسیار

نقل ہے در اخیر عمر ہمام
ہوا ایسا بلند اسکا کلام

مجلس وعظ بیچ ای اکرم
لوگ تھمنے لگے ہین اسکے کم

اور سب عمر مین بصدق و صفا
ایکدم بندگی کیا ہو ادا

اسقدر اسکو اسکی فرحت ہو
حق مین اسکے وہ نار جنت ہو

اور کسی کو اگر وہ بخشیگا
ہی وہ اظہار اسکی رحمت کا

کہا آیت یہہ آہ جسنے سنے
جان دینے سے کیون وہ بخل کرے

کہا ایاک نعبد ای یار
ہی شریعت کا حفظ سر وجہا

اور کہا رہتے تین ہیں یکجا
یک سوال اور ہی دعا و ثنا

اور اس شخص کو ہی جانو ثنا
جو ہی بے شبہ طالب المولی

یک سخاوت ہی جو دہی ایثار
اور ایثار ہی سمجھ تیسرا

جانیو صاحب سخا ہی وہی
رتبہ پہلا ہی بس سخا کا یہی

جان پہ حق کو قبولے جو ای یار
ہی بلاشک وہ صاحب ایثار

بس وہ شیطان گنگ ہی ای یار
نہین کرتا ہی حق کو وہ اظہار

راسے ہی انکی رائے اکرونکی
انمین صولت بھی شیر کی ہوگی

وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ

دائما از فراق و قطعیت
چاہیے درگاہ حق سے یہہ حاجت

لوگ ایسے بہ نسبت درویش
گر تواضع کے ساتھ آوین پیش

اور بولا کہ ہی مرید وہی
رہے بیدار اور نہ سووے کبھی

بعد معراج سید الابرار
ہی روایت نہ سوے ہین نہار

اور منقول ہی کہ با ابراہیم
کہے اپنے پسر سے جب ای فہیم

کہا اسکے نے تب یہہ عرض جناب
ای پدر آپ گر کرتے خواب

کہا اسرار ہے یہان بیدار
ہی یقین آخرت مین با ابصار

کہ ہر شب وہ عارف رہبر
لاتا تشریف اس ہماری پر

کہ ہی بیت الفتوح اسکا نام
اس ہماری پہ آ وہ نیک انجام

کہ تو ای مملکت کے سرگردان
آج کسطرح تھا بسر عیان

کہین مشتاق اس حبیب کا تو
کہا کسی جا پر ہی پایا تو

پھر پس جب طلوع کرتا تھا
تب ہماری سی وہ اترتا تھا

خلق کو اسکے چہرہ کا ای یار
نہین امکان تھا یقین نہ نہار

کبھی ستر کبھی اٹھارا کسے
شخص نے اپدیقین خدا آکسے

جو تھا شیخ شہیر عبد اللہ
جسکو انصاری کہتے ہیں آگاہ
سخن بو علی ہوا عالی
اسکی مجلس ہوئی خلق سے خالی
تب وہ کہتا تھا یون خداوندا
حشر کے دن مجھے نکر رسوا
یا الٰہی اگر تو چاہیگا
کہ کرے خواہ نخواہ مجھے رسوا
آہ ہم سے ہوئے ہین اتنے گناہ
ہوا او فرد ہمارا جس سے سیاہ
پس تو ای خالق سفید و سیاہ
فضل و رحمت سے کیجیے ہم پر نگاہ
وہ نہ تیری طلب سے آوے باز
گرچہ جانے یقین وہ [illegible] باز
اور کہتا تھا وہ ای رب کبیر
فضل سے گرچہ مجھکو تو بخشے
تب بھی حسرت ہو مجھکو اسکی وفور
جو کیا تیری بندگی مین قصور
نقل ہے شیخ وہ بن ابو القاسم
جسکو کہتے قشیری ای سالم
کہ ترے ساتھ کیا کیا بولا
تب قشیری سے بو علی بولا
لیک مین یک گنہ سے شرم کیا
اسلئے مجھکو عرق مین دیکھا
آہ تھا وہ یہی گناہ مرا
کہ مین لڑکائی جبکہ رکھتا تھا
اور کوئی اسکو خواب مین دیکھا
کہ وہ مضطر تھا اور روتا تھا
کہا ہان چاہتا ہون ای ماہر
پر نہ اپنی صلاح کے خاطر
اور عصا اپنا ہاتھ مین لیکر
مارون لوگون کے جاکے گھر اوپر
تم نہین جانتے ہو ای مردم
کون سے چیز سے ہین قاصر تم
اور کوئی خواب مین اسے دیکھا
اور پوچھا کہ کیا ہی حال ترا
ذرہ ذرہ وہ مجھکو بتلائے
کر حساب اسکا عفو فرمائے
ایسے اسکے منام ہین اکثر
قدس اللہ سرہ الانور
فرد وہ واصلین و ولی صفی
شیخ اخیار بو علی ثقفی
خاص علم حدیث مین یکجان
عالمون مین تھا وہ گرامی شان
سارے فضل و کمال مین عجب شان
تھا بلاشبہ وہ امام زمان
مجمع صوفیہ مین ایک ہے
ایک رتبہ بلند پایا ہی
شیخ بو حفص اور حمدون کی
صحبت پاک اسکو حاصل تھی
تین سو بیس پر تھا آتوان سن
وہین رحلت کیا وہ فرد زمن
ایکدن اسنے ایک لیکے پتھر
جبکہ پھینکا ہی یک کبوتر پر

اندرین باب یک لطیفہ عجب
وہ کیا یعنی یون کہا ہی کہ جب
نقل ہی جبکہ وہ خجستہ خصال
پہلے رکھتا تھا ایک غلبۂ حال
کہ مین تیرے سے بر سر منبر
آہ مارا ہون لاف با اکثر
بیٹھ این اہل بزم ہی اور
مجھکو بارے نہ تو فضیحت کر
تو کیا فضل ہم پہ ای بولا
تو ہمارے ہی تو سفید کیا
اور کہتا تھا وہ خداوندا
جسنے تحقیق تجھکو جانیگا
گرچہ ہرگز تجھے نہ پاویگا
پر طلب سے نہ دل اٹھاویگا
اور مجھکو بہ جنت الماوی
کرے یک درجۂ بلند عطا
اس سے ہوتا بلند مرا پایہ
آہ پایہ وہ مین نہین پایا
بو علی جب جہان سے نقل کیا
خواب مین دیکھ کر اسے پوچھا
مین کیا جس گناہ کا اقرار
وہ گناہ بخش ہی دیا غفار
گوشت چہرہ کا سب میرے گرا
تب تلک عرق مین ہی مجھکو دیکھا
ایک امرد پہ مین کیا تھا نظر
نظر آیا تھا وہ مجھے بہتر
پوچھا دنیا مین کیا ہوا ہی تجھے
کہا تو دنیا مین آنا پھر چاہے
بلکہ اسواسطے مین چہتا ہون
کہ بلاشبہ مین کمر باندھون
اور لوگون سے یون کہون مین پکار
خواب غفلت سے ہو اب بیدار
حب دنیا سے جلد باز آؤ
حشر مین تا ابد نہ پچھتاؤ
کہا اعمال میرے نیک اور بد
کہ ہوئے تھے مرے سے جو سرزد
سب معاصی میرے کئے مغفور
کئے مجھکو کرم سے بس مسرور

ذکر شیخ ابو علی محمد بن عبد الوہاب الثقفی رحمۃ اللہ علیہ

ظاہری باطنی علوم مین سب
بس وہ یکتا تھا کمال اسکو رب
تھا بڑا اسکا زہد اور تقوی
اور مقبول اسکا تھا فتوی
جب تصوف طرف ہوا مایل
تب وہ ہر بات سے اٹھایا دل
کلمات شریف رکھتا تھا
اور اشارے لطیف کہتا تھا
جانیو تم لشہر نیشاپور
وہ بڑا شیخ وقت تھا مشہور
نقل ہی ایک تھا کبوتر باز
اسکا ہمسایہ تھا ای پاک طراز
ناگہان آہ وہ پتھر اسکا
آ پیشانی پہ شیخ کے ہی لگا

پھوٹ پیشانی خون ہو ہی اہی روان / لوگ یہ دیکھ ہو گئے لرزان
چاہے حاکم کے پاس لیجاوین / اور سزا اسکی اسکو دلواوین

شیخ نے انکو منع فرمایا / ایک لنبی ہی چوب منگوایا
بھیجا ہی اسکے پاس وہ لکڑی / اور بھیجا اسے پیام یہی

کہ پتھر پھینک مت کبوتر پر / اس پتھر سے تو انکو ہانکا کر
نقل ہی شیخ نے یہ فرمایا / ایک دن ایک جنازہ مین دیکھا

تین مرد اور ایک زن ملکے / وہ جنازہ اٹھائے جاتے تھے
جسطرف وہ اٹھاتی تھی عورت / مین اٹھایا ہون جا برغبت

جلکے جب مقبرے کو ہم پہنچے / اور موئی کو ہم نے دفن کئے
اور پوچھا ہون مین نے تب انسے / کیا نہ ہمسایگون ہے اسکے

کہ جنازے کے سامنے آوین / اور جنازے کو اسکے کاندھا دین
کہے ہمسایگان ہین اسکے کثیر / پر یہ میت کو جانتے ہین حقیر

کیونکہ بے شبہ یہ مخنث تھا / کوئی اسواسطے نہین آیا
آہ یہ بات مین سنا ہون جب / رحم اسپر ہی مجھ کو آیا تب

ایک ٹکڑا مین نانِ گندم کا / چند درہم بھی مین نے انکو دیا
اور اسی شب کو خواب مین دیکھا / خوب صورت ہی ایک شخص آیا

اسکا چہرہ ہی بدر سا انور / اور پہنا لباس سے بہتر
اور تبسم کیا ہی ہو شادان / کہا مین ہون وہی مخنث جان

خلق مجھ کو کہے ہین جبکہ حقیر / مجھ پہ رحمت کیا ہی رب قدیر
نقل ہے یون کہا وہ شیخ جلیل / گر کرے سب علوم کی تحصیل

اور صحبت رکھے صباح و مسا / باگروہ مشایخ و صلحا
جو ہی مردون کا رتبہ والا / وہ نہ پاویگا وہ نہ پاویگا

جب تلک آتش ریاضت مین / نفس کو اپنے ڈالے محنت مین
ہو ریاضت بھی اکی ہی عاقل / حسب فرمان مرشد کامل

یا کوئی ہو امام تقوی کیش / یا کوئی صالح نکو اندیش
ہووے ایسے کا تابع کامل / اور نصیحت پہ اسکے ہو عامل

سالک راہ حق جو ہووے یکسر / پیشوا ایک چاہئے رہبر
تا کر آداب جو ہین صحبت کے / اسکو بتلاوے اور سکھلاوے

اور کرے منع اس سے منہیات / اور ترغیب دین پہ ماموراتا
جو ہین آفت عمل کے اور عیوب / کرے آگاہ اسکو انسے خوب

نفس کے مکر اور رعونت سے / دے خبر اسکو اسکی آفت سے
جب تلک ایسا نہووے راہ نما / نہ درست ہو معاملہ اسکا

اور بے شبہ اقتدا اسکا / کبھی ہرگز بغیر نہین ہے روا
کہا جسکے صحیح ہو افعال / متبع ہو سنن کا ہر حال

بالیقین اسکو چاہئے اول / صدق و اخلاص سے ہو مکمل
کیونکہ اخلاص سے ہی باطن کے / ہووے اعمال ظاہری اچھے

اور بولا کوئی عمل نہ کرو / کہ نہ جب تک خلوص نیت ہو
عمل خالص بھی حسب سنت ہو / اس عمل مین بڑی برکت ہو

اور بولا کہ مرد کو ہی ضرور / چار خصلت سے وہ نہ ہووے دور
ایک تو صدق ہووے در اقوال / دوسرا صدق ہووے در اعمال

تیسرا صدق ہو مودت مین / چوتھا ہو صدق ہی امانت مین
اور کہا علم ہی حیات دل / اس سے ہی نور چشم کا حاصل

ایسے اقوال اسکے ہین وافر / قدس اللہ سرہ الفاخر

ذکر شیخ ابو علی احمد بن محمد الرودباری رحمۃ اللہ علیہ

معدن علم و حلم شیخ کبیر / صاحب حال و قال فرد شہیر
شیخ دین بوعلی گرامی شان / کہتے ہین رودباری جسکو جہان

کاملون سے وہ تھا طریقت کے / شہسوارون سے تھا فتوت کے
تھا کرامات مین اور نامی / مشتہر علم اور ریاضت مین

اصل بغداد سے ہی تھا اسکا / بعد ساکن ہوا ہی مصر مین آ
تھا مشایخ مین وہ بہت ہی شریف / اسکے اقوال مین شریف و لطیف

پایا تھا وہ جنید کی صحبت / شیخ نوری کی صحبت و قربت
اور بہت اولیا کو دیکھا تھا / فیض انسے بہت اٹھایا تھا

سنہ صد و بیست و ہشت تھا جب / مصر مین وہ گیا ہی رحلت تب
نقل ہی اسطرح وہ فرمایا / ایک درویش نے وفات کیا

ذکر شیخ ابو علی رودباری

ہم نے جب اُسکو دفن کرتے تھے
دیکھے ہم چشم کھولتا ہی وہ
مین کہا اُسکو ای جلیل الذات
اور کہا آی ابو علی سُن تو
نقل ہے شیخ بو علی ای سر
نفس کو اپنے ہی وہ بحر صفا
اور کرے وہ سلوک شام و سحر
پھر وہ شاکی ہو بھوک سے ای یار
اور تصوف سے یون دیا ہی خبر
کر رہے مجھکو چلاوے وہ سو بار
سو پرندہ گھر اُترینگا جب
جبکہ بندہ گرے یہہ دونون سے
اور محبت کا ہی وہی منصب
اور وہی ہی یقین نافعتر
اور خوف و رجا دونو باہم
سر بسر تب عبودیت کا نام
کہا اظہار معجزات خدا
کہ مقامات اپنے اور حالات
کہا وہ دل جسکا خالی ہو جاوے
روح سے اسکے ای نکو انجام
اور بولا کہ تین چیز کے ساتھ
اور تیسری فساد صحبت سے
کرے غیبت بھی پاسینگا جو
اور تابع جو نفس کا ہوگا
ایک نعمت کہ جسکا شاکر ہو
کہا ہر شی کو ایک شی اعوذ ہی
اُسکے خاطر جو چاہا رب انام

اُسکے چہرے کو خاک پر رکھے
اور اسطرح بولتا ہی وہ
کہا یہہ مرنیکے بعد بھی ہی حیات
حشر مین گر ہو آبرو مجھہ کو
ہی تصوف کی یون کیا تعریف
دیوے طعم ﷲ و طعم جفا
سرور انبیا کی سنت پر
تو اسے بیچ دین سوے بازار
معتکف ہووے دوست کے در پر
تب بھی نا جاوے تو کبھی زنہار
پر بھی اُسکے گھر تے رہینگے تب
آہ تب شرک مین وہ جاکے گرے
دیوے محبوب کو تو اپنا سب
جس سے عظمت ہو حقکی پیش نظر
مستقر تیرے دل مین ہوین ہر دم
ہم سے ساقط ہو بالیقین تمام
انبیا پر ہی جو کہ فرض کیا
کرین پوشیدہ احتیاط کے ساتھ
حبّ دنیا سے اور ریاست سے
ہووین ظاہر مکاشفات عظام
اُٹھتے ہین جا بہت آفات
بس یہہ ہر ایک سخت آفت سے
اور روکھے حرام و باطل کو
اس سے ہووے فساد صحبت کا
یا ہو منت کہ جسکا ذاکر ہو
بس چیا دل کی نیک و اعوذ ہی
بس وہی چاہے وہ بھی اس سے مدام

تا بلطف و کرم غفور و رحیم
جسنے عزت دیا مجھے بتقبیل
کہا ہان جو ہین دوستان خدا
تو بافضال حضرت باری
کہ تصوف وہی ہی ہو سو اس
دلکو اپنے اٹھاوے دنیا سے
کہا گر یک مرید ہو ایسا
تا وہ بازار مین گدائی کرے
آستانے پہ اسکے راکھے سر
اور کہا خوف اور رجا ہر دو
ایک بازو جب اُسکا تو ٹیکا
اور حقیقت یہہ خوف کی ہی کہا
نہ ترے پاس کچھہ رہے اصلا
اور جو کچھہ سوا ہی حق کے
کہا دیدار حق اگر گا ہے
یعنے زائل ہو جبکہ رویت رب
فرض یوہی کیا ہی با انام
چشم اغیار تا نہ انپہ پڑے
اُسکے دل مین پدید ہو حکمت
اور بولا سماع مین ای یار
لیک بیماری طبیعت ہی
مال شبہہ و حرام کھاوے جب
مرض اُسکو لزوم عاد تھا
اور بولا کہ چار نفس سے ہان
ایک محنت کہ جسپہ ہو صابر
اور کہا ہی وہی مرید ای یار
اور جوان مرد تو وہی ہی بجا

اُسپہ رحمت کرے بفضل عمیم
کہا لجاتا ہی اسکے پاس ذلیل
ہین وے زندہ بغیر شبہ سدا
دیونگا مین یقین تجھے یاری
پہنے صوفی صوف کا ہی لباس
ڈال دے اسکو پیٹھ کے پیچھے
کہ رہے پانچ روز تک بھوکا
کر گدائی شکم کو اپنے جبر
نہ وہان سے کبھی اٹھاوے سر
جون پرندے کے پر ہین دو سمجھو
دوسرا بازو نہ کام آویگا
کہ کبھی نا ڈرے ز غیر خدا
جو ترا ہی اسی پہ ہووے فدا
وہ تجھے خورد تر نظر آوے
ہووے زائل یقین ہمارے سے
آہ زندہ نہ ہم رہینگے تب
بالیقین اپنے اولیا پہ تمام
کوئی زنہار انکو نا دیکھے
اور ہوا اسکے نفس سے خدمت
ہین بلا شبہ آفتین بسیار
اور دوسری لزوم عادت سے
اُس سے بیمار ہو طبیعت تب
ہووے بیشک و شبہ تب پیدا
بندہ خالی نہووے کوئی آن
یا ہو ذلت کہ ہووے سب سے مستغنی
اپنے خاطر نہ چاہے کچھ زنہار
کہ نہ کچھہ چاہتا ہے وہ خدا کے سوا

کہا نیکون کی ابتلا ہیہات — ہمنشینی ہی ناکسون کے سات

بیٹھی تھی خواہر اُسکی بالین پر — گود مین اُسکے اپنا رکھا سر

کہ ای خواہر خدا کے فرمان سے — کھولے ہین آسمان کے دروازے

اور جو ہین فرشتگان سما — مجھکو اس طرح کر رہے ہین ندا

اور حورین بہت کھڑے ہین سنوار — ہم یہ کرتے ہین جنتون کو نثار

بِحَقِّكَ لَا أَنظُرُ إِلَىٰ غَيْرِكَ

ایک عمر دراز بس ہر دم — منتظر ایک امر کے تھے ہم

ویسا امر عظیم آیا ہیہات — دیوین کسطرح ایک شہوت سات

ذکر شیخ ابو الحسن علی بن ابراہیم الحصری رحمۃ اللہ علیہ

تھی مشایخ مین جسکو ناموری — شیخ والا ابو الحسن حصری

اور بہ تحقیق و طاعت و احوال — اور اشارات مین تھا اُسکو کمال

تین سو ایک سال نو دیر — جب روان تھا ز ہجرت سرور

نقل ہی یون کہا وہ صاحب دل — کہ وہی ہیگا صوفی کامل

اور اپنے امور بھی یکسر — سونپ دیوے یقین خدا ہی پر

ایک رفع حدث ہی ای مردم — اور ثبات قدم ہی جانو تم

اور جو جانا بھی جو بجانا ہی — پانچوان اسکو بھول جانا ہی

اور بجانے جو بات ای عاقل — ہو اسکے طلب مین تو شاغل

کہا بندے کو رب موجود آ — چھوڑ دیوے اگر اُسیکے سبات

اور توفیق حق کی جب ہو رفیق — اس سے ظاہر ہون طاعتین تحقیق

جو ہین حکمت کے چشمۂ فاخر — تیرے دل سے ہووینگے ظاہر

الفس حج سے بھی ہووے فاضل تر — اور کرنے سے ہی سفر بہتر

اور اُسکے صفات اسکے حجاب — بس یہہ فقرہ وہین تربا شتاب

اور بولا تصوف ای عاقل — ہی بلاشبہ و شک صفائی دل

کہا موجود کون ہو جب تک — بالیقین تفرقہ رہے تب تک

اور حقیقت تو جمع کی ہی یہی — کہ نہ دیکھے سوائے حق کے کبھی

کلمات اسکے ایسے ہین خوشتر — قدس اللہ سرہ الانور

فرد یکتا شیوخ زمان — ابو عثمان مغربی ذیشان

کلام شیخ ابو الحسن علی ح

نقل ہی موت اُس معظم کی — آہ جس دم بہت قریب ہوئی

اور آنکھین وہ اپنے کھولا ہی — اپنی خواہر سے یون وہ بولا ہی

اور سنوارے ہین جنتین یکسر — انکو کرتے ہین جلوہ گر مجھ پر

ایسی جا ہم لیجاوینگے تجھکو — کہ نہ خاطر مین تیرے گذرا ہو

ہین ہمارے طرف بہت مائل — لیک کہتا ہی یون ہمارا دل

یعنے تیری قسم ہے ای داور — نہ کرون تیرے غیر پر مین نظر

آہ وہ امر ہم نہ کھووینگے — کبھی رشوت کو ہم نہ دیوینگے

بس اسی حال مین وفات کیا — قدس اللہ سرہ الاصفیٰ

رازدان علوم ربانی — دُرِّ کانِ فیوض حقانی

وقت مین اپنے تھا وہ شیخ عراق — تھا بلاشبہ قدوۂ آفاق

اصل بصرے سے اسکا تھا لاکن — بعد بغداد مین ہوا ساکن

شہر بغداد مین کیا رحلت — حقتعالیٰ کی اُسپہ ہو رحمت

کہ سوا حق کے چین اور آرام — نہ اُسے کائنات سے ہو تمام

کہا توحید مین ہمارا حال — پانچ چیزین ہین ای نکو منوال

اور وطنون کا چھوڑنا تیسرا — جو تھا احوال سے ہی ہونا جُدا

یعنے جو جانتا ہی تو ای ہمام — اوّلا اُسکو بھول جاوے تمام

ماسوی اللہ کو تو جاوے بھول — رہے مطلق خدا سے ہی مشغول

اُس سے حق کی مخالفت بعید — اور عصیان بہت سے ہو سرزد

جب تلک وہ اُس ستم کے سرکو — تیغ انکار سے نہ کاٹتے تو

اور بولا بہ فکر و اندیشہ — ایک گھڑی کا مشاہدہ تیرا

کہا صوفی یقین وہ ہی ہی بجا — وجد اسکا جو ہوا اُسکا

مَنْ عَرَفَ نَفْسَهُ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهُ

کہ صفا [illegible] — بالیقین غیر حق کی اُلفت سے

جبکہ [illegible] ہی ہر — حقتعالیٰ ہو تب یقین ظاہر

اور اسکے سوا [illegible] نہ کلام — اور اسکے سوا نہ لے آرام

ذکر شیخ ابو عثمان بن سلام المغربی رحمۃ اللہ علیہ

تھا رفیع المکان طریقت مین — اور یگانہ رہ ریاضت مین

ذکر اور فکر مین تھا فرد کبیر
اور انواع علم مین تھا شہیر

تھا تصوف مین صاحب تصنیف
جانتا تھا بہت رموز لطیف

اور بہت سے مشایخ والا
جو تھے اسوقت انکو دیکھا تھا

اور حرم مین بھی مجاور تھا
ایک مدت تلک صباح و مسا

اور بلندی حال مین ای خبیر
کوئی ہرگز نہین تھا اسکا نظیر

نقل ہی عمر یک صد و سی سال ۱۳۰
اسکو بخشا تھا قادر متعال

سن ہجری تھا تین سو ستر
اور زیادہ تھے تین سال اُسپر

تب وہ رحلت کیا بہ نیشاپور
ہی وہین اُسکی مرقد پرنور

نقل ہی بیس سال با اجلال
اُسنے عزلت کیا باقوال حال

اور اکثر پھرا ہی وہ صحرا
نہ کہین جنس آدمی وہ سنا

اور بہت محنت و مشقت سے
کثرت طاعت و ریاضت سے

بدن اسکا گلا تھا اور آنکھین
آہ ایسے مغاک مین تھین گئین

کہ بلاشبہ بشکل انسان سے
نہین اسکو پہچان سکتے تھے

پھر اشارہ ہوا ہی یون اسکو
خلق سے اب مصاحبت کرتو

پس کیا ہی وہ قصد تکیے کا
اور نزدیک جا کے جب پہنچا

جو مشایخ حرم مین حاضر تھے
کئے معلوم وے فراست سے

پس وے نکلے ہین اسکے استقبال
اسکا کر احترام اور اجلال

دیکھے صورت گئی ہی اسکی بدل
ہی نہایت حقیر وہ اکمل

پس لگے کہنے ای ابوعثمان
یون کیا بیست سال تک گذران

جسمین عاجز ہین خلق یہہ ساری
اب خبر ہمکو دیجئے بارے

کس لئے تو گیا ہی کیا دیکھا
اور کیا پایا کس لئے آیا

کہا مین نے گیا تھا شکر کے سات
اور دیکھا ہون تشکر کے آفات

اور نومیدی مین نے پایا ہون
عجز کے ساتھہ پھر کے آیا ہون

اسہی خاطر گیا تھا مین سن لو
تا کرون قطع اصل ای لوگو

ہاتھہ میرا نہ شاخ تک پہنچا
غیب سے مجھہ کو ایسی آئی ندا

سن یہہ فرمان ای ابوعثمان
پھرے اطراف شاخ کے ہی بیان

رہا ہمیشہ خیال مستی مین
اسہی مستی مین اسہی پستی مین

قطع کر دینا اصل کا اصلا
جانئے یہہ نہین ہی کام ترا

مین نے یہہ سنکے ناامید ہوا
اور وہان سے ہوا علاج پھرا

نقل ہی یون کہا وہ صاحب راز
جب کیا مین مجاہدہ آغاز

تھا بلاشبہ ایسا میرا حال
ایسا آتا تھا بار بار خیال

کہ مجھے آسمان سے بزمین
گر گرا دیوین ایکبار یقین

بات یہہ دوست تمہی پاس مرے
مجھہ کو آب و طعام دینے سے

جب مین کرتا تھا ذکر رب ودود
حالتین ایسے ہوتے مجھہ پہ نمود

کہ کرامات جانتے دوسرے
مین سمجھتا برے گناہ اُسے

اور نہ چہتا کہ خواب آوے مجھے
تا نہ غفلت ہو ذکر مولا سے

مجھہ پہ ہوتا تھا جبکہ غلبۂ خواب
چڑھتا تھا ایک پہاڑ پر مین شتاب

ایک قدم کے برابر ایک پتھر
جو کہ تھا اُس پہاڑ کے سر پر

بیٹھتا اس پتھر پہ جا ضرور
خواب تا میرے چشم سے ہو دور

مین اگر اُس پہاڑ سے گرتا
تو کڑے تو کڑے مین ہو جاتا

وہان گرنے کے خوف سے ای یار
خواب آتا نہ تھا مجھے زنہار

کبھی اُسپر بھی خواب آتا جب
ہو کے بیدار دیکھتا مین تب

کہ معلق ہوا مین ہون ناگاہ
حقتعالی رکھا ہی مجھہ کو نگاہ

نقل ہی ایک دن وہ بحر صفا
اپنے خادم سے اسطرح پوچھا

پوچھے گر کوئی تجھہ سے ای مسعود
کہ ہی کس حال تیرا معبود

کہا تو دیگا جواب اسکا بھلا
کہا خادم جواب یہہ دونگا

کہ اسی حال پر ہی رب میرا
کہ وہ جس حال پر ازل مین تھا

شیخ بولا کہ گر وہ پوچھیگا
کہ وہ کس حال پر ازل مین تھا

کہا خادم کہونگا میرا رب
تھا اسی حال پر ہی جیسا اب

شیخ یہہ سنکے ہو گیا شادان
کہا اچھا کیا ہی تو یہہ بیان

ہو شگاف ہوا معنی علمی
عبد رحمان جو کہ تھا سلمی

بولتا ہی کہ مین نے ای فیروز
ابوعثمان کے پاس تھا یک روز

اسکے نزدیک ایک کنوا تھا
کوئی آب اس سے کھینچے نا لگا

ہونے لاگی ہی چرخ سے آواز
پوچھا پیر سے تب وہ صاحب راز

چرخ کہا بولتا ہی ہر ای یار
مین کہا کچھ نہ جانون مین نہار

اور اسطرح سے وہ فرمایا
کرے جسنے سماع کا دعوا

اسکا دعوا دروغ ہی سمجھو
سر بسر بے فروغ ہی سمجھو

ہی وہ یک بحر سا بکلم خدا
اس سے نہرین روان ہین ہر جا

ایک ذرہ بھی جو جہان مین ملے
اسکو وہ جان کیو اور دیکھے

ذکر مین ذوق اسقدر ہووے
غیبت ہووے وہ مرگ بھی جاوے

اور کہا جسکو انس ہو دن رات
ذکر حق اور معرفت کے ساتھ

کیونکہ شوریدہ جو کہ ہی اسباب
سب وے اٹھ جاوے درمیان سے حجاب

کہا جنت کے ہین دو چیز دلیل
وہ حقیقت مین ہین دو چیز جلیل

خاتم الانبیا رسول خدا
جبکہ رحلت کئے سوے عقبی

شکر حق اب ہی وہ ہمارے ساتھ
فیض پاتے ہین اس سے ہم دن رات

اور کہا جسنے چھوڑ صحبت کو
جب کرے اختیار خلوت کو

مگر اللہ کا ہی یاد رہے
یاد سے حق کے ہی وہ شاد رہے

گر نہ حاصل ہو اسکو ایسی صفت
حق مین اسکے بلا ہی وہ خلوت

کیونکہ دعوا ہی اسکو ستر دچار
کرے اپنے گنہ کا وہ اقرار

حق کرے اسکے دلکو نابینا
بلکہ اس دلکو مار دیویگا

اغنیا کے طعام پر ای یار
تو نہ پاوے فلاح وہ زنہار

اور بولا جو جاہل و غافل
ہووے احوال خلق مین شاغل

اور کیا یون مجاہدہ کا بیان
پاک کرنے مین دل کے ای نادان

وہ کہے مین تو ضعف رکھتا ہون
نہین اسکو نکال سکتا ہون

ناتوانی کا عذر یون لاکر
کرے تاخیر جسقدر وہ بشر

اور بولا کریگا جسنے سفر
جانو واجب یہہ بات ہی اسپر

اور بولا کہ جانیو حاشا
کسی مومن کو یہہ نہین ہی روا

اور کہا حق صحبت مومن
ہی یہہ لازم بظاہر و باطن

اور جو چیز اسکے پاس رہے
کبھی ہرگز نہ اسکی طمع کرے

عذر یک لاوے گر وہ پاس ترے
اسکو البتہ تو قبول کرے

اور رہے تو مطیع اسکا سدا
نہ بناوے مطیع اسے اپنا

کہا وہ ذکر حق مین ہی پہچان
اللہ اللہ بولتا ہی جان

اور بصوت درختو باد و طیور
گر نہ حاصل ہو اسکو حظ و فور

اور کہا ایک بندۂ فاخر
جب حقیقت مین ہو ویگا ذاکر

اس سے ایک نور جو دیا ہی رب
اس سے اکوان وہ دیکھتا ہی سب

پس حج ہمیگی حقیقت توحید
یہان کامل ہوی بوجہ سدید

اس حلاوت کا وہ نہ حامل ہو
اسکی طاقت نہ اسکو حاصل ہو

موت سے اسکے انس ہووے نہ کم
بلکہ صد چند ہو زیادہ بہم

صرف باقی رہے محبت ہی
تا ابد ہووے انس و راحت ہی

کہ نبوت ہی ایک جانو تم
اور نبوت کی ہی حدیث دوم

مرتفع ہو گئی نبوت جان
اب نبوت کی ہی حدیث نہان

ذکر سے اور مجاہدے سے ہی بس
اسکی ہم کو ملے رہ اقدس

چاہئے یاد کوئی شی کا بھی
آوے ہرگز نہ اسکے دلمین کبھی

سب ارادت بھی ہو دل سے جدا
چاہے دل سے مگر رضاے خدا

اور کہا مدعی سے ای لبر
بوجہ عاصی ہی بالیقین بہتر

کہا فقرا کی چھوڑ کر صحبت
اغنیا کی جو لیویگا قربت

شہوت نفس اور حرص کے ساتھ
کرے جسنے دراز اپنا ہات

عذر اسکا قبولے نا داور
مگر وہ شخص جو کہ ہی مضطر

اسنے ضایع کریگا اپنا حال
اور حسرت کا پاویگا وہ ملال

گر کسی شخص کو یہہ حکم کرے
اس شجر کو نکال دے جڑ سے

اسکا قوت ہو مجھ کو حاصل جب
اسکو جڑ سے نکال دیون تب

اس قدر یہہ ضعیف تر ہووے
دن بدن سخت وہ شجر ہووے

سفر اپنی ہوا و شہوت سے
کرے اول بری ضرورت سے

کسی مخلوق کے کہو آگے
اسکو خوار اور ذلیل کرے

جو [illegible] لیئے
وہی مومن کے واسطے چاہئے

اور [illegible] تجھ پہ جور و جفا
تو تحمل کرے بصدق و صفا

اور انصاف اسکا [illegible] تو
نہین انصاف اس سے چاہے تو

اس سے پہنچیگا جو تجھے ای یار
اسکو جانے بزرگی اور بسیار

اور جو دیوےگا اسکو تو ای خبیر
اسکو جانے تو اندک او حقیر

شکر کرنے مین اسکے آئی ہمہ
آپ کو جانے عاجز و قاصر

کہ علایق کو توڑ دیوے تو
اور خلایق کو چھوڑ دیوے تو

کہا یہہ شوق کی علامت ہے
جب سے دوست تجھکو راحت ہی

کلمات اسکے ایسے ہین برتر
قدس اللہ سرہ الازہر

مقتدائے محققین زمان
پیشوائے شیوخ عالیشان

عہد مین اپنے نامور تھا وہ
سب مشایخ مین معتبر تھا وہ

ورع اور معرفت مین بھی کہ سلیم
ایک حاصل تھی اسکو شان عظیم

رہتا تھا سر بجیب در ہر حال
یوہی گذرے ہین مجھپہ بارہ سال

نقل ہی یون کہا کہ خلق تمام
یہی رکھتے ہین آرزو بدوام

ایک ساعت خدا کو جو دے وقت
بس مجھے چھوڑ دیوے غیرت

آہ یہہ میری آرزو تا حال
بر نہ آئی ہی ہی اسیکا ملال

اور تصوف کا یون کیا ہی بیان
کہ رکھے اپنا حال تو پنہان

نقل ہی اس سے کوی جا یا دعا
کہا خوش موت تجھکو دیوے خدا

نہین لیتا تھا وہ درم زیاد
اور ہوتا تھا اسپہ وہ دلشاد

ایک درہم کی نان سے آتا
ایک درویش ساتھ مل کھاتا

نقل ہی یک مرید تھا اسکا
جبکہ اسپر زکوٰۃ واجب تھا

کہا جس سے قرار دل کو برتنے
ہووے بے شبہ اسکو ہی دیجے

تن برہنہ تھا اور تھا مضطر
وہ اسیکو دیا زکوٰۃ کا زر

اسی اندھے کو راہ مین دیکھا
دوسرے اندھے کے ساتھ کہتا تھا

گانے والی فلانی جو زن ہے
مین پیا اسکے ساتھ مل کے وہ مے

یہہ سخن وہ مرید جبکہ سنا
مضطرب اور بیقرار ہوا

وہ ابھی کچھ نہین کلام کیا
ایک درم شیخ نے اسکے ہاتھ دیا

شیخ سیتا تھا جو کلاہ سدا
[illegible] بھی اسی [illegible] سیتا

وہ درم بس اسیکے ہاتھ دیا
اور وہ علوی اسیکے پیچھے گیا

ایک بطیخ وہ مونی جو رکہا تھا
اسکو وہ سب زمین پہ ڈالدیا

بول کہا حال ہی ترا تو چھپا
تب وہ علوی نے اس سے کہنے لگا

اور بولا وہی ہی شکر بجا
کہ جو نعمت کہ تجھکو دیوے خدا

اور تصوف کا یون کیا ہی بیان
کہ تصوف یہی ہی تو پہچان

اور حقایق کا اتصال تجھے
ہو بلا شبہ بر کمال تجھے

موت کو دوست رکھے از تہ دل
تا ہو دیدار حق تجھے حاصل

ذکر شیخ ابو العباس نہاوندی رحمۃ اللہ علیہ

گوہر مخزن خردمندی
ابو العباس ہے نہاوندی

اور تمکین مین بفضل خدا
ایک قدم استوار تھا اسکا

نقل ہی یون کہا وہ بحر صفا
کہ ریاضت مین جب شروع کیا

جب رہا اس مین اسقدر شاغل
تب کھلا مجھپہ ایک گوشہ دل

ایک ساعت بھی انکا ہووے خلا
اور مجھکو یہہ آرزو ہی سدا

آپ کو آپ ہی مین تا دیکھون
کہ کہان ہون مین اور کیا شی ہون

کہا ساتھ حق کے تم رہو ہشیار
کم رہو ساتھ خلق کے ناچار

بھائیون پر بھی اپنے شام و پگاہ
بذل کر دیو اپنی عزت و جاہ

نقل ہی وہ کلاہ سیتا تھا
بیچتا دو درم سے اسکو لجا

پہلے ملتا جو اس سے ای اکرم
اسکو دیتا تھا جلد ایک درم

بعد ازان دوسری کلاہ کا کام
کرتا آغاز وہ نکو انجام

ایک دن شیخ سے کیا یہہ سوال
کہ کسے دیوین مین زکوٰۃ کا مال

سنکے یہہ بات وہ مرید چلا
ایک اندھے نے اسکو رہ مین ملا

دوسرے دن بھی ناگہان وہ مرید
جب اسی راہ سے چلا ای سعید

کل کسی نے مجھے دیا تھا زر
مین نے اس سے خرید کے خمر

کل کی شب ہم دونو تھے بیدار
اور نشہ مین اسکے تھے سرشار

اور گیا جلد تر وہ شیخ کے گھر
تا یہہ پہنچاوے جا کے اسکو خبر

کہا جا اور جو پہلے تجھکو ملے
یہہ درم تو اسیکو اب دیجے

گھر سے باہر وہ جبکہ آیا ہی
ایک علوی کو رہ مین پایا ہی

تھا پرانہ جو ایک ویرانہ
اسپہ جا کر کہا ای دیوانہ

کہا دیکھ اسکو وہ مرید بہم
تجھکو دیتا ہون مین خدا کی قسم

مین بھی اہل و عیال سب لیکر
جانے ساتھ دن ہین مجھ

اور ذلت سوال کی ہرگز — ہم نہ کھینچیں آپ پر جائز
ہم پہ جب حال مجھسے کا تھا — اِس پرندے کو میں اٹھایا تھا
مجھکو حاصل ہوا یہہ درہم جب — میں یہان لاکے اسکو ڈالا اب
شیخ فرمایا دیکھتے ہی اُسے — نہیں حاجت ہی کو لینے کی ترے
اصل میں مال و زر ترا ہی خراب — اس لئے وہ پیا ہی اس سے شراب
ایک علوی مستحق کو خدا — اپنے فضل و کرم سے پہنچایا
نقل ہی روم میں تھا ایک ترسا — وہ فراست کا جبکہ ذکر سنا
ایک مرقع ہی جلد پہین لیا — ہاتھ میں اپنے ایک لیا ہی عصا
جب رکھا خانقاہ میں اپنا پا — شیخ نے دیکھ تو اسکو کہنے لگا
تب وہ ترسا وہاں سے نکلا ہی — اور خداوندی پاس آیا ہی
مدت چار ماہ تک ای ہمام — خانقاہ میں کیا اسکے مقام
بعد جانیکا جبکہ قصد کیا — شیخ اسطرح اسکو فرمایا
کہ تو ہم پاس آوے بیگانہ — اور جاوے یہاں سے بیگانہ
اور رہا شیخ کی ہی خدمت میں — اور باندھا کمر ریاضت میں
شیخ دنیا سے جب وفات کیا — وہی قایم مقام اسکے ہوا

ذکر شیخ ابوعمرو ابراہیم الزجاجی رحمة الله علیه

جو زجاجی سے ہی جہان میں شہیر — صوفیہ میں تھی جسکو شان کبیر
قوم میں جو شیخ تھے کامل — انکا مقبول تھا وہ صاحب دل
دیکھا تھا وہ جنید کو ای جان — اور تھا شاگرد شیخ بوعثمان
اور مجاور رہا وہ مکے میں — اور رحلت کیا وہ مکے میں
نقل ہی بوعمرو کو عنوان — اور ابوالقاسم گرامی شان
راگ سنتا ہی کس لئے فرما — تب وہ اسطرح اس سے کہنے لگا
جان اس سے سماع ہی بہتر — غیبت اس سے بھی ہی یقین بدتر
کہ جو حرکت روا نہیں ہر حال — اس سے بہتر ہی غیبت صد سال

ذکر شیخ ابوالحسن صایغ رحمة الله علیه

وہ جو تھا ہر دو کون سے فارغ — شیخ دین شیخ بوالحسن صایغ
ابوعثمان مغربی ای یار — بارہا بولتا تھا لیں دینار

اور یہہ ویرانے پر جو میں گذرا — یہہ پرندہ مرا ہوا دیکھا
تا اسے اپنے گھر لیجاؤں میں — اور دے بھوکوں کو سب کھلاؤں نہیں
سن مریدا یہہ عجب میں ہوا — اور خدمت میں شیخ کے آیا
جبکہ تیرا معاملہ دن رات — ظالموں او رفاسقوں کے ہی سات
اور میں نے یقین کسب حلال — جو کمایا تھا پاک تھا وہ مال
اور مردار کے بھی کھانے سے — مجھسے میں یقین بچایا اُسے
اور رہا کہ امتحان کرے — اور کسی شیخ سے اُسے دیکھے
جو کہ تھا خانقاہ بوالعباس — اسمیں آیا ہی وہ بلا وسواس
کہ ای بیگانے کیا ہی کام تجھے — آشنایوں کے شہر کو بیچ سے
خانقاہ میں اسکے اُترا — شیخ نے دیکھ اسکو کچھ نہ کہا
ساتھ سب کے وضو وہ کرتا تھا — اور بظاہر نماز پڑھتا تھا
حق نان و نمک ادا کر ای جان — اور مردی کی یہہ نہیں ہی نشان
جب وہ ترسا نے یہہ سنا ہی کلام — لایا تصدیق سے وہیں اسلام
اور کیا مجاہدہ بسیار — ہوگیا ہی نزار و کیا کیا ر
قدس الله سره الاعظم — روح الله روحه الاکرم
زبده عارفین پر تکریم — شیخ دین بوعمرو ہی ابراہیم
ورع اور معرفت ریاضت میں — محترم تھا بہت کرامت میں
تھا تصوف میں صاحب تحقیق — اور اسکو تھی اسمیں نظر دقیق
اُسکے شاگردوں سے وہی فاخر — ہی مرو کو گیا ہی جو آخر
اور اس وقت تھا سن ہجری — تین سو کے اوپر تھے اڑتیسی
ایک دن مجلس سماع میں تھے — بوعمرو یوں کہا ہی تب اس سے
ایک جگہ پہ آ بیٹھ کے ہم — کریں غیبت بھی اور سنیگے ہم
[illegible] — کہ حرکت ہو ہم سے ایک ایسی
[illegible] — [illegible] سره الفاخر
[illegible] — [illegible] و بحر علم و وفا
[illegible] — اور تھا مصر میں وہ فرد کبیر
ابو یعقوب نہرجوری سے — میں نے نورانی تر نہ دیکھا کسے

اور بہت بلند شخص دگر ... بوالحسن کے سوا نہ آیا نظر
شہر دینوریج مین دیکھا ... کہ کسینے نماز پر ہمت تھا
جب تامل سے مین کیا ہون نظر ... شیخ دین بوالحسن تھا وہ ہبر
کہ سب احوال مین دل وجان سے ... حقتعالی کا تو گواہ رہے
اور کسی چیز سے پناہ نہ لے ... اور نہ قوت طلب کسی کر سے
کہا کہتا ہی یون خدا کے جہان ... پس پڑہا ہی یہہ آیت قرآن
یعنے انپر ہی تنگ تر یہہ زمین ... باوجود اس کشادگی کے یقین
ہر دو عالم سوا بستر و عیان ... چاہتے ہین وہ ایک اور جہان
شوقِ محبوب کے ہی اگ مین سب ... لذت ایسی وہ لیوین روز و شب
اور بولا تو دوست رکھنا ترا ... ہی وہ موجب تری ہلاکت کا

ذکر شیخ ابو القاسم نصر آبادی رحمۃ اللہ علیہ

جسکو تھی دو جہان سے آزادی ... جسکو کہتے ہین نصر آبادی
اور سارے علوم کے درمیان ... تھا مشار الیہ وہ بجہان
اور طریقت مین رتبۂ کامل ... فضل سے حق کے تھا اُسے حاصل
بعد شبلی کے وہ ذوی الارشاد ... تھا خراسان کے لوگ کا اُستاد
رودباری و مرتعش کو بجا ... اور بہت اولیا کو دیکھا تھا
اور مکے مین وہ مجاور تھا ... ذو الکرامات ذو المفاخر تھا
دیکھا ایک شخص تپ زمین کے اوپر ... پس تڑپتا ہی اور ہی مضطر
جب گیا اسکے پاس آئی صدا ... آئی اسکے شکم سے یک آواز
اور رسالے مین اُسکے بس کلمات ... ہی نہایت مفید ہر ایک بات
طرف آدم کے پہلی نسبت سے ... حق کے جانب ہین دو سری نسبت
تب مقرر ہوے تو در شہوات ... مبتلا ہو ویگا وہ در آفات
اور مقامات کشف پاوے تو ... وہ وقت [illegible]
اور جو ہیگی وہ س[illegible] ... [illegible]
اور نسبت جو [illegible] ... [illegible]
جبکہ بندے کی نسبت آئی ا[illegible] ... [illegible]

يَا عِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ [illegible] تَحْزَنُونَ

نقل ہی اسطرح کہا نمشاد ... ذو الکمال و ہدایت و ارشاد
ایک گرگسن ہی تب نظر آیا ... سایہ انداز اسکے سر پہ تھا
کہا مولا کی معرفت کی نشان ... ہی یہی جاننے بستر و عیان
